حیدرآباد ٹیچر

مجلس ادارت

سید علی اکبر ایم اے (کنٹب)، میر ولی عبداللہ متقی بی آ، پی ڈی (تعلیمات)

سعید الدین خاں بی اے، ڈی پی ایڈ (عثمانیہ)

مقاصد

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔

(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔

(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔

(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

قواعد

(ا) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا۔ اور سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے ماہ ہائے آبان، بہمن، اردی بہشت، امرداد مطابق اکتوبر، جنوری، اپریل، جولائی میں شائع ہوگا۔

(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔

اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)

صرف اردو حصہ (۱۲ٖ) سالانہ قیمت فی پرچہ اردو انگریزی (۱۲ر) صرف اردو (۸ر)۔

(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہو سکے گا۔

(د) صرف وہی مضامین درج ہو سکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔

(ھ) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے۔

(و) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہذا رہے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	عـه	صہ	سے
نصف صفحہ	صہ	لعہ	عہ ۸ر
ربع صفحہ	لعہ ۸ر	عہ ۶ر	۱۵ر
فی سطر	۱۰ر	۸ر	۶ر

اعظم اسٹیم پریس چار مینار حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر صدر انجمن اساتذہ ممالک محروسہ سرکار عالی موقوعہ دفتر نظامت تعلیمات سے شائع ہوا

جلد (۱۳)

شمارہ (۱)

زیر سرپرستی جناب سید محمد حسین صاحب جعفری بی۔ اے (آکسن) ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

حیدرآباد ٹیچر

صدر انجمن اساتذہ ملک سرکار عالی حیدرآباد دکن کا

سہ ماہی رسالہ

مجلس ادارت

سید علی اکبر ایم۔ اے (کینٹب) مدیر مسئول عبدالنور صدیقی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ)

سعید الدین خاں بی۔ اے۔ ڈپ۔ ایڈ (عثمانیہ)

حیدرآباد ٹیچر

بابتہ شہریور لغایتہ آبان ۱۳۴۷ف

فہرست مضامین

جلد ۱۳ شمارہ ۱

”جبلت“

از

مولوی نور الحسن صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) ڈپ۔ ایڈ (گلاسگو) صدر مدرس

مدرسہ فوقانیہ دار الشفا حیدرآباد

تعریفات جبلت جبلت کی جامع تعریف کرنا ناممکن ہے۔ گاڈفرے ایچ تھامسن کے خیالات کے مطابق جبلتوں کے عمل کا سلسلہ ان جوابی حرکات سے شروع ہوتا ہے جو بعض محدود مہیجات سے بے روک پیدا ہوتی ہیں۔ اور یہ سلسلہ ان مبہم جبلی رجحانات تک پہنچتا ہے جو بسیط مہیجات کی جوابی حرکات کے طور پر کم وبیش ظاہر ہوتے ہیں۔ جبلت میں ایسے عصبی ارتباط ہوتے ہیں جو جوابی حرکات پر قابو رکھتے ہیں، جس سے مخصوص صورت حال میں مخصوص جوابی حرکات کا رونما ہونا یقینی ہے۔ میکڈوگل اپنی تصنیف سماجی نفسیات (Social psychology) میں جبلت کو پیدائشی مخصوص رجحانات سے تعبیر کرتا ہے۔ جو کسی نوع کے ارکان میں مشترک پائے جاتے ہیں۔ افراد نسلی خواص کو اپنے زمانۂ زندگی میں اختیار نہیں کرسکتے۔“ بالڈون کی لغتِ فلسفہ ونفسیات“ (Diotionary of philosophy and psychology) میں جبلت کی تعریف حسب ذیل ہے۔ ”حرکی حسی نظام (SensoryMotor Type) کا موروثی ردعمل جو نسبتاً پُرپیچ اور افراد کے لئے عام ہے۔“ میکڈوگل اپنی کتاب ”نفسیات کے خاکہ“ (Outline of psychology) میں کہتا ہے جبلت ذہنی ساخت کی ایک حقیقت ہے یا ایک ذہنی ترتیب ہے جو طرز کردار اور تجربہ سے متعین کی جاتی ہے۔ جبلت ایک داخلی طبیعت ہے جو عضویت کو کسی قسم کی چیز کا احساس کرنے اور اس کی موجودگی میں کسی جذباتی برانگیختگی کا تجربہ متعین کرتی ہے۔ جس کا اظہار چیز کے ساتھ خاص طرز کردار میں ہوتا ہے۔ شانڈ اس کو جذبہ کا طریقہ کہتا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ

انسان کو تفصیلی رجحانات جو وہ رکھتا ہے طریقۂ کار کے لئے وراثتاً نہیں ملتے۔ یہ ایک سماجی جبلت ہے۔ جو ان میں سے کسی ایک یا سب طریقوں سے ظاہر ہوتی ہے لیکن اس طرح ردِّعمل کرنے کا ایک عام رجحان ہے جو موروثی ہے۔ سوسن بیس برایرلی نے اپنی کتاب "تمہید نفسیات" (An Introduction to psychology) میں جبلت کی حسب ذیل تعریف کی ہے کہ "وہ پیدائشی رجحانات ہیں جن کی ساخت فطری ہے اور جو زیادہ تر جسمانی اور سماجی ماحول سے متاثر ہوتی ہیں۔ جیمس کا خیال ہے کہ "جبلت اس طرح کام کرنے کا رجحان ہے کہ اس سے کچھ مقاصد بغیر پیش بینی اور سابقہ تعلیم کے پیدا ہوں۔"

جبلت کی توضیح

تجربہ سے جبلتوں کے میلان اور ان کی فطرت کی خواہ کتنی ہی ترمیم ہو فطری افتادِ طبع جبلت کی اصلی محرک باقی رہتی ہے۔ اور یہ افتادِ طبع ہی ماخذ توانائی ہے۔ بعض ماہران نفسیات نے لفظ جبلت کو عمل کے ان رجحانات کے لئے محفوظ رکھا ہے جو معمولی طور پر اپنے ساتھ ایک مخصوص جذبہ رکھتے ہیں۔ ان طبائع کا عمل کچھ داخلی اور کچھ ظاہری اجزا سے متعین ہوتا ہے۔ انسان میں یہ داخلی رجحانات یا طبائع مخصوص نہیں ہیں۔ موجودہ تہذیب اور تمدن تک نوع انسان کے ارتقا کا باعث جبلتوں کا مبہم ہونا ہے۔ وہ جانور اور کیڑے جو ایسے مخصوص رجحانا ـــ ـتے ہیں۔ نرے جبلی (Instinctive) ہیں۔ ان کی جوابی حرکات معین مواقع میں ہمیشہ معین ہوتے ہیں۔ ایسے مخصوص داخلی رجحانات ادنیٰ ترین جانوروں کے طبقے میں ناقابل تربیت ہیں۔

نمایاں صورت میں بعض ذہنی ارتسامات بعض کامل اور قطعی اطوار کو اُکساتے ہیں یہ افراد جنس کے تمام افراد میں یکساں مواقع پر ایک ہی ہوتے ہیں۔ اور یا تو قوم کی بہبودی کے لئے ہوتے ہیں یا جنس کے استمرار کے لئے۔ ہر دماغی عمل کی تین صورتیں ہوتی ہیں۔

(۱) کسی چیز کا علم یا وقوف (۲) اس کے متعلق احساس (۳) اس کی طرف جانے کی سعی یا اس سے دُور بھاگنے کی کوشش۔ ماہران نفسیات نے تعلیم کی اثر آفریں اور تضمنی اصطلاحیں وضع کی ہیں۔ پہلے ہم احساس کے ذریعہ اس چیز سے جسمانی اثرات محسوس کرتے ہیں۔ ان سے عصبی نظام میں ایک عمل شروع ہوتا ہے جس کا فوری نتیجہ حرکات ہیں۔ عضویت میں ہر جبلت خواہ کسی طرح نشو و نما پائے بتدریج درجہ کمال تک پہنچنے سے پہلے جزءً اپنا اظہار کرسکتی ہے۔ "قانون عارضیت جبلت" (Transitoriness of Instincts) کے مطابق اگر سن بلوغ کو پہونچنے کے بعد جبلت نہ ابھرے تو پھر وہ دب جاتی ہے۔ میکڈوگل

اس صداقت کو ایک حد تک تسلیم کرتا ہے کہ بطور خاص کسی جبلت کی بار بار مشق بظاہر اس کو زیادہ اشتعال انگیز بنا دیتی ہے۔ اور اس ہیجان کو بروئے عمل لانے میں تقویت دیتی ہے۔ اگر کوئی جبلت نہایت مخصوص ہو تو عمل فطری اور غیر ارادی ہوگا۔ اور ذہانت کے اظہار کے لئے کم گنجائش باقی رہے گی۔ اس کے برخلاف جبلت جتنی کم مخصوص ہو اتنی ہی ذکاوت اور فراست کو زیادہ دخل ہوگا۔ ہم کو اس امر کا خیال رکھنا چاہئے کہ حرکی مکانیت (Motor Mechanism) جبلتوں کا محض آلۂ کار ہے۔ کیونکہ مختلف حالات کے تحت، مختلف حرکی مکانیت کا تجربہ کیا گیا ہے۔ جبلی ہیجانوں کو طبعی کہنے سے ہمارا مطلب یہ ہے کہ وہ توارث سے متعین کئے گئے ہیں۔ اسی طرح افعال اس وقت طبعی کہلاتے ہیں جب کہ (جیسا کہ ہم کہہ سکتے ہیں) تجربہ کا اثر ادنیٰ ہو اور ذہین اس وقت کہلاتے ہیں جب کہ تجربہ کا اثر اعلیٰ ہو۔ اس میں شک نہیں کہ جبلت میں علم شامل ہے اور نفسیاتی نقطہ نظر سے جبلت اور ذہانت کو ایک دوسرے کے مخالف نہیں سمجھا جا سکتا۔ برگسان کا خیال ہے کہ غیر ذہین جانور کے اطوار گویا ہتھیار کا استعمال ہیں۔ جو اس کے جسم کا ایک حصہ ہیں۔

ظاہری علم بغیر تجربہ کے، افعال بغیر مقصد کی پیش بینی کے ذاتی اطوار کی خصوصیات ہیں ہمارا اشیاء کا تجربہ ہمارے سابقہ تجربے سے متاثر اور متعین ہوتا ہے۔ محض شئے کی فطرت ہمارے فعل کو متعین نہیں کرتی۔ اس طرح ہم اطمینان کے ساتھ لائیڈ مارگن کے خیال کو کہ تمام تجربہ فعل کے ایک شعور پر مشتمل ہے، مان سکتے ہیں۔ درحقیقت جبلت اور ذہانت دونوں باہم ملی جلی ہوتی ہیں۔ وہ ایک دوسرے میں مدغم اور غیر منفک ہیں۔ یہ امر قابل لحاظ ہے کہ اکثر ابتدائی ذاتی اطوار میں بھی، تجربہ اور ذہانت سے سیکھنے کی شہادتیں موجود ہیں۔

طریقۂ آزمائش و غلطی

اس کے برخلاف اگر ایک خاص اور معین صورت حال کے لئے ادنیٰ حیوانات کی جوابی حرکات مقرر اور مخصوص ہوں تو جانور ذہین نہیں ہے۔ بلکہ اندھی جبلت کی مخلوق ہے۔ اس لئے ناقابل تربیت ہے اور وہ تجربہ سے نہیں سیکھ سکتا۔ جب کبھی خاص صورت حال پیش ہوگی۔ بے شک مخصوص جوابی حرکات ظہور پذیر ہوں گی۔ مگر جس جانور سے ایک معین صورت حال میں مختلف جوابی حرکات سرزد ہوں تو وہ ایک ذہین مخلوق ہے اور قابل تربیت۔ وہ مسلسل کوشش کرے گا اور آخر کار منزل مقصود تک پہنچ جائے گا۔ کوئی

مضایقہ نہیں اگر یہ متعدد مرتبہ ناکام ہو مگر آخر کار ضرور کامیاب ہوگا۔ نئی صورت حال جو ناکامی یا مزاحمت کے سبب پیدا ہو جاتی ہے، اسے مجبور کرتی ہے کہ وہ بارہ جوابی حرکات پیش کرے۔ اس کا داخلی نظام موجودہ تجربہ سے فوراً ترمیم قبول کرلیتا ہے۔" کوششوں، آزمائشوں اور ناکامیوں سے حاصل کئے ہوئے مقصد کا طریقہ طریقۂ آزمائش و غلطی کہلاتا ہے۔ ہم ان مختلف تجربوں سے آشنا ہیں، جو بلیوں، کتوں اور چوہوں پر کئے گئے ہیں۔ اور کس طرح ان کی جبلت گرسنگی کو متاثر کرکے متواتر کوششوں سے انھیں ان صندوقوں کی مکانیت کو سمجھایا گیا جن میں غذا رکھی گئی تھی۔ اگرچہ ہم انھیں ذہانت کے درجہ اعلےٰ سے متصف نہیں کرسکتے، تاہم ان میں کچھ نہ کچھ ذہانت ضرور پائی جاتی ہے۔

جیسا کہ اوپر دکھایا گیا اس قسم کا ادنیٰ جانور جس میں صرف جبلت ہی جبلت ہے۔ تجربہ سے کچھ نہیں سیکھ سکتا۔ کیوں کہ اس میں ذہانت نہیں ہوتی اور وہ قوت حافظہ بھی نہیں رکھتا، مگر ایسے جانوروں سے کچھ اعلےٰ طبقہ میں ہم ذہانت کا اظہار پاتے ہیں۔ ہم انھیں تجربہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے دیکھتے ہیں، وہ اپنی لغزشوں کو یاد رکھ کر آیندہ ان کو ترک کرسکتے ہیں۔ اپنی آزمائش اور غلطی سے اختیار اور ترک کے اصول پر کام کرتے ہیں۔ اور ان امور کو منتخب کرلیتے ہیں جن کی مدد سے انھیں کامیابی ہوتی ہے اور ان امور کو ترک کردیتے ہیں جو ناکامی کا باعث ہوتے ہیں۔ اگر ہم پیمائش ذہن میں ایک اور منزل آگے بڑھیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ ذہنی آزمائش و غلطی کا اصول حقیقی جد و جہد کی آزمائش کی جگہ لے لیتا ہے۔ انسان کسی مسئلہ یا معمہ سے دوچار ہونے کے بعد، پہلے اس کے بارے میں سوچتا ہے، دوسرے الفاظ میں اس کی ذہنی آزمائش و غلطی شروع ہوتی ہے اور صحیح نتیجہ پر پہونچنے کے بعد صحیح طور پر آگے بڑھتا ہے۔

ذہانت کی فطرت

اب ہم ذہانت کی فطرت کا مطالعہ کریں گے، طبعی فعل ہیجان کا اظہار ہے۔ جو عموماً قوی ہوتا ہے۔ اور کسی مزاحمت سے دوچار نہیں ہوتا۔ یہاں تک کہ وہ تکمیل و تعقل کی منزل تک پہنچ جاتا ہے۔ یہاں ترقی کرکے وہ خاص ادراکات اور مخصوص تصورات بن جاتے ہیں۔ ذہنی قوت اور ذہانت تند، مبہم، آزاد و تقریباً غیر محسوس ہیجانات پر مشتمل ہے۔

حیاتیاتی نقطہ نظر سے ہر ذہنی عمل ایک غیر مختتم عمل ہے۔" ایک معقول اور ذہین کردار میں ہم فرض کرلیتے ہیں کہ عصبی ارتباط نسبتاً زیادہ پیچیدہ ہوجاتے ہیں۔ مگر حسب ذیل تین صورتوں میں

خاص طور پر وہی رہتے ہیں۔ (۱) محرک ذی شعور عامل کے ذہن کو دفاع کی تدابیر پر لگا دیتا ہے (۲) قیاس تصور گزشتہ اور تجربہ کا ایک خیالی عکس ہے جبلتی افعال تعقل کے نقطہ نظر سے ناقص اور غیر مکمل ہیں اور آزمائش و غلطی کی کشمکش ہیں ہیں۔

ذہانت

ذہانت ہیجانات کو ابتدائی غیر مکمل مرکزی منزل پر لانے کی قوت ہے۔ اس لئے ذہانت ایک جدا قوت ہے جو ایک امتناعی عمل ہے۔ ذہانت کی پہلی علامت اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب کہ اتصال کامل (Consummatory Contact) کے تجربہ کا ذہنی تجربہ سے ارتباط ہوتا ہے۔ ذہانت کا حیاتیاتی کام جاندار کو جسمانی خطرے سے بچانا اور اس کی ضرورتوں کو اس طرح پورا کرنا کہ اس کا ماحول اس کی ناکامی سے کم سے کم متاثر ہو۔ ذاتی رجحانات فطرت کا عطیہ ہیں۔ ایک حد تک ماحول ان کے اظہار پر تصرف کرتا ہے۔ مگر وہ ان کی قوت یا وجود کا کسی طرح ذمہ دار نہیں ہے۔ بعض ذاتی رجحانات سادے اور خاص ہیں مگر بعض بہت زیادہ پیچیدہ اور عام ہیں۔ رجحانات پہلی منزل میں یعنی جبکہ وہ سادہ اور خاص ہوں۔ اضطرارات (Reflexes) کہلاتے ہیں اور ذاتی حفاظت کا ایک آلہ ہوتے ہیں۔

جاندار مخلوقات کی میکانیت

بچے کے دودھ پینے اور پکڑنے کی حرکات، اور بڈھوں کا کھانا پھینکنا کن انکھیوں سے دیکھنا اور چھپانا وغیرہ سب پیدائشی ہیں۔ یہ حرکات اکتسابی نہیں بلکہ توارث کا ایک حصہ ہوتی ہیں۔ اگر تحریک قوی ہو تو عمل ساتھ ہی ہوتا ہے۔ جوابی حرکتیں انفرادی تجربات سے بمشکل قابل ترمیم ہوتی ہیں۔ ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ سطح شعور پر جب عضویہ حواس پہنچتے ہیں اور ان میں تحریک پیدا ہوتی ہے تو

احساس و ادراک

کیفیات احساس ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ اور یہ احساسات دنیا اور ہمارے جسم کے متعلق تمام معلومات کی اساس ہیں۔ چھونا، دیکھنا، اور سننا اشیاء کی بیرونی دنیا کے علم کے لئے انسان کے بہت زیادہ اہم حواس ہیں۔ تمام حواس خاص صفت اور کمیت میں اختلاف رکھتے ہیں۔ سب مدت، ابتداء اور انتہا رکھتے ہیں۔ ذہنی تجربہ کی سادہ ترین اکائی ادراک ہے نہ کہ احساس۔ علم واقفیت پر اور ادراک حافظے پر مشتمل ہے۔ ایک بالکل نئی چیز سے صرف احساس پیدا ہوگا۔ نہ کہ ادراک کیونکہ ہم صرف ان چیزوں کو پہچان سکتے ہیں جنھیں ہم نے پہلے دیکھا ہے۔

یا جن کے متعلق ہمیں تجربہ ہے۔ اس لئے ہم بے دریغ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ اوراک ہمیشہ گزشتہ تجربہ سے پیدا ہوتا ہے۔ ولیم جیمس دنیا کی تعریف یوں کرتا ہے کہ "وہ ایک عظیم پُرشور، بڑھتا ہوا ہنگامہ ہے" مکڈوگل اپنی کتاب سماجی نفسیات (Social psychology) میں کہتا ہے "افعال کا سلسلہ غیر متغیر طریقہ پر جاری رہتا ہے۔ ان کم و بیش یکساں افعال کے لئے عام نام مخصوص ردعمل (Pattern Re actions) ہیں بعض مخصوص ردعمل انفرادی املاک ہیں جو ایک فرد کی زندگی میں حاصل ہوتے ہیں۔ جیسے عادات (مثلاً مونچھیں چڑھانا) اس جنس کے دوسرے تمام ارکان میں مشترک ہیں۔ جیسے اطوار کے ذاتی اور اضطراری طریقے۔ (مثلاً چوزے کے طبعی افعال، پانی پینا، آنکھیں کھولنا اور بند کرنا) یہ طبعی افعال تین قسم کے ہیں۔

طور (Tropism) اضطرار (Reflex) اور جبلت (Instinct)

"طور" کارآمد اور سادہ ترین فعلیت کو کہتے ہیں۔ یہ دوسرے اطوار سے اسی لئے ممتاز ہے کہ "طور" عضوی یا کیمیائی ہیج سے متعین ہوتا ہے۔ ایسے ردّعمل پودوں اور سادہ ادنیٰ ترین حیوانی عضویت میں پائے جاتے ہیں۔ مذکورۂ بالا بیان سے ظاہر ہے کہ ایسے داخلی طبائع جو پختہ اور ناقابل تربیت ہیں۔ ذہانت سے بے بہرہ ہوتے ہیں۔ ہم تجربہ یا آزمائش و غلطی کے طریقے سے انھیں نہ ترقی دے سکتے ہیں اور نہ ان کے ردّعمل کو بدل سکتے ہیں وہ ہیج کے اندھے نوکر ہیں۔ اگر ایک مقررہ ہیج فراہم کی جائے تو وہ وہی عمل کریں گے جو اُن کے لئے طبعی ہے۔

عکسی اعمال

اب ہم عکسی اعمال کی فطرت کا امتحان کریں گے یہ بھی سادہ، طبعی اور مخصوص ردعمل ہیں۔ یہ ردعمل عضویت کی بقا اور حفاظت کے ذرائع ہیں۔ یہ طور کی مانند فوری جوابی حرکات نہیں ہیں لیکن ایک جواب ہے جس میں رگ پٹھوں کے ذریعہ ایک ہیجان کی ترسیل نمایاں کام انجام دیتی ہے۔ جیسے آنکھیں کھولنا، بند کرنا، چھینکنا وغیرہ۔

اس قسم کی جوابی حرکات اس وقت رونما ہوتی ہیں جب عضویت کا کوئی حصہ کسی چیز سے اپنے ماحول میں متاثر ہوتا ہے۔ اور یہ جوابی حرکات عضویت کے لئے کارآمد ہیں۔ اضطراری افعال تین علیحدہ علیحدہ قسموں میں تقسیم کئے گئے ہیں۔ ہیج کے وصول کرنے کے لئے ایک عضو موصولی (Receptor) ہیج کو مرکز افعال تک لے جانے والا عضوی راستہ جو اس

عضو کی طرف رہبری کرتا ہے' جس پر رد عمل ہوتا ہے۔ موصل (Con ductor) عضو' مچھلیاں اور غدود جو ردعمل کرتے ہیں۔ موثر (Effector) ایک اضطرار دوسرے تمام اضطراروں سے علیحدہ جو اکثر سادہ اضطرار کہلاتا ہے۔ اور تینوں ساختیں (موصولی' موصل اور موثر) جو سادہ اضطرار میں بروئے کار آتی ہیں اضطراری قوس (Reflex Arc) کہلاتی ہیں۔

تصور جبلت اب ہم تصور جبلت کی طرف لوٹتے ہیں۔ جبلت اضطرار کی مانند ایک داخلی ردعمل ہے۔ یہ اضطرار سے' اپنے نظام کی زیادہ پیچیدگی کے سبب مختلف ہوتا ہے۔ اضطراری ردعمل ہیجان کے لئے اعضاء کے ایک مجموعہ کی جوابی حرکت ہے۔ جبلی ردعمل ایک جوابی حرکت ہے ایک صورت حال کے لئے' جو تمام عضویت پر مشتمل ہو سکتا ہے۔ بعض خواص تمام جبلی اعمال کے لئے مشترک ہیں (۱) ان کا اختیار کردہ کردار۔ (بغیر انجام کی پیش بینی کے) (۲) کوتاہی یعنی مانوس موقعوں پر افعال کی تبدیلی کی کم گنجائش ہوتی ہے۔ (۳) ایک جنس کے افراد کے درمیان عمومیت۔ (۴) پہلا ہی فعل درجہ کمال کو پہونچا ہوتا ہے (سیکھنے کی قوت مفقود ہوتی ہے)۔ (۵) انسان اور اعلیٰ حیوانوں میں فطری کردار جذبے کے ساتھ ساتھ ہوتا ہے۔ جذبہ خاص قوت کے ساتھ ترقی پاتا ہے۔ جب کہ جبلت کا فطری عمل رک جاتا ہے۔

اب ہم یقینی طور پر جانتے ہیں کہ جبلت کے دوسرے خواص میں جذبات کی معیت خاص ہے۔ جب جذبہ ابھارا جاتا ہے تو افعال میں ایک خاص قوت پیدا ہوتی ہے۔ مگر ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ جذبات کے گہرے ہیجان کی صورت میں ردعمل نسبتاً گہرے ہوتے ہیں۔ اس کے برخلاف جب جذبہ کم قوت کے ساتھ ابھارا جاتا ہے تو ادراکی عمل واضح اور صاف ہوتا ہے۔ اور دماغ کو کافی فرصت اور موقع ملتا ہے کہ وہ ماحول کو اپنا تابع بنانے کی کوشش کرے' اس طرح دماغ کی معیت سے جو افعال سرزد ہوں گے ان کا صورت حال کے مطابق ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ بچے کے ہیجانات سادہ ہیں۔ اور اسی باعث سے وہ موقتی حال سے (Immediate present) تعلق رکھتا ہے۔

اس کے برعکس بچے کی سادہ جبلتوں کی طرح بڑے انسان اور اعلیٰ جانوروں میں بھی احساس' جوابی حرکات اور ادراک کا راست چکر ہوتا ہے۔ یہ چکر ذہنی زندگی کی ضروری اکائی بن کر

باقی رہتا ہے۔ عمل علم کی آخری منزل مقصود ہے۔ اور علم سے عمل کا راستہ احساس سے ملتا ہے۔ انسانی زندگی میں صورتیں نفوذ کر جاتی ہیں۔ اور فی الحقیقت صورتیں موزوں جوابی حرکات حاصل کرنے میں معاون ہوتی ہیں۔ کیوں کہ وہ حافظہ، پیش خیالی، خیال اور اس کے افعال کا جز ہوتی ہیں۔ دوسری منزل میں صورتیں خیال کا آلۂ کار بنتی ہیں۔ اور آخر کار وہ خیالات بن جاتی ہیں۔ خیال قائم کرنے میں الفاظ بڑی مدد کرتے ہیں وہ مفرد ان صورتوں سے اعلیٰ ہوتے ہیں۔

نتیجہ

جیسا کہ ہم نے اوپر دیکھا ہے کہ بچوں کی جوابی حرکات تنہا اور غیر منتظم ہوتی ہیں۔ کیونکہ وہ فوقیتی صورت حال سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس کو مستقبل سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ اس کے خیالات پختہ نہیں ہوتے وہ الفاظ پر جو خیالات قائم کرنے میں ضروری آلہ ہوتے ہیں۔ بہت کم قدرت رکھتا ہے۔ وہ اپنے گزشتہ تجربہ یا ممکنہ نتائج سے بمشکل امتزاج کرتا ہے۔ اس لئے وہ ہر جذبہ کو جو مشتعل ہوتا ہے پوری طرح سے محسوس کرتا ہے۔ اپنے کو غصہ، خوف، ہنسی اور حیرت کے لئے وقف کر دیتا ہے۔ غیر موصوف جذبہ کے بغیر شاذ و نادر جوابی حرکات پیش کرتا ہے۔ تجربہ، مسرت اور الم نے اس کے اضطرار کو مشروط کر دیا ہے۔ اور اس کی عادات کو اس طرح طبیعت ثانیہ بنا دیا ہے کہ یا تو وہ طبعی حرکات کو روکتی ہیں یا داخلی جوابی حرکات کو بدل دیتی ہیں۔" مختلف جذبات اور ہیجانات حافظے اور غور کے زیر اثر منظم ہو گئے ہیں۔" مختلف جذباتی رجحانات فرد کے زمانہ زندگی میں ایک کلیہ بن جاتے ہیں۔ یہ طبائع خود ساختہ ہوتی ہیں۔ اور اکثر وجدان کہلاتی ہیں۔ یہ صرف داخلی رجحانات کی تبدیلی ہے۔ وجدان کے عناصر ترکیبی فرد کی موروثی ساخت کی نشو و نما ہوتے ہیں۔ یہ نظام کسبی ہے۔ اعلیٰ ذہنی طبائع جو اشخاص یا اشیا یا خیالات کی طرف رجوع کرتے ہیں یا جن کی مدد سے ہم نے محبت کرنا اور نفرت کرنا سیکھا ہے۔ بلوغ کی زندگی میں ہمارے طرز عمل کے اہم اجزا ہیں۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ جبلتیں وجدانوں کے لئے راستہ پیدا کرتی ہیں اس طرح ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ ایک وجدان خاص الخاص فطری طبع ہے جو مخصوص شئے سے وابستہ ہوتا ہے۔ جذباتی ردّ عمل کے زیر اثر مجرد وجدانوں سے مغلوب ہونے کے سبب ممکن ہے کہ تمہارا خون کسی بے گناہ پر ظلم دیکھ کر کھولنے لگے۔ اگر تمہارا احساس انصاف قوی ہے تو تم جانوروں پر ظلم ہوتا ہوا دیکھ کر چیخ اٹھو گے۔ مگر مقرون اور مخصوص وجدان تمہارے جذبے کو اور زیادہ ابھارتے ہیں۔ اگر ایک عورت کو جس کو تم چاہتے ہو اور قدر کرتے ہو کوئی اجنبی برا بھلا کہے

اور اس سے برا برتاؤ کرے اور تم اتفاقاً اس کے بارے میں سنو یا دیکھو تو یقیناً تم اپنے دماغ کا توازن کھو بیٹھو گے۔ کہا جا سکتا ہے کہ کوئی متمدن آدمی کسی خاتون کے ساتھ بدسلوکی نہیں دیکھ سکتا لیکن اگر وہ خاتون جو ذلیل کی گئی اجنبی ہو تو محسوس کی ہوئی ناراضی اس درجہ قوی نہیں ہوتی۔ عام مقرون وجدان بھی حیات انسانی میں زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔ ہم کسی مجموعۂ اشیاء کو پسند یا ناپسند کر سکتے ہیں۔ ہمیں فراموش نہ کرنا چاہئے کہ وجدانوں میں جسمانی اظہار کی کوئی علامت ایسی نہیں ہوتی جیسی جذبات میں ہوتی ہے۔ کوئی خاص تجربہ وجدان کے متعلق نہیں کیا جا سکتا۔

جیسا کہ ہم نے جبلتوں کے بارے میں معلوم کیا ہے کہ وہ قابل تربیت و ترمیم ہیں۔ اسی طرح وجدان بھی متواتر انکار یا غلامانہ اطاعت اور ترغیبوں سے علی الترتیب کم زور یا طاقت ور بنائے جا سکتے ہیں۔ وجدان کی یہ تبدیلیاں تعمیر سیرت کے لئے بیش قیمت ہیں۔ شانڈ اپنی کتاب قانون تنظیم وجدانات (Law of Organization of Sentiments) میں حسب ذیل خلاصہ کرتا ہے:۔

"ہر وجدان اپنے نظام میں تمام ان جذبات، خیالات، پسندیدہ افعال اور خصائص سیرت کو مشتمل کرنے کا میلان رکھتا ہے جو حصول مقصد کے لئے فائدہ مند ہیں۔ اور ایسے سب اجزائے ترکیبی جو فالتو یا مخالفانہ ہیں اپنے نظام میں شامل نہیں کرتا۔"

ابتدائی جذباتی تحریکات اس طرح آہستہ مگر مضبوطی کے ساتھ منظم ہوتے اور آخر کار سیرت اور چلن کو متعین کرتے ہیں۔ بلوغ کے ساتھ وجدان پختہ ہوتے اور ترقی کرتے ہیں۔ اور نوجوان کے تقریباً تمام افعال پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ سب سے زیادہ نمایاں وجدان خودداری کا وجدان ہے۔ جذبہ خودداری کو "اعتراف خودی" اور انکسار خودی کی جبلتوں اور ان سے وابستہ جذبات ہمت افزائی یا اثباتی احساس نفس (positive self Feeling) اور تسخیر یا منفی احساس نفس (Negative Self Feeling) سے مدد ملتی ہے۔ سکھ، دکھ، تعریف، مذمت، پسند اور ناپسند چھوٹے بچے کے ابتدائی معلین ہیں۔ وہ اپنی حرکات کو ان آئینوں میں دیکھتا ہے۔ وہ اس کے لئے غور کا ایک ذریعہ ہیں۔ حافظہ، تخیل اور خیال کی تدریجی نشو و نما سے شعور نفس ترقی پاتا ہے اس کے برخلاف اعلیٰ تخیل اور ذہن کی نشو و نما سے نصب العین بنتے ہیں۔ بچے کے لئے

دیانت داری، انصاف اور خیرات بے معنی الفاظ ہیں۔ مگر سن بلوغ کو پہونچنے کے بعد جب اس کا ذہن ایک خاص سطح تک پہونچتا ہے۔ تو بچہ ان اوصاف کی قدر کرنا شروع کرتا ہے۔ ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ نصب العین ایک یا زیادہ ابتدائی جبلتوں سے تعلق رکھتا ہے۔" علاوہ ازیں نصب العین احساس خودی سے تعلق رکھتا ہے۔ احساس خودی میں "یہ ہونا چاہتا ہوں" یا "یہ کرنا چاہتا ہوں" کہنے سے ظاہر ہوتا ہے۔

جذبہ خودداری جب اچھی طرح ترقی پا جائے تو ہماری قوی ترین طبایع میں سے ایک ہے۔ جو ہمیں قوت ارادی کی موجودگی کا پتہ دیتی ہے۔ قوت ارادی اسی مسالے سے بنی ہے جس سے ابتدائی فطری تحریکات بنی ہیں۔ ذہنی نظاموں میں فرق صرف یہ ہے کہ قوت ارادی اعلیٰ ذہنی نظام کا نتیجہ ہے جس کی ساخت میں تجربے، نتائج، حافظہ، تخیل اور خیال کے اجزا شامل ہیں۔ اوپر کے مختصر خاکہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جبلتیں پروان چڑھتے چڑھتے اور نشو و نما پاتے پاتے سیرت سازی میں نہایت پیچ دار سطح پر پہنچتی ہیں۔ شروع سے آخر تک ارتقار کا تسلسل بھی واضح ہے۔ ہم نے دیکھا ہے کہ قوت ارادی بھی اسی مسالے سے بنی ہے جس سے ابتدائی فطری ہیجان بنے ہیں۔ جبلت وہ اساس ہے جس پر شخصیت منحصر ہے۔ اصل میں شخصیت کی تشکیل جبلتوں سے ہوتی ہے۔ جبلتیں ناقابل تربیت ہوتیں تو انسانیت کو تجربہ سے سیکھنے کا کوئی موقع نہ ملتا۔ مگر خوش قسمتی سے حقیقت حال اس کے برعکس ہے۔ ہم ان ابتدائی جبلتوں کو تبدیل کر سکتے ہیں۔

مترجمہ
محمد عبدالسلام ذکی۔ بی۔ اے۔ ٹی۔ ڈی
مدرسہ فوقانیہ دارالشفاء

"واردھا اسکیم"

از

مولوی سید عبدالحکیم صاحب ایم۔ ایس۔ سی۔ ایل۔ ٹی

ملک کی عام ابتدائی تعلیم سے متعلق مہاتما گاندھی نے ایک نظام العمل تیار کیا ہے۔ جو واردھا اسکیم کے نام سے موسوم کیا گیا۔ اس نظام سے متعلق صاحب موصوف نے ابتداءمیں اپنے خیالات کا اظہار ہریجن کے پرچوں میں فرمایا۔ اور اکتوبر ۳۷ء میں اپنی تجاویز آل انڈیا واردھا ایجوکیشنل کانفرنس میں پیش کیں۔ حال میں مرکزی حکومت نے اس اسکیم پر غور کرنے کے لئے بہ مقام شملہ ایک کمیٹی منعقد کی۔ اور خیال یہ ہے کہ غالباً ان تمام صوبوں میں جن میں کانگریسی وزارت برسر اقتدار ہے۔ اس اسکیم کو روبہ عمل لایا جائیگا۔ ذیل میں اس جدید نظام تعلیم کے جملہ مقاصد، قواعد، صفات اور نقائص پر روشنی ڈالی جائے گی۔

واردھا اسکیم اور منصوبی تعلیم

اس جدید نظام تعلیم کے دو امتیازی اصول ہیں۔ اول بچہ کی تمامتر تعلیم کسی مفید صنعت سے وابستہ ہو۔ دوم یہ تعلیم اپنے اخراجات کی خود کفیل ہو۔ بچہ کی تمامتر تعلیم سے مطلب اس کی دماغی، جسمانی اور روحانی تربیت کسی صنعت کی تعلیم کے دوران میں قدرتی طریقہ پر تکمیل پا جائیں۔ بہ الفاظ دیگر صنعت کی تعلیم صرف میکانیکی طریقہ پر نہ ہو؛ بلکہ سائنٹفک طریقہ پر۔ دوسرے مضامین اس اساسی صنعت سے اس طرح وابستہ ہوں جس طرح مختلف مضامین پراجکٹ طریقہ تعلیم میں کسی ایک مرکزی منصوبہ سے وابستہ ہوتے ہیں۔ مثلاً تعمیر مکان کے منصوبہ پر غور کیجیے۔ تعمیر مکان کے لئے اول مناسب قطعہ کا انتخاب اس ضمن میں زمین کی ساخت، ہوا اور دھوپ کا رُخ، حفظ صحت سے متعلق اور دیگر امور پر روشنی ڈالی جا سکتی ہے۔ قطعہ کی پیمائش، مکان کا نقشہ، کمروں اور برآمدوں کی شکل اور وسعت، دیواروں کی

عمارت: بنیاد کی گہرائی وغیرہ کے سلسلہ میں علم ہندسہ۔ ڈرائنگ، مساحت کے جملہ اصولوں کی تعلیم دی جاسکتی ہے۔ پھر اینٹ، چونا، پتھر، لوہے وغیرہ کی قیمت خرید مزدوری کے اخراجات میں حساب کے طریقے بتائے جاسکتے ہیں۔ باغبانی اور چمن بندی کے دوران میں کیمیائی مسائل مثلاً زمین کے اجزا، پھولوں میں رنگوں کی پیدائش، روشنی اور ہوا کے بہت سے خواص سکھائے جاسکتے ہیں۔ مکان کی آرائش میں پھولوں کی پیدائش، روشنی اور ہوا کے بہت سے خواص سکھائے جاسکتے ہیں مکان کی آرائش میں بچوں کی خوش مذاقی، سلیقہ مندی۔ طبیعت کی جدت اور لطافت کا پورا پورا اظہار ہو جاتا ہے۔ فرنیچر کی فراہمی میں اشیاء کی صنعتی درآمد برآمد، تجارتی لین دین پر درس دئیے جاتے ہیں اور اس طرح عملی اور نظری تعلیم ہم آہنگ ہو کر ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم بن جاتی ہے۔

خود مکتفی ہونا اس نظام کا دوسرا بنیادی اصول تعلیم کا اپنے اخراجات کی خود کفالت کرنا ہے۔ دوسرے الفاظ میں تعلیم اپنے اخراجات کی کفیل ہو۔ طلباء جو اشیاء تیار کریں وہ اس قسم کی بے مصرف نہ ہوں جیسی کہ مروجہ مدارس میں دستی مشاغل کے سلسلے میں تیار ہوتی ہیں اور وہ صرف مدرسہ کی نمائش گاہ کی زینت کا باعث ہوتی ہیں۔ بلکہ یہ صنعتی پیداوار ایسی ہو جو بازار میں فروخت ہو سکے۔ مسٹر گاندھی نے اس نظام تعلیم کی حقیقی آزمائش کا معیار بھی تعلیم کی اس مخصوص صفت خود مکتفی پر رکھا ہے۔ اور حکومت سے خواہش کی گئی ہے کہ وہ ان جدید مدارس میں تیار کردہ اشیاء کو واجبی قیمت پر خرید لے۔ خیال یہ ہے کہ شروع شروع میں جب بچہ مبتدی ہوگا تو خام اشیاء کسی قدر ضائع ہوگی۔ لہذا کچھ نقصان برداشت کرنا پڑے گا لیکن کچھ عرصہ کے بعد یہ نقصان نہ اٹھانا پڑے گا۔ اور بچہ کم از کم اوسطاً ۲½ روپیہ ماہواری پیدا کرنے لگے گا۔ اور اگر حکومت ان اشیاء کو خرید لے تو مہاتما جی کا خیال ہے کہ تعلیم کا کفیل بالذات ہو جانے میں کوئی شبہ باقی نہیں رہتا اور اگر ایسا نہ ہو تو اساتذہ کو بے وقوف محض اور مدارس کو فریب گاہ تصور کرنا چاہئے۔ ملک میں عوام کی لازمی تعلیم کا انحصار بھی تعلیم کے اسی اصول پر مبنی ہے۔ ورنہ اس وسیع اخراجات کی اور کوئی دوسری سبیل ممکن نہیں ہے۔

نصاب اس جدید تنظیم میں مروجہ ابتدائی، درمیانی، اور ثانوی تعلیم کو متحد کر کے ایک بنا دیا جاتا ہے اور اس کو ابتدائی تعلیم کے نام سے موسوم کیا گیا۔ یہ تعلیم بچہ کی ۷ برس سے ۱۴ برس کی عمر تک

مشتمل ہوگی۔ اور اس ہفت سالہ تعلیم میں طالب علم سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے معیار تعلیم میں مروجہ میٹرک کے مساوی ہو جائے گا۔ تمام مضامین کی تعلیم کسی صنعت کو محور قرار دے کر دی جائے گی۔ ذریعہ تعلیم مادری زبان ہوگی۔ اس کے علاوہ ہندوستانی تعلیم جس کا رسم الخط ہندی یا اُردو ہوگا، ملک کی عام زبان ہونے کی حیثیت سے لازمی ہوگی۔ اس ابتدائی تعلیم کے نصاب سے انگریزی بالکل خارج رہے گی۔ کیونکہ خیال یہ ہے کہ اس ہفت سالہ تعلیم کے اختتام پر اکثر و بیشتر طلباء اپنے صنعتی مضمون کے لحاظ سے کوئی پیشہ مثلاً کاشتکاری، نجاری وغیرہ اختیار کر لیں گے۔ ان پیشوں میں انگریزی کی کوئی ضرورت نہ ہوگی۔ اس لئے ہر کس و ناکس پر انگریزی کا بار نہ ڈالا جائے گا۔

اس اسکیم میں نصاب تعلیم دو اہم شعبوں میں تقسیم ہوگا۔ اول اساسی صنعتیں مثلاً

(۱) سوت کاتنا اور کپڑا بُننا

(۲) نجاری

(۳) زراعت

(۴) میوہ اور ترکاریوں کی کاشت

(۵) چمڑے کا کام

(۶) مقامی حالات اور ماحول کی مناسبت سے کوئی صنعت مگر سوت کاتنا اور ابتدائی زراعتی کام سے واقف ہونا لازم گردانا گیا۔

(دوم) درسی مضامین جن میں زیادہ تر وہ مروجہ مضامین ہونگے جو اب بھی مدارس میں پڑھائے جاتے ہیں۔ مثلاً

(۱) مادری زبان

(۲) ریاضی

(۳) سماجی مطالعہ (سوشل اسٹڈیز)

(۴) جنرل سائینس

(۵) ڈرائنگ

(۶) موسیقی

(۷) ہندوستانی

نظام الاوقات نصاب کی یہ تقسیم محض مضامین اور مشاغل کے نوعیت کے اعتبار سے کی گئی ہے ورنہ یہی مضامین اور دستکاری کی تعلیم میں کوئی حد فاصل نہیں ہے۔ بلکہ دستکاری کی تعلیم کے دوران میں موقع اور مناسبت کے اعتبار سے یہ مضامین اپنے مرکزی اساسی صنعت سے وابستہ ہیں گے اس نصاب کی تکمیل کے لئے جو نظام الاوقات مرتب کیا گیا ہے اس میں سال کے ۳۶۵ دنوں میں ۲۸۸ دن تعلیم ہوگی۔ اس طرح ہر ماہ میں ۲۴ دن کام ہوگا۔ ہر دن کے کام کی تقسیم ذیل کے طریقہ پر ہوگی۔

اساسی صنعت	۳ گھنٹہ ۲۰ منٹ
موسیقی، ڈرائنگ، حساب	۴۰ منٹ
مادری زبان	۴۰ منٹ
سماجی مطالعہ اور عام سائنس	۳۰ منٹ
قواعد جسمانی	۱۰ منٹ
وقفہ	۱۰ منٹ
جملہ	۵ گھنٹہ ۳۰ منٹ

اس طرح ۵ گھنٹہ ۳۰ منٹ میں ۳ گھنٹہ ۲۰ منٹ صنعتی تعلیم کے لئے ہیں اور ۲ گھنٹے ۱۰ منٹ بقیہ مضامین میں صرف ہوں گے۔

اساتذہ کا تقرر موجودہ مدارس اس نظام تعلیم کے نفاذ پر بند کر دئے جائیں گے۔ اور ساتھ ہی ساتھ موجودہ اساتذہ کو بھی رخصت کر دینا پڑے گا لیکن ان امور کا قطعی فیصلہ وزراء کریں گے جدید اساتذہ کے انتخاب میں کافی احتیاط سے کام لیا جائے گا۔ اس امر کو خاص طور پر پیش نظر رکھا جائے گا کہ اساتذہ کو جدید نظام سے کامل ہمدردی ہو۔ اور وہ ہر ممکنہ طریقہ سے اس کو کامیاب بنانے کی کوشش کرے۔ مقامی استاد کو دوسرے امیدواروں پر ترجیح دی جائے گی۔ اُستاد کی تنخواہ ۲۵ روپیہ یا اس سے کچھ زائد ہوگی۔ لیکن ۲۰ روپیہ سے کم نہ ہوگی۔ ابتدا میں موزوں اُستادوں کی قلت کی وجہ سے کچھ زائد تنخواہ دینا پڑے گی۔

ٹریننگ اسکول - استادوں کی تربیت کے لئے ٹریننگ اسکول کھولے جائیں گے۔ ان میں ۳ سال کا

نصاب ہوگا۔ ٹریننگ اسکول میں داخلہ کی شرط یہ ہوگی کہ جدید مدارس میں امیدوار ہفت سالہ نصاب کی تکمیل کرچکا ہو یا ورناکیولر مڈل اسکول کا طالب علم ۲ سال کسی جدید مدرسہ میں کام کرچکا ہو۔ ٹریننگ کے نصاب میں سوت کاتنا، کپڑا بننا اور دیگر اساسی صنعتوں کے علاوہ اصول تعلیم، حفظ صحت، سماجی تاریخ ہندوستانی زبان، تختہ سیاہ پر تحریر اور خاکہ بنانے کی مشق، ڈرائنگ اور قواعد جسمانی شامل رہے گی۔ اسباق مادری زبان میں دینا ہوں گے۔ لیکن ہندوستانی زبان سے واقفیت ضروری ہوگی۔ طریقہ تعلیم میں خصوصیت سے اس امر کی تربیت دی جائے گی کہ مثل منصوبی طریقہ تعلیم کے اساسی صنعتوں کو محور قرار دے کر دوسرے مضامین کی تعلیم کس طرح اس کے ذریعہ دی جائے۔

صغیر و اعلیٰ جماعتوں کی تعلیم

صغیر اور اعلیٰ جماعتوں کی تعلیم کا اس نظام تعلیم میں کوئی انتظام نہیں ہے۔ ۷ برس سے قبل بچہ کی تعلیم کی اہمیت کو مدنظر رکھکر حکومت سے خواہش کی گئی کہ وہ اس تعلیم کو اپنے ذمہ لے لے۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے یہ تجویز بتائی گئی کہ کالج مخصوص کارخانوں سے وابستہ رہیں۔ مثلاً ٹاٹا کے کارخانوں کے ساتھ انجنیری کالج قائم ہو۔ مالک کارخانہ اس کالج کے تمام اخراجات کا کفیل ہو۔ وہ اپنے کارخانے میں ضرورت کے لحاظ سے طلباء کا داخلہ کرے اور فارغ التحصیل ہونے پر اپنے کارخانہ میں ان کو ضم کرلے۔ اسی طرح سے انجمن تجارت ہند ایک تجارتی کالج کھولے اور اس میں تجارت سے متعلق جملہ باتیں سکھائی جائیں۔ ملک کے شفاخانوں کے ساتھ میڈیکل کالج قائم کئے جائیں اور شفاخانہ میں رجوع ہونے والے مریضوں کے عملی تجربہ سے طبی مسائل سکھیں۔ میڈیکل کالج کے اخراجات کے ذمہ دار ایک بڑی حد تک ملک کے امراء و روساء خوشی سے ہو جائیں گے۔ کیونکہ ان کی ضرورتیں اس فن سے زیادہ وابستہ رہتی ہیں۔

امتحان لینے والی یونیورسٹیاں

سرکاری یونیورسٹیاں بھی کھولی جائیں گی۔ ان کا کام امتحان لینا اور مرکزی شعبہ تعلیم کو قایم رکھنا ہوگا۔ حکومت سے ان یونیورسٹیوں کو کوئی مالی امداد نہ ملے گی۔ امتحانات کی فیس سے ان کے مصارف پورے کئے جائیں گے۔ یونیورسٹی چارٹر نہایت فیاضی سے مسلمہ قابلیت اور دیانت دار جماعتوں کو عطا کئے جائیں گے۔ چارٹر کی تقسیم وزراء کے تفویض رہے گی۔ سہ ماہی اور ششماہی وغیرہ امتحانات نہ لئے جائیں گے۔ صرف سالانہ امتحان ہوگا لیکن مدت امتحان زیادہ رکھی جائے گی۔ تاکہ کافی احتیاط سے امیدوار کی قابلیت کی

جانچ ہوسکے۔ کامیابی کے لئے تیار شدہ نمونہ جات اور ان اشیا کی خوبی پر بھی نظر رکھی جائے گی جو طلبا نے کسی سالانہ مقامی نمائش کے لئے تیار کی ہوں۔ اگر امتحان میں زیادہ طلبا ناکام ہوں گے تو اساتذہ کے کام پر خاص طور پر نگرانی رکھی جائے گی۔

خوبیاں

بانیان جدید نظام تعلیم کا دعویٰ ہے کہ یہ اسکیم تعلیمی، نفسیاتی، سماجی اور اقتصادی نقاط نظر سے جملہ صفات اور خوبیوں کی حامل ہے۔ مروجہ تعلیم میں علم اور زندگی میں کوئی تعلق باقی نہیں رہا۔ بچہ مدرسہ میں لکھنا، پڑھنا سیکھتا ہے۔ تاریخ و جغرافیہ یاد کرتا ہے۔ حساب و الجبرا کے پیچیدہ سوالات حل کرتا ہے۔ مگر اس کو یہ نہیں معلوم کہ اس تمام کاوش اور محنت کا مقصد کیا ہے۔ صغیر سنی سے علم اس سے لئے مقصود بالذات بنا دیا گیا۔ لیکن جدید نظام میں کسی صنعت یا پیشہ کو تعلیم کا محور قرار دے کر علم اور زندگی کے درمیان جو فصل حائل تھا اس کو مٹا دیا گیا۔ اب طالب علم کے سامنے ابتدا ہی سے علم اور اس کا مقصد نمایاں رہے گا۔ یہ امر اس کے لئے کوئی راز نہ رہے گا کہ وہ جو کچھ سیکھتا ہے اس سے آیندہ زندگی میں کیا استفادہ کرے گا۔

واردھا اسکیم نفسیاتی نقطہ نظر سے

نفسیاتی نقطہ نظر سے بھی یہ طریقہ تعلیم فطرت اطفال کے لئے نہایت موزوں ہے۔ ہر بچہ میں قدرت کی طرف سے تعمیر اور تعاون کی جبلتیں ودیعت ہوتی ہیں۔ بچہ کو چیزوں کے بنانے میں، اوزاروں اور آلات کے استعمال کرنے میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل جل کر کام کرنے میں جو خوشی ہوتی ہے وہ انہی قدرتی جبلتوں کی طمانیت کا نتیجہ ہے۔ اس اسکیم میں عملی کام کے ذریعہ ان جبلتوں کے اظہار کے کامل مواقع موجود ہیں۔ کسی چیز کے بنانے میں اس کو اپنے تمام حواس سے کام کرنا پڑے گا۔ وہ آنکھ سے دیکھے گا۔ دماغ سے سوچے گا اور پھر کوئی نقشہ ذہن میں تیار کر کے اس کو ہاتھوں سے انجام دے گا۔ اس طرح سے جو وہ معلومات حاصل کرے گا وہ نہایت عمیق اور پائدار ہوں گے۔ اس کے برعکس منطقی، و رسمی تعلیم کے ذریعہ جو معلومات بچہ کو ملتے ہیں وہ خارجی ہوتے ہیں۔ لہذا سطحی اور ناپائدار ہوتے ہیں۔

واردھا اسکیم سماجی نقطہ نظر سے

سماجی نقطہ نظر سے بھی یہ طریقہ نہایت مفید ہوگا۔ قوم کے تمام بچے ساتھ ساتھ ایک قسم کے کام کریں گے۔ کام کے دوران میں ایک دوسرے کی مدد کریں گے۔ اس طرح ان میں یگانگت اور اتحاد عمل کی صلاحیت کے ساتھ ساتھ جسمانی کام کی عزت دلوں میں پیدا ہوگی۔

مروجہ نظام نے جسمانی کام کی طرف سے دلوں میں جو حقارت، اور تعلیم یافتہ اور غیر تعلیم یافتہ طبقوں کے درمیان میں جو بیگانگی پیدا کر دی ہے اس کی بھی اصلاح ہو جائے گی۔ سماجی مطالعہ کے ذریعہ بچوں میں ابتدا ہی سے مقامی معاملات میں توجہ اور ہمدردی کے ساتھ شریک ہونے کی صلاحیت، اور حب وطن کا احساس پیدا ہوگا۔ ان کے دلوں میں بلا امتیاز مذہب وملت ایسے مشاہیر عالم کی عزت اور قدر پیدا ہوگی جنہوں نے بنی نوع انسان کو بہتر بنانے میں اپنی تمام آرام اور راحتوں کو قربان کر دیا۔

واردھا اسکیم اقتصادی نقطہ نظر سے

اقتصادی نقطہ نظر سے یہ نظام تعلیم اپنے اخراجات کا خود کفیل ہوگا۔ بچہ کسی فن میں مہارت حاصل کرنے کے بعد اپنے فرصت کے اوقات کو زیادہ مفید طریقہ پر صرف کرے گا۔ ملک کی ابتدائی تعلیم کو عام کرنے میں جن جن اخراجات کی ضرورت ہے اس کی سبیل بجز اس کے اور کچھ نہیں ہے کہ تعلیم کفیل بالذات ہو۔ نیز ترک مسکرات کے سلسلہ میں نشئی اشیاء پر ٹیکس کے ذریعہ جو آمدنی ہوتی ہے اس میں کمی ہونا ضروری ہے۔ آمدنی کی مد میں یہ کمی ہو جانے سے تعلیم کے اخراجات کا جو موازنہ ہے اس میں بھی کمی ہوگی۔ بچوں کی تعلیم کی خاطر یہ امر کسی طرح بھی جائز قرار نہیں دیا جا سکتا ہے کہ ہم قوم کے ایک طبقہ کو شراب پلا پلا کر اس کی آمدنی سے تعلیم کے اخراجات کی سربراہی کریں۔

واردھا اسکیم تنقیدی نقطہ نظر سے

کسی مسئلہ کے متعلق اس وقت تک صحیح رائے قائم کرنا مشکل ہے جب تک کہ خوبیوں کے ساتھ ساتھ اس کے نقائص پر بھی غور نہ کر لیا جائے۔ واردھا اسکیم کے مقاصد یہ ہیں کہ ابتدائی تعلیم عام کر دی جائے تاکہ ملک سے جہالت کی تاریکی دور ہو۔ ملک میں صنعت و حرفت کا رواج ہو تاکہ بے روزگاری کا انسداد ہو سکے۔ طریقہ تعلیم ایسا ہو جو بچہ کی بہترین جسمانی، ذہنی اور روحانی صفات کو نمایاں کر دے۔ ان اعلیٰ مقاصد سے کس کو ہمدردی نہ ہوگی؛ لیکن سوال یہ ہے کہ ان مقاصد کے حل کرنے کے لئے جو اسکیم ہمارے سامنے پیش کی گئی اس میں کس حد تک ان مقاصد کو حاصل کرنے کی صلاحیت ہے۔

واردھا اسکیم سے بے روزگاری کا حل ممکن نہیں

نصاب میں صنعتی تعلیم کو نمایاں جگہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ اس طرح بے روزگاری کا کامل استیصال ہو جانے کے علاوہ علم اور زندگی میں جو فصل پیدا ہو گیا ہے اس کا خاتمہ ہو جائے لیکن مروجہ تعلیم کو

بے روزگاری کا باعث قرار دینا یا جدید تعلیم کے ذریعہ اس کے انسداد کی امید کرنا۔ اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ ہم نے ملک میں بے روزگاری کے اسباب کو نہیں سمجھا۔ ہر ملک کے باشندوں کی مصروفیات کے چار ذرائع رہتے ہیں۔ صنعت و حرفت، زراعت، تجارت اور ملازمت۔ یورپ اور جاپان کے صنعتی سیلاب میں ملک کی قدیم دستی صنعتیں غائب ہوگئیں اور اس طرح ملک کی ایک بڑی آبادی بیکار ہوگئی۔ اصول سرمایہ داری پر اندرون اور بیرون ممالک سے تجارتی کمپنیاں قائم ہوئیں اس طرح سرمایہ داروں کے ایک مخصوص گروہ نے ملک کے قدیم تاجروں کا دیوالہ نکال دیا۔ اگر کسی نے ہمت کرکے ان سرمایہ داروں کے مقابلہ میں تجارت شروع کی تو گھر کا سرمایہ بھی کھویا۔ زراعت میں کسان بیچاروں نے دن رات کوشش اور سرگردانی کے بعد جو کچھ پیدا کیا اس میں کچھ حکومت نے وصول کیا کچھ زمینداروں کے حصہ میں آیا کچھ سرمایہ داروں نے لیا اور کسان بے چارہ خالی ہاتھ رہا۔ اب رہا ذریعہ ملازمت۔ ان حالات کی تحت ملک کی ایک کثیر آبادی کا ہجوم ملازمت پر ٹوٹ پڑا۔ اور جب ملازمت کے حصول میں دشواریاں پیدا ہوئیں تو تمام الزامات مروجہ نظام تعلیم کے سر تھوپا گیا۔ واردھا اسکیم میں صنعتی تعلیم کو نصاب میں داخل کرکے یہ امید تو کرلی گئی کہ اب علم اور زندگی میں جو فصل پیدا ہوگیا تھا وہ دور ہو جائے گا لیکن اس امر پر غور نہیں کیا گیا کہ اس طرح جو عالم پیدا ہوں گے ملک میں اُن کی ضرورت ہے بھی یا نہیں۔ ان کو اپنے علم سے استفادہ کرنے کے مواقع بھی ہیں یا نہیں۔ ایسی سریلی اور لچکدار آواز بے کار ہے جس کے سننے کے لئے کوئی کان نہ ہوں۔ ایسی دل فریب اور سکون بخش تصویر بے کار ہے جس کو دیکھنے کے لئے کوئی آنکھ نہ ہوں۔ بالکل اسی طرح وہ علم بے کار ہے جس کے استفادہ کی معاشرہ میں کوئی مواقع نہ ہوں۔ ابتدا میں معاشرہ کی تنظیم کرو ورنہ تعلیم اور زندگی کا فصل کبھی پورا نہ ہوگا۔ نصاب میں صرف پیشہ کی تعلیم شامل کر دینے سے بے روزگاری کا انسداد ممکن نہیں۔ بلکہ خطرہ یہ ہے کہ یہ مسئلہ اور زیادہ سنگین ہو جائے گا۔ کیونکہ فی الوقت ہی پیشہ وروں کی یہ کثرت ہے کہ اگر ایک بڑھئی بلاؤ تو تین اور بڑھئی دریافت کرجاتے ہیں کہ بڑھئی کی ضرورت تو نہیں ہے۔ خاکروب کی اگر ایک جگہ خالی ہوجاتی ہے تو متعدد اُس کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان حالات کی تحت واردھا اسکیم کی تحت چلنے والے مدارس جب مثل سکہ ڈھالنے والی مشینوں کی طرح پیشہ ور ڈھالنے لگیں گے تو پیشہ وروں میں باہمی مسابقت

اس قدر بڑھ جائے گی کہ اس اسکیم کو جلد سے جلد خیرباد کہہ دینا پڑے گا۔

اسکیم کفیل بالذات نہیں ہوسکتی

اس نظام تعلیم کو کفیل بالذات بنانے کے لئے حکومت سے خواہش کی گئی کہ وہ جدید مدارس میں طلبا کی تمام تیار کردہ اشیا اچھی قیمت پر خرید لے۔ اب سوال یہ ہے کہ حکومت ان اشیا کو مدارس سے خرید کر کیا کرے؟ یہ تو ممکن نہیں کہ اس قسم کی اشیا کے لئے گورنمنٹ اسٹور روم تیار کر کے وہاں ان کو جمع کرتی جائے۔ حکومت کو ان اشیا کی نکاسی کے لئے کسی بازار کا تلاش کرنا ضروری ہوگا۔ لیکن ہر بازار میں ۳ قسم کا مال ہوگا۔ ایک تو وہ مال جو یورپ اور جاپان کے صنعتی کارخانوں کا تیار کردہ ہو۔ دوسرا وہ مال جو خود یہاں کے پیشہ وروں کا بنایا ہوا ہو۔ کچھ عرصہ کے بعد ایک تیسرا مال بھی جو ان کاریگروں کا تیار کردہ ہوگا جو جدید مدارس کے فارغ التحصیل ہوں گے بازار میں آنے لگے گا۔ ان تینوں کے مقابلہ میں ناتجربہ کار طلبا کا بنایا ہوا مال سب سے خراب اور گراں ہوگا۔ ایسی صورت میں اس مال کی نکاسی کی کیا امید کرنا چاہیے۔ گو مال کی نکاسی کی ایک امید یہ دلائی گئی ہے کہ قوم اپنے بچوں کی تیار کردہ اشیا کا خریدنا باعث فخر سمجھے گی اور اس کو کسی قدر گراں قیمت پر بھی خوشی خوشی خرید لے گی۔ ممکن ہے کہ ابتدا میں اس خیال میں کچھ کامیابی ہو اور لوگ قومی خیال کی تحت اصل قیمت سے کئی گنا قیمت دے کر اس ناقص مال کو خوشی خوشی خرید لیں جس طرح قانون نمک کے خلاف ورزی کے زمانہ میں خود ساختہ نمک کی قیمت لوگوں نے ۵۰۰ روپیہ فی تولہ تک دی لیکن اس قسم کے جذبات عارضی ہوتے ہیں۔ کسی مستقل اسکیم کو اس امید پر تیار کرنا یقیناً دانشمندی کے خلاف ہے اور جب تیار کردہ مال کی نکاسی کی کوئی صورت نہ ہوگی تو تعلیم کا کفیل بالذات ہونا تو کجا مروجہ تعلیمی اخراجات سے بھی یہ اخراجات تجاوز کر جائیں گے۔

کفیل بالذات بنانے میں خطرہ

تعلیم کا اپنے اخراجات کے لئے خود مکتفی ہونا یہ خیال ایک خوشکن خواب سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتا۔ یہ ممکن ہے کہ جس طرح مروجہ تعلیم میں طلبا کی فیس کے ذریعہ تعلیم کے کچھ اخراجات کی تکمیل ہو جاتی ہے۔ اسی طرح اشیا کے فروخت ہونے کے بعد اگر اس میں کچھ نفع ہو تو اس سے اخراجات کے کسی جزو کی پابجالی ہو جائے۔ لیکن اس جزوی کفایت میں ایک اہم خطرہ پوشیدہ ہے۔ اس خطرہ میں مہاتما گاندھی کے ان الفاظ نے اور بھی اضافہ کر دیا ہے کہ اگر تعلیم اپنے اخراجات کی کفیل نہ ہو تو استاد نالائق اور مدرسہ فریب گاہ

سمجھا جائے گا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین نے وار دھا ایجوکیشنل کانفرنس کو اس خطرہ سے متنبہ بھی کیا کہ تعلیم کے اس رخ پر زور دینے سے نتیجہ یہ ہوگا کہ استاد تمام تعلیمی اصولوں کو پس پشت ڈال کر اپنی تمام تر کوشش تعلیم کو کفیل بالذات بنانے میں صرف کر دے گا۔ اس حالت میں بچوں کی صورت ان قیدیوں کی سی ہوگی جن کو حکومت نے کسی شدید جرم کی سزا میں قید بامشقت دی ہو۔ اور یہ یقیناً قوم کے لئے نہایت گراں ہوگی۔

وار دھا اسکیم پر عمل مشکل ہے

وار دھا اسکیم اپنے طریقہ کار میں منصوبی طریقہ تعلیم کے ہم شکل ہے۔ منصوبی طریقہ تعلیم کو باقاعدہ عمل میں لانے کے لئے دو بنیادی اصولوں کو خاص طور پر پیش نظر رکھنا پڑتا ہے۔ اول مشاغل کے انتخاب میں احتیاط۔ یہ مشاغل تعلیمی نقطۂ نظر سے اتنے وسیع ہوں کہ مختلف مضامین کی باقاعدہ ان کے ذریعہ تعلیم ہو سکے۔ نیز ان مشاغل کی تعداد بھی زیادہ ہو تاکہ مختلف طبائع کے لئے وہ نفسیاتی نقطۂ نظر سے موزوں ہوں۔ دوم قابل؛ تربیت یافتہ اساتذہ کا تقرر۔ منصوبی طریقہ تعلیم کی تحت تعلیم دینا ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں ہے۔ اُستاد کو اپنے مضامین پر کامل عبور رہونے کے علاوہ یہ بھی معلوم ہو کہ اس کے مضامین سے متعلقہ اصولوں کا اطلاق قدرت میں کہاں کہاں اور کس طرح ہوتا ہے۔ قابل استاد اور علمی مشاغل کے علاوہ اس طریقہ تعلیم کو کامیاب طریقہ پر چلانے کے لئے مدارس میں باقاعدہ سائنٹفک آلات سے آراستہ دارالتجارب کی ضرورت ہے۔

منصوبی طریقہ کے اس عنصر کے لئے وسیع اخراجات کی ضرورت ہے۔ وار دھا اسکیم میں جب ہم ان چیزوں کو تلاش کرتے ہیں تو وہاں کچھ بھی نہیں ہے۔ عملی مشاغل لے دیکر چھ یا سات ہیں ان میں سوائے زراعت یا باغبانی کے اور دوسرے مشاغل تعلیمی نقطۂ نظر سے زیادہ موزوں نہیں ہیں۔ ان کی تعداد بھی بہت کم ہے۔ اس لحاظ سے مختلف طبائع کے بچوں کی تشفی کے لئے بالکل ناکافی ہیں اور اس پر طرفہ یہ ہے کہ چرخہ کی گردش ہر طالب علم کے لئے لازمی قرار دی گئی۔ سیاسی نقطۂ نظر سے چرخہ کی گردش میں کوئی خوبی ممکن ہے پوشیدہ ہو۔ مگر تعلیمی نقطۂ نظر سے اس میں کوئی خوبی نظر نہیں آتی۔ اُستادوں کی قابلیت میٹرک کے مساوی ہوگی۔ اُن کی تنخواہیں ۲۵ روپیہ ہونگی۔ قدرت میں جن سائنٹفک اصولوں کا اطلاق ہوتا ہے وہ اس معیار کے استادہی کے سمجھ کے باہر ہیں تو پھر شاگرد

کو ایسے استاد سے کیا توقع رکھنا چاہئے پھر جب مدارس کفیل بالذات کے اصول پر عمل کریں گے تو اسٹاف مدرسہ ہی کے اخراجات نکلنا مشکل ہیں منصوبی طریقہ تعلیم کے لئے وسیع دار التجارب مع قیمتی ساز و سامان کے کہاں سے فراہم کئے جائینگے۔ ان تمام باتوں پر غور کرنے سے جو نتیجہ نکلتا ہے وہ یہ ہے کہ واردھا اسکیم کا جو نقشہ کاغذ پر کھینچا گیا ہے وہ صرف دل کے خیالی منصوبے ہیں۔ عملاً اس میں بجز کسان، بڑھئی، جولاہے کی فنی میکانکی تربیت کے علاوہ کچھ نہ ہوگا۔

واردھا اسکیم میں خالص پیشہ ورانہ رنگ۔

واردھا اسکیم میں پیشہ ورانہ تعلیم کا رنگ اتنا غالب ہے کہ کوئی دوسرا رنگ غور کرنے پر بھی نظر نہیں آتا۔ نظام الاوقات کی ترتیب بھی کچھ اس طرح دی گئی ہے کہ اس میں بجز پیشے کی تعلیم کے اور دیگر مضامین کی تعلیم ناممکن ہی معلوم ہوتی ہے۔ مثلاً ۵ گھنٹہ ۳۰ منٹ کی جملہ تعلیم میں ۳ گھنٹہ ۲۰ منٹ صنعتی تعلیم کے لئے مقرر کئے گئے اور ۲ گھنٹہ ۱۰ منٹ جملہ مضامین کی تعلیم کے لئے باقی رہ جاتے ہیں۔ اس میں ۱۰ منٹ وقفہ اور ۱۰ منٹ قواعد جسمانی کے بھی شامل ہیں۔ اس وقت کو نکال کر صرف ۱ گھنٹہ ۵۰ منٹ رہ جاتے ہیں۔ اس وقت میں موسیقی، ڈرائنگ، حساب، مادری زبان، سماجی مطالعہ اور عام سائنس کی تعلیم دینا ہے۔ موسیقی، ڈرائنگ اور حساب کے لئے مجموعی طور پر ۴۰ منٹ رکھے گئے۔ اس طرح اوسطاً ہر مضمون کے لئے ۱۳ ۱/۳ منٹ ملتے ہیں۔ اگر اس میں سے وہ وقت منہا کر دیا جائے جو عموماً ایک مضمون کے خاتمہ پر دوسرے مضمون کی ابتدا کرنے میں صرف ہوتا ہے تو حساب کے لئے مشکل سے ۱۰ منٹ روزانہ ملتے ہیں۔ اس قلیل مدت میں حساب کے ابتدائی چار قاعدے ضرب، تقسیم، جمع، باقی۔ روپیہ۔ آنہ۔ پائی وغیرہ کی ضرب و تقسیم۔ کسور عام و کسور اعشاریہ۔ تناسب، اکائی کا قاعدہ، سود مفرد و مرکب۔ مساحت، بک کیپنگ، عملی ہندسہ کی تعلیم شامل ہے۔ سوشل مطالعہ اور جنرل سائینس کے جملہ ۳۰ منٹ مقرر کئے گئے۔ اس وقت میں مطالعہ قدرت، نباتات، حیوانات، انسانی جسم کی ساخت، حفظ صحت، فزیکل کلچر، کیمیا، طبیعیات، علم ہیئت، مشہور سائینس دانوں کی سوانح عمریاں سائینس میں۔ اور دنیا کی جغرافیہ، ہندوستان کی جغرافیہ خصوصیت سے۔ انسانی ارتقاء کے حالات، ہندوستان میں سیاسی بیداری ایسے حالات جن سے حب وطن کا احساس پیدا ہو۔ تاریخ ہند۔ پنچایت و بورڈ وغیرہ کی تنظیم و قواعد۔ جغرافیہ میں ملک کی پیداوار۔ موسم ذرائع نقل و حمل۔ پیشہ۔ نقشہ کشی وغیرہ۔ سوشل مطالعہ میں شامل ہیں۔

اس قلیل مدت میں متعدد سے متعدد استاد کے لئے بھی اتنے مضامین کا پڑھانا ناممکن ہے۔

واردھا اسکیم تعلیمی نقطہ نظر سے نامکمل

ایک ماہر تعلیم کا مقولہ ہے کہ انسان کی تعلیم کا آغاز اسی دن سے ہونا چاہئے جس دن سے وہ شکم مادر میں آتا ہے اور خاتمہ اس دن ہونا چاہئے جب وہ قبر کی آغوش میں سو جاتا ہے۔ اس اسکیم میں ۷ برس سے ۱۴ برس کے ہفت سالہ وقفہ کے علاوہ اور کسی عمر کی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ پیدائش سے ۷ برس تک بچہ کی تعلیم کو نظر انداز کرنے کے یہ معنی ہیں کہ اس عرصہ میں بچہ کی جو جبلتیں ظاہر ہوئیں وہ غیر تربیت یافتہ گزر گئیں۔ بقول مسٹر جیمس کے بچوں کی جبلتیں "ابھی یا کبھی نہیں" کے مصداق ہوتی ہیں۔ مثلاً ۱ تا ۳ برس کا زمانہ بچہ کے لئے زبان سیکھنے کا زمانہ ہے۔ اس زمانہ میں بچہ کو جو زبان سکھانا مقصود ہو اسی زبان کے بولنے والوں میں اس کی پرورش کرو۔ جو روانی اب پیدا ہوگی وہ بات پھر کبھی حاصل نہیں ہو سکتی ۳ تا ۷ برس کے زمانہ میں بچہ میں نقل کرنے، مختلف سوالات کرنے، کہانیاں سننے کا شوق بدرجہ اتم موجود ہوتا ہے۔ اس زمانہ میں دماغ میں اتنی نرمی اور لچک ہوتی ہے کہ جو خیال اس وقت دماغ میں نقش ہو جاتا ہے وہ تمام عمر زائل نہیں ہوتا ہے۔ ان خصوصیات کو اگر اخلاقی و ذہنی تربیت کا ذریعہ بنایا جائے تو یقیناً آیندہ کے لئے نہایت مستحکم بنیادیں پڑ سکتی ہیں۔ واردھا اسکیم نے اس زمانہ کو صرف اتنی خواہش کے ساتھ فراموش کر دیا کہ حکومت اس تعلیم کا انتظام کر دے گی۔ ۱۴ برس سے بعد کی تعلیم کا انتظام بھی ایسا ہی نامکمل ہے۔ اب طالب علم اس منزل پر پہنچ چکتا ہے جہاں اس کے شوق کی ایک حد تک نشو و نما ہو چکی ہے۔ اب اسے بعض علوم سے بنفسہ دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے اب وہ اپنے پسندیدہ مضمون کو ایک محقق کی حیثیت سے پڑھنا چاہتا ہے۔ اس منزل پر کسی عملی مشغلہ کو تعلیم کا محور بنا کر پڑھانا طالب علم کو ایک باقاعدہ اصولی تعلیم سے محروم کر کے اس کا تضیع اوقات کرنا ہے۔ طبی تعلیم کے لئے یہ مشورہ دیا گیا کہ اس میں مریضوں کو ذریعہ تعلیم بنا کر تمام طبی اصول سکھیے جائیں۔ اس طریق کار میں معلم اور متعلم دونوں کے لئے مشکلات کا سامنا ہے۔ فرض کرو ایک دن ایسا مریض آتا ہے جس کا مرض قبل کے گوناگوں بیماریوں کا نتیجہ ہے۔ اب قبل اس کے استاد ان تمام بیماریوں کو جن کا کہ یہ مرض آخری نتیجہ ہے نہ پڑھا لے شاگرد اس موجودہ مرض کے متعلق کچھ نہ سمجھ سکیں گے۔ اس کے برعکس اگر باقاعدہ مرتب کئے ہوئے اصول پر آسان سے مشکل کی طرف قدم

اٹھایا جائے اور ساتھ ہی ساتھ نظری اور عملی تعلیم کو وابستہ رکھا جائے تو ان مشکلات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

وار دھا اسکیم میں صنعتی تعلیم بھی زمانہ کے حسب حال نہیں ہے

وار دھا اسکیم میں تعلیم کی بنیاد صنعت پر رکھی گئی ہے لیکن مشینوں کے استعمال سے قطعی پرہیز کیا گیا ہے۔ ہم کو معلوم رہنا چاہئے کہ ہم سولہویں صدی کے طلبا کے لئے نظام تعلیم نہیں بنا رہے ہیں بلکہ اب بیسویں صدی ہے۔ مشینوں کے استعمال کے خلاف درویشانہ نقطہ خیال سے جو کچھ بھی کہا جائے درست ہوگا۔ مگر غور سے دیکھا جائے تو یہ مشینیں انسان کی ذہنی کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ اور انسان کی بہتیری سہولتوں اور راحت کا ذریعہ ہیں۔ جس طرح ہر مفید چیز ناقص ہاتھوں میں ناقص بن جاتی ہے اسی طرح مشینوں کے غلط استعمال نے ان کو جا بجا انسانی مصائب کا ذریعہ بنا دیا ہے۔ اگر کوئی شخص کرسی بنا کر اس پر خود بیٹھنے کی بجائے کرسی سر پر رکھ لے تو قصور کس کا ہے۔ صنعت کو ذریعہ تعلیم بنا کر مشین سے بریّت میں دو نقصانات ہیں۔ اول مشینوں کے ذریعہ جن سائنٹفک اصولوں کی تعلیم ممکن تھی وہ پہلو مفقود ہو گیا۔ دوم دوسری اقوام کا بغیر مشینوں کی مدد کے صنعت میں ہمارے لئے مقابلہ ناممکن ہے۔ ہم ریل اور موٹر کے مقابلہ میں بنڈیوں کے استعمال کے کتنے فوائد بتائیں اور اس کو رواج دینے کی کتنی ہی تلقین کریں کبھی کامیابی نہ ہوگی خود ناصح کو اپنی نصیحت پر عمل کرنا مشکل ہوگا۔

زبان انگریزی کا اخراج

ایک زمانہ وہ تھا کہ ہر مضمون کا ذریعہ تعلیم انگریزی تھا اور اب بھی جا بجا ایسا ہی ہے کہ ہر کس و ناکس کے لئے چاہے قدرت نے اُس کو کسی غیر زبان کے سیکھنے کا اہل بنایا ہو نہ بنایا ہو۔ زبان انگریزی کا سیکھنا لازمی ہے۔ وار دھا اسکیم نے رقّاص کو دوسری حد پر پہونچا دیا۔ اور زبان انگریزی کو نصاب سے بالکل اڑا دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ نہ پہلا طریقہ صحیح تھا نہ دوسرا درست ہے۔ مناسب طریقہ یہ تھا کہ ہم حد اعتدال پر رہتے اور انگریزی کو نصاب میں ایک اہم اختیاری زبان کی حیثیت دے دیتے۔ کیونکہ انگریزوں کا ملک پر تسلط ہونے کی وجہ سے اس زبان کو جو اقتصادی اور معاشرتی اہمیت حاصل ہے اُس سے انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن اگر انگریز ہندوستان سے چلے بھی جائیں تب بھی اس زبان سے تجارتی اور بین الاقوامی

تعلقات رکھنے کے لئے اس زبان کی شدید ضرورت باقی رہے گی۔ مزید براں ہندوستان کی تمام زبانوں میں ابھی علمی و سائنٹفک ذخیرہ بہت کم ہے۔ اس ذخیرہ کو ہندوستانی زبان میں منتقل کرنے کے لئے آسان ترین ذریعہ انگریزی زبان ہے۔

امتحان لینے والی جماعتوں کا طریقہ انتخاب غلط ہے

مروجہ طریقہ تعلیم کی خرابیوں کا باعث ایک بڑی حد تک امتحان ہے۔ معلم اور متعلم اصول تعلیم کو پس پشت ڈال کر اپنی تمام تر کوششیں اس لئے کرتے ہیں کہ کسی طرح امتحان میں کامیاب ہو جائیں۔ امتحان کو دیوتا بنا کر اس کی پرستش میں طالب علم کی دماغی جسمانی اور اخلاقی قوتیں قربان کر دی جاتی ہیں۔ واردھا اسکیم بھی اس وبا سے محفوظ نہ رہ سکی اور غالباً یہ جدید طریقہ قدیم طریقہ سے بھی زیادہ ناقص ثابت ہوگا کیونکہ امتحان لینے والی یونیورسٹیوں کا چارٹر بڑی فیاضی سے عطا ہوگا۔ اگر ان چارٹر پانے والی جماعتوں نے اپنے اختیارات کو جائز طریقہ پر استعمال نہ کیا تو اس کی جانچ اور سد باب کا کیا طریقہ ہوگا۔ اس خطرہ میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے جبکہ ان جماعتوں کے اخراجات کی کفالت امتحانی فیس سے کی جائے گی۔ چارٹر عطا کرنا وزراء کے تفویض رہے گا اور گو دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ یہ چارٹر مسلمہ قابلیت اور دیانت دار جماعتوں کو دیا جائے گا لیکن ہم کو معلوم رہنا چاہئے کہ دیانت کی جانچ کا کوئی آلہ نہیں ہوتا۔ رہا قابلیت کا سوال تو عموماً وزراء خود فن قانون کے ماہرین میں سے ہوتے ہیں۔ فن تعلیم سے وہ ایک بڑی حد تک ناواقف ہوتے ہیں۔ اگر یہ چارٹر مناسب ہاتھوں میں نہ پڑا (جس کے کافی امکانات ہیں) تو اس اسکیم میں بہت سی خرابیاں پیدا ہو جائینگی۔

واردھا اسکیم میں تعطیلات کی کمی

واردھا اسکیم میں تعطیلات اور روزمرہ کی تعلیم کے دوران میں فرصت کے وقفوں کی نہایت کمی ہے۔ روزانہ ۵ گھنٹہ ۳۰ منٹ کی تعلیم میں صرف ۱۰ منٹ کا وقفہ رکھا گیا۔ ۵ گھنٹہ ۲۰ منٹ کی مسلسل تعلیم سات برس کے بچوں کے لئے وہ منصوبی طریقہ تعلیم ہی کی تحت کیوں نہ ہو یقیناً پریشان کن ہوگی۔ تعطیلات کی بھی کچھ ایسی ہی صورت ہے ہر ماہ میں جملہ ۶ یوم کی تعطیلات رکھی گئی ہیں۔ ان چھ یوم میں ۴ جمعہ یا اتوار واقع ہوں گے اور باقی ۲ یوم غالباً کسی تہوار یا تقریب کے رکھے گئے۔ اس لحاظ سے مدارس کی تعطیلات کارخانوں کی تعطیلات کے مماثل اور مساوی ہیں لیکن مدارس اور کارخانوں کے کام کی نوعیت بالکل جدا ہے۔ مدارس میں معلم اور متعلم

دونوں کے لئے دماغی کام رہتا ہے اور کارخانوں کا کام ایک بڑی حد تک میکانکی رہتا ہے۔ مدارس میں خصوصاً متعلم کے لئے تعطیلات کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ کیونکہ انسان کے دماغ کی حالت مثل برقی "لیک لینشی خانہ" کے ہوتی ہے۔ جو کچھ عرصہ تک مسلسل برقی رو دینے کے بعد کمزور پڑ جاتا ہے اور پھر اصل حالت پر لانے کے لئے برقی دَور توڑ کر وقفہ کی ضرورت پڑتی ہے۔ دماغ بھی کچھ عرصہ تک مسلسل کام کرنے کے بعد سست پڑ جاتا ہے تعطیلات کے ذریعہ یہ تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے اور پھر نئے کام کے لئے از سر نو تیار ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ نفسیاتی نقطۂ نظر سے بھی یہ تعطیلات ضروری ہیں کیونکہ جس طرح معدہ کو کھانا ہضم کرنے کے لئے ایک کھانے اور دوسرے کھانے کے درمیان میں وقفہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی طرح دماغ کو کچھ عرصہ تک کام کرنے کے بعد کم از کم دو ہفتوں کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ گذشتہ ارتسامات کو اچھی طرح جمالے۔ واردھا اسکیم میں تعطیلات کی یہ کفایت عین اسراف ہے۔

واردھا اسکیم اور اخلاقی تعلیم

واردھا اسکیم میں اخلاقی و مذہبی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ اخلاقی تعلیم کے متعلق یہ کہا گیا کہ سوشل مطالعہ کے دوران میں یہ تعلیم قدرتی طریقہ پر انجام پا جائے گی لیکن سوشل مطالعہ کا جو نصاب ہے اور اس کی مناسبت سے جو وقت رکھا گیا ہے وہ اتنا ناکافی ہے کہ اس سے کسی باقاعدہ مطالعہ کی امید رکھنا فضول ہے اور اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ سوشل مطالعہ کے ذریعہ اخلاقی تعلیم کا جو طریقہ کار بتایا گیا ہے اس میں کامیابی ہوگی تو بھی اخلاقی تعلیم نامکمل رہتی ہے۔ کیوں کہ انسان کی اخلاقی تعلیم کے تین پہلو ہیں۔ اول حقوق اللہ۔ دوم حقوق العباد اور سوم حقوق النفس۔ حقوق اللہ سے مطلب وہ حقوق جو بندے پر اپنے خالق کے ہیں۔ حقوق العباد سے مطلب وہ حقوق جو انسان پر ابنائے جنس کے ہیں۔ اور حقوق النفس سے مطلب وہ حقوق جو خود اپنی ذات کے اپنے اوپر ہیں۔ سوشل مطالعہ سے (وہ بھی اگر باقاعدہ طریقہ پر عمل میں لایا جائے) طالب علم صرف حقوق العباد کے احترام کی تربیت حاصل کرے گا۔ اور اس کی حالت مثل فرضی "رِپ وین وِنکل" کی ہوگی جو دوسروں کی مدد کے لئے تو ہر وقت تیار اور اپنی و نیز اپنے بچوں کی کچھ پروا نہیں۔ اسی طرح صرف معاشری تہذیب حاصل کر لینے سے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ اپنے خالق کے ساتھ محبت اور عبودیت کے صحیح جذبات پیدا کر سکے اس کے لئے اس کی زندگی ایک مختصر بے معنی زندگی ہوگی اور

وہ کبھی اس زندگی کو ابدی و روحانی صفات سے مزین نہ کر سکے گا۔ صرف اسی ایک معاشری تہذیب کا نتیجہ ہے کہ آج تمام دنیا پر جنگ و جدال کی تباہ کن گھٹائیں چھا رہی ہیں۔ اسپین اور چین میں ہزار ہا بندگان خدا بلا قصور ذبح ہو رہے ہیں۔

استاد

از

محترمہ رابعہ بیگم صاحبہ محبوبیہ گرلز اسکول

اس سے پیشتر کہ میں اپنے ناقص خیالات ارباب حل و عقد کے سامنے پیش کروں نہایت صاف دلی اور صاف گوئی کے ساتھ اس امر کا اظہار کر دینا ضروری سمجھتی ہوں کہ میں نہ کوئی سند یافتہ معلمہ ہوں نہ ٹرینڈ ٹیچر اور نہ سیر و سیاحت یا تعلیمی سفر یا آزاد فضا کے تجارب و معلومات سے استفادہ کیا ہے۔ یہ مضمون سینکڑوں ماہرین فن اور ناقدین اُصول اصلاحی کا تختہ مشق رہ چکا تقریباً اس کا ہر پہلو زیر بحث و تنقید آچکا ہے۔ میرا مضمون یقیناً کوئی نئی چیز نہ ہوگا۔ پھر بھی قلم اٹھانے کی جرأت دو وجوہات پر مبنی ہے۔ اولاً تدریس کا ترکہ والدین سے مجھے ورانتاً ملا ہے۔ ثانیاً میرا ذاتی بائیس ۲۲ سالہ تعلیمی تجربہ جس کی بنا پر میں چند امور پر روشنی ڈالنی ضروری سمجھتی ہوں۔

میں نے اس مضمون کو حسب ذیل عنوانات پر تقسیم کیا ہے۔

۱۔ استاد کی شخصیت ۲۔ استاد کی ذمہ داریاں ۳۔ تدریس کے اساسی اصول۔
۴۔ احساس فرائض ۵۔ اُستاد کا انتخاب۔ ۶۔ استاد کی عظمت و وقعت ۷۔ استاد کی مشکلات۔

۱۔ **استاد کی شخصیت**۔ یہ بات قابل غور ہے کہ وہ کون سے امور ہیں جن کی وجہ سے استاد کی شخصیت اہمیت حاصل کر سکتی ہے۔

لیاقت علمی۔ اس کی جانچ کے دو معیار ہیں۔ ایک تو علم اور فن دانی۔ دوسرے ملکۂ تدریس مسلمہ امر ہے کہ جو استاد زیادہ تعلیم یافتہ صاحب تجربہ اور وسیع المعلومات ہوگا اُسی قدر اس کی

تعلیم کامیاب ثابت ہوگی اور اس کامیابی کی مناسبت سے شخصیت وقیع اور اہم سمجھی جائے گی۔
ظاہر ہے فی زمانا علم وفن کا معیار ڈگری ہے جو جتنی بڑی ڈگری کا مالک ہوتا ہے اسی قدر لایق وقابل سمجھا جاتا ہے اور بڑی ڈگری رکھنے والے استاد کی شخصیت کا اہم سمجھا جانا امر لازمی ہے۔

رہا دوسرا پہلو ملکۂ تدریس وہ ایک بالکل علٰحدہ چیز ہے۔ یہ ایک فطری قابلیت ہے۔ ہرگز لازمی نہیں کہ جو شخص ایک اعلٰی سند رکھتا ہو وہ قابل استاد بھی ثابت ہو اور نہ یہ ضروری ہے کہ ایک اُصولی تعلیم دینے والا استاد صاحب سند بھی ہو۔ پس جو معلم علم وفن اور ملکۂ تدریس دونوں پر عبور رکھتا ہے اُسی کی شخصیت کو خاص اہمیت حاصل ہوتی ہے۔

کردار۔ ایک استاد کے لئے کردار کی پختگی کیارکٹر کی مضبوطی اخلاق کی پاکیزگی نہایت ضروری چیزیں ہیں۔ استاد کو صاحب وقار، متین، سنجیدہ، حلیم، طبیعت شناس، بیدار مغز، با اخلاق، شیریں کلام، خندہ رو وخوش مزاج ہونا چاہئے اور شریف النفس، بے غرض خوددار وخود اعتماد، شفیق ومہربان راست باز، ضابط، محنت پسند بلند نظر وعالی ظرف نیک دل وحق شناس وسیع الخیال وروشن دماغ صاف دل ذاتیات سے مُبرا، فرائض شناس منتظم انس والفت کا مادہ دوسروں میں پیدا کرنے والا۔ اقتدار واثرات سے متاثر نہ ہونے والا ہونا چاہئے۔ جس قدر اُستاد پختہ کردار ہوگا اسی قدر اس کی شخصیت بھی وقیع ہوگی۔

جسامت۔ استاد کو ذی وقار بنانے والی ایک چیز اس کی ظاہری وجاہت اور قامت وجسامت بھی ہے۔ یہ مثل مشہور ہے الفربہ خواہ مخواہ مرد آدمی۔ اس میں شک نہیں کہ ابتداً جسیم وطویل استاد باوقار معلوم ہوتا ہے اور وقتیہ اس کے رعب کے اثرات پیدا ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے اس کی شخصیت کا ضرور اچھا اثر پڑتا ہے۔ اسی طرح پست قامت نحیف الجثہ اور کم زور استاد کی شخصیت پہلی نظر میں نہیں جچتی اور جیسا کہ چاہئے استاد کا وقار پیدا ہونے نہیں پاتا لیکن محض وجاہت ظاہری استاد کی شخصیت کو باوقار نہیں بنا سکتی جب تک کہ وہ غیر معمولی قابلیت وکردار کا حامل نہ ہو اور نہ نحیف ہونا اس کے وقار کو گرا سکتا ہے اگر وہ اعلٰی لیاقت اور مضبوط کیارکٹر رکھتا ہو کسی کا مقولہ ہے کہ قیمتی جواہر چھوٹے صندوق میں بند ہوتے ہیں۔

پس اُستاد کو درحقیقت جو چیز وقیع وباوقار بنانے والی ہے وہ اس کا علم وفضل

طریقہ تعلیم اور سیرت و کردار ہے۔

۲۔ استاد کی ذمہ داریاں:۔ استاد کی ذمہ دارانہ حیثیت بے حد بڑھی ہوئی ہے سب سے پہلی بات جو اس کو محسوس کرنی چاہیئے یہ ہے کہ وہ ایک گراں قیمت سرمایہ کا امانت دار ہے۔ یہ تو مانی ہوئی بات ہے کہ والدین بچوں کو وجود ظاہری میں لانے اور ان کے نشو ونما کا سبب ہیں اور استاد ان کی باطنی قوتوں کی پرورش اور روحانی ترقی کا باعث ہے۔

حقیقتاً اولاد امانت خداوندی ہے جس کا ذمہ دار وہ اپنے ان بندوں کو جنہیں اہل جانتا ہے بناتا ہے۔ عموماً والدین کی تمام تر خواہش و کوشش یہی ہوتی ہے کہ ان کی اولاد بہ لحاظ صحت و تندرستی تعلیم و تربیت اخلاق و عادات شہرت و ناموری تمول و خوش حالی وغیرہ میں ایک ممتاز حیثیت حاصل کرے اور خاندان و ملک و قوم کے لئے ایک بکار آمد ہستی ثابت ہو اور اسی مقصد کے حصول کے لئے وہ کسی ممکنہ جد وجہد سے باز نہیں رہتے۔ ماں باپ دنیا بھر کی سختیاں جھیلتے افلاس و تنگ دستی کے مصائب برداشت کرتے اپنے مقدور سے زیادہ روپیہ صرف کرتے اپنے بچوں کو اپنے قرب اور آغوش سے دور کر دیتے ہیں محض اس لئے کہ ان کی اولاد قابل و لایق بنے۔

ان کی یہ جد وجہد درحقیقت امانت الہٰی کی ذمہ داریوں کی بجا آوری ہے جس میں وہ استادوں کو اپنا شریک بناتے ہیں اور اس بڑی امانت کو ان کے سپرد کرتے ہیں بس جیسے والدین امانت خداوندی کے امین ہیں اُسی طرح استاد والدین کی امانت کے امانت دار ہیں۔ ان کا فریضہ ہے کہ اس امانت میں کاہلی و بے پروائی خود غرضی و آرام طلبی کی خیانت کو دخل نہ دیں۔

استاد کی مثال ایک زرگر کی سی ہے۔ جسے زر خالص دے کر اس سے خواہش کی جاتی ہے کہ حسب پسند و فرمائش خوش وضع و نفیس چیز تیار کرے اور اس کی یہ ذمہ داری اور کاریگری ہے کہ اپنے فن کی مدد سے اس سونے کو نہ صرف آمیزش سے پاک رکھے بلکہ صیقل و جلا کرکے ایک عمدہ نمونہ پیش کرے۔ ایسے ہی بچے جو لوح سادہ کی مانند ہیں استاد کے حوالے کئے جاتے ہیں اور اس کا فریضہ اور کمال قابلیت ہے کہ اس لوح پر بہترین نقش و نگار مرتسم کرے۔

جہاں تعلیم دینا اور بچوں کے دل و دماغ میں اخذ کا مادہ پیدا کرنا اُس کا کام ہے وہاں ان کی تربیت و پرداخت اور اخلاق و عادات کی اصلاح بھی اس کا فریضہ ہے۔ اُس کا صرف

یہی کام نہیں کہ اپنے اوقات درس کو صرف درس کی حد تک کسی حال طوعاً و کرہاً گزار دے بلکہ اس کا فرض ہے کہ دوران درس اور درس کے باہر طالب علموں کی ہر اُس بات پر نظر رکھے جو اصول اخلاق سے بعید ہو۔ جب تک بچہ والدین سے دور مدرسہ کے کمپونڈ میں ہے۔ اس وقت تک بچے کی ہر بات کا استاد ذمہ دار ہے۔ اس کو خوب جاننا چاہئے کہ وہ نہ صرف ایک معلم ہے بلکہ قوم کا معمار ہے قوم کی آیندہ تعمیر و تشکیل کا انحصار قریب قریب بالکل اس کی ذات پر ہے جس حد تک پایہ مضبوط ہوگا اُسی حد تک عمارت بھی مستحکم ہوگی۔ استاد صرف ایک بچے ایک جماعت ایک مدرسہ کا جواب دہ نہیں ہوتا بلکہ ایک قوم ایک ملک کا جوابدار ہے۔

۳۔ **تدریس کے اساسی اصول**:۔ یہ وہ چیز ہے کہ اگر ابتداءً چھوٹی جماعتوں سے ان پر توجہ کی جائے اور اُن پر عمل ہو تو آیندہ کالج بھی اس کے فیضان سے محروم نہ رہیں۔

ملکۂ اکتساب۔ اس میں سب سے پہلی بات یہ ہے کہ استاد متعلقہ جماعت میں متعلقہ مضمون سے جو کچھ بتانا سکھانا چاہتا ہو اس کے اخذ کا ملکہ دماغ میں جاگزیں اور دلنشیں کرنے کا مادہ بچوں میں پیدا کرے اور یہ بات اس وقت تک نہیں پیدا ہوتی جب تک بچے استاد سے مانوس نہ ہوں اور اس کی عظمت و الفت ان کے دل میں پیدا نہ ہو اور اس کا پیدا کرنا بالکلیہ استاد کا کام ہے۔ اور یہ بات پیدا ہوتی ہے استاد کے خلوص و ہمدردی طبیعت شناسی اور مناسب طرز عمل سے جو طلباء کو اس سے مانوس کرتی ہے اور وہ انس ان کی توجہ کو اس کی طرف منعطف کر دیتا ہے جب بچے محسوس کرتے بلکہ انھیں تصدیق ہوتی ہے کہ استاد کا قول و عمل ان کی بہی خواہی پر مبنی ہے تو اس کی بات کو دلچسپی و توجہ سے سنتے اور دلنشیں کرتے ہیں ضبط جماعت کا ابتدائی اور اُصولی گر یہی ہے۔

تنظیم جماعت۔ استاد کو اپنے میں یہ قوت پیدا کرنی اور طلباء پر یہ اثر رکھنا چاہئے کہ جیسے وہ کلاس میں داخل ہو پوری جماعت بطیب خاطر بالکل خاموش ہمہ تن اس کی جانب متوجہ ہو جائے۔ پھر وہ انھیں فوراً کام میں مصروف کر دے اور مصروف رکھے اور مناسب سوال و جواب کے سوا اور کوئی غیر ضروری گفتگو۔۔ بیان میں نہ آنے دے جو اُستاد جماعت میں کام کروانا نہیں چاہتا یا خود وقت ٹال دینا چاہتا ہے اس کی جماعت بے نظمی شور و غوغا اور ہڑبونگ سے بھری نظر آتی ہے۔ یہ مسلمہ امر ہے کہ کارگزار استاد طلباء کو کارگزار۔ محنتی استاد طلبہ کو محنتی۔ اور مجتمع الدماغ استاد ان کو مجتمع اور

متوجہ بنا لیتا ہے۔

جماعتوں میں ڈیسک پیٹنا، کرسیاں جھلانا۔ ہاتھ پیر ہلاتے رہنا بلا اجازت استاد باہم باتیں کرنا (خواہ وہ کتنی ہی ضروری بات ہو) مقررہ مضمون کے وقت دوسرا کام کرنا۔ استاد کا فرض ہے کہ طلبا کو ہرگز اس کا عادی نہ ہونے دے۔ جب انھیں کھانے کے وقت پڑھنے پر (سوائے بصورت سزا) مجبور نہیں کیا جاتا۔ کھیل کے وقت کلاس میں بند کرکے نہیں بٹھایا جاتا تو اس امر کی اہمیت ان کے ذہن نشین ہونی چاہیئے کہ جو وقت جس کام کا ہے وہ ہرگز مجاز نہیں کہ اپنی توجہ اس کے سوا کسی اور طرف معطوف کریں یہ احساس ان میں کارگزاری اور فرائض شناسی کا مادہ پیدا کرتا ہے۔

استاد نظر رکھے کہ طلبا، ایک دوسرے سے مناسب فاصلہ پر بیٹھیں اگر کوئی بالکل دور اور کوئی بہت قریب ٹھسا ہوا ہو تو اس کی درستی کر دینی چاہیئے۔

تقریباً تمام مدارس میں درسی کتب کا بوقتِ درس موجود رکھنا طلبا، پر واجبی گردانا گیا ہے۔ متعلقہ مضمون کے استاد بلا قابل قبول وجہ کے اس کی خلاف ورزی کرنے نہ دیں نظم جماعت کے لئے یہ بڑی مدد دینے والی چیز ہے۔

جماعت میں پڑھائی کے وقت باری باری سے صرف ایک ہی بچے سے پڑھوایا جائے اور استاد نظر رکھے کہ دوسرے طلبا، بہ خاموشی سبق کو دیکھتے جارہے ہیں تاوقتیکہ اُن سے پوچھا نہ جائے۔ بیچ میں نہ بولیں اور نہ آواز سے پڑھیں حتیٰ کہ بہ آہستگی بھی نہ پڑھیں دو چار بچوں کو ساتھ ملا کر پڑھانا یا ہلکی آواز سے سب کا ساتھ ساتھ پڑھنا بے نظمی جماعت کا سبب ہوتا ہے۔

دوران درس استاد میں چستی حرکت اور بیدار مغزی ہونی چاہیے ایسا نہ ہو کہ کرسی پر جم کے کتاب پر نظر جھکائے بیٹھے رہے تو بس اُسی کے ہو گئے تختہ سیاہ پر لکھنے میں مصروف ہو گئے تو مطلق خبر نہ لی کہ پیچھے کیا ہو رہا ہے بلکہ اس کو تھوڑے تھوڑے وقفہ سے پوری جماعت پر ایک امعانی اور آزمائشی نظر ڈالتے رہنا چاہیئے اور ایک دو بار جماعت کا دورہ کر لینا چاہیئے۔

سبق حتی الامکان۔ بہ اعتبار عمر و قابلیت طلبا، دلچسپ و جاذب توجہ بنایا جائے استاد کی دلچسپی اور توجہ لازماً بچوں میں بھی دلچسپی اور توجہ پیدا کرتی ہے۔

طلبا کے سن اور لیاقت کے موافق تفہیم ہونی چاہیئے نہ کہ استاد کی قابلیت اور تجربہ کے لحاظ سے

اُستاد کو اطمینان کر لینا چاہیئے کہ جو کچھ اُس نے بتایا ہے وہ طلبا سمجھ بھی گئے یا نہیں۔

اُستاد کی یہ بڑی قابلیت ہے کہ طلبا میں فرماں برداری اور اطاعت کا مادہ اس طرح پیدا کرے کہ اس کے غیاب اور حاضری میں بچے استاد کی خلاف مرضی حرکت کرنے سے پرہیز کریں۔

استاد کی شخصیت ہر متعلقہ کلاس پر حاوی ہونی چاہیئے اس کا طرز عمل بچوں کے دلوں کو مسحور کرنے والا ہو۔

"یوں کرنا چاہیئے اور یوں نہ کرنا چاہیئے" سے طلبا اتنے متاثر نہیں ہوتے اور نہیں سیکھتے جتنا کہ وہ استاد کی سیرت اور کردار کو اپنے لئے نمونہ بنا کر سیکھتے ہیں استاد کی شفقت انہیں بلا ارادہ مانوس اور بزرگانہ سلوک بلا کوشش مرعوب کرتا ہے۔ محبت و رعب دونوں کا نتیجہ وقعت ہے اور یہ استاد کے ادب پر بلا جبر و اکراہ انھیں مجبور کرتی ہے۔

طلبا کے ساتھ اشتعال طبع سخت کلامی نفرت' حقارت طعن و طنز ناروا شدت و استبداد والدین و اہل خاندان پر اعتراض اپنی توصیف و ستائش سوقیانہ طرز ناروا حرکات و سکنات کتابوں کا جھٹکنا پٹکنا ہرگز نہ ہونا چاہیئے۔ اس طرح اپنا وقار قائم کرنے کی کوشش کرنا استاد کی انتہائی ناکامیابی ہے باوجود اس کے کہ ٹیچرس ٹریننگ کا معیار بڑھتا جاتا ہے مگر اب بھی ہمارے اکثر اساتذہ اس سے محترز نہیں ہیں۔

یوں تو اعتدال و میانہ روی دنیا کے نظام ترتیب کے جز اعلیٰ ہیں لیکن استاد کو اس کی بے حد ضرورت ہے۔ جس طرح بے جا غیظ و غضب اس کو ناکام ثابت کرتا ہے۔ اُسی طرح بے موقع نرمی و تحمل اس کو ناکام بناتا ہے۔ نرم استاد طلبا کی خوش طبعی کے ایک کھلونے سے بڑھ کر اہمیت نہیں رکھتا استاد کی سنجیدہ بیانی خوش مزاجی بزرگانہ روش بر موقع گرمی بجا نرمی مناسب عفو و گرفت برمحل متانت و وقار گاہے گاہے پند و نصیحت' دل سوزی و ہمدردی اور خلوص و محبت سے بھرا ہوا برتاؤ خود طلبا کو استاد کا مطیع و شیدا بنا دیتے ہیں اور

نہیں لگتی اس میں محنت زیادہ۔

سزا دہی میں یہ اُصول مدنظر رہے کہ پہلی غلطی پر درگزر دوبارہ تنبیہ (درشت کلامی سے نہیں) پھر سختی و سزا سے کام لیا جائے اور تا وقتیکہ بچہ خوب متاثر نہ ہو کر سچے دل سے معافی نہ مانگے مقررہ

سزا سے ہرگز درگزر نہ کی جائے تاکہ بچے کے دل پر استاد کی کمزور رائے کا برا نقش نہ بیٹھنے پائے۔
بچوں کو جماعت میں ادھر ادھر سبق کے وقت پھرنے نہیں دینا چاہئے جو استاد کی موجودگی میں اکثر جماعتوں میں ہوتا ہے یہ بات انھیں سمجھانا چاہئے کہ جماعت بخوشی تحصیل کی جگہ ہے۔ اسٹیشن کا پلاٹ فارم نہیں۔

۴ - **احساس فرائض**:- فرائض کا احساس جداگانہ ہے اور اس پیمانہ پر اس کی اہمیت بھی مختلف الحیثیت ہے۔ خدا کے فرائض خلق کے ذمے، بادشاہ کے فرائض رعایا اور رعایا کے بادشاہ کے ساتھ۔ عزیز و اقربا کے فرائض ایک دوسرے کے ساتھ وابستہ ہیں۔ کامیابی مقاصد کا بڑا راز فریضہ شناسی میں مضمر ہے۔

استاد کو اس امر کا احساس ہونا چاہئے کہ طلبا کی تعلیم و تدریس اخلاق کی درستی اُن کے دماغ کی اصلاح ان کے وقت کی تنظیم ان کی زندگیوں کو آنے والی زندگی کے قابل بنانے کا بوجھ زیادہ تر اس کے کندھوں پر ہے جس کے لئے محنت و تن دہی کی ضرورت ہے۔ اس کو جاننا چاہئے کہ طالب علموں کا وقت کتنا گراں قدر ہوتا ہے۔ ایک سال کا بکار آمد یا بے کار ہو جانا ان کی زندگی کے زبردست انقلاب کا سبب ہوتا ہے۔ لہذا مقررہ کورس پر مدت معینہ میں ایک توازن کے ساتھ عبور کروا دینا اور امتحانات سرکاری کے لئے انھیں تیار اور قابل بنا دینا اس کا زبردست فریضہ ہے۔ اس میں شک نہیں کہ طلبا سب ایک طرح قوائے عقلی و دماغی نہیں رکھتے۔ کوئی روشن دماغ و ذہین کوئی شوقین و خاموش کام کرنے والا کوئی ذہین و بدشوق کھلاڑی اور بے توجہ ہوتا ہے۔ مگر ہر طالب علم میں اس کی قابلیت اور قوت اکتساب کے مطابق تحصیل کا ملکہ پیدا کرنا استاد کا کام ہے۔

نیز اس امر کا احساس اس کے لئے ضروری ہے کہ چند ہستیوں کا بنانا (جس کا اہل وہ سمجھا جاتا ہے) اس کے ذمے کیا گیا ہے اور اس محنت و جانکاہی کے لئے جو اس کو اس کام کے انجام دینے میں اٹھانی پڑی سرکار کی جانب سے صلہ مقرر ہے۔ اُسے چاہے کہ اس صلہ کو ایمان داری اور دیانت داری سے حاصل کرے۔ اسے اپنے نفس سے محاسبہ کرنا چاہئے کہ جو کچھ وہ حاصل کر رہا ہے وہ درحقیقت اُس کا جائز طور پر حق ہے کہ نہیں۔

۵ - **استاد کا انتخاب** :- ایک اہم اور غور طلب چیز استاد کا صحیح انتخاب ہے۔ اگرچہ سینکڑوں

ہزاروں استاد فی زمانہ بڑی بڑی سندیں رکھنے والے اور ہزاروں بلاسند کے کار تعلیمی پر متعین ہیں لیکن اگر بہ وقت نظر دیکھا جائے تو اس کو ماننا پڑے گا کہ اکثر کا غلط انتخاب ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے نہ ان کی زندگی صحیح طور پر کامیاب ثابت ہوئی نہ ان کے طالب علموں کی۔ اس انتخاب کا پورا پورا ذمہ دار محکمۂ تعلیم ہے۔ انتخاب میں ایجوکیشنل ڈپارٹمنٹ کو مدرسہ اور کالج سے مدد لینی چاہیئے کہ دوران تعلیم اس کا رکارڈ کیسا رہا ہے۔ اس کی کارگزاری اور فریضہ شناسی کس حد تک اطمینان بخش ہوسکتی ہے اپنے اساتذہ اور ہم درسوں کے ساتھ اس کا طرز عمل کیا تھا۔ اس کو کن خاص مضامین سے شغف رہا ہے وہ جو کچھ جانتا ہے آیا اس میں اپنے علم سے اوروں کو مستفید کرنے کی قوت موجود ہے۔ اس کا معیار علمی کس پایہ کا ہے اس کا میلان طبع درس تدریس کی طرف زیادہ ہے یا کسی اور فن کی جانب اگر انتخاب صحیح ہو تو کار ہائے تعلیمی میں بہت اصلاح اور ترقی ہوسکتی ہے۔

۶۔ **استاد کی عظمت ووقعت**:۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ معلمی ایک نہایت شریف پیشہ ہے معلم کے ہاتھوں اصلاحات کی بنیاد و تعمیر ہوتی ہے۔ وہ خاندانوں، قوموں، ملکوں کو سپوت لڑکے گرہست لڑکیاں لائق باپ قابل مائیں کارکن و فرض شناس افراد عطا کرتا ہے۔ اس کی تعظیم و تکریم محکمہ متعلقہ کے عہدہ دار پرنسپل و صدر مدرس اور طلبا، کے والدین پر ضروری ہے کیونکہ معاشرت قدیم میں اس کا بے انتہا لحاظ کیا جاتا تھا۔ اس افراط کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس میں تفریط کی ضرورت لاحق ہوئی۔ لیکن فی زمانہ احساس آزادی و مساوات بہت تیز ہے۔ اسی بنا پر طلبا، استاد کی برتری کو تسلیم کرنا۔ اس کے احترام کو ضروری سمجھنا ایک مضحکہ خیز بات تصور کرنے لگے ہیں۔ استادوں کو بنانے کی عام ذہنیت طلبا میں پیدا ہوگئی ہے نہ صرف اسکول کے طلبا یا کم سن بچوں میں بلکہ کالج کے طلبہ میں بہت زیادہ بچے گھروں میں جاکر والدین وغیرہ سے خوش ہو ہو کر فخریہ اپنی کارگزاری یعنی استاد کو بنانے کا ذکر کرتے ہیں اور ان میں اکثر ٹھنڈے دل سے سنتے بلکہ اُن کے شریک ہوتے ہیں۔ اگرچہ میں یہ ضرور کہوں گی کہ وہ استاد ہی نہیں جو طلبا، کے بنانے سے بن جائے یا اُس کے ساتھ طلبا ایسی جرأت کرسکیں لیکن ان کی اس ذہنیت کی اصلاح ضرور ہونی چاہیئے۔ یقیناً ایک صاحب وقار استاد کا وقار ان کی تضحیک سے ہرگز متاثر نہیں ہوسکتا بلکہ اس میں خود انھیں کے اخلاق کی پستی ظاہر ہوتی ہے۔ بچوں میں یہ ذہنیت خواہ کہیں سے پیدا ہوئی ہو لیکن یہ ذہنیت پست و ذلیل ہے۔ اور اس کا انسداد

ضروری ہے خواہ اس کے مرتکب مدرسہ تحتانیہ کے طالب علم ہوں یا ٹریننگ کالج کے طالب علم اساتذہ استاد آخر انسان ہوتا ہے۔ مافوق البشر ہستی نہیں۔ ہر انسان کی جسمانی حالت شکل صورت رنگ و روپ وضع وقطع بات چیت نشست برخاست چال ڈھال وغیرہ جداگانہ ہوتے ہیں کوئی طویل القامت ہے تو کوئی پستہ قد۔ کوئی قوی ہیکل ہے تو کوئی نحیف کوئی بات کرنے میں اعضائے بدن کو حرکت دیتا ہے تو کسی کو ہاتھ ہلا کر چلنے کی عادت ہوتی ہے وغیرہ وغیرہ۔ بہرحال ایک شخص دوسرے سے مختلف ہوتا ہے قدرت کی صناعی ہے کہ اگر سب آدمی ایک سے ہوتے تو ان کی شناخت ہی ناممکن ہوجاتی۔ معلمین پر کیا موقوف ہے ہر انسان میں کوئی نہ کوئی خصوصیت ہوتی ہے پس طالب علم ہرگز مجاز نہیں کہ ان کی قدرتی خصوصیات کا نوٹ لے اور ان کی نقلیں اتارے ان کا کام تحصیل علم و تہذیب اخلاق ہے نہ کہ نقالی کا پیشہ سیکھنا۔

استاد کی عظمت پیدا کرنے اور قائم رکھنے میں صدر مدرسہ کو بھی بے حد دخل ہے وہ اپنے ذاتی تعلقات تفہیم و تنبیہ کو بچوں کے روبرو ظاہر نہ ہونے دے اور نہ بچوں کی شکایت پر فوری توجہ کرے بلکہ بذات خود تجربہ کرکے تنہائی میں اسے متنبہ و آگاہ کرے۔ اس مقابلہ میں تمام تر ذمہ داری استادوں کے سر تھوپی جاتی ہے لیکن ذرا دقت نظر سے دیکھا جائے تو بالکلیہ استاد ہی ذمہ دار نہیں ہے بلکہ۔

خاندانی کردار و سیرت ان کی پرورش و تربیت۔

نصاب تعلیم کی دقتیں۔

طلبا کی تعداد۔

صدر مدرسہ کے طرز عمل کو بھی اس میں دخل ہے۔

۷۔ **استاد کی مشکلات**:۔ آج کل کے استاد جن گوناگوں دقتوں اور طرح طرح کی مشکلوں میں پھنسے ہوئے ہیں وہ محتاج توجہ ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ان کے لئے حتی المقدور سہولتیں پیدا کی جائیں۔ اور ضروری ترمیم و اصلاح ہو۔

(۱) خصوصاً چھوٹے مدارس میں اساتذہ کو وقت واحد میں کثیر التعداد طلبا کو تعلیم دینے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ مثلاً ۵۰ کی تعداد ۶۰ کی تعداد میں بچے جماعت میں ہوتے ہیں۔ طالب علم بچے

ہوتے ہیں۔ بڑے نہیں ہوتے۔ مقررہ گھنٹہ بیس۲۰ تیس۳۰ یا چالیس۴۰ پینتالیس۴۵ منٹ کا ہوتا ہے۔ بچوں میں ضبط پیدا کرنے انھیں خاموش رکھنے میں تقریباً آدھا وقت صرف ہو جاتا ہے۔ پھر بھی ذرا نظر چوکی اور بے قابو ہوئے۔ ذرا غور کیجیئے استاد بھی انسان ہے۔ لوہا لاٹ نہیں۔ ایک جماعت میں جب اس کا دماغ اس قدر بھنّا جائے تو دوسری جماعتوں کے لئے کیا خاک اجتماع باقی رہ سکتا ہے اور کس طرح عمدہ تعلیم دی جا سکتی ہے۔ لہٰذا میری یہ رائے ہے کہ کسی جماعت میں پندرہ۱۵ بیس۲۰ سے زیادہ طالب علم نہ رکھے جائیں تاکہ تعلیم زیادہ پختہ ہو۔

۲۔ جن مدارس میں زبان اول انگریزی ہے وہاں جماعت بندی اس کی قابلیت کے اعتبار سے ہوتی ہے جس کی وجہ سے ثانوی زبان کے سکھانے میں اساتذہ کو بڑی دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اگرچہ اس کے لئے کوچنگ کلاسس مقرر کی جاتی ہیں لیکن یہ مشکل اس سے ہرگز حل نہیں ہو سکتی ایک حروف تہجی پڑھنے والا اور ایک چوتھی کتاب پڑھنے والا بچہ باہم باوجود زائد اسباق کے کس حد تک مساوی ہو سکتے ہیں جب کہ تعلیم کا سلسلہ دونوں کا جاری رہے۔ لہٰذا میری رائے میں اس قدر کم زور بچے کو ثانوی زبان مدرسوں میں نہ پڑھائی جائے بلکہ کسی اور ملکی زبان سکھانے کا انتظام ہو۔

۳۔ اکثر استادوں پر بے اندازہ کام کی بھرمار ہوتی ہے یوں تو کوئی فن بغیر محنت و جاں فشانی کے ترقی نہیں پا سکتا مگر تعلیمی کام دوسرے پیشوں کی بہ نسبت جدا حیثیت رکھتا ہے۔ دیگر دفتر و محکمہ جات کے ملازمین اپنے تنہا خاموش بیٹھ کر کام کر سکتے ہیں ان کی اختیاری بات ہوتی ہے کہ چاہیں تو ایک دن بارہ گھنٹے کام کر لیں یا ایک دن چند گھنٹے ہی کر کے آرام لے لیں مگر استاد کو ہر روز مقررہ اوقات پر حاضر جماعت ہونا اور تن دہی کے ساتھ زیادہ تر کھڑے رہ کر کام کرنا پڑتا ہے دوسرے لوگ صرف اپنے کار مفوضہ کے ذمہ دار اور جواب دہ ہوتے ہیں اور استاد نہ صرف اپنے بلکہ طالب علموں کے کام کا ذمہ دار اور جواب دہ ہوتا ہے۔ اس لئے لازماً اس پر دوہرا اشہرا بار پڑتا ہے۔ بنا بریں اس کو بہ نسبت دوسرے محکموں والوں کے زیادہ آرام کی ضرورت ہے جو اسے نہیں ملتا۔ اس کا ٹائم ٹیبل ہر روز کا تقریباً بھرا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اوقات تعلیم کے بعد دوسری ڈیوٹیاں اس کے ذمہ ہوتی ہیں۔ مثلاً لائبریری تیاری رجسٹرات۔ بل بنانا فیس وصول کرنا۔ کھانے۔ کھیلنے۔ نماز اور سواری کی نگرانی وغیرہ وغیرہ۔

ٹائم ٹیبل میں نصف یا پون گھنٹہ بعض دن اُسے فرصت دی جاتی ہے تو اس میں بھی وہ

خالی نہیں رہ سکتا۔ بلکہ طلبہ کے ہوم ورکس وغیرہ کی تصحیح یا تیاری میں مصروف رہنا پڑتا ہے یا کسی غیر حاضر استاد کی جماعت کے سنبھالنے کے لئے بھیج دیا جاتا ہے۔ اُسے رات کو بھی کئی کئی گھنٹے بلکہ آدھی آدھی رات تک کام میں مصروف رہنا پڑتا ہے جس سے وہ تقریباً شل ہو جاتا ہے اور یقینی زیادہ تکان کی حالت میں اپنے کار مفوضہ کو بخوبی انجام نہیں دے سکتا جس کی وجہ سے طلباء کی تعلیم پر بُرا اثر پڑتا ہے۔

ضرورت ہے کہ اساتذہ کو مطالعۂ تیاری اسباق طلباء کے ہوم ورکس اور کلاس ورکس کی تصحیح وغیرہ کے لئے وقت دیا جائے۔

علاوہ ازیں افسران متعلقہ کو یہ بھی خیال کرنا چاہیے کہ تمام معلمین مجرد و تنہا نہیں ہوتے ان کا بھی گھر بار، بال بچے، والدین عزیز و اقارب ہوتے ہیں اور ان کے حقوق بھی ان کے ذمے ہیں اور وہ زیادہ تر کثیر العیال اور قلیل المعاش ہیں۔ اتنی وسعت نہیں رکھتے کہ متعدد ملازمین رکھیں۔ جب وہ دن رات کے چوبیس[۲۴] گھنٹوں میں پندرہ سولہ بلکہ اکثر اوقات اٹھارہ[۱۸] گھنٹے اسکول کی نذر کردیں تو ان کے ذاتی کاروبار کیسے انصرام پا سکتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بعض تو تعلیمی فرائض غیر دلچسپی اور سہل انگاری سے ادا کرتے ہیں اور جو ایمانداری اور ادائی فریضہ کا خیال رکھتے ہیں تو طاقت سے زیادہ محنت کرنے سے بہت جلد ان کی صحت متاثر ہو جاتی ہے اور وہ خانہ نشینی پر مجبور ہو جاتے اور اس طرح طلباء ایک لائق استاد کے استفادہ سے محروم ہو جاتے ہیں۔

میرے خیال میں اساتذہ پر اس قدر کام ہونا چاہیے کہ وہ اپنے کارہائے مفوضہ کو بہ وجہ احسن انجام دے سکیں۔ انہیں مناسب آرام بھی ملے اور وہ چاق و چوبند بھی رہ سکیں۔

بظاہر یہ سمجھا جائے گا کہ باوجود تعطیلات گرما و سرما و دیگر تعطیلات کے استادوں کی فرصت میں اور اضافہ سراسر کام کو سست رفتار اور تعلیم کا نقصان کرنا ہے لیکن اصولاً اس میں نقصان نہیں بلکہ تعلیم نسبتہً زیادہ بہتر طریق پر دی جاسکے گی جس کے نتائج بھی زیادہ بہتر برآمد ہوں گے۔

(۸)

واردھا اسکیم
تاریخی پس منظر

از
جناب ڈاکٹر سر ضیاء الدین احمد صاحب سی۔آئی۔ای۔ام۔ال۔اے

عام ابتدائی تعلیم کی کانگرسی اسکیم جو واردھا اسکیم کے نام سے موسوم ہے اس پر نہایت سنجیدگی سے غور و فکر کرنے کی ضرورت ہے۔ کیوں کہ غالباً جملہ کانگرسی وزارت کے صوبوں میں اس پر عملدرآمد ہو جائے گا۔ اس کا اصول اساسی اس وقت سمجھ میں آسکتا ہے جب کہ اس کے تاریخی پس منظر کی روشنی میں اس اسکیم پر غور کیا جائے۔ اس لئے نہایت اختصار کے ساتھ میں اس کا تاریخی پس منظر اس مضمون میں بیان کرتا ہوں۔

مفت اور جبری ابتدائی تعلیم کی تحریک کوئی نئی تحریک نہیں ہے اور انڈین نیشنل کانگریس تحریک ترک موالات سے پیشتر اس مطالبہ پر برابر زور دیتی رہی۔ آنجہانی مسٹر گوکھلے نے اس تحریک کو ایک خاص شکل میں مرتب کر کے امپریل کونسل میں اس مسئلہ پر ایک بل پیش کیا تھا اور گورنمنٹ سے یہ استدعا کی تھی کہ ابتدائی تعلیم کے واسطے ۵ ½ کروڑ کی اسپیشل گرانٹ عطا کی جاے اس کی تائید کونسل کے مقتدر اراکین اور سربرآوردہ لیڈران ملک نے کی۔ چنانچہ ۱۹۱۰ء میں زیر صدارت سرہارکورٹ بٹلر ایجوکیشن ممبر کی ایک کمیٹی مقرر کر دی گئی۔ تاکہ وہ اسکیم کے مالی اور دیگر عملی پہلوؤں پر غور کرے۔ اس کمیٹی نے یہ رپورٹ پیش کی کہ جدید مدرسے کھول کر اور زیادہ رقم صرف کر کے ابتدائی تعلیم کی توسیع کی جاے لیکن ابتدائی تعلیم کو لازمی قرار دینے کے لئے یہ زمانہ موزوں نہیں ہے۔ ۱۹۱۳ء میں حکومت ہند نے لوکل گورنمنٹوں کو توجہ دلائی کہ ابتدائی تعلیم کی توسیع کے واسطے وہ اپنی اسکیم مرتب کر کے پیش کریں لیکن بجز صوبہ جات پنجاب کے

پراونشل گورنمنٹوں نے اس پر زیادہ توجہ نہیں کی۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۱۹ء کی رو سے جو کونسلیں بنائی گئی تھیں انھوں نے جو تجاویز پاس کیں ان کی رو سے گورنمنٹ کی ذمہ داری لوکل باڈیز کے سر منڈھی گئی حالانکہ ان کو بخوبی معلوم تھا کہ لوکل باڈیز کے پاس اس قدر سرمایہ نہیں ہے کہ وہ ابتدائی تعلیم کو مفت جاری کر دیں۔

ہرٹاگ کمیٹی

ہرٹاگ کمیٹی نے جبریہ ابتدائی تعلیم کی اسکیم پر ۱۹۱۶ء میں غور کیا اور یہ تجویز پیش کی کہ ابتدائی تعلیم کو برٹش انڈیا میں مفت رائج کرنے پر دس کروڑ روپیہ کی اور ضرورت لاحق ہوگی۔ ۶ کروڑ لڑکیوں کی تعلیم کے لئے اور ۴ کروڑ لڑکوں کی تعلیم کے واسطے میں نے ان اعداد پر غور کیا اور ہرٹاگ کمیٹی نے جو واقعات پیش کئے تھے ان سے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ جبریہ ابتدائی تعلیم کی ترویج کے لئے ہم کو گیارہ کروڑ یکمشت صرف کرنے کی اور ضرورت پڑے گی۔ از اں جملہ ۲ کروڑ لڑکوں کی تعلیم پر اور ۹ کروڑ لڑکیوں کی تعلیم پر صرف کرنا پڑے گا۔ میں نے ۱۷۔ مارچ ۱۹۳۱ء کو اسمبلی کے اجلاس میں جو تقریر کی ہے۔ اس میں اس کی تفصیلات پیش کر دی ہیں یہ دونوں تخمینے صرف ۴ سال کی لازمی تعلیم کے واسطے تیار کئے گئے تھے۔

اب صوبائی خودمختاری اور اکثر صوبہ جات میں کانگرسی حکومت قائم ہو جانے سے اس تحریک کو مزید تقویت حاصل ہوگئی ہے لیکن ایک طرف تو اس تجویز پر عمل درآمد کے لئے کانگرسی حکومت کافی روپیہ فراہم کرنے کے قابل نہیں ہے۔ اور دوسری طرف پبلک کو بہت زیادہ توقعات دلائی گئی ہیں اس لئے کانگریس اگر اس کو معرض التوا میں ڈال دے گی تو عوام میں اس کی شہرت کو سخت صدمہ پہنچے گا۔ اس مسئلہ پر مختلف کانگرسی حکومتوں نے اور بالخصوص سی۔ پی گورنمنٹ نے بہت کچھ غور و فکر کیا ہے اور سی۔ پی گورنمنٹ نے مصارف کا تخمینہ لگایا تو معلوم ہوا کہ اس صوبہ میں جبریہ ابتدائی تعلیم جاری کرنے کے لئے ۲ ½ کروڑ روپیہ درکار ہوگا۔ جس کو وہاں کی حکومت فراہم نہیں کر سکتی ہے اور وہاں کی حکومت نے اس کا یہ حل سوچا ہے کہ ودیا مندر اسکیم تیار کی ہے۔ جس میں اپنی ذمہ داری کو دیہاتی انجمنوں کے سر ڈال دیا ہے اس لئے فی الحقیقت کوئی اصلاح نہیں ہوئی بلکہ اصلاحات سے قبل دفتری حکومت کے اصولوں کی پیروی کی گئی ہے۔ اس زمانہ میں حکومت نے اپنی ذمہ داری ڈسٹرکٹ اور میونسپل بورڈ کے سر ڈالی تھی اور اب دیہاتی انجمنوں کے سر ڈالی جا رہی ہے

لیکن دونوں صورتوں میں حکومت نے اپنی ذمہ داری سے پہلوتہی کی۔

پراونشل حکومتوں کے پاس اپنی آمدنی میں اضافہ کرنے کے غیر محدود وسائل ہوتو نہیں ہیں وہ اپنی محدود آمدنی میں بھی ترک مے نوشی اور مال گزاری میں تخفیف کرکے اور کمی کر رہی ہیں۔ اس لئے یہ امر واضح ہے کہ پراونشیل حکومتیں عوام کو مفت تعلیم دینے کے فریضہ کو ادا کرنے کے لئے مزید رقوم فراہم کرنے کے قابل نہیں ہوسکتی ہیں۔ اس لئے اپنے فریضہ سے سبکدوش ہونے کے لئے وہ بہانہ تلاش کر رہی ہیں۔

مفت اور لازمی ابتدائی تعلیم زمانہ ماضی میں مختلف ممالک میں براہ راست حکومت کے زیر اقتدار جاری ہوئی ہے اور صرف یہی ایک طریقہ ہے جس سے کہ آیندہ بھی وہ ہمارے ملک میں جاری ہوسکتی ہے۔

اپنی ذمہ داری کو لوکل باڈیز یا دیہاتی انجمنوں کے سر ڈالنے کے صریح یہ معنی ہیں کہ اپنی مالی مشکلات کے باعث حکومت لازمی تعلیم نہیں رائج کرسکتی اور نہ قابل تعلیم لڑکوں کی تعلیم کے لئے مدرسہ قائم کرسکتی ہے۔

جس طرح کہ مغربی ممالک میں ابتدائی تعلیم مفت اور لازمی ہے اسی طرح ہندوستان میں رائج کرنے کا مطالبہ کانگرس نصف صدی سے کر رہی ہے لیکن اب ان دونوں لفظوں یعنی مفت اور لازمی کو معتدل کیا جارہا ہے اور لازمی کی بجائے عام استعمال کیا جاتا ہے جس کے معنی کی وضاحت آیندہ مضامین میں کی جائے گی۔ فری ایجوکیشن کے اب یہ معنی نہیں کہ طلبا کو فیس نہ دینی پڑے گی۔ بلکہ اس کا یہ مطلب ہے کہ تعلیم کے مصارف سے حکومت سبکدوش ہو جائے گی۔

۲-عام خاکہ میں نے اپنے پہلے مضمون میں واردھا اسکیم کا تاریخی پس منظر پیش کیا تھا اب اسکیم پر اپنی رائے ظاہر کرنے سے پیشتر میں اس کی عام خصوصیات ذیل میں درج کرتا ہوں۔ جو اولاً اخبار ہریجن مورخہ ۲-اکتوبر ۳۷ء اور پھر کارروائی واردھا کانفرنس میں درج ہوکر شائع ہوئی ہے۔

(۱) ابتدائی تعلیم کا نصاب کم از کم ۷ سال کا ہونا چاہیئے۔ اس میں سے زبان انگریزی کی تعلیم خارج کردی جائے گی اور کسی پیشہ کی تعلیم داخل کردی جائے گی۔ اس کا معیار میٹریکیولیشن کے

مساوی ہوگا۔ اس ابتدائی تعلیم کے حصول سے لڑکے اور لڑکیاں اپنی روزی پیدا کرنے کے لائق ہوجائیں گے۔ کیوں کہ جو پیشے وہ سیکھیں گے ان کے شعبوں میں حکومت انھیں ملازمت دینے کی ذمہ دار ہوگی یا ان کے تیار کئے ہوئے مال کی خریداری مقررہ قیمت پر حکومت کے ذمہ رہے گی۔

یہ ابتدائی تعلیم موجودہ پرائمری۔ مڈل اور ہائی اسکول کی تعلیم کی بجائے دی جائے گی۔

(۲) یہ ابتدائی تعلیم اپنے مصارف کی خود کفیل ہوسکتی ہے اور اسے ضرور ہونا چاہئے کیوں کہ اس کی خوبی کی صحیح آزمائش اس کا خود مکتفی ہونا ہے۔

(۳) دیگر مضامین کی تعلیم کسی پیشہ کے سلسلہ میں اور اس کے پہلو بہ پہلو ہونی چاہئے۔

(۴) ڈرل۔ دستکاری اور ڈرائنگ کی تعلیم لازمی ہوگی تاکہ بہترین نمونہ کے طلبا اور طالبات تیار ہوسکیں۔

(۵) موجودہ تحتانیہ (پرائمری) اور فوقانیہ (سکنڈری) مدرسہ بند کردے جائیں لیکن اس کا قطعی فیصلہ وزرا کریں گے۔

(۶) سرکاری یونیورسٹیاں صرف امتحان لینے والی یونیورسٹیاں ہوں اور فیس امتحانات سے ان کے مصارف پورے ہونے چاہئیں۔ یونیورسٹی چارٹر نہایت فیاضی کے ساتھ مسلمہ قابلیت اور دیانت دار جماعتوں کو عطا کئے جائیں اور صرف یہ شرط ہوگی کہ سلطنت ان یونیورسٹیوں کو کوئی مالی امداد نہیں دے گی البتہ وہ ایک مرکزی شعبہ تعلیم قایم رکھے گی۔

(۷) کوئی پرائیویٹ اسکول نہ قائم کیا جائے تاوقتیکہ پیشتر ہی اس یونیورسٹی سے اجازت حاصل نہ کی جائے جس سے کہ اس کا الحاق ہوگا۔ اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے گورنمنٹ اپنے مدرسے چلائے۔

اس اسکیم کے تحت ابتدائی۔ ثانوی اور اعلیٰ تعلیم کی تقسیم ہی غائب ہوجائے گی۔ اور جملہ تعلیم کے صرف ۲ حصے ہوں گے۔ ابتدائی اور اعلیٰ۔ یونیورسیٹیاں صرف امتحان لینے والی ہوں اور یونیورسٹی چارٹر ہر ایک دیانت دار جماعت کو عطا کر دیا جائے یہ ایسی تجاویز ہیں جن کو کوئی ماہر فن تعلیم بیسویں صدی میں ہرگز منظور نہیں کرسکتا ہے۔

(۳) **بنیادی خرابیاں بدستور ہیں** یہ امر مسلمہ ہے کہ ہندوستان کے نظام تعلیم کی سب سے بڑی خرابی موجودہ طریقہ امتحان ہے لیکن ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کے ایک معمولی ریمارک کے علاوہ واردھا کانفرنس میں یہ سوال کسی نے اٹھایا ہی نہیں اور مقام حیرت ہے کہ امتحان لینے والی جماعتیں قائم کر کے اس خرابی کو دوامی شکل دی جا رہی ہے۔

اگر اس تجویز کو منظور کر لیا جائے کہ پرائیوٹ جماعتوں کو امتحان لینے والی یونیورسٹیاں قائم کرنے کا چارٹر دے دیا جائے تو پھر اس ملک میں اعلیٰ تعلیم کا خاتمہ ہو جائے گا اور ہم دیگر ممالک سے ہرگز مقابلہ نہ کر سکیں گے۔

جو اصحاب کہ چارٹر کی درخواست کریں گے ان کی دیانت داری اور راست بازی معلوم کرنا وزرا تعلیم کے متعلق ہوگا اس لئے جو لوگ کہ کانگرسی خیالات کے مخالف ہیں وہ چارٹر پانے سے محروم رہیں گے اور پھر ان ایماندار حضرات میں باہمی مقابلہ ہوگا اور اس کا لازمی نتیجہ ہوگا کہ ڈگریاں نہ صرف ہندوستان میں بلکہ بیرونی ممالک میں قیمتاً فروخت ہونے لگیں گی اور پھر ان ڈگریوں کے عجیب وغریب نام رکھے جائیں گے اور اس قسم کی ڈگری پانے سے علمی قابلیت کا کوئی سوال بھی نہ ہوگا بلکہ یہ ظاہر ہوگا کہ اس شخص کے پاس اس قدر دولت تھی کہ اس نے یہ ڈگری خرید لی۔ چنانچہ یہ کارروائی امریکے بعض چھوٹی ریاستوں میں فی الحقیقت ہو رہی ہے۔ ایشیا میں ہماری یونیورسٹیوں میں امتحانات کو کوئی خاص اہمیت حاصل نہیں رہی ہے اور یہ ہندو مسلم تمدن کی روایات اور مذہب کے منافی ہے اور اس کا تصور ہی بدیسی ہے۔

جرمنی میں طریقۂ امتحان قدیم ایشیائی طرز کا رکھا گیا اور قرطبہ اور بغداد کی یونیورسٹیوں کے طریقہ امتحان پر قائم کیا گیا ہے۔

تعلیم میں مقابلہ کا طریقہ سب سے اول عیسائیوں کے ایک قدیم فرقہ جزوئش نے جاری کیا اور لندن یونیورسٹی سب سے پہلی امتحان لینے والی یونیورسٹی قائم ہوئی۔ آج کل انگریز ماہران تعلیم متفقہ طور پر اس طریقہ کے مخالف ہیں اور ہالڈین کمیشن کی رپورٹ کی اشاعت کے بعد سے وہ اس طریقہ کو بالکل مسدود کرنے کے مسئلہ پر نہایت سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں۔ ہندوستان میں طریقہ امتحان انگریزی حکومت کے ساتھ آیا ہے اور حیرت کی بات یہ ہے کہ یہ طریقہ جو کہ بالکل بدیشی ہے اور خود اپنے ملک میں بھی

رد کیا جارہا ہے وار دھا اسکیم کے ذریعہ سے اس ملک پر مستقلاً عائد کیا جائے گا۔ شفاخانوں کے ساتھ میڈیکل کالج قائم کرنے کا خیال اس تجویز پر مبنی ہے کہ ابتدائی تعلیم میں جملہ مضامین کی تعلیم پیشے کے ذریعہ سے ہونی چاہئے۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ آیا کوئی ڈاکٹر اپنی تعلیم شفاخانوں میں شروع کرنے کا خواہاں ہوگا۔ اور وہ طبی مسائل کو محض ان مریضوں کو دیکھ کر سمجھ سکے گا اتفاقاً جو شفاخانہ میں بغرض معالجہ آئیں گے اس اسکیم میں باقاعدہ علمی مطالعہ کے لئے کوئی موقع نہ ہوگا اسی طرح صنعتی کارخانوں کے ساتھ جو انجینیری کالج قائم ہوں گے ان میں صرف وہ طلبا تعلیم پاسکیں گے جن کو کسی مخصوص صنعت میں ملازمت مل سکتی ہے۔ دیگر صنعتوں کے لئے انجینیر تیار نہیں کئے جائیں گے اور نہ سلطنت یا ملک کی ضروریات فراہم کرنے کی طرف کوئی خاص توجہ کی جائے گی۔

موجودہ اسکولوں اور کالجوں کو بند کر دینے سے ہماری موجودہ تعلیم کو سخت صدمہ پہونچے گا۔ اس تعلیم کی مذمت میں خواہ ہم کیسے ہی سخت الفاظ استعمال کریں لیکن اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اسی تعلیم نے ایسے لوگ تیار کئے ہیں جو تمدنی، سیاسی اور صنعتی معاملات میں پبلک کی رہبری کر رہے ہیں۔ اب سے چند سال پیشتر اعلیٰ تعلیم کے دائرہ کو محدود کرنے کی تجویز پیش کرنے کی جسارت کرنا دشوار تھا اس لئے کہ اس پر نہایت سخت اعتراضات کی بوچھار قوم پرست اخبارات کی طرف سے ہوتی۔ لیکن فی الحقیقت وار دھا اسکیم اعلیٰ تعلیم کو روکنے کے لئے یہ تجویز پیش کرتی ہے کہ حکومت کو اعلیٰ تعلیم سے کوئی سروکار ہی نہ رکھنا چاہئے۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلبا کی تعداد بڑھنے کی دفتری حکومت مخالف تھی لیکن پبلک نے گورنمنٹ کے اس خیال کی ہمیشہ سخت مخالفت کی ہے۔ مگر وار دھا اسکیم سے اعلیٰ تعلیم پر ایسی کاری ضرب لگتی ہے کہ دفتری حکومت کے ذہن میں بھی یہ بات نہ آئی تھی۔

علاوہ بریں وار دھا اسکیم میں ابتدائی تعلیم کے جو اصول پیش کئے گئے ہیں وہ ہر ٹاگ کمیٹی کی سفارشات کے بالکل برعکس ہیں۔ ہر ٹاگ کمیٹی نے **نوشت و خواند سے بے توجہی** یہ سفارش کی تھی کہ ہم صرف لکھنا پڑھنا اور حساب سکھادیں لیکن وار دھا اسکیم میں لکھنے اور پڑھنے کو بالکل پس پشت ڈال دیا گیا۔

یہ تجویز کہ ریاضیات۔ تاریخ۔ جغرافیہ۔ حفظان صحت وغیرہ جیسے علوم کو چرخہ کے ذریعہ سے پڑھایا جائے اس پر نہایت متانت اور سنجیدگی سے غور و فکر کرنے کی ضرورت ہے۔ جرمنی نے اپنے یہاں کے

صنعتی مدارس کے واسطے اس طور پر نصاب تعلیم مرتب کیا ہے جس سے کہ خاص خاص پیشوں کی تعلیم میں طلبا کو امداد ملے اور سہولت حاصل ہو جائے۔ مثلاً ایک طالب علم مالی بننا چاہتا ہے تو اس کی ادبی درسی کتاب میں زیادہ تر درختوں اور باغات کے حالات درج ہوں گے اور اسے اقلیدس کی تعلیم میں باغات کے نقشے بنانا اور اقلیدس کی ایسی شکلیں پڑھائی اور سکھائی جائیں گی جو اس کام میں کارآمد ثابت ہوں۔ جغرافیہ کی تعلیم میں اسے پڑھایا جائے گا کہ مختلف ممالک میں کون کون سے پھل پیدا ہوتے ہیں اور پھلوں کے درختوں کی کاشت میں مختلف اقسام کی کھادوں کا بیان اُسے پڑھا دیا جائے گا۔ لیکن یہ تعلیم طالب علم کو اس وقت دی جاتی ہے جب وہ مدارس تحتانیہ میں ۷ سالہ نصاب ختم کرلیتا ہے اور وہ لکھنے پڑھنے کی قابلیت حاصل کرلیتا ہے اور اس کے دماغ میں یہ استعداد پیدا ہوجاتی ہے کہ وہ ان مضامین کو سمجھ سکتا ہے اور ان کی قدر کرسکتا ہے۔ لیکن واردھا اسکیم کی تجویز اس کے بالکل برعکس ہے۔ کیوں کہ جرمنی طریقہ تعلیم میں مختلف مضامین کی تعلیم پیشہ کی امداد کے لئے دی جاتی ہے اور واردھا اسکیم میں پیشہ کو اس طرح استعمال کیا جائے گا کہ وہ اسکول کے مضامین میں امداد دے۔ ہر مضامین کہ واردھا اسکیم میں درج ہیں، ان کو میں نے بہت غور سے پڑھا ہے میں ایک عملی معلم سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ وہ چرخہ کے ذریعہ سے کس طرح تعلیم دے گا۔ مجھ کو کامل یقین ہے کہ جس طالب علم نے صرف کسی پیشہ کے ذریعہ سے ریاضی کی تعلیم حاصل کی ہے وہ مدت العمر ہرگز ریاضی داں نہیں ہوسکتا۔

ہم کو اس قسم کی تعلیم کا بند وبست کرنا چاہیے۔ جس سے ہر ایک طالب علم صرف جولاہا ہی نہ بن جائے۔ بلکہ ایسے ریسرچ اسکالر پیدا کرے۔ جن کو سائنس اور صنعت وحرفت کو فروغ دینے کا شوق ہو کسی نظام تعلیم کا صرف یہ مقصد نہیں ہوسکتا کہ وہ کاریگر تیار کردے۔ واردھا اسکیم خود موجودہ نظام تعلیم کی خرابیاں رفع کرنے کی غرض سے تیار کی گئی لیکن وہ خرابیوں میں اور اضافہ کردے گی اس لئے ماہران فن تعلیم کا فرض ہے کہ اس کو قبول کرنے سے پیشتر اس پر بخوبی غور وفکر کرلیں۔ آیندہ مضامین میں اس کے اساسی اصولوں پر بحث کی جائے گی اور دیکھا جائے گا کہ (الف) آیا مدرسہ کے درسی مضامین کی تعلیم کسی پیشہ کے ذریعہ دی جاسکتی ہے (ب) آیا اس تعلیم کا خود مکتفی ہونا ممکن ہے جو اس کی حقیقت کی خاص آزمائش ہے۔ (ج) آیا مفت اور لازمی تعلیم کے مطالبہ میں ترمیم کرکے اُسے عام تعلیم کردیا جائے جس میں کہ طلبہ اپنے تعلیمی مصارف اپنی مزدوری سے ادا کریں۔

واردھا اسکیم کے بانیوں کا دعویٰ ہے کہ اس اسکیم کی اصل خصوصیت یہ ہے

پیشہ کے ذریعہ سے تعلیم

کہ بچوں کی تعلیم کسی بنیادی حرفت سے شروع کی جائے اور اسی حرفت کے ذریعہ سے اسکول کے دیگر مضامین پڑھائے جائیں جیسے ورنیکلر، زبان، ریاضی، تاریخ وجغرافیہ، سیاسیات، موسیقی، ورزش جسمانی اور نقشہ کشی۔ ان تمام مضامین کا نصاب شائع کر دیا گیا ہے۔ ورنیکلر کے . . . . نصاب میں لکھنا اور چپکے چپکے اور بلند آواز سے پڑھنا اور لغت کا استعمال اور مستند مصنفین کی کتابیں شامل ہیں۔ یہ نصاب ایسا ہے کہ کوئی بھی ایکسپرٹ ماہر جو ورنیکلر کی تعلیم سے دلچسپی رکھتا ہو مرتب کر سکتا تھا لیکن جو امر وضاحت طلب ہے اور جس کی تشریح واردھا اسکیم میں موجود نہیں ہے وہ یہ ہے کہ نصاب کے مضامین کی تعلیم سوت کاتنے اور کپڑا بننے کی حرفت کے ساتھ کس طرح دی جائے گی۔ یہ بات تو ہمارے سمجھ میں آ سکتی ہے کہ نصاب کی کتابیں اس طرح کی لکھی جائیں کہ ان سے کوئی پیشہ سیکھنے میں مدد ملے لیکن اس کا الٹا طریقہ یعنی لکھنا پڑھنا کسی پیشہ کے ذریعہ سے سکھانا ایسا ہے جس کی واردھا اسکیم میں کوئی توجیہ وتشریح نہیں ہے۔ یہی صورت ریاضی کی ہے۔ جس میں نصاب کے اندر چاروں قاعدے سادے اور مخلوط، کسر، اعشاریہ، مکسر ومکعب اصول اربعہ اور سود داخل ہیں۔ یہ تو ممکن ہے کہ ان سب چیزوں کی مشقیں اس طرح بنائی جائیں کہ وہ کسی خاص پیشہ سے متعلق یا اس پر مبنی ہوں لیکن زندگی کے دیگر مسائل جن میں ریاضی کی ضرورت ہے۔ طلبہ اس وقت تک کیوں کر حل کر سکیں گے۔ جب تک کہ ان کا طریقہ سکھایا نہ گیا ہو۔ لڑکوں کا نقطہ نظر صرف اسی مشق کے اندر محدود نہیں کیا جا سکتا کہ ایک اور ایک مل کر دو روٹیاں ہوتی ہیں۔ میں نے اپنے سابقہ مضمون میں لکھا ہے کہ جرمنی نے اسکول کا نصاب اس طرح بنایا ہے کہ ان تمام مضامین کی تعلیم کسی بنیادی حرفت کے لئے معین ہو۔ واردھا اسکیم کے مصنفین کہتے ہیں کہ انھوں نے اس کا برعکس طریقہ دریافت کیا ہے لیکن اس دعویٰ کی توضیح نہیں کی ہے۔

مذہبی تعلیم

مذہبی تعلیم کے مسئلہ پر زور تو بہت دیا گیا ہے۔ مگر عمل میں اسے بالکل پس پشت ڈال دیا گیا ہے نصاب میں اس کا کوئی ذکر نہیں ہے اور مجھے تو یہ شبہ ہو رہا ہے کہ واردھا اسکیم کے مصنفین ایک ایسا نظام تعلیم رائج کرنا چاہتے ہیں جس میں خدا کا ذکر نہ آئے۔ اگر مذہبی تعلیم واقعی دی جائے گی تو پھر یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ مختلف مذہب کے لڑکے ایک ہی درجہ میں ایک ہی مدرس سے بیک وقت کیوں کر تعلیم حاصل کر سکیں گے۔

واردھا اسکیم نے ایبٹ اور ووڈ رپورٹ کی تقلید میں اس امر پر زور دیا ہے کہ پیشہ کی تعلیم محض نظری نہ ہونا چاہئے بلکہ عملی ہونا چاہئے اور بچوں کو ایسی چیزیں بنانی سکھانا چاہئے جو بازار میں فروخت ہوسکیں۔ واردھا اسکیم نے ہرٹاگ کمیٹی کی اس سفارش کو بھی لے لیا ہے کہ طلبہ کی بہت بڑی تعداد جو اس وقت یونیورسٹیوں میں جاتی ہے اس کا رخ دوسرے نصاب کی طرف پھیر دیا جائے۔ مسٹر ایبٹ کی رائے ہے کہ حرفتی تعلیم اس وقت شروع ہونی چاہئے۔ جب کہ طالب علم تھوڑا لکھنا پڑھنا اور حساب کتاب سیکھ لے اور اس کے بعد جرمنی کے حرفتی مدارس کی طرح ان مضامین کو پیشہ سکھانے کے لئے کام میں لایا جائے۔ یہ سمجھ میں آنے والی اور قابل عمل بات ہے لیکن اس کے برعکس واردھا اسکیم کا مقصد بالکل نرالا ہے۔ اس مسئلہ پر نظری حیثیت سے بحث کرنا دشوار ہے لیکن ہمیں واردھا اسکیم کے منافع سے آگاہ ہونے کے لئے اس کے عملی تجربہ کا مشاہدہ کرنے کی ضرورت ہے۔

جہاں تک خاص خاص مضامین کے نصاب کا تعلق ہے واردھا اسکیم میں کوئی جدت نہیں ہے۔ جدت ان مضامین کو بنیادی حرفت کے ذریعہ سے پڑھانے کی تجویز میں ہے اور اسے بغیر عملی مظاہرہ کے لوگ نہ سمجھ سکتے اور نہ قبول کر سکتے ہیں۔

یہ امید کی جاتی ہے کہ ابتدائی تعلیم سے لڑکے خود اپنے لئے روزی کمانے کے قابل ہو جائیں گے اس طرح کہ حکومت انھیں ملازم رکھنے یا ان کی بنائی ہوئی چیزوں کو خریدنے کا ذمہ لے لے گی۔ مجھے نہیں معلوم کہ مختلف پیشوں میں حکومت کی طرف سے اس قسم کی ضمانت دئے جانے کے لئے شمار و اعداد کی جانچ کی گئی ہے یا نہیں۔

ودیامندر اسکیم اب میں ودیامندر اسکیم کو لیتا ہوں جو ممالک متوسط کی حکومت نے مرتب کی ہے دیہات میں یا دیہاتوں کے شمول میں ودیامندر کھولے جائیں گے اور ان کا انتظام ایک کمیٹی کے سپرد ہوگا۔ ان کی داشت کے خرچ کی حکومت کوئی ذمہ داری نہ لے گی حکومت صرف ایک قطعہ اراضی مدرس کو دے گی جس سے خیال ہے کہ مدرس کو تقریباً پندرہ روپیہ ماہوار کا نفع ہو جائے گا۔ اور کمیٹی سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ شادی بیاہ وغیرہ کی تقریبات میں اور نیز دیہات کے کاروبار کرنے والوں سے چندہ کر کے ضروری سرمایہ فراہم کرے گی۔ اگر دیہات میں کوآپریٹیو سوسائیٹیاں ہوں تو ان سے ان مدارس کی داشت کے خرچ میں بہت بڑی مدد ملنے کی

امید ہے۔ ہر علاقہ میں جتنے رقبہ اراضی کی ضرورت ہوگی اس کی تفصیل شمار کرکے بتائی گئی ہے اور ہر مدرس کو اتنی زمین دی جائے گی جسے وہ خود کاشت کرے گا اور اس کے علاوہ اسے کوئی مقررہ ماہانہ مشاہرہ یا معاوضہ نہ ملے گا۔ مدرسہ کے طلبہ سے یہ توقع کی گئی ہے کہ وہ اپنے استاد کی کاشت میں مدد دیں گے اور طلبہ کی اس خدمت کی قیمت تخمینہ میں شامل کی گئی ہے۔

اس میں بہت سی دشواریاں ہیں اور میں نہیں کہہ سکتا کہ ودیامندر کی اسکیم کے مصنفین نے ان پر نظر کی ہے یا نہیں۔

(الف) جس مدرس کا سارا ذریعہ معاش کاشتکاری پر مبنی ہوگا وہ بچوں کو پڑھانے کے لئے کافی وقت یا محنت نہ لگا سکے گا۔ اور اس کی زیادہ تر کوشش یہ رہے گی کہ طلبہ اس کی کاشت کی داشت و پرداخت پر زیادہ توجہ کریں۔

(ب) یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ جس مدرس کا اصل پیشہ کاشتکاری ہے وہ سیاسیات، ریاضیات اور ٹیکلی وغیرہ جیسے مضامین کی تعلیم کیوں کر دے سکے گا۔

(ج) طالب علموں کی شرارت پسند طبیعت سے ہم سب واقف ہیں۔ اور ساری دنیا کے طالب علموں کی اس معاملہ میں یکساں حالت ہے اور ہم اس خطرہ کا بآسانی تصور کرسکتے ہیں کہ اگر کسی مدرس نے پڑھانے میں لڑکے پر سختی یا سرزنش کی تو اس کی فصل بچے کاٹ کر پھینک دیں گے۔ ساری دنیا میں بچے پھل توڑ ڈالنے کے عادی ہیں اور ودیامندر اسکیم میں کوئی ایسا جادو نہیں ہے جو ان عادتوں کو یکسر بدل دے گا۔ ہمیں لارڈ کلائیو کا قصہ یاد ہے کہ انھوں نے زمانہ طالب علمی میں اپنے مدرس کے باغ کے سارے پھل توڑ ڈالے تھے۔ ایسے ہی قصے اور مدرسوں میں بھی سنے جاتے ہیں۔ مدرس کو لڑکوں کی ایسی شرارتوں سے محفوظ رہنے کے لئے بڑی ہوشیاری اور ترکیب سے کام کرنا پڑے گا۔

میرے خیال میں دیہات کے مدرس کو جب تک ماہانہ مشاہرہ نہ دیا جائے گا۔ اس وقت تک اس سے جی لگا کر کام لینا بہت مشکل ہوگا۔ کاشت کاری طلبہ کو بطور عملی مظاہرہ کے دکھائی جاسکتی ہے اور اگر اس میں کوئی نفع ہو جائے تو وہ اسکول کی عام ترقی کی باتوں میں صرف کیا جاسکتا ہے۔ مدرس کا انتخاب اصولاً اس بنیاد پر ہونا چاہئے کہ اس میں مدرسہ کے مضامین پڑھانے کی استعداد ہو۔ دیہی مدارس میں زراعت کی تعلیم دینا مسٹر ایبٹ کی اسکیم اور واردھا اسکیم دونوں میں مشترک ہے۔ اور اس سے کسی کو اختلاف کی گنجائش نہیں ہے لیکن ودیامندر اسکیم میں جو بات ناقابل فہم ہے وہ یہ ہے کہ مدرس کو ایک قطعہ اراضی دینے سے یہ اسکیم اخراجات میں مکتفی ہو جائے گی۔

واردھا اسکیم کے مصنفین کے جو مقاصد پیش نظر ہیں ان سے کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا۔ ان کا مقصد یہ ہے کہ ملک میں صنعت و حرفت کا رواج ہو، عوام کو تعلیم دی جائے، جدید طریق حکومت کے نکات سے آگاہ کیا جائے اور تعلیمی نقطۂ نظر میں ایسی وسعت دی جائے کہ وہ قوم کی ضروریات زیادہ بہتر طور پر پوری کر سکے اور یہ سب کام بلا ترجیح کے ہو جائے۔ مگر یہ امر نہایت ہی

مشتبہ ہے کہ جو اسکیم پبلک کے سامنے پیش کی گئی اس سے یہ مقاصد حاصل ہو جائیں گے۔

۴۔ کیا ہے اور کیا نہیں ہے

وار دھا اسکیم کے متعلق جو سبز کتاب شائع ہوئی تھی اسے جس شخص نے بھی پڑھا ہو گا اسے یہ خیال ہوا ہو گا کہ مہاتما گاندھی کے مضامین اور روداد ہا کی تعلیمی کانفرنس کی روداد اور اس کے متعلق کانگریس کی تجاویز ہی وہ بنیادیں ہیں جن پر وار دھا اسکیم کی تعمیر ہوئی ہے اور ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی کمیٹی نے اس اسکیم کے ایک پہلو کی توضیح و تشریح کی ہے لیکن مرکزی مشیر تعلیمی بورڈ کی سب کمیٹی کے اجلاس شملہ میں جس کی صدارت آنریبل مسٹر کھیر وزیر اعظم بمبئی نے فرمائی۔ ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب نے اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے ان توقعات کی تردید کی جو وار دھا اسکیم سے وابستہ کی جاتی ہیں۔ اپنے اس بیان میں موصوف نے حسب ذیل مطالب بیان کئے:-

(۱) وار دھا اسکیم دراصل ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی کمیٹی کی رپورٹ ہے اور اس کے سوا کچھ نہیں۔ سبز کتاب میں جو مضامین شائع ہوئے وہ وار دھا اسکیم کا جزو نہیں ہیں۔

(۲) یہ ہر گز مقصد نہیں ہے کہ اسکیم اپنا خرچ آپ نکالے (سب کمیٹی نے مدرس کی اقل ترین تنخواہ بیس روپیہ ماہوار مقرر کی ہے۔

(۳) اسکیم کا ہر گز یہ منشا نہیں ہے کہ وہ لڑکوں اور لڑکیوں کو باروزگار بنانے کا ذمہ لے۔

(۴) یہ حرفتی تعلیم کی اسکیم نہیں ہے۔

(۵) اس اسکیم سے بے روزگاری دور نہ ہو گی۔

(۶) یہ محض لازمی اور مفت ابتدائی تعلیم کی اسکیم ہے جو سات اور گیارہ برس کے مابین بچوں اور بچیوں کے لئے ہے اور یہ تعلیم کے دیگر مدارج یعنی ثانوی یا اعلیٰ یا حرفتی یا پیشہ کی تعلیم پر اثر انداز نہیں ہوتی۔

(۷) اس کے ماتحت جو مدارس قائم ہوں گے ان میں نظری تعلیم بھی دی جائے گی۔

(۸) اس کا یہ منشا نہیں ہے کہ یونیورسٹیاں اور ہائی اسکول بند کر دے جائیں یا ان کی گرانٹ روک دی جائے۔

وار دھا اسکیم کی اس توضیح کے بعد اور یہ معلوم کر کے کہ سبز کتاب میں جو مضامین شائع ہوئے

تھے ان سے سخت غلط فہمی پیدا ہوئی۔ تمام ہندوستان کے ماہرین تعلیم کی دماغی پریشانی ختم ہو جائے گی۔

سب کمیٹی کی تجاویز

اس کے بعد سب کمیٹی نے ایبٹ اور وڈ رپورٹ کی روشنی میں ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب کی کمیٹی پر غور کیا اور ذاکر حسین کمیٹی سے جو مسائل پیدا ہوتے ہیں ان پر بحث ہوئی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ :-

(۱) سب کمیٹی کے اراکین کی اکثریت نے یہ رائے دی کہ سات سال کی عمر تعلیم شروع کرنے کے لئے بہت زیادہ ہے اور چونکہ واردھا اسکیم کے حامیوں کو اس پر اصرار تھا کہ جبری تعلیم کی انتہائی مدت عمر گھٹائی جائے اس لئے جبری تعلیم کی مدت بڑھا کر نو سال کر دی گئی اور پانچ سال اور چودہ سال کے مابین عمر کے بچوں اور بچیوں کے لئے تعلیم لازمی رکھی گئی۔

(۲) ہر شخص کو اس سے اتفاق تھا کہ تعلیم طلبہ کی مادری زبان میں ہو اور جہاں مادری زبان محض بولنے کی زبان ہو وہاں اس زبان میں تعلیم دی جائے جس سے یہ بولنے والی زبان مشتق ہو۔

(۳) کمیٹی نے باتفاق رائے طے کیا کہ تعلیم کی بنیاد جسمانی اور معاشی ماحول اور حرفتی سرگرمیوں پر ہونی چاہئے۔ اس میں شک نہیں کہ آج کل ابتدائی مدارس میں جو تعلیم دی جاتی ہے وہ غیر دلچسپ اور تکان انگیز ہے اور اس میں تضیع اوقات بہت ہوتی ہے اور ترقی کے راستے مسدود ہیں۔ اسے مفید عملی کاموں پر مبنی ہونا چاہئے (یعنی عملی نفع کی حرفت یا دستکاری پر)

مذہبی تعلیم

(۴) مسلمان اراکین نے پختگی کے ساتھ یہ خیال ظاہر کیا کہ جبری تعلیم کی اسکیم میں مذہبی تعلیم کو عام تعلیم کا ضروری جزو ہونا چاہئے۔ انھوں نے اس کی عملی دشواریوں کو نظر انداز نہیں کیا اور ان پر قابو پانے کی تدابیر پیش کیں۔ انھوں نے اس پر زور دیا کہ اس وقت اردو اور دینیات کی تعلیم کے لئے جو سہولتیں مہیا ہیں ان میں کوئی کمی نہ کی جائے۔

(۵) ابتدائی تعلیم کے دوران میں یا اس کے خاتمہ پر کوئی پبلک امتحان نہ ہوگا۔

(۶) گیارہ یا بارہ سال کی عمر میں بچوں اور بچیوں کو اختیار دینا چاہئے کہ وہ یا تو ہائی اسکول چلے جائیں جہاں انگریزی پڑھائی جائے گی یا تجارتی اور حرفتی مدارس میں چلے جائیں۔ اسی عمر میں مسٹر ایبٹ نے بھی اس تقسیم کی تجویز کی ہے۔

(۷) حرفتی مدارس اور ہائی اسکولوں میں داخلہ کا اختیار ان درس گاہوں کے صدر مدرسین کو

دیا جائے گا جو اگر چاہیں تو مخصوص امتحانات داخلے سکتے ہیں۔ جو بچے اور بچیاں ان مخصوص مدارس میں نہ داخل ہو سکیں گے وہ بدستور ابتدائی مدارس میں پڑھتے رہیں گے۔ جب تک کہ ان کی عمر چودہ سال کی نہ ہو جائے۔

(۸) بعض اراکین نے یہ خیال ظاہر کیا کہ نصاب تعلیم بہت اونچا ہے لیکن اس بات پر سب نے اتفاق کیا کہ تعلیم کی خوبی لائق استادوں پر منحصر ہے۔

(۹) کمیٹی نے یہ طے کیا کہ تعلیم کے آخری دو برسوں میں لڑکوں اور لڑکیوں کو ہندوستانی زبان میں تربیت دی جائے جو اردو اور ہندی رسم الخط میں لکھی جاسکے۔ مدرسین کے لئے دونوں رسم الخط کا جاننا لازمی ہے۔

اخراجات اور مدرسین کا سوال اس اصول پر جبری تعلیم کا نفاذ فوری یا کچھ مدت کے بعد بھی کرنے میں دو مشکلیں پیش آئیں گی۔

(۱) پانچ اور چودہ سال کے مابین اسکول جانے والے بچوں اور بچیوں کی تعداد تین کروڑ ہوگی۔ اور اگر ہر مدرس بیس لڑکوں کو پڑھائے تو ہمیں پندرہ لاکھ مدرسین کی ضرورت ہوگی جن میں معقول تعداد معلمات کی ہوگی جو جدید اصول کے بموجب تعلیم دے سکیں۔ اتنے معلمین اور معلمات کی فراہمی میں کئی سال لگ جائیں گے۔

(۲) مدرس کی اقل ترین تنخواہ بیس روپیہ ماہوار ماننے کے بعد ہمیں ۳۶ کروڑ روپیہ سالانہ صرف مدرسین کی تنخواہوں کے لئے درکار ہوگا۔ اور سامان تعلیم و دیگر اخراجات کے لئے کم از کم ۴ کروڑ کی رقم اس میں اور اضافہ کرنی چاہیئے۔ اس طرح برطانوی ہند میں لازمی مفت تعلیم رائج کرنے کے لئے ہمیں ۴۰ کروڑ روپیہ سالانہ کی ضرورت ہوگی۔ صوبہ جات کے اختیارات ٹیکس عائد کرنے کے محدود ہیں اور ممانعت شراب اور لگان گھٹانے سے مالگزاری میں کمی کی وجہ سے ان کی آمدنی اور گھٹ جائے گی اس صورت میں صوبہ جات اس قدر کثیر رقم لازمی تعلیم کے لئے کہاں سے لائیں گے۔ اس امر پر واردھا اسکیم کے بانیوں نے غور نہیں کیا ہے۔

ظاہر بات ہے کہ مالی دقت اور معلمین کی فراہمی میں دقت کی وجہ سے یہ ناممکن ہوگا کہ قریب مستقبل میں سارے ملک کے ہر لڑکے کے لئے ۹ سال کی لازمی ابتدائی تعلیم کا انتظام کیا جاسکے۔

اس لئے قدرتاً یہ سوال پیدا ہوگا کہ یا تو ۴ یا ۵ سال کی مدت کے لئے ہر لڑکے کی لازمی ابتدائی تعلیم کا انتظام کیا جائے اور یا نصف آبادی کے لئے پورے نو سال کی مدت کا انتظام ہو۔ اگر آخر الذکر صورت ملے پائی تو پھر یہ سوال ہوگا کہ انتخاب کا معیار کیا ہو۔ نصف آبادی کو تعلیم کی برکات سے محروم رکھنا آج کل کے دور جمہوریت میں بالکل نامناسب سمجھا جائے گا۔

ہمیں اس مسئلہ پر نہایت سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا چاہئے کہ آیا یہ مناسب نہیں ہے کہ ہم اپنی محدود آمدنی میں ساری آبادی کے لئے چار یا پانچ سال کی مختصر مدت کی تعلیم کا انتظام کریں اور جیسے ہی ہمارے وسائل آمدنی میں اضافہ ہو اس مدت کی توسیع کر دی جائے۔ یہی طریقہ ان تمام ممالک میں اختیار کیا گیا جہاں لازمی تعلیم رائج کی گئی۔

ٹیکس کے وسائل

میں نے اپنے پچھلے مضمون میں بتایا تھا کہ وار دھا اسکیم کو برطانوی ہند میں رائج کرنے کا خرچ ۴۰ کروڑ روپیہ سالانہ ہوگا۔ مدرس کی تنخواہ کم از کم جو وار دھا کمیٹی نے منظور کی ہے بیس روپیہ ماہوار ہوگی۔ اور ہمیں کم از کم ہر بیس طالب علم کے لئے ایک مدرس کی ضرورت ہوگی۔ اس لئے ہر طالب علم پر خرچ تعلیم ایک روپیہ ماہوار یا بارہ روپیہ سالانہ ہوگا۔ پانچ اور چودہ سال کے مابین بچوں اور بچیوں کی تعداد تین کروڑ ہوگی اور اس طرح صرف مدرس کی تنخواہ کا خرچ علاوہ ہیڈ ماسٹر وانسپکٹران وغیرہ کے ۳۶ کروڑ روپیہ ہوگا۔ اس کے علاوہ عملہ نگرانی جدید عمارت و مرمت وسامان کے لئے کم از کم چار کروڑ روپیہ کی اور ضرورت ہوگی۔ اس لئے وار دھا اسکیم کے اجرا کا خرچ اقل ترین ۴۰ کروڑ روپیہ سالانہ تخمینہ کرنا بالکل مبالغہ نہ ہوگا۔ اگر ہم اس حساب سے خرچ جوڑیں جو مختلف صوبہ جات نے اندازہ لگایا تو خرچ اور بڑھ جاتا ہے۔ میرے سامنے تین صوبہ جات کے اعداد ہیں۔ جن کا مجموعہ ۳۲ کروڑ روپیہ ہوتا ہے اور بقیہ تمام صوبہ جات کا تخمینہ پچاس کروڑ روپیہ تک بآسانی پہنچ جائے گا۔ یہ روپیہ کہاں سے آئے گا؟ صوبہ جات اپنے محدود وسائل کے اندر اتنی رقم کا انتظام کرنے سے قاصر ہیں۔ اور میں اس سلسلہ میں وہ تجاویز پیش کرتا ہوں جن سے ایک طرف تو ضروری رقم فراہم ہو جائے گی اور دوسری طرف وہ فوائد بھی حاصل ہوں گے جن کی ذیل میں تشریح کی گئی ہے۔

(۱) اکثر اصحاب کا یہ تقاضا ہے کہ ہمیں گھریلو حرفتوں کو ملوں کے مقابلہ سے محفوظ کرنا چاہئے

حکومت ہند ملوں کی حرفت کو غیر ملکی مقابلہ سے محفوظ کرنے کی تدابیر اختیار کرتی ہے لیکن گھریلو حرفتوں کو ملوں کے مقابلہ سے محفوظ کرنے کی کوئی تدبیر نہیں کی جاتی۔ صرف پارچہ بافی کی حرفت کو بطور مثال لیجئے تو معلوم ہوگا کہ ہندوستان میں کپڑے کا کل خرچ چھ ارب گز ہے جس میں سے ۴ ارب گز ہندوستان کی ملیں بناتی ہیں اور ڈیڑھ ارب گز جُلاہے بناتے ہیں اور نصف ارب گز سے کچھ اوپر باہر سے آتا ہے جس میں زیادہ حصہ جاپان کا ہے۔ قانون محاصل کے ماتحت جو مخصوص محاصل لگائے گئے ہیں انہیں ہندوستان کے کپڑا خریدنے والے ۴۰ اور ۵۰ کروڑ روپیہ تک کے مابین ہر سال پارچہ بافی کے کارخانوں کو دیتے ہیں۔ یہ خریداران پارچہ پر بہت گراں بار ہے اور قرینِ انصاف بھی نہیں ہے۔ خریداران پارچہ سے یہ جبریہ محصول اس لئے لیا جاتا ہے کہ ہندوستانی ملیں بیرونی مقابلہ کی اہلیت نہیں رکھتی ہیں۔ میرے نزدیک اس کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس رقم کا کثیر حصہ کیوں نہ حکومت کو واپس جائے اور ٹیکس دہندہ کی سہولت کا باعث ہو۔

بہرحال ابتدائی تعلیم کے اخراجات کی کفالت کے لئے اور نیز گھریلو حرفتوں کو ملوں کے مقابلہ سے محفوظ کرنے کے لئے جو واردھا اسکیم کا بھی منشاء ہے۔ ہمیں ہندوستانی ملوں میں بنے ہوئے کپڑے پر محصول ساخت لگانا چاہئے۔ اگر ہم تاگہ کی باریکی اور کپڑے کی قسم کے اعتبار سے آدہ آنہ سے لے کر ڈیڑھ آنہ فی روپیہ تک محصول ساخت عائد کردیں تو اس محصول سے ہمیں تقریباً ۵-۲ کروڑ روپیہ وصول ہوجائے گا۔ اس محصول سے گھریلو حرفتوں کی ملوں کے مقابلہ سے معقول حفاظت ہوجائے گی۔ اور اس روپیہ کو ابتدائی تعلیم کے اخراجات کے لئے وقف کردینا چاہئے۔

۲۔ دوسری تجویز جو میں پیش کروں گا وہ یہ ہے کہ پٹرول اور معدنی تیلوں کی فروخت کو سرکاری انتظام میں لے لینا چاہئے اور افیون کی طرح اس کا کام بھی مرکزی اور صوبہ جاتی حکومتوں کو کرنا چاہئے۔ صوبہ جات متوسط کی حکومت نے جو مطالبہ کیا ہے اس سے ایک نہایت ہی اہم سوال پیدا ہوتا ہے جس کا اثر صرف پٹرول ہی پر نہیں بلکہ ہر ایک چیز پر پڑے گا۔ پٹرول کی قیمت بشمول خرچ باربرداری ناگپور تک ۱۳/ فی گیلن ہوگی اور اگر یہ ڈیڑھ روپیہ فی گیلن فروخت کیا جائے تو گورنمنٹ کو ایک روپیہ یا پانچ آنے فی گیلن وصول ہوگا اور تقریباً ایک روپیہ فی گیلن کا خالص نفع ہوگا۔ اور پٹرول کی خریداری سرکاری انتظام میں لینے سے تقریباً ۱۵ کروڑ روپیہ

وصول ہو جائے گا جس کا تھوڑا سا حصہ سڑکوں کی مرمت پر صرف ہو سکتا ہے اور اکثر حصہ ابتدائی تعلیم پر خرچ کے لئے نکالا جا سکتا ہے۔

ابتدائی تعلیم کے خرچ کی وجہ سے جو پریشانی اس وقت ہو رہی ہے وہ ان دو ٹیکسوں سے بہت کچھ کم ہو جائے گی اور اگر مرکزی اور صوبہ جاتی حکومتیں باہم مل کر غور کریں تو کوئی مناسب شکل اس کی آسانی نکالی جا سکتی ہے ورنہ واردھا اسکیم ہی نہیں بلکہ ابتدائی تعلیم کی ساری اسکیمیں روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے خاک میں مل جائیں گی۔ ان ٹیکسوں سے جو رقم وصول ہوگی اس میں تھوڑا سا صوبہ جات کے مالیہ سے روپیہ ملا کر مفت لازمی تعلیم کے تجربہ کا سارا انتظام کیا جا سکتا ہے۔

شذرات

خلاصہ روداد جلسہ تقسیم انعامات مدرسہ تحتانیہ رنگشائی پیٹھ

بتاریخ ۱۰ر امرداد سنہ ۴۷ف صبح ۸ بجے بصدارت عالی جناب صوبہ دار صاحب ورنگل جلسہ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ معززین وعہدہ دار صاحبان مستقر صوبہ اور مولوی احمد اللہ صاحب بی۔ اے بی ٹی مہتمم تعلیمات ورنگل و ناظر صاحبان ورنگل و کھمم نے شرکت فرمائی۔ آرائش عمارت کا کافی انتظام تھا۔ بینڈ کی سامع نوازی کی گونج میں جناب صوبہ دار صاحب و جناب ناظم صاحب تعلیمات و جناب مہتمم صاحب تعلیمات تشریف فرمائے مدرسہ ہوئے۔ رعایا کے تعمیر کردہ امکنہ مدرسہ اور چمن وغیرہ کا معائنہ فرمایا گیا۔ مسٹر وینکٹیشم متوفی مالی پٹیل قصبہ کی تیار کرائی ہوئی باؤلی پر جناب ناظم صاحب تعلیمات کے ہاتھوں تنصیب کتبہ "چشمۂ جعفری" کی رسم ادا کی گئی۔ صاحب ممدوح نے بنفس نفیس اپنے ہاتھوں سے کنوئیں کا پانی کھینچا جو گملوں میں ڈال دیا گیا۔ پھر حسب خواہش جناب ناظم صاحب تعلیمات و تحریک جناب مہتمم صاحب تعلیمات جناب صوبہ دار صاحب نے کرسی صدارت کو زینت بخشی۔ تلاوت کلام پاک اور پرارتھنا کے بعد مدرسہ کی رپورٹ سنائی گئی جو ۱۲

فقروں پر شامل تھی اور جس میں بتایا گیا کہ یہ رپورٹ نہ صرف ایک سالہ ہے بلکہ داستان ماضی کا مرقع اور تقریباً نصف صدی کی طویل ترین روایات کی سرمایہ دار ہے پھر مدرسہ کی مکانی ضروریات کی تکمیل۔ اسٹاف کا حوالی مدرسہ میں جاگزیں ہونے سے آمد و رفت کی سہولت مدرسہ کے آبادی میں منتقل ہو جانے سے رفع شکایات اولیاے طلبا۔ اولیا طلبا و مدرسین کا خوش گوار تعاون توفیر طلبا۔ سال حال کے اوسط نتائج امتحانی کا سال گزشتہ کے مقابل ترقی پذیر ہونا مدرسہ کی جانب جناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات صوبہ ورنگل کے توجہات کا انعطاف جناب مہتمم صاحب تعلیمات ورنگل کا مدرسین کو دربارہ تعلیم رہنمائی کرنے یا مفید مشورات کا ذکر کیا گیا آخر میں اس کا اعتراف کیا گیا کہ پچاس سالہ عمر میں تقسیم انعامات کا یہ پہلا موقع ہے کہ صوبہ کے ممتاز و مقتدر عہدہ دار صاحبین نے اپنی شرکت سے مدرسہ کی حوصلہ افزائی فرمائی ہے۔ اسٹاف کو فخر ہے کہ ششماہی زیر رپورٹ کی ابتدا جس طرح جناب ناظم صاحب تعلیمات کی نہضت فرمائی سے ہوئی تھی انتہا بھی اسی سعادت سے ہو رہی ہے اور دور جعفری نے طبقہ اساتذہ کے ساتھ پست و بلند کے امتیاز کو اٹھا دیا اور علاً ہر درجہ و حیثیت کے استاد کا دل سوزی و ہمدردی سے احترام فرمایا۔ ایک بدوی کے قول "خبز و ماء وظل" کے موافق مدرسہ کا بچہ بچہ کمرۂ تعلیم کے سایۂ باغبانی کے قطعات اور اُن متصل چشمۂ جعفری کو دیکھ کر باغ باغ ہے۔ چونکہ اسٹاف کی خواہش کے موافق جس کو جناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات نے پسند فرمایا تکمیل مکان کی یادگار میں کوئی مادہ تاریخ مہیا کرنے کی تجویز تھی خوش قسمتی سے آیات طیبہ کا ٹکڑا جس کی تلاوت سے جلسہ کا آغاز ہوا ہے ۔ صنعت تدخلہ کے ساتھ مادہ تاریخ بن گیا۔ جو قطعہ ذیل درج ہے ۔

بس گئی جب مدرسہ سے یہ زمین — بولا ہاتف جعفری سے بالیقین
لے کے نام اللہ کا طبتم کہو — اور پڑھ دو فادخلوہا خالدین

۴۵۰ ۶۶ — ۱۴۲۲

سنہ ۱۹۳۸ء

رپورٹ کے بعد مولوی خواجہ شہاب الدین صاحب مدرس دینیات نے دعائیہ نظم پڑھی جس سے حاضرین جلسہ محظوظ اور مسرور ہوئے۔ پھر انعامات تقسیم کئے گئے۔ جناب صدر نشین صاحب کی اختتامی تقریر سے پہلے جناب ناظم صاحب تعلیمات نے جلسہ کو مخاطب فرمایا معاونین

تعمیر مکان مدرسہ کے سرگرم رکن مسٹر وینکٹشم متوفی مالی پٹیل قصبہ کی موت پر اظہار تاثر و تاسف کے ساتھ ارشاد فرمایا کہ اگر نعش کہیں مدفون و محفوظ ہوتی تو میں پہلا شخص ہوتا کہ ان کے مدفن پہ پھول چڑھاتا۔ ایسا ہمدرد تعلیم اور محب وطن ہر آئینہ اخلاقاً ہمارے اس سلوک سے کم کا مستحق نہ تھا اور ان کے پسماندگان سے کمال اظہار ہمدردی فرمایا۔ تکمیل و تعمیر مکان مدرسہ پر اظہار مسرت فرمایا گیا اور سرمایہ انعامات میں جن جن افراد نے حصہ لیا تھا ان کی ستائش فرمائی گئی۔ اس کے بعد جناب صدر نشین صاحب نے جناب ناظم صاحب تعلیمات کے کم خرچ بالانشیں مفید رجحان تعمیر امکنہ کی تائید فرمائی اور معاونین تعمیر مکان کی اعانتوں کی تحسین میں مسٹر وینکٹشم صاحب متوفی اور ان کے فرزند مسٹر راگھویا کا خصوصی تذکرہ فرمایا جو اپنے والد کے قدم بقدم چل رہے ہیں اور عہدہ داران سررشتہ کو مبارکباد دی جناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات نے شکریہ کی تقریر کے سلسلہ میں جناب ناظم صاحب تعلیمات کے اخلاقی اشارات کے لفظ تتبع اور امتثال کو ضروری قرار دیا۔ اور مسٹر متوفی کی نسبت فرمایا کہ گو وہ زندہ نہیں ہیں۔ مگر ان کی غیر فانی روح ہمارے ساتھ ہے اور ہم عقیدت کے پھول ان پر چڑھاتے ہیں۔ آخر میں جناب صدر نشین و جناب ناظم صاحب تعلیمات نے معاونین تعمیر مکان اور حاضرین جلسہ کا شکریہ ادا کیا۔ جلسہ برخاست ہوا اور طلبا کو شیرنی تقسیم کی گئی۔

جلسہ سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ واڑھونہ ضلع بیدر

بتاریخ یکم رجب ۱۳۵۵ھ ۸ بجے صبح ترانہ کے ساتھ جلوس نکالا گیا پھر مدرسہ میں رعایا و معززین کی شرکت میں شبیہ مبارک کی گل پوشی کی گئی۔ طلبا مدرسہ نے سلامی دی بہ صدارت ناظر صاحب تعلیمات حلقہ اودگیر جلسہ شروع ہوا طلبا نے اسپورٹس سے حاضرین کو محظوظ کیا ترانہ شاہی گایا گیا۔ تہنیتی نظمیں سنائی گئیں مدرسہ نسوان مرہٹی قصبہ واڑھونہ کی طالبات نے بھی مرہٹی میں نظمیں پڑھیں۔ سہ پہر میں پھر جلسہ منعقد ہوا بعض حضرات اور چند مدرس صاحبین نے برکات عثمانی پر نظمیں سنائیں اور دلچسپ تقاریر ہوئیں۔ صدر جلسہ نے رعایا اور مدرسین کے مابین تعاون و اتحاد عمل پر زور دیا۔ دعائے سلامتی بادشاہ ذی جاہ و شہزادگان و شہزادیان بلند اقبال اور تقسیم انعامات کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔

جلسہ سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ نائیکل (گلبرگہ)
بتاریخ یکم رجب ۱۳۵۷ھ زیر صدارت مولوی سید جعفر علی صاحب ناظر تعلیمات صحن مدرسہ میں جلسہ منعقد ہوا جس میں کام داران دیہی بھی شریک تھے۔ مولوی محمد مظہر علی صاحب ناشر انجمن ہائے امداد باہمی نے پندرہ انعامات طلبہ کو عطا فرمائے۔ پرچم آصفی کا جلوس نکالا گیا۔ مدرسہ واپس آکر شبیہ مبارک کی گل پوشی کی گئی۔ حمد باری سے جلسہ کا آغاز ہوا۔ صدر جلسہ نے دور عثمانی کے برکات پر تقریر کی۔ بعض طلبا نے توصیفی اور دعائیہ نظمیں پڑھیں۔ آخر میں صدر جلسہ نے بادشاہ ذی جاہ و شہزادگان و شہزادیان بلند اقبال کے ازدیاد عمر و اقبال کی دعا مانگی اور تقسیم شیرینی کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔

جشن سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ ہیلی ضلع عثمان آباد
بتاریخ یکم رجب ۱۳۵۷ھ ۸ بجے صبح قرأت قرآن مجید و دعا سلامتی بہ زبان اردو و مرہٹی سے جلسہ کا آغاز ہوا۔ طلبا مدرسہ و پولیس صفائی نے فوٹو مبارک کو سلامی دی۔ ترانہ کے ساتھ جلوس نکالا گیا جس میں معززین دیہات و ملازمین سرکار شریک تھے۔ سہ پہر میں پھر جلسہ کا آغاز ہوا۔ طلبا نے شراب نوشی کے نقصانات پر مکالمہ کیا۔ دیہات کی صفائی اور ورزش جسمانی کے فوائد بیان کئے۔ صدر مدرسہ نے خاندان آصفیہ کی مختصر تاریخ اور فرائض رعایا و والی ملک پر اور اول مددگار صاحب نے ہمارے بادشاہ ذی جاہ کے کارناموں پر روشنی ڈالی۔ دعائے سلامتی بادشاہ ذی جاہ و تقسیم شیرینی کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔

جلسہ سالگرہ مبارک مدرسہ تحتانیہ سال گندہ ضلع رائچور
بتاریخ یکم رجب ۱۳۵۷ھ صبح ۸ بجے طلبا سے مدرسہ، جاگیر دار صاحبین اور معززین قصبہ کی ہم راہی میں ترانہ کے ساتھ جلوس نکالا گیا۔ گاؤں کے وسیع میدان میں پرچم آصفی بلند کیا گیا اور شبیہ مبارک کی گل پوشی کی گئی۔ بوائے اسکوٹ نے سلامی دی۔ قرأت قرآن مجید سے جلسہ کا آغاز ہوا۔ ہندو مسلم طلبا نے بزبان اردو و کنڑی برکات دور عثمانی پر تقریریں کیں۔ صدر مدرسہ نے بھی دور عثمانی کی ہر جہتی ترقی ملک پر مؤثر تقریر کی جس سے پبلک نے کہا کہ ہم اپنے بادشاہ ذی جاہ کے زیر سایہ امن و آسائش سے زندگی بسر کر رہے ہیں جو ہماری خوش نصیبی ہے۔ اس کے بعد مقدم صاحب پولیس نے ہندو مسلم اتحاد پر اور گاؤں کے صاحب نے تعاون مدرسہ پر تقریر کی۔ جناب پیر پادشاہ صاحب جاگیر دار قصبہ نے بادشاہ ذی جاہ و شہزادگان والا تبار کی صحت و سلامتی کی دعا مانگی۔ بعد شکریہ حاضرین و تقسیم شیرینی

جلسہ برخاست ہوا۔

جلسۂ سالگرہ مبارک مدرسۂ وسطانیہ گنگاپور

بتاریخ یکم رجب ۱۳۵۷ھ ۸ بجے صبح صحن مدرسہ میں جلسہ منعقد ہوا جس میں معززین و عہدہ داران مقامی نے شرکت فرمائی۔ بہ معیت جوانان پولس وغیرہ جلوس نکالا گیا۔ واپسی پر مدرسہ میں آکر پرچم آصفی کو سلامی دی گئی۔ ڈرل ماسٹر صاحب نے امریکن ڈرل کے مختلف کرتب دکھائے طلبا نے ریس اور اسپورٹس میں حصہ لیا جس میں صدر مدرسہ کی ۸ سالہ لڑکی مسماۃ چندرکور بائی بھی شریک ہوئی۔ جسے حیرت انگیز کامیابی حاصل ہوئی۔ ایک طالب علم نے کلام مجید کی تلاوت کی۔ ماسٹر ششی موہن سنگھ اور مس چندرکور بائی نے بہ زبان سنسکرت حمد سنائی۔ ایک طالب علم مسمی عبدالغنی خاں نے ساز کے ساتھ دعائیہ اردو مرہٹی غزلیں سنائیں مولوی واسع الہدی صاحب بی۔ اے تحصیلدار نے صدارت فرمائی۔ مکالمے کئے گئے۔ اعلیٰ حضرت بندگان عالی کی رعایا پروری وغیرہ پر تقریریں ہوئیں سب کے آخر میں صدر نشین صاحب نے صدر مدرسہ کے مصروفیات و انہماک کی تعریف کی جلسہ کی کامیابی پر مبارک باد دی۔ صدر جلسہ نے امتحان سالانہ میں امتیازی حیثیت رکھنے والے طلبا' نیز ڈرل' اسپورٹس' مکالمہ جات و نظم خوانی میں عمدہ کام کرنے والے طلبا کو انعامات تقسیم کئے۔ جناب ڈاکٹر دگمبر راؤ صاحب ڈاکٹر مویشی۔ مولوی شاہ محمد خاں صاحب' مولوی نصیرالدین صاحب طبیب یونانی' مولوی طاہر علی صاحب سب رجسٹرار' جناب عثمان علی صاحب پیشکار نے طلبا کی حوصلہ افزائی کے لئے اپنی طرف سے نقد انعامات عطا فرمائے۔ جناب تحصیلدار صاحب و جناب مہتمم صاحب پولیس و طبیب صاحب یونانی نے علی الترتیب صہ۔ ے۔ عصہ بغرض شیرینی عطا کرنے کا اعلان فرمایا۔ حاضرین کے شکریہ اور دعائے بادشاہ ذی جاہ کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔

تنقید و تبصرہ

مکتوبات ہاشمی یہ متوسط سائز کی ۲۲۴ صفحوں کی کتاب ہے جو الحاج مولوی قطب الدین احمد ہاشمی صابری صاحب کے خطوط اور تقاریر پر مشتمل ہے۔ صاحب موصوف نے یہ خطوط اپنے عزیزوں، مریدوں، ارادت مندوں اور متوسلین کو وقتاً فوقتاً لکھے تھے۔ شیخ امام الدین صابری صاحب قابل مبارکباد ہیں کہ ان خطوط کو محنت اور جانفشانی سے جمع کیا اور اہتمام کے ساتھ کتابی صورت میں شائع فرما کر مکتوبات کے فیض خاص کو عام کر دیا ہے۔ کہنے کو یہ خانگی خطوط ہیں جو بظاہر صرف مکتوب الیہ کے لئے کارآمد ہو سکتے ہیں۔ مگر ایسا نہیں ہے۔ ان میں معرفت کا دریا لہریں مار رہا ہے۔ اسلامی تعلیمات، مولیٰ کی طاعت، توحید و رسالت، اسوۂ حسنہ کی پیروی، تذکیہ نفس کی تعلیم، اکل حلال اور صدق مقال کی تلقین غرض کہ کوئی پہلو اسلامی تعلیمات کا ایسا نہیں ہے جس پر روشنی نہ ڈالی گئی ہو۔

مولوی قطب الدین ہاشمی صاحب نے اس دور مادیت میں فکر معاد کی تعلیم و تلقین ان مکتوبات کے ذریعہ بڑی خوبی کے ساتھ دی ہے۔ زبان صاف ستھری اور طرز بیان موثر اور دل نشین ہے۔ سبحان اللہ!

زطاعت جامۂ برساز بہر آں جہاں ورنہ
چومرگ ایں جامہ بستاند تو عریاں مانی رُسوا

صاحب مکتوبات کو اللہ جزائے خیر دے اور ان کی مساعی مشکور ہوں۔

"مکتوبات ہاشمی" کو سر رشتہ تعلیمات نے مدارس کے کتب خانوں اور طلبہ کو بطور انعام دینے کے لئے موزوں قرار دیا اور منظور فرما لیا ہے۔ ظاہری اور معنوی خوبیوں کے اعتبار سے یہ کتاب مفید ہے۔ اور اس کا ہر کتب خانہ اور ہر گھر میں رہنا ضروری ہے۔

قیمت ۱۲؍ ۔ ملنے کا پتہ دفتر نشر و اشاعت کتاب مکتوبات ہاشمی نمبر مکان ۱ ۹ ۵ ۔
جدید نام پلی حیدر آباد دکن۔

آصفی کہانیاں مؤلفہ مولوی محمد عبد السلام صاحب فوکی۔ بی۔ اے۔ ٹی۔ ڈی۔ مددگار مدرسہ فوقانیہ دار الشفا۔ قیمت ۸ر۔

یہ تالیف بعض نمایاں خصوصیات کی حامل ہے۔ تاریخی واقعات۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کے لئے قصوں اور کہانیوں کے پیرایہ میں لکھے گئے ہیں۔ انداز بیان سلیس اور دلچسپ ہے۔ کم سن طلبہ کے استعداد اور قابلیت کو ہر جگہ ملحوظ رکھا گیا ہے۔ جہاں کہیں بدرجہ مجبوری کوئی مشکل لفظ آگیا تو فٹ نوٹ میں اس کے معنی بھی دے دئے گئے ہیں۔ غرض کہ یہ قابل قدر تالیف دلچسپ، سلیس اور تاریخی واقعات کی حامل ہے جو محنت اور کاوش سے جمع کئے گئے ہیں۔ چھوٹے بچوں کے لئے یہ ایک بیش بہا تحفہ ہے۔ یقین ہے کہ وہ حرز جاں بنائیں گے۔

کارخانہ محبوبیہ جلد سازی یہ کارخانہ کافی مدت سے حیدر آباد میں قائم ہے اور نہایت وسیع پیمانہ پر اپنے کاروبار چلا رہا ہے۔ فن صحافی کو ترقی دینے میں اس نے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس کارخانہ میں لڑکوں کو بلا لحاظ مذہب و ملت کام سکھایا جاتا ہے۔

"انتظام کتب خانہ" میں مفید مشورے دے گئے ہیں جس پر عمل کر کے ہر کتب خانہ فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

حیدرآباد نمبر

مجلس ادارت

شیخ علی اکبر ایم اے کینٹب ۔ [illegible]

سید [illegible] ایم اے ۔ نصیر [illegible]

مقاصد

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔
(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

قواعد

(۱) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا۔ اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے ماہائے آذر، اسفندار، خورداد، شہریور، مطابق اکتوبر، جنوری، اپریل، جولائی میں شائع ہوگا۔
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔
اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی تین روپیہ مع محصولڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)
صرف اردو حصہ (للعہ) سالانہ قیمت فی پرچہ اردو انگریزی (۱۲ر) صرف اردو (۸ر)۔
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہو سکے گا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہو سکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔
(ہ) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے۔
(و) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہذا رہے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	عـــہ	صہ	سے
نصف صفحہ	صہ	للعہ	عہ ۸ر
ربع صفحہ	للعہ ۸ر	صہ ۶ر	۱۵ر
فی سطر	۱۰ر	۸ر	۶ر

اعظم اسٹیم پریس چارمینار حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر [illegible] انجمن اساتذہ ممالک محروسہ سرکار عالی [illegible] دفتر [illegible] شائع ہوا

جلد (۱۳) شمارہ (۲)

زیر سرپرستی جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی اے (آکسن) ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

حیدرآباد ٹیچر

صدر انجمن اساتذہ ملک سرکار عالی حیدرآباد دکن کا

سہ ماہی رسالہ

مجلس ادارت

سید علی اکبر ایم۔ اے (کنٹب)، میر سید عبدالغفور صدیقی بی۔ اے۔ بی ٹی (علیگ)

سید الدین خان بی اے۔ ڈپ ایڈ (عثمانیہ)

حیدرآباد ٹیچر

بابتہ آذر ۱۳۴۸ لغایتہ بہمن ۱۳۴۸ف

فہرست مضامین

جلد ۱۳ | شمارہ ۲

تقریر

عالیجناب ناظم صاحب تعلیمات ملک سرکار عالی

صدر مہتمم صاحب تعلیمات و مہتمم صاحب خواتین و حضرات

میں آپ کے سامنے کوئی لمبی چوڑی تقریر کرنے کے لئے نہیں کھڑا ہوا ہوں عام طور پر میں تقریر کرنے سے گریز کرتا ہوں اس لئے کہ یہ میرا ایقان ہے کہ اب باتیں بنانے کا وقت نہیں اور ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم باتیں بنانا چھوڑ کر میدان عمل میں قدم رکھیں میں آپ کا زیادہ وقت نہ لونگا اس موقع پر میں اپنے چند خیالات آپ تک پہونچا کر ان پر غور کرنے کی دعوت دیتا ہوں اگر اس مجمع میں سے دو ایک نے بھی میری ان باتوں کو غور سے سنا اور ان پر عمل کیا تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت چیز ہو گئی ۔

خواتین و حضرات قبل اس کے کہ میں اپنے خیالات کا اظہار کروں مناسب خیال کرتا ہوں کہ اپنے گرد و پیش کے حالات کا ایک سرسری ذکر کروں باوجود ان حالیہ ترقیوں کے بدقسمتی سے ہمارا ملک ایک عجیب حالت جمود میں ہے۔ ہماری حالت نہایت پست ہے اور دن بدن پست ہوتی جارہی ہے۔ مغربی ممالک سے تو خیر کیا مقابلہ اور موازنہ کیا جا سکتا ہے۔ مشرقی ممالک ہی سے جب ہم اپنے ملک کا موازنہ کرتے ہیں تو ہم کو اپنی حقیقی پستی کا کافی احساس ہو جاتا ہے۔ مشرقی ممالک میں جاپان کو بھی نذر انداز کر دیجئے کیونکہ وہ ایک زمانہ سے مغربی ممالک کے قدم بہ قدم چل رہا ہے۔ ایران۔ شام۔ مصر اور عراق میں گذشتہ دس سال کے عرصہ میں جو تغیر ہوا ہے وہ ہمارے لئے باعث حیرت ہے۔ آج سے چند سال قبل جب میں نے ان میں سے بعض ممالک کا سفر کیا تھا تو معلوم ہوتا تھا کہ ہمارے ملک کے مقابلہ میں ابھی یہ ممالک پچاس سال پیچھے ہیں لیکن آج میں بلا مبالغہ یہ کہہ سکتا ہوں کہ شاہراہ ترقی میں ہمارا ملک اب ان ممالک سے پچاس سال پیچھے رہ گیا ہے۔

لے یہ تقریر صاحب ممدوح نے اپنے حالیہ دورہ گلبرگہ میں انجمن اساتذہ کے جلسہ میں فرمائی تھی ۔

خواتین و حضرات۔ آپ ضرور یہ خیال فرماتے ہوں گے کہ گذشتہ چند سال کے عرصہ میں ہمارے ملک نے بھی ترقی کی ہے۔ عمدہ سڑکیں شہروں میں بجلی کی روشنی اور آبرسانی کی سہولت موٹربس کا انتظام وغیرہ کیا یہ ہماری ترقی کے بین ثبوت نہیں ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ ان کا شمار بھی ترقی میں کیا جاسکتا ہے لیکن آپ حضرات معاف فرمائیں اگر میں یہ کہوں کہ حقیقی ترقی صرف یہ ہی نہیں۔ میرا خیال ہے کہ حقیقی ترقی سے ہم دن بدن دور ہوتے جاتے ہیں۔ ہمارے ملک میں ابھی تک جہالت کا دور دورہ ہے۔ ہماری معاشی۔ اقتصادی اخلاقی اور روحانی زندگی نہایت پست ہے۔ ان میں تغیر پیدا کرنا اور اصلاح کرنا صرف معلم کا کام ہے۔ میرا مقصد اس وقت فرائض مدرسین پر لکچر دینے کا نہیں ہے۔ مجھے اس وقت صرف یہ عرض کرنا ہے کہ تغیر زمانہ کے ساتھ ساتھ معلم کے فرائض اس قدر اہم اور پیچیدہ ہوگئے ہیں کہ ہمیں اس بات پر خاص طور سے غور کرنے کی ضرورت ہے کہ ان اہم فرائض کی ادائگی کے لئے معلمین کو کس طرح تیار کرنا چاہئے۔ میں جب کبھی کسی مدرس کی ناقص کارگزاری دیکھتا ہوں تو میرے دل میں فوراً ہی تدارک کا خیال پیدا نہیں ہوتا کیونکہ یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ کوئی شخص عمداً اپنی کارگذاری خراب کرنا نہیں چاہتا۔ ہر شخص صلہ کا خواہشمند رہتا ہے۔ فطرت کا تقاضا ہے کہ ہر شخص عمدہ کام کرکے خراج تحسین حاصل کرنے کی کوشش کرے اس لئے جب میں نے ایسے مدرسین کے متعلق جن کی کارگزاری ناقص ثابت ہوئی تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ بہت سے ایسے امور ہیں جو ان مدرسین کے خاطر خواہ طور پر فرائض کی انجام دہی میں مانع ہوتے ہیں۔ میں اپنی تقریر میں صرف ان امور اور ان کی اصلاح کی طرف آپ حضرات کو متوجہ کروں گا۔

بعض مدرسین ایسے پائے گئے جن کو اپنے کام کی اہمیت کا اندازہ نہیں۔ یہ ایسے لوگ ہیں جو سررشتہ میں داخل ہونے سے قبل تمام دروازے کھٹکھٹا چکے ہیں۔ اور جب کہیں جگہ نہ ملی تو مجبوراً ہمارے سررشتہ میں داخل ہوگئے۔ یہ لوگ سررشتۂ تعلیمات میں آنا اپنی بدقسمتی سمجھتے ہیں۔ انھیں اپنے کام سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی اور طوعاً و کرہاً کام کرتے ہیں۔ میں ان حضرات سے کہوں گا کہ وہ ان خیالات کو بھول جائیں اور سمجھیں کہ خدا کی مرضی یہی تھی کہ وہ سررشتۂ تعلیمات کی خدمت انجام دیں۔ اب وہ اس سررشتہ میں داخل ہوچکے ہیں اور ان کو

چاہیئے کہ وہ مایوس کن خیالات کو ترک کر دیں اپنے کام کو محنت کاوش اور دلچسپی سے انجام دیں کوئی شخص اپنے فرائض کو اچھی طرح انجام نہیں دے سکتا جب تک کہ اس کو شوق اور اپنے کام میں انہماک نہ ہو۔

اکثر و بیشتر مدرسین مجھے ایسے نظر آئے جنھیں اپنے کام سے دلچسپی بھی ہے۔ وہ سررشتہ میں خوش بھی ہیں لیکن بعض ایسی مشکلات میں پھنسے ہوئے ہیں کہ ان کے دل و دماغ کو سکون نہیں تعلیم دینے سے دنیا میں کوئی اور مشکل کام نہیں ہے ہمیں ایسی ہستیوں سے کام پڑتا ہے جو خود دل و دماغ رکھتی ہیں ان میں قوت ارادہ موجود ہے اور وقتاً فوقتاً وہ آپ سے مقابلہ کرنے کو بھی تیار ہو جاتی ہیں۔ ظاہر ہے کہ تعلیم جیسا اہم کام اس وقت تک اچھی طرح انجام نہیں پا سکتا جب تک کہ مدرس کے دل و دماغ میں سکون نہ ہو۔ ہماری انتہائی کوشش ہونی چاہئے کہ ان مشکلات کو ہم اپنی راہ سے دور کر دیں تا کہ پھر اطمینان اور سکون کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے سکیں۔

سب سے بڑی مشکل جو مدرس کی سدراہ ہے وہ اقتصادی پریشانی ہے۔ ہمارے اخراجات ہماری آمدنی سے کہیں زیادہ ہیں جس کی وجہ سے ہم آئے دن مالی مشکلات میں پھنسے رہتے ہیں۔ اقتصادی پریشانیوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی سب سے بڑی وجہ رسم و رواج کی پابندی ہے۔ ترک رسم کا خیال بھی اگر ہمارے دل میں پیدا ہوتا ہے تو ہم سماج سے ڈر جاتے ہیں۔ جس کی وجہ ہماری اخلاقی کمزوری ہے معلم کو کم از کم اس سے بالاتر ہونا چاہیئے۔ اگر معلم ہی نے رسم و رواج کے قیود کو مردانگی سے نہ توڑا تو پھر جہلا اور اسمیں کیا فرق باقی رہتا ہے۔ شادی بیاہ اور اسی قسم کی دوسری تقاریب میں ہم اپنی حیثیت سے بڑھ کر خرچ کرتے ہیں۔ بیماری کی حالت میں ہم اپنے یا اپنے متعلقین کو سرکاری دواخانوں میں جہاں خاطر خواہ طور پر دیکھ بھال ہو سکتی ہے داخل کرنا سماجی نقطۂ نظر سے برا سمجھتے ہیں۔ حالانکہ اگر ہم ایسا کرتے تو قلیل صرفہ میں وہ فائدہ حاصل ہوتا جو گھروں پر زائد سے زائد اخرجات کے باوجود نصیب نہیں ہو سکتا۔ ایک اور وجہ ہماری مالی مشکلات کی یہ بھی ہے کہ ہم ذمہ داریاں اٹھانے کے قابل ہونے سے قبل ذمہ دار بننے کی کوشش کرتے ہیں غور فرمائیے کہ جب ہم مالی مشکلات میں مبتلا ہوں تو پھر ایک لڑکی کو اپنا شریک زندگی بنا کر ہر سال پیدا ہونے والی اولاد کے اخراجات کے کس طرح

کمیل ہو سکتے ہیں جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نہ صرف ہمارے دل و دماغ سے سکون مفقود ہو جاتا ہے بلکہ اپنی اولاد کی خاطر خواہ تعلیم و تربیت نہ کرکے آئندہ آنے والی نسلوں میں ایسی بیکار ہستیوں کا اضافہ کرتے جاتے ہیں۔ جب معلم مالی مشکلات میں پھنس جاتا ہے تو اس کی اخلاقی اور ذہنی قوت بھی دن بدن پست ہوتی جاتی ہے اور جب خود معلم کا دماغ پریشان اس کی اخلاقی اور ذہنی قوت پست ہو تو پھر قوم کے ہونہار بچوں کے دل و دماغ کی اصلاح کس طرح کرسکتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ہاں کے نوے فیصدی مدرسین ایسی اقتصادی غلامی کے شکار ہیں اور جب تک وہ اپنے آپ کو اس سے آزاد نہ کرلیں گے وہ حقیقی معنی میں معلم نہیں بن سکتے

ہمیں ایسے وسائل پر بھی غور کرنے کی ضرورت ہے جن سے ہم اپنی آمدنی زیادہ کرسکیں۔ متمدن ممالک میں بھی معلم ہی سب سے کم تنخواہ پانیوالی ہستی ہے لیکن وہ نہ صرف اپنے اخراجات آمدنی کے حدود میں رکھتے ہیں بلکہ آمدنی کے دوسرے وسائل بھی پیدا کرلیتے ہیں۔ مثلاً اکثر اپنے مکان میں ایک باغیچہ لگالیتے ہیں جن کی ترکاری اور پھولوں سے نہ صرف وہ فائدہ اٹھاتے ہیں بلکہ ان کو فروخت کرکے کچھ پیسے بھی پیدا کرلیتے ہیں۔ اسی طرح بعض لوگ مرغیاں پالتے ہیں اور بعض شہد کی مکھیاں۔ ان کی عورتیں بھی بیکار نہیں بیٹھتیں اکثر معلمی کا پیشہ اختیار کرلیتی یا کسی دوسرے دھندے میں لگ جاتی ہیں۔ ہمارے یہاں کے مدرسین بھی اگر ایسے ذرائع اختیار کریں تو سررشتہ کو کسی قسم کا اعتراض نہیں ہوسکتا۔

خواتین وحضرات۔ دوسری چیز جس کی معلم کو سخت ضرورت ہے وہ تزکیۂ نفس ہے۔ تزکیۂ نفس کا حقیقی مطلب یہ ہے کہ ہم پیدائش کی غرض و غایت سمجھیں۔ معبود حقیقی کی عبادت اور بندگان خدا کی خدمت یہی ہماری پیدائش کا اصلی مقصد ہے معلم کے لئے سب سے بڑی ضرورت اس امر کی ہے کہ اس کا دل پاک اور صاف ہو۔ ضمیر کی پاکیزگی کا اثر افعال پر پڑتا ہے۔ اگر معلم اپنے نفس پر قابو رکھے تو پھر خودبخود وہ برائیوں سے بچنے لگے گا اور نیکیاں بلاارادہ اس سے سرزد ہونے لگیں گی۔ اما وہ شرط ہے پھر خودبخود آپ آگے بڑھنے لگیں گے۔

ایک اور چیز جس کی طرف میں آپ حضرات کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں وہ صحت اور تندرستی کی حفاظت ہے۔ اقتصادی مشکلات میں پھنس جانے کے بعد اور پھر خود اپنی ذمہ داریاں بڑھا لینے کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہم صحت کی طرف سے غافل ہو جاتے ہیں۔ بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ جز معاش مدرسین مرغن اور عمدہ غذاؤں کا استعمال ہی نہیں کر سکتے جن سے صحت درست رہ سکتی ہے۔ یہ خیال کہ مرغن غذائیں عمدہ صحت کے لئے ضروری ہیں بالکل غلط ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ مرغن غذائیں ہی بربادیٔ صحت کا سب سے بڑا سبب ہیں۔ اور زود ہضم غذائیں صحت کے لئے ازبس ضروری اور مفید ہیں ایسی غذاؤں کا استعمال کرنا چاہئے جن میں حیاتین کی مقدار زیادہ ہو۔ گیہوں کی روٹی سبز ترکاریاں اور دودھ صحت بخش غذا کے عمدہ جز ہیں۔ گوشت صحت کے لئے اتنا مفید نہیں جتنا عام طور پر خیال کیا جاتا ہے۔
اگر ہم حفظان صحت کے معمولی اصولوں کا خیال رکھیں تو ہماری صحت عمدہ ہو سکتی ہے۔
تنگ و تاریک مکانات سے اجتناب ضروری ہے۔ کھلی اور صاف ہوا صحت کیلئے بہت ضروری ہے۔ کسی نہ کسی قسم کی ورزش بھی ہمارے لئے ضروری ہے۔ ورزش ایسی ہونی چاہئے جس سے خون کا دوران جسم میں تیز ہو جائے اور ہلکا پسینہ جسم سے خارج ہو جائے۔ اکثر لوگوں کو بواسیر اور ذیابطیس کی شکایت ہو جاتی ہے۔ جس کی اصلی وجہ یہی ہے کہ مرغن غذاؤں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اس طرح جو ضرورت سے زیادہ نمک پیدا ہو جاتے ہیں۔ ان کو ورزش کے ذریعہ خارج کرنے کی کوئی تدبیر اختیار نہیں کی جاتی۔

خواتین و حضرات۔ آخر میں آپ کی توجہ ان تعلقات پر منعطف کرانا چاہتا ہوں جو معلمین اور متعلمین کے مابین قائم ہونے چاہئیں۔ تعلیم کا کام تو خیر کسی طرح چل ہی رہا ہے۔ لیکن جو چیز ہماری قوم سے مفقود ہے وہ تربیت ہے۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا کہ تربیت اب ہم سے مفقود ہو گئی۔ چھوٹوں کے ساتھ سلوک۔ بڑوں کا رکھ رکھاؤ۔ ہمسایہ اور دوستوں کے حقوق۔ نشست و برخاست کے طریقے یہ سب چیزیں تربیت میں داخل ہیں اور ہم ان کی تعلیم کی طرف خاطر خواہ توجہ نہیں کرتے۔ جب تک معلمین اور متعلمین میں محبت اور خلوص نہ ہو تربیت کا کام انجام نہیں پا سکتا۔ افسوس کہ اب یہ تعلقات مفقود ہیں۔ تعلیم کی صورت اب

کاروباری ہوگئی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم طلبا سے اچھے تعلقات قائم کرنے کی کوشش کریں۔ طلبا کو سمجھایا جائے کہ تعلیم کا مقصد چند کتابیں پڑھ کر کسی امتحان میں کامیابی حاصل کرنا ہی نہیں بلکہ تعلیم کا حقیقی مقصد انسان کو انسان بنانا ہے۔ یہ ایک ایسا فریضہ ہے جس کی انجام دہی کے لئے معلم کو اپنی ہستی از بس فنا کرنا ضروری ہے۔ افرجہ کی اصلاح اور طبائع میں توازن پیدا کرنا معلم کا اولین فریضہ ہے۔ قوم کی اصلاح صرف باتوں سے نہیں ہوسکتی اس کے لئے زبردست قربانی کی ضرورت ہے۔ معلم کا فرض صرف یہی نہیں کہ وہ حدود مدرسہ میں طلبہ پر نگرانی رکھے بلکہ اس کو چاہئے کہ مدرسہ کے باہر بھی وہ طلبہ اور ان کے حرکات وسکنات پر نظر رکھے۔ ان کو بُرے شوقوں سے روکا جائے۔ انھیں بتایا جائے کہ اوقات فرصت کس طرح بسر کرنے چاہئیں۔ مدرس کو چاہئے کہ وہ اپنی زندگی کو طلبہ کے لئے نمونہ بنائے اور ایک اہم چیز جو ہم سب کو کرنی چاہئے۔ وہ یہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو ملکی مصنوعات کا استعمال کیا جائے۔ ضرورت ہے کہ ہم خود بھی دیسی چیزوں کا استعمال کریں اور اپنی عورتوں کو بھی اس کے استعمال کی ترغیب دیں اور بچوں کو بھی یہی تعلیم دیں جب ہم خود مثال بن کر بچوں کے سامنے پیش ہوں گے تو ہم ان پر اپنا اثر ڈال سکیں گے۔ بچوں کے لباس کے صفائی کی طرف مدرسین کو خاص طور پر متوجہ ہونا چاہئے عذر یہ کیا جاتا ہے کہ ناداری کی وجہ سے طلبہ اپنے لباس کو صاف ستھرا نہیں رکھ سکتے۔ ناداری کو صفائی سے کوئی علاقہ نہیں غریب سے غریب آدمی بھی پاک اور صاف رہ سکتا ہے۔ چونکہ ہماری ذہنیت پست ہے اور تمدن گر گیا ہے۔ اس لئے ہمیں صفائی کا زیادہ خیال نہیں ہوتا۔ تربیت اور عادت سے اس کی اصلاح ہوسکتی ہے۔

خواتین وحضرات۔ اب میں صرف ایک بات کا آپ سے اور ذکر کروں گا۔ ہمارا ملک جو قدیم روایات کے تحت مختلف فرقوں میں باہمی اتحاد اور رواداری کے لئے ضرب المثل تھا وہاں بھی کچھ دنوں سے بیرونی اثرات کے تحت فرقہ وارانہ کشیدگی کے آثار نمایاں ہوگئے ہیں۔ ٹھنڈے دل سے اگر غور کیا جائے تو فرقہ وارانہ کشیدگی ایک مضحکہ خیز چیز معلوم ہوتی ہے جس طرح ہر شخص اپنی پسند کے موافق لباس پہنتا ہے کوئی سوٹ بوٹ کوئی

شیروانی کوئی سیاہ ٹوپی پہنتا ہے اور کوئی لال لیکن ایک دوسرے پر کوئی معترض نہیں ہوتا اسی طرح کوئی وجہ نہیں کہ ایک فرقہ دوسرے فرقہ کے مذہبی خیالات پر نکتہ چین ہو یہ ایک مسلمامر ہے کہ نہ برادران ہنود مسلمانوں کو ملک سے باہر نکال سکتے ہیں اور نہ مسلمان اہل ہنود کو ہندوستان یا اس کے کسی گوشہ کو چھوڑنے کے لئے مجبور کرسکتے ہیں دونوں فرقوں کو یہیں رہنا اور مرنا ہے پھر زندگی کو کیوں بے لطف بنایا جائے ۔ اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ آنیوالی نسلوں کو اس فرقہ وارانہ کشیدگی سے دور رکھا جائے اور اس کی تمام تر ذمہ داری معلمین اور معلمات پر ہے معلمین کو چاہئے کہ وہ خود اس فضا سے علٰحدہ رہیں اور اپنی ذہنیت کو ان نزاعات سے بالا بنائیں۔

آخر میں آپ سب حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپنے میرے خیالات کو غور سے سُنا میں امید کرتا ہوں کہ آپ میرے الفاظ پر اچھی طرح غور فرمائیں گے اور اگر آپ ان کو اپنے لئے مفید پائیں تو اس پر عمل فرمائیں۔

تاریخ ریاضیا

از

جناب مولوی سید عبدالحکیم صاحب ایم۔ ایس سی۔ ایل۔ ٹی

تعلیمی نقطہ نظر سے گذشتہ مضمون پر تبصرہ

اس مضمون کی گذشتہ اشاعت میں ابتدائے تخلیق عالم سے ایک ہزار قبل مسیح تک کی ریاضیات پر روشنی ڈالی گئی تھی تعلیمی نقطۂ نظر سے بنی نوع انسان کا یہ قدیم دور اس کا زمانہ طفلی تھا وہ اپنے علوم، تجربوں اور خیالات میں ایک ایسے بچہ کے مثال تھا جو آغوش مادر سے اتر کر اپنے پیروں سے چلنے لگا ہو اور ٹوٹی پھوٹی زبان میں اپنے خیالات کا اظہار اور دوسروں کی گفتگو سمجھنے لگا ہو۔ ایسا بچہ اکثر گرمیوں کی راتوں میں جبکہ آسمان ابر و غبار سے صاف اور چھوٹے بڑے تاروں سے بھرا ہوتا ہے اس جگمگاتے منظر کو نہایت مسرت اور تعجب بھری نگاہوں سے گھنٹوں دیکھا کرتا ہے اور اس نیلگوں طلسمی گنبد کے متعلق کبھی دل ہی دل میں اور کبھی اپنی ماں سے انواع و اقسام کے سوالات کرتا ہے۔ بالکل اسی طرح جب ابتدائی انسانوں نے آنکھ اٹھا کر آسمان کو دیکھا تو اس کے دماغ میں بھی پہلا سوال یہی آیا کہ :۔ چیست ایں گنبد طلسمی کار ؟ اور غالباً یہی وجہ ہے کہ انسان کے تجسس اور تفحص کے عمل کا آغاز زمین اور اس کے قرب و جوار کی اشیاء کے بدلے سب سے پہلے آسمان سے ہوا، اور اس کا دماغ پہلے سماء اور ما فی السماء کی تحقیق کی طرف متوجہ ہوا۔ چنانچہ تاریخ علوم کا یہ ایک مسلمہ مسئلہ ہے کہ انسان کا قدیم ترین علمی سرمایہ آسمان سے متعلق ہے اس میں چینی ہوں یا کلدانی مصری ہوں یا یونانی ہر ایک میں علوم فلکیات کی گرما گرمی رہ چکی ہے۔

یہ امر فی الوقت غور طلب ہے کہ وہ علم جو کبھی بنی نوع انسان کے عہد طفلی کا سبق تھا آج ہمارے نصاب سے بالکل نکل گیا، اگر مشاہدۂ قدرت کے اسباق میں اس نیلگوں سقف کہن کے مشہور مشہور ستاروں اور سیاروں کے مشاہدات بھی شامل ہو جاتے تو بچہ کی وہ جبلتیں جو اس کو وراثتاً ملتی ہیں اتنی تشنہ نہ رہتیں۔ نیز اگر مضمون ریاضی کے درس میں زمین کے قطر کی پیمائش، عرض البلد، طول البلد نکالنے کے طریقے سال کی تقسیم دنوں میں اور اسی طریقہ کی دوسری باتیں عملاً داخل ہو جاتیں تو یہ مضمون ایک استخوان بے پوست نہ رہتا۔ اور ساتھ ہی ساتھ دوسرے مضامین کے ساتھ ہم آہنگ بھی ہو جاتا۔

دوسرا نتیجہ جو گذشتہ مضمون کے مطالعہ سے اخذ ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ صغیر جماعتوں میں اعداد پر نظری اسباق بچہ کے لئے بالکل بے معنی ہیں۔ اس عمر کا (۴½ تا ۷ سال) ایک بچہ جانتا ہے کہ اس کا گیند اس کے ساتھی کے گیند سے بڑا ہے۔ وہ چار سال کا ہے۔ وہ اپنی قطار میں پہلا لڑکا ہے، اُس کے تین اور بھائی ہیں جو پانچویں، چھٹی اور ساتویں جماعتوں میں زیر تعلیم ہیں، اسکول ۱۰ بجے شروع ہوتا ہے اور چار بجے برخاست، اس کے ہر ہاتھ میں پانچ انگلیاں ہیں۔ غرضکہ اس عمر میں بچہ قدیم انسان کی طرح اعداد کو اشیاء کے ساتھ وابستہ کرکے سمجھتا ہے۔ اور اس طرح کچھ عرصہ کے بعد اس کے لئے بڑا، پہلا، تین، چار، پانچ وغیرہ بامعنی الفاظ بن جاتے ہیں۔ دوسرے اعداد اور گنتیاں سکھانے میں بھی اس خیال کو پیش رکھنا چاہیئے کہ جس طرح انڈمان یا افریقہ کے ابتدائی باشندے اعداد کا شمار یکے بادیگرے انگلیاں پکڑ پکڑ کر یا ناک چھو چھو کر کرتے تھے اسی طرح اگر بچہ ایک، دو، تین، چار، پانچ وغیرہ اعداد گننے کے ساتھ ہی ساتھ ان کو اشیاء سے ہم آہنگ کرتا جائے تو یہ الفاظ اس کے دماغ میں زیادہ بامعنی مفہوم پیدا کرتے ہیں۔

جب بچہ اپنی عمر کے تقریباً ساتویں سال میں داخل ہوتا ہے تو اس کی دماغی حیثیت ۵۰۰۰ ق۔م کے انسان کے مساوی ہو جاتی ہے۔ اس عہد کا انسان غیر مجرد اعداد سے واقف ہو چکا تھا گو وہ جمع، تفریق، ضرب، اور تقسیم کے قاعدوں سے واقف نہ تھا لیکن ان میں تجارتی لین دین شروع ہو گیا تھا۔ اس طرح انسان نے حساب کے ابتدائی چار قاعدوں کو عملاً سیکھنا شروع کیا۔

بنی نوع انسان کے اس قدرتی طریقہ کی تقلید کرتے ہوئے اگر بچہ کی مصروفیت کھیل نما تعلیم کے ذریعہ آپس میں تجارتی لین دین، ناپ، تول کی طرف مبذول کردیں تو بلاشبہ ریاضی کی یا ابتدائی تعلیم ان کے لئے جتنی قدرتی اور دلچسپ ہو اتنی ہی مفید بھی ہو جائے، مثلاً تمام بچے تعمیری و تخلیقی جبلتوں کے تحت اس قسم کا مکان نہایت شوق سے تعمیر کرتے ہیں جس میں خود بھی دبک کر بیٹھ سکتے ہوں۔ یہ ہمارے آئے دن کے مشاہدات ہیں کہ بچے کس شوق سے کپڑوں کے خیمے، گڑیوں کے گھر، پرندوں کے ڈبے بناتے رہتے ہیں، اگر ان کو یہ مشورہ دیا جائے کہ وہ ایک ایسا مکان تعمیر کریں جس میں ایک معینہ تعداد فرض کرو سات آدمیوں کے رہنے کا انتظام ہو اس طرح ان کو ہر کمرہ کے لئے علیحدہ علیحدہ مجموعی طور پر سات بستر، سات میزیں، سات کرسیوں اور دیگر اشیاء خانہ داری کی ضرورت پڑے گی۔ اب فرض کرو کہ ان کو ان سات آدمیوں کے لئے ایک وقت کا کھانا تیار کرنا ہے۔ اب ان کو فی کس معینہ وزن سے سات آدمیوں کے لئے جسقدر وزن میں جنس کی ضرورت پڑیگی اس کا حساب کرنا پڑیگا۔ یہ غلہ وہ بچوں ہی کی دکانوں سے خریدیں گے سکوں کی بجائے کاغذ یا دفتی کے گول ٹکڑوں سے کام لیا جاسکتا ہے۔ غلہ معین نرخ سے چھوٹی چھوٹی ترازوؤں میں تول کر دیا جائے۔ اور یہی چھوٹے سوداگر گھی یا تیل کی بجائے کسی قسم کی رنگین مائعات پیمانوں سے ناپ ناپ کر فروخت کریں۔ غرض کہ اس نوعیت کی کھیل نما مصروفیات میں یہ معصوم سوداگر بہت جلد حساب کے ابتدائی مدارج کو کامیابی کے ساتھ طے کرلیں گے

حساب کے بعد جب اس قدیم انسان کے علم ہندسہ پر نظر پڑتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ ابتدا میں اس سے زیادہ کچھ نہ جانتا تھا کہ وہ اپنے پتھر اور مٹی کے بنے ہوئے ظروف پر لکیریں یا غیر مدور شکلیں بنالے۔ لیکن جوں جوں زمانہ گذرتا گیا اس کے دائرے زیادہ گول اور خطوط زیادہ سیدھے ہوتے گئے۔ صغیر جماعتوں میں علم ہندسہ کی تعلیم کے متعلق بلحاظ حالات بنی نوع انسان مختصر اتنا کہدینا کافی ہے کہ بچوں کا علم ہندسہ صرف آزادانہ ہاتھ سے کھینچے ہوئے چند منحنی یا سیدھے خطوط اور مدور یا غیر مدور شکلوں پر مشتمل ہونا چاہئے۔ نقطہ، خط، زاویہ، دائرہ، سطح وغیرہ کی تعریفوں کا ان نوخیز دماغوں پر بار نہ ڈالنا چاہئے۔ پرکار، پیمانہ، اور دیگر آلات علم ہندسہ کی بجائے ریت سے بھرے ہوئے ٹین کے ڈبے۔ لکڑی کے تختے۔ سلیٹ کاغذ رنگین پنسلیں ان کے

سامان میں داخل ہونا چاہئے۔ ان آلات سے وہ اپنے فطری رجحانات کا اظہار کریں رنگین پنسلوں سے اُن کو سفید کاغذ پر اپنی طبیعتوں کی رنگ آمیزی میں ساکن اشیاء کے بجائے اگر متحرک اشیاء۔ مثلاً اُڑتا ہوا طیارہ () ، دوڑتی ہوئی ٹرین () بھاگتا ہوا آدمی () ایک ہی روش قلم میں اگر تختۂ مشق بنایا جائے تو بچوں کے لئے زیادہ مناسب ہو گذشتہ مضمون سے صغیر جماعتوں کی تعلیم سے متعلق جو مفید نتائج اخذ کئے جا سکتے تھے اس پر تبصرہ کرنے کے بعد اب ریاضیات کے اُس دور کی ابتدا کی جاتی ہے جو ۱۰۰۰ ق م سے ۵۰۰ء تک ڈیڑھ ہزار برس کا زمانہ ہے۔ ریاضیات کے اس دور کو یونانیوں کا زمانہ کہنا بے محل نہ ہوگا۔ کیونکہ یونانیوں نے نہ صرف ریاضیات بلکہ حکمت، فلسفہ، سیاسیات اور دوسرے علوم میں اتنی شہرت حاصل کی کہ آج بھی اُس قوم کے حکماء کے نام متمدن قوموں کے زبان زد ہیں۔ افلاطون، ارسطو، سقراط۔ بقراط، جالینوس، اقلیدس، فیثاغورث، ارشمیدش جو اپنے زمانے میں اس آب و تاب سے چمکے کہ آج غروب ہو جانے کے بعد بھی علمی دنیا سے اُن کی تنویر زائل نہ ہوئی اسی ملک یونان کے باشندے تھے جو ایشیاء کوچک کے شمال و مغرب میں واقع ہے۔ یہ جفاکش اور عقلمند قوم یافث ابن نوح کی نسل سے تھے اور خیال یہ ہے کہ ریاضیات اور دیگر علوم انہوں نے اہل مصر اور فینیقی قوم سے سیکھے۔ یہ آخر الذکر وہ دولت مند تاجر پیشہ قوم تھی جو ایشیا کوچک کے مغربی ساحل سمندر اور کوہ لبنان کے درمیان میں آباد تھی۔ ان کے دو بڑے شہر طائر اور زردون دنیا کی اولین بندرگاہیں تھیں۔ جہاں تجارت کا کاروبار قائم ہوا۔ اسی تجارتی کاروبار کی بدولت وہ حساب اور اعداد و شمار میں اپنے ہمسایہ اہل بابل سے بڑھے ہوئے تھے اور وہ اوزان اور پیمانے جو بابل میں مستعمل تھے وہ اسی فینقی قوم کے مہیا کردہ تھے۔ اور قدیم یونانیوں کی حساب اور فن اعداد و شمار میں یہی قوم استاد بنی۔ فیثاغورث فینقی نسل سے تھا اور ہیرو دوتوس ایک یونانی مورخ کے خیال کے مطابق تھیلس جو یونان کے ہفت عقلاء میں شمار کیا جاتا تھا بھی فینقی قوم سے تھا، ذیل میں یونان کے مشہور ترین ریاضی دان اور ان کی تحقیقات کا حال دیا جاتا ہے۔

تھیلس ۶۴۰ ق م تا ۵۵۰ ق م تھیلس یونان کا پہلا شخص تھا جس نے ریاضیات اور فلسفہ کی

اولین درسگاہ کی بنیاد ڈالی۔ یہ تقریباً ۶۴۰ سنہ ق م میں بمقام ملیٹس پیدا ہوا۔ اور تقریباً نوّے برس کی عمر میں اسی مقام پر وفات پائی۔ یہ اوائل عمر میں ایک سوداگر، درمیانی عمر میں سیاست دان اور اخیر عمر میں منجم اور فلسفی تھا۔ اس کے متعلق جو قصے مشہور ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ابتدا ہی سے نہایت دور اندیش، صاحب فراست اور مستقل مزاج تھا۔ تھیلس کے متعلق حکیم ارسطو ایک قصہ بیان کرتا ہے کہ ایک مرتبہ یونان میں زیتون کی فصل نہایت امید افزا تھی تھیلس نے شہر میں زیتون کا تیل نکالنے کی جتنی مشینیں تھیں قبل سے خرید کر جمع کرلیں اور بعد میں من مانی مشینوں کو کرایہ پر دیکر خوب روپیہ وصول کیا۔ ایک دوسرا قصہ اس کے متعلق یوں مشہور ہے کہ ایک موقعہ پر وہ چند خچروں پر نمک لادے ایک چشمہ سے گذر رہا تھا۔ اتفاق سے ایک خچر کا پیر پھسلا اور وہ مع نمک کے تھیلے کے پانی میں گر گیا، اور بہت نمک پانی میں مل گیا اور خچر کا وزن ہلکا ہو گیا۔ چالاک جانور نے اس اتفاقی تجربے سے فائدہ اٹھایا اور جب کبھی کسی چشمہ یا دریا کو عبور کرتا ایک یا دو غوطہ مار وزن کم کرلیتا تھا۔ تھیلس نے دوسرے موقعہ پر اس خچر کی پیٹھ پر روئی اور اسپنج لادکر اس کو اس شرارت کی سزا دی۔

بسلسلۂ تجارت یہ مصر گیا اور وہیں علم ہیئت اور علم ہندسہ سیکھا۔ یہ اتنا ذہین تھا کہ جلد ہی مصر کے تمام راہبوں پر سبقت لے گیا۔ تشابہ مثلثات کے اصول پر اس نے اہرام مصر کے سایہ کی پیمائش کرکے اہرام کی بلندی معلوم کی۔ شاہ امیسیز اس کے اس علمی کارنامے سے بیحد متعجب ہوا۔ اس بلندی کو معلوم کرنے کے لئے اس نے ایک سیدھی لکڑی لی اس کو دھوپ میں عموداً کھڑا کیا۔ اور اس کے سایہ کی پیمائش کی۔ اس سایہ کے طول اور لکڑی کی لمبائی میں جو نسبت تھی وہی اہرام کے سایہ اور اسکی بلندی میں تھی۔ ایک خیال یہ بھی ہے کہ اہرام کی بلندی سایہ کی پیمائش سے اس وقت معلوم کی جب لکڑی اور اس کے سایہ کا طول مساوی ہو گیا۔

تھیلس کو اپنی علمی تحقیقات میں اتنی دلچسپی پیدا ہو گئی کہ اس نے شادی کرنے سے بھی انکار کر دیا۔ اس کا ایک دوست سولن جس کا شمار بھی یونان کے ہفت عقلا میں تھا تھیلس کے خیالات کے برعکس شادی کا حامی تھا اس نے بہت کوشش کی کہ تھیلس شادی کرلے۔ ایک دن سولن نے اپنے دوست کو بہت سمجھایا کہ وہ اپنا خیال ترک کردے تھیلس نے کوئی جواب نہ دیا۔ اور خاموش

اٹھکر چلا گیا۔ دو چار دن گذرنے کے بعد اس نے ایک اجنبی کو اس امر پر آمادہ کیا کہ وہ سولن کے پاس جائے۔ اور یہ بہانہ کرے کہ وہ ایک سیاح ہے اور فی الوقت وہ راست شہر اثینہ سے آرہا ہے جہاں سولن کے بال بچے رہتے تھے۔ اجنبی نے ایسا ہی کیا۔

سولن۔ اے اجنبی تم کہاں سے آرہے ہو؟

اجنبی۔ میرا وطن نینوا ہے اور فی الوقت شہر اثینیہ سے آرہا ہوں۔

سولن۔ کیا تم مجھے تبلا سکتے ہو کہ شہر میں سب خیریت ہے۔

اجنبی۔ میں شہر میں بہت کم ٹھیرا مگر اتنا معلوم ہے کہ شہر میں ایک بہت مشہور سولن نامی شخص کے نوجوان لڑکے کا انتقال ہوگیا ہے۔ شہر تمام اتم کر رہا تھا۔

سولن۔ افسوس! افسوس وہ بدنصیب سولن میں ہوں۔

ان الفاظ کے سنتے ہی تھیلس اندر آیا۔ اور قبل اس کے سولن کچھ زبان سے کہے۔ وہ کہتا ہے کہ اے دوست میں معافی چاہتا ہوں کہ اب تک میں نے آپ کی بات نہ سنی۔ میں نے اپنے خیالات تبدیل کردئے۔ میں شادی کے لئے تیار ہوں۔ سولن رو کر کہتا ہے کہ میرا مشورہ غلط تھا۔ اب میں تم کو ہرگز شادی کرنے کی رائے نہ دوں گا۔ تھیلس مسکرایا۔ بس تمہاری منطق معلوم ہو گئی اب رونے دھونے کی ضرورت نہیں۔ میرا مطلب حل ہوگیا۔ تمہارا لڑکا زندہ ہے۔

تھیلس کی علمی تحقیقات تاریخ ریاضیات میں تھیلس پہلا شخص تھا جس نے اثباتی علم ہندسہ کی بنیاد ڈالی۔ اس وقت علم ہندسہ صرف عملی اشکال پر محدود تھا جن کو پیمائش کے ذریعہ ثابت کرکے دعویٰ عام کی صورت میں بیان کردیتے تھے۔ تھیلس نے ان مسائل کا عقلی ثبوت دیا۔ ذیل کے ہندسی مسائل تھیلس سے منسوب کئے جاتے ہیں۔

۱۔ مثلث متساوی الساقین کے قاعدہ پر کے زاوئے آپس میں برابر ہوتے ہیں اس کو ثابت کرنے کے لئے تھیلس نے اتنا ہی بڑا ایک دوسرا مثلث لیا۔ اور پہلے مثلث کو دوسرے مثلث پر الٹ کر منطبق کردیا۔ یہ ایک قسم کا عملی مظاہرہ تھا۔

۲۔ اگر دو خطوط مستقیم ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں تو زاویہ متقابلہ آپس میں برابر ہوتے ہیں۔ پروکلس نامی مورخ کہتا ہے کہ اس کا باقاعدہ ثبوت اقلیدس نے دیا تھا تھیلس نے

صرف دعویٰ عام پر ہی اکتفا کرکے یہ کہدیا کہ یہ ایسی صریحی بات ہے کہ اس میں کسی ثبوت کی ضرورت نہیں۔

۳۔ مثلث کامل طور پر معلوم ہوجاتا ہے۔ اگر اس کا قاعدہ اور قاعدہ پر کے زاویہ معلوم ہوجاویں۔ مثلث کی اس خواص کا اطلاق عملاً سمندر پر کسی جہاز کا فاصلہ معلوم کرنے میں ہوتا تھا۔ کوئی مینارہ قاعدہ تصور کرکے راس اور قدم پر کے زاویوں کا مشاہدہ کر لیتے تھے۔

۴۔ متشابہ مثلثات کے اضلاع متناسب ہوتے ہیں اس مسئلہ کے ذریعہ جیسا کہ پہلے بیان ہوچکا ہے تھیلس نے اہرام مصر کی بلندی معلوم کی تھی۔

۵۔ قطر دائرہ کو دو مساوی حصص میں تقسیم کرتا ہے۔ تھیلس نے صرف دعویٰ عام بیان کردیا۔

۶۔ نصف دائرہ کا ہر زاویہ قائمہ ہوتا ہے۔ تھیلس کی ہندسی تحقیقات میں یہ سب سے شاندار تحقیق ہے تھیلس اس تحقیق پر اتنا خوش ہوا کہ اُسنے غیر فانی دیوتاؤں کے نام پر ایک بیل قربانی کردیا خیال یہ ہے کہ اس مسئلہ کا ثبوت اس نے راس سے مرکز کو ملا کر اس طرح مثلث کو دو متساوی الساقین میں تبدیل کرکے دیا۔ لیکن اس طرح صحیح ثبوت پر پہنچنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اس نتیجہ سے آگاہ ہو کہ مثلث قائمہ الزاویہ کے تینوں زاویوں کا مجموعہ دو قائمہ ہوتا ہے۔

مثلث کے تینوں زاویوں کا مجموعہ دو قائمے ہوتا ہے۔ اس نتیجہ پر جیسا کہ یودیموس کا خیال ہے انسان منتظم اینٹوں اور پتھروں سے عمارتوں کا فرش کرنیمیں پہنچا۔ ابتدا میں صرف تین قسم کے مثلثات اِس صفات کے حامل سمجھے جاتے تھے اوّلاً مثلث مساوی الاضلاع۔ اور یہ امر بعید از قیاس نہیں ہے کہ یہ نتیجہ مساوی الاضلاع شکل کی اینٹوں سے اخذ کیا گیا ہو۔ کیونکہ کسی نقطہ کی اطراف کی سطح پُر کرنے کے لئے چھ مساوی الاضلاع مثلث نما اینٹوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ چونکہ ہر زاویہ مساوی ہوتا ہے لہذا چھ زاویوں کا مجموعہ ۴ قائمہ ہوا۔ لہذا ہر مثلث کے تین زاویوں کا مجموعہ دو قائمہ ہوا۔ دوم یہ کہ ہر مستطیل میں ۴ قائمہ ہوتے ہیں اور وہ وتر کے ذریعہ دو مساوی مثلثات قائمہ الزاویہ میں تقسیم ہوجاتا ہے لہذا ہر مثلث قائمہ الزاویہ میں جملہ دو قائمہ ہوئے۔ اس قسم کا نتیجہ مستطیل نما اینٹوں سے بہ آسانی مل جاتا ہے۔ اور سوم ہر مثلث میں اُس

راس سے جس پر کا زاویہ سب سے بڑا ہو اگر مقابل کے اضلاع پر عمود گرایا جائے تو وہ دو مثلثات قائمۃ الزاویہ میں تقسیم ہو جاتا ہے۔ لہذا اس طرح ہر مثلث کے لئے ایک کلیہ نتیجہ نکل آتا تھا لیکن ابتدائی مہندسہ دان اس کو ایک مجموعی شکل دیتے ہوئے گھبراتے تھے کہ ایسا نہ ہو کہ مثلث کی کوئی جدید صورت پیدا ہو جائے اور وہاں یہ عمومی نتیجہ صادق نہ آئے۔

تھیلس نے علم ہیئت پر بھی ایک کتاب لکھی۔ یہ اپنے معصروں میں بحیثیت مہندسہ دان کے ہیئت دان زیادہ مشہور تھا اس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے ایک دن شب کو ستاروں کو دیکھتے ہوئے اتنا محو چلا جا رہا تھا کہ سامنے ایک پانی سے بھری کھائی میں جا پڑا۔ ایک بوڑھی عورت وہاں کھڑی تھی وہ ہنسی اور کہا "اے نادان جب تجھے اپنے ہی قدموں کے نیچے کا حال نہیں معلوم ہے تو فلکیات کے دریافت حال میں کیوں سرگردان ہے"۔ علم ہئیت کی تفصیل میں گئے بغیر اتنا بیان کر دینا بے محل نہ ہوگا کہ یہ سال کے ۳٦۵ دن ہونیکا مؤید تھا۔ گو اس وقت تک عام خیال یہ تھا کہ سال میں تیس تیس دن کے بارہ ماہ ہوتے ہیں۔ یہ کہتا تھا کہ دنیا چپٹی ہے۔ سورج اور چاند گرہن کے اسباب اس نے بتائے۔ ۲۸ مئی ۵۸۵ ق۔م میں جو سورج گرہن واقع ہوا تھا۔ اس نے پیشین گوئی کی تھی۔ اس پیشین گوئی کی صداقت نے اس کو خاص شہرت دی اور اس کا شمار یونان کے ہفت عقلا میں ہوا لیکن خیال یہ ہے کہ اس پیشین گوئی میں اس نے کسی مصری یا کلدانی تقویم سے فائدہ اٹھایا جس میں درج ہے کہ سورج گرہن ۱۸ سال ۱۱ دن کے وقفہ سے پڑتا ہے۔

تھیلس نے جن خیالات کی بنیاد ڈالی تھی وہ تقریباً ۴۰۰ ق۔م تک قائم رہے اس کے مشہور ترین شاگردوں میں انکشا مندر تھا۔ اس نے زمین کا ایک گلوب بنایا۔ شہر اسپارٹا کا طول البلد معلوم کیا۔ ایک دھوپ گھڑی بنائی۔ جوں جوں زمانہ گزرتا گیا تھیلس کے شاگردوں کا رجحان فلسفہ کی جانب بڑھتا گیا اور آہستہ آہستہ علم ریاضیات فیثا غورث اور اس کے شاگردوں میں منتقل ہو گیا۔

(باقی)

پروجکٹ متھڈ

از

جناب لیاقت علی خاں صاحب مددگار مدرسہ وسطانیہ شاہ ملینڈ

تمہید اصل مضمون کا فوری آغاز ضرورت و مقاصد تعلیم پر روشنی ڈالے بغیر شاید ایک غیر منطقی سلسلہ ہو جائے۔ اس لئے اولاً ہم دو امور پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہوئے اصل مبحث پر غور کیا جائے گا۔

تعلیم کی ضرورت انسان مدنی الطبع ہے۔ سماج سے الگ ہو کر کسی کا وجود ممکن نہیں جو سچ پوچھئے تو معاشرہ کا رکن بننا ہی انسان کو انسان بناتا ہے۔ اقبال مرحوم کہتے ہیں۔

فرد قائم ربط ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں — موج ہے دریا میں بیرون دریا کچھ نہیں

جہاں فرد کو سماج سے اتنا گہرا تعلق ہے وہیں معاشرہ کا سارا نظام اور اس کی تشکیل افراد کے منظم اور مشترکہ عمل پر منحصر ہے۔ گویا سماج کا قیام و بقاء اور اس کا تحفظ نہ صرف افراد کو چاہتا ہے بلکہ ایسے افراد کو جن کی شعوری تنظیم خاندان حکومت وغیرہ جیسے اداروں نے کی ہو تبھی سے اس امر کی ضرورت کا پتہ چل گیا کہ معاشرہ پر اس کے تحفظ و بقاء کے لئے افراد کی تعلیم اور تشکیل شخصیت کا بار عائد ہوتا ہے تاکہ وہ اپنی مختلف فطری قوتوں کو اس طرح استعمال کر سکیں کہ خود کو بھی فائدہ پہنچ سکے اور معاشرہ کو بھی ورنہ عدم تشکیل شخصیت کی صورت میں نظام معاشرہ کا درہم برہم ہونا ایسا ہی ہے جیسے پرزوں کے الگ ہو جانے اور مزدوروں کے گھر بیٹھ جانے پر ایک مشین اور ایک کارخانہ کی بے خیریت ہی ہے۔

تعلیم کا مقصد: تعلیم کی ضرورت کو تسلیم کر چکنے کے بعد مناسب ہے کہ مقصد تعلیم پر نظر ڈالی جائے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ فی زمانہ ہمارے گردوپیش مختلف طبقات کے لوگ مقصد تعلیم کے متعلق مختلف خیالات رکھتے ہیں اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان پر تنقیدی نظر ڈالتے ہوئے ایک جامع و مانع مقصد تعلیم کا تعین کیا جائے جو جملہ دیگر مقاصد پر حاوی ہو اور اس کی روشنی میں پروجکٹ متھڈ کے حسن و قبح کو جانچا جائے۔

(۱) تعلیم کا مقصد ایک اوسط درجہ کے انسان کے پاس یہ ہے کہ طلبا آئندہ اپنے پیشوں سے متعلقہ فرائض بہتر طریقہ پر انجام دے سکیں تعلیم کا یہ مقصد فی نفسہٖ ادنیٰ ہونے کے علاوہ تعلیم کی غرض و غایت کا کل نہیں بلکہ ایک جزو ہے۔

(۲) معلمین کے نقطۂ نگاہ سے بھی اگر امتحان پاس کرنا تعلیم کا مقصد ہو تو بھی فقط معلومات

کا کیڑا بن جانے اور دیگر اوصاف حمیدہ سے معرّا رہنے کے سبب انسان مکمل نہیں ہو سکتا۔

(۳) تعلیم کا مقصد بعض کے نزدیک دستار فضیلت کا حاصل کرنا ہے۔ تو ظاہر ہے کہ محض علم و فضل کا وجود جو کسی مفید علمی کام میں نہ لایا جا سکے محض بے سود ہے۔

(۴) بعض کے نزدیک تعلیم کا مقصد جسمانی۔ دماغی۔ جمالی (Aesthetic) اور اخلاقی متوازن ترقی ہے۔ گو یہ مقصد انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں پر حاوی ہے لیکن متوازن ترقی کی شرط اس قدر کٹھن ہے کہ تعین نصاب کے بارے میں بڑی ہی مشکلات پیش آئیں گی۔

ظاہر ہے کہ مذکورہ بالا مقاصد اپنے حدود کے اعتبار سے جامع نہیں۔ ضرورت ہے کہ دور جدید کے تعلیمی رجحانات پر نظر رکھتے ہوئے ایک ایسے مقصد کا تعین کیا جائے جو اپنی جگہ جامع و مانع ہو۔

مصلحان تعلیم اس امر پر متفق ہیں کہ تعلیم کا مقصد اصلاح سیرت ہے پس یہ نتیجہ نکلا کہ انسان کی اصلاح سیرت اس طرح کی جائے کہ وہ جماعت کو نفع پہنچا سکے اور ایک مفید شہری ثابت ہو۔ قوم و ملّت کی خدمت کر سکے۔ انجام دہی فرائض کے بارے میں کلیتہً عملی ہو۔

مقررہ مقصد تعلیم و رجحان کی روشنی میں اب پروجکٹ متھڈ کا تجزیہ اور اس کی ضرورت یا عدم ضرورت سے بحث کی جائے گی۔

لیکن اس سے قبل ہی مناسب ہے کہ چلتے ہوئے جان ڈیوی John Dewey کے خیالات اور حالات کا مختصراً جائزہ لیا جائے تاکہ ہم پروجکٹ متھڈ کو جس کے فلسفی تعلیمی خیالات کا یہ نتیجہ ہے خاطر خواہ سمجھ سکیں۔

مسٹر جان ڈیوی کے حالات

مسٹر جان ڈیوی (Dewey) ۲۰ر اکتوبر ۱۸۵۹ء کو برلنگٹن ورمون میں پیدا ہوئے۔ یہاں سے فارغ التحصیل ہو کر ۱۸۸۸ء اور ۱۸۹۴ء کے درمیان وہ منی سوٹا میچی گن اور شکاگو میں استاد فلسفہ مقرر ہوئے اسی ملازمت کے دوران میں مشاغل تدریس کے جو اصول انہوں نے تجربہ کی بنا پر قائم کئے اس کی وجہ سے امریکہ کی تعلیمی دنیا میں ایک انقلاب عظیم پیدا ہو گیا حتیٰ کہ جامعہ پیکن میں دو سال تک فلسفہ و تعلیم پر ان کے لکچر ہوتے رہے۔ حکومت ترکی نے ان کو

قومی مدارس کے متعلق رپورٹ پیش کرنے کی دعوت دی۔ اس کے بعد ۱۹۰۴ء میں جامعہ کولمبیا میں یہ پروفیسر فلسفہ مقرر ہوئے۔ فی الوقت گو وہ تعلیم سے علٰحدہ ہیں لیکن زمانہ کے فکر و خیال پر ان کا کافی اثر پڑنے لگا ہے۔

مسٹر ڈیوی نہ صرف ایک رائے زن فلسفی ہیں بلکہ ایک باعمل سائینسدان

مسٹر جان ڈیوی کے خیالات

بھی دیگر مصلحان تعلیم کی طرح ڈیوی کا دماغ بھی اپنے گرد و پیش کے مدارس کے حالات سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہا۔ اور شاید یہی تاثر تھا جو شکاگو کے آزمائشی مدرسہ کی صورت میں عملی طور پر جلوہ گر ہوا۔

ڈیوی کو دور حاضرہ کے مدارس حتیٰ کہ گلشن اطفال پر بھی ایک بنیادی اعتراض یہ ہے کہ یہ مدارس غیر معمولی تغیرات کا ساتھ نہ دے سکے جو صنعتی انقلاب کے باعث سوسائٹی میں پیدا ہوگئے۔ وہ اس حقیقت کو اپنی کتاب اسکول اینڈ سوسائٹی میں اس طرح ظاہر کرتے ہیں:۔

دست ورزی کے تمام کاروبار کا مرکز عموماً گھر ہی ہوتا تھا یا گھر کے اطراف میں تمام چیزیں بنتی تھیں۔ پہننے کے کپڑے زیادہ تر گھر ہی میں بنتے تھے۔ گھر کے لوگ بھیڑ کے بال کترتے۔ اون کو صاف کرتے۔ اور کاتتے۔ اور کارگہ میں پارچہ بافی کرتے۔ ایک بٹن دبا کر گھر کا کونہ کونہ بجلی کی روشنی سے منور کرنے کے بجائے روشنی حاصل کرنے کا پورا کام اس کے پیش نظر ہوتا تھا یعنی جانور کو ذبح کرنے اور چربی نکالنے سے لے کر بتیاں بنانے اور موم میں تر کرنے تک۔ ضرورت کی تمام چیزیں۔ لکڑی غلہ گھر بنانے کا سارا سامان۔ میز کرسی۔ فرش فروش حتیٰ کہ دھات کے تار کیلیں ہتھوڑے وغیرہ سب پڑوس ہی میں تیار ہوتے تھے اس کی روزمرہ زندگی تعلیمی اعتبار سے زیادہ مفید تھی۔ وہ گھر کے کام کاج میں حصہ لیتا تھا۔ اس لئے اس کے خصائل کی بلا ارادہ تعمیر ہو جاتی تھی۔"

لیکن صنعتی انقلاب نے ہماری موجودہ سماجی زندگی میں ایک اہتم بالشان انقلاب پیدا کر دیا ہے دور جدید کا بچہ جو اشیائے مصنوعہ کی دنیا میں رہتا ہے وہ یہ ٹھیک طور پر نہیں جانتا کہ یہ چیزیں کہاں بنتی ہیں اور کہاں سے آتی ہیں اس کو سلے سلائے کپڑے پہننے کو مل جاتے ہیں۔

مگر وہ یہ نہیں جانتا کہ کپڑے کہاں اور کس طرح بُنے جاتے ہیں۔ صبح و شام اس کی میز پہ پکے پکائے کھانے چنے ہوئے نظر آتے ہیں لیکن وہ اناج کی صورت بھی نہیں پہچانتا جس مکان میں وہ رہتا ہے۔ وہ گیس سے منور ہے۔ جو دیا سلائی دکھانے سے جل اٹھتی ہے یا بجلی سے بقعۂ نور بن جاتا ہے۔ جو ایک گھنڈی دبانے سے روشن ہو جاتی ہے۔ کہا جا سکتا ہے کہ نصف صدی قبل کے بچے زیادہ خوش قسمت تھے کیوں کہ ان تمام چیزوں کو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھتے تھے۔

لیکن یہ بالکل سچ ہے کہ اب تک اس صنعتی انقلاب کا لحاظ کسی بھی ملک کے مدارس کے تعلیمی ماحول میں نہیں رکھا گیا۔

ڈیوی کا کہنا ہے کہ صنعتی تعلیمی کا رجحان جو مدارس میں پایا جاتا ہے اس کی تعمیل بے دلی اور غیر مربوط طور پر ہوتی ہے۔ گویا دوکان کا کام دہندا۔ امور خانہ داری مثلاً سینا پرونا کھانا پکانا۔ یہ تمام باتیں یہ سمجھ بوجھ کر اور قصداً نہیں کی جاتیں کہ مدرسہ کا اولین فریضہ یہ ہے کہ اس عنصر کو پورا کرے جو قبل ازیں گھر پر پورا ہوتا تھا۔ گویا اب بھی قدیم کتابی مضامین درس و تدریس کے خاص موضوع ہیں اور کمرہ جماعت صرف لکچر دینے اور سننے کے لئے بنائے گئے ہیں۔ طلبا کو اکتساب بالعمل کا موقعہ ملتا ہی نہیں۔ بچوں کی اجتماعی تعلیم پر زور دینے کا نتیجہ ہے کہ ان کی عقلی ایجاد ماؤف ہو جاتی ہے۔ اور سب سے بڑی یہ بات ہے بچہ کی اخلاقی یا معاشرتی تعلیم یعنی بچہ کو سماج کا رکن بننے اور اپنے فرائض زندگی انجام دینے کی صلاحیت موجودہ مدرسہ کے ماحول میں پیدا نہیں کرائی جاتی کیونکہ یہ چیز تو اسی وقت پیدا ہو جب کہ افراد کسی سوسائٹی کے مشترک مقصد اور ضرورتوں میں منظم طور پر اتحاد عمل کریں۔

موجودہ مدارس پر ان اصولی اعتراض کے بعد ڈیوی اپنے نظریات یوں پیش کرتے ہیں "مدرسہ عین زندگی ہے" یہ کہنا کہ "مدرسہ زندگی کی تمہید ہے" کچھ زیادہ قابل اعتنا نہیں۔ اسی لئے وہ چاہتے ہیں کہ مدرسہ اور سوسائٹی کو باہم شیر و شکر کر دیا جائے۔ گھر کی طرح مدرسہ بھی سچ مچ کی معاشرت ہو جہاں انہیں اس امر کا احساس ہو کہ ہر کام میں وہ برابر کے شریک ہیں۔ اور ان کی محنت و جانفشانی پر سب لوگوں کے کام کی کامیابی کا انحصار ہے ظاہر ہے کہ اس تخیل کے لئے نہ صرف موجودہ نفس مضامین ہی میں ردوبدل

لازم آئیگا ملکہ طرز تعلیم بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہے گا۔

ڈیوی کا خیال ہے کہ ان نقائص کا ارتفاع متداولہ مضامین کے بجائے صنعتی مصروفیتوں کو فروغ دینے سے ہوسکیگا۔ کیونکہ کمرۂ جماعت میں خاص قسم کی ڈسک پر بیٹھ کر استاد کا سبق چپ چاپ بیٹھ کر سننے اور یاد کر لینے والے طلبار دنیا میں کوئی کام کرنے نکلیں تو ظاہر ہے کہ انہیں بڑی دشواری پیش آئیگی۔ ایسے طلبار سے ہم یہ امید نہیں کر سکتے کہ وہ صنعتی کاموں سے دلچسپی لیں گے اور نہ مزدوروں کے متعلق ان کے دل میں کوئی عزت قائم ہوسکتی ہے نہ وہ اپنے ہاتھوں سے کسی بیماری میں پھنسے ہوئے شہر کے باشندوں کو عالمگیر تباہی سے بچانے میں کوئی عملی امداد کر سکتے ہیں۔ نہ وہ بیوپاری دنیا کا کوئی عملی جزو بن سکتے ہیں۔ نہ وہ عملی سائنسدان ہی بنتے ہیں نہ ان میں اپنی جان جوکھوں میں ڈال کر دنیا کے لئے سکون و قرار فراہم کرنے کی صلاحیت ہی مہیا ہوسکتی ہے۔ کیوں کہ ان کا نصاب تعلیم روکھی پھیکی پابندی رسم کی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا۔ ان کی تعلیم کا زندگی سے کوئی تعلق نہ تھا۔ نصاب میں تعلیمی مضامین کی بھرمار رہی۔ لامحالہ ایسے تعلیم پائے ہوئے طلبار کو سوشل سروس سے دور کا بھی تعلق نہیں ہوسکتا۔ جو تعلیم کا مقصد اعلیٰ ہے۔

الغرض۔ پروجکٹ متھڈ جان ڈیوی ہی کے ان ہی فلسفی خیالات کا کارنامہ اور موصوف کی مذکورۂ بالا اصلاحات کے عملی خاکہ کا آئینہ ہے جو مسٹر موصوف کے پیرو مسٹر کل پیٹرک اور دوسروں کا نشو و نما کردہ اور امریکی مدارس میں جاری کردہ ہے۔

پروجکٹ کی تعریف ڈاکٹر ریڈنار کی لوز نے پروجکٹ کی تشریح یوں کی ہے:۔ انگریزی میں پروجکٹ کے معنی اس ارتباط باہمی کے ہیں جو مرکزی مضمون اور مضامین کے درمیان پیدا کیا جا سکے جن کو کہ طالب علم سیکھتا ہے۔

پروجکٹ متھڈ کیا ہے اس طرح پروجکٹ متھڈ سے ایک خاص فلسفۂ تعلیم یا اصول مراد ہے جو بچہ کو ہر پہلو سے تربیت دینے کے اعلیٰ طریقوں سے واقفیت دلاتا ہے۔ اس اصول میں بچہ کو ہر بات میں مرکز بنایا جاتا ہے اور جملہ مشاغل کو اسکی

ذات سے منسوب کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ طلبا ر کو خود کام کرنے سوچنے اور تجاویز اختیار کرنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ اس طریقہ میں استاد بچہ کو بہت کم تبلاتا ہے۔ بچہ کے سامنے کوئی کام یا مسئلہ پیش کر دیا جاتا ہے۔ بچے اس کی تکمیل میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ یہ کام یا مسئلہ مرکزی مضمون کہلاتا ہے۔ اور اس مرکزی مضمون کو ان مضامین سے مربوط کیا جاتا ہے جن کو طالب علم سیکھتا ہے۔

پروجکٹ متھڈ کی تشریح کے لئے چند مثالیں اور طریق ارتباط

مناسب ہے کہ اوپر کے بیان کو چند مثالوں سے واضح کیا جائے
مثال نمبر (۱) فرض کیجیے کہ طلبا نے مرکزی مضمون "کان کنی" تجویز کیا ہے۔ اب اس کے چلانے کی صورت یہ ہوگی کہ معلم سب سے پہلے ان ضروری چیزوں کی فہرست تیار کرے گا جس سے کہ بچوں کو اس مضمون کی تعلیم کے دوران میں واقف ہونے کی ضرورت ہے کام کے دنوں کا بھی اندازہ کرے گا۔ بچوں کی امداد یا مناسب مقامات سے کان کنی کی متحرک یا غیر متحرک تصاویر حاصل کرے گا۔

سب سے پہلے عام حیثیت سے طلبا میں اس پر بحث مباحثہ ہوگا۔ اس کے بعد متعلقہ قصے پڑھنے ہوں گے۔ بچوں کو اشکال بتائی جائیں گی۔ وہ خرید کردہ ضروری اشیار کی مدد سے میز یا زمین پر کانیں قائم کریں گے۔ کارخانوں وغیرہ میں خرچ ہونے والے کوئلہ کا حساب لگایا جائے گا۔ اسی ضمن میں دیگر ممالک کے کان کنی کے واقعات کا تذکرہ کیا جائے گا اس طرح ایک ہی مضمون میں جغرافیہ تاریخ۔ حساب۔ خواندگی۔ نقشہ کشی دستی مشاغل کی عملی تعلیم کا ارتباط ہوگا۔

دوسری مثال

فرض کیجئے جماعت اول کے لڑکے مکان بنانے کی پروجکٹ پر عمل کریں اور وہ ۵ × ۴ × ۳ فٹ کا ہو۔ دوران تعمیر میں کمرے کی لمبائی چوڑائی۔ دیواروں کی موٹائی پیمائش کے لئے پیمانوں کا استعمال۔ اینٹوں کی تعداد گننے اور ان کے خرچ کا اندازہ لگانے سے حساب کی خاصی مشق ہوگی۔ گھر کے متعلق کہانیوں کے سلسلہ میں قصہ گوئی اور خواندگی کے اسباق مربوط ہوں گے۔ گھر کا

خاکہ کھینچنے ۔ گھر کے آرائشی برتن کے نمونے بنانے سے ڈرائنگ کی مشق ہوگی ۔ مکان کے دروازے کھڑکیوں سے حفظ صحت ۔ ہوا اور روشنی کے معلومات حاصل ہوں گے ۔ گھر کا آرائشی سامان تیار کرتے وقت دستکاری کی تعلیم ہوگی ۔

گو یہ منصوبہ دیر میں ختم ہوگا لیکن اس کے طلبا راتنے معلومات حاصل کر سکیں گے جتنے معمولی نصاب سے نہیں حاصل کر سکتے ۔

ایک اور کم خرچ مثال فرض کیجئے اسی جماعت اول کے طلبار نے عید کے موقع پر تحفہ بھیجنے کا منصوبہ تجویز کیا ۔ اس سلسلہ میں اشیار باندھنے کا طریقہ ۔ بکس کی تیاری گویا دستکاری کی تعلیم ۔ پتہ اور اسی سلسلہ میں خط لکھنے سے خط نویسی اور مضمون نگاری کی تعلیم نقشہ میں روانگی پارسل کے راستہ پر غور کرنے سے ندی پہاڑ ۔ ریلوے لائن کے نظر سے گذرنے سے جغرافیہ اور پارسل تولنے اور خرچہ ڈاک کے جوڑنے سے حساب کی تعلیم ہو جاتی ہے ۔ یہاں اس موقعہ پر یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ مضامین کے ساتھ مرکزی مضمون کو ممکنہ طریق سے مربوط کیا جائے اس میں خواہ مخواہ کی کھینچ تان سے پرہیز کیا جائے اور نہیں تو شائد طلبار کی دلچسپی باقی نہ رہے ۔

پروجیکٹ متھڈ کے چلانے کے متعلق چند عملی ہدایتیں اس کی ضرورت نہیں کہ اسکول ٹائم کا بہت سا وقت صرف ہی کر دیا جائے ۔ بلکہ بقول ڈاکٹر کلپیٹرک ہفتہ میں ایک پیریڈ آنا دآنا طریقہ پر کام کرنے کے لئے مخصوص کیا جائے تو مناسب ہے ۔ ابتدا میں پروجکٹس آسان ہوں ۔ جو چند گھنٹوں میں ختم ہوں ۔ بعض پروجکٹ کئی ہفتوں بلکہ شائد سال بھر چلیں گو یا یہ چیز ان کی دلچسپی اور زندگی سے اسی قدر گہرے تعلق پر منحصر ہوگی ۔ اور تعلیمی اعتبار سے بھی اسی قدر اہم اور ہمہ گیر ۔

پروجکٹ کا انتخاب طلبار خود کریں ۔ کیونکہ لڑکے جب پروجکٹ کو خود محسوس کریں اور خود ہی انتخاب کریں تو جتنا زیادہ وہ خود ہی محسوس کریں گے ۔ اتنی ہی اچھی طرح وہ ان کی تکمیل کی تدابیر سوچنے اور ان کو عملی جامہ پہنانے کے لئے تیار ہوں گے ۔ یہ بھی ممکن ہے کہ طلبار کسی مخصوص جماعت کے ہوں ۔ یا سارے اسکول کے لڑکے بھی حصہ لے سکتے ہیں ۔ پروجکٹ

انتخاب کی صورت یہ ہوگی کہ مدرس ہر طالبعلم کو اپنا سوچا ہوا پروجکٹ پیش کرنے کا موقعہ دیگا لیکن اس موقعہ پر یہ چیز اچھی طرح یاد رہے کہ منصوبہ مقرر کرنے سے پہلے طلبار کی انفرادی اور اجتماعی دلچسپیوں کی اچھی طرح جانچ کرلی جائے اس جانچ کا معیار درجہ بندی کے جانچ کے معیار کی طرح نہ ہوگا۔ بلکہ طلبار کے سامنے مختلف قسم کے مہیجات پیش کرکے ان کے جوابی حرکات اور مخصوص رکاوٹوں کا غور سے مطالعہ کیا جائے۔ اور جب موقعہ استاد اپنے اشارات سے طلبار کی رہبری کرے غرض طلبار کے پیش کردہ پروجکٹس تختہ سیاہ پر لکھے جائیں۔ پیش کنندہ طالبعلم اپنے پروجکٹ کی تائید میں دلائل پیش کرے۔ اور طریق تکمیل بھی سمجھائے۔ نیز جماعت کے فائدہ کو بھی واضح کرے۔ اس کے بعد ساری جماعت کو پروجکٹس پیش شدہ کے متعلق بحث کا موقع دیا جائے۔ شائد انتخاب منصوبہ ہی کے لئے کئی دن صرف ہو جائیں۔ اس طرح صرف دو یا تین عنوان باقی رہ جائیں۔ ان میں سے بھی کسی ایک پر جماعت متفقہ طور پر کسی نتیجہ پر پہنچے۔ مناسب یہی ہے کہ آخری انتخاب لڑکوں ہی کی طرف سے ہو۔ اس لئے کہ منصوبہ تمام جماعت یا گروپ کا مشترکہ ہونا چاہیئے۔ جملہ افراد اسے قبول کریں۔ تاکہ اس کی تکمیل کے لئے سب کی رفاقت اور اعانت حاصل ہو سکے۔

مدرس کو اس بات کا خیال ضروری ہے کہ وہ اس بات کا لالچ نہ کرے کہ اپنی امداد سے کام کو خوش وضع بنائے۔ کیونکہ پروجکٹ کا مقصد کوئی اچھا کام کرکے دکھانا نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ طلبار زیادہ سے زیادہ علم حاصل کریں اور اپنی آئندہ زندگی کی ضرورت کو انجام دینے کی صلاحیت پیدا کریں۔ اسی ضمن میں مضامین نصاب کی تکمیل بھی ہو لے۔ ادھورے نتیجہ سے بھی حقیقی علم کی کافی مقدار حاصل ہو سکتی ہے۔ مثلاً یونائٹڈ مشن ہائی سکول کلکتہ میں جماعت ششم کی لڑکیوں کو مٹی کے برتنوں اور کھلونوں کے رنگنے کا شوق پیدا ہوا شروع میں تو انہوں نے ان اشیار کو رنگ سے لتھڑ ہی دیا لیکن جلدی ہی ان کے دلوں میں ڈزائن کے متعلق سوچنے کا خیال پیدا ہوا اپنسار دگرد خوبصورت ۔ یا کا انہوں نے مشاہدہ شروع کیا ایسا کرتے ہوئے انہوں نے بنگالی زبان کے حروف تہجی کی بناوٹوں سے خوبصورت طبع زاد زیبائشی نمونے تیار کئے۔ غرض پروجکٹ متعدد کا استاد طلبار کے بھدے نمونوں کے بارے میں پست ہمتی کا

باعث نہو بلکہ ان کی ہمتوں کو اکسائے اور یہی چیز ان کے لئے مزید حصول علم کا باعث ہوگی اس طرح پروجکٹ کے تعلیمی فوائد کو مدرس ہمیشہ اپنی نگاہ میں رکھے اور اس بات کا خیال رکھے کہ ہر ایک طریقۂ عمل سے انتہائی درجہ کا علم حاصل کیا جا سکتا ہے۔ نیز مدرس کی نظر بڑے سے بڑا تعلیمی فائدہ حاصل کرنے پر رہے۔ چنانچہ کسی ماڈل اسکول کی جماعت چہارم کے طلبا نے مٹی کے ماڈل بنائے تجویز ہوئی کہ انہیں پکایا جائے۔ غرض جب یہ پروجکٹ اپنے مختلف منازل کے بعد پایۂ تکمیل کو پہنچا تو طلبا نے مٹی کی اور اشیا زیادہ تعداد میں تیار کرنے اور بڑی بھٹی کی ساخت پر غور کیا۔ استاد کی رہنمائی میں انھوں نے اس سوال پر غور کیا کہ آوے کے طریق عمل کے معلوم ہوجانے کے بعد اب بڑی بھٹی کی تیاری محض تضیع اوقات ہے۔ چنانچہ طلبا نے اس کو ترک کر دیا۔ بڑے پروجکٹس جو جماعت کو ایک میقات یا سال بھر مشغول رکھتے ہوں اور مدرسہ کی تمام تدریس کا مرکز بن جاتے ہوں وہی مدرس انھیں شروع کرے جنھیں کچھ تربیت حاصل ہوچکی ہو یا پروجکٹ متعدد کا تجربہ رکھتے ہوں چھوٹے پروجکٹس جو ایک دن یا ایک مہینہ میں ختم ہوجاتے ہیں۔ مدرسہ کے تمام کام کا مرکز نہیں بنائے جاسکتے ابتدا ایسے ہی چھوٹے پروجکٹس سے کی جائے ضرورت ہے کہ اسباق کے شروع ہونے سے پیشتر مدرس کو اپنی تدابیر خود کافی حد تک سوچنی چاہئیں طلبا کو کلیتہً آزادی دے کر خود کو صرف نگہبانی کے لئے مختص کر دینے میں ناکامی کا امکان ہے وہ کام کے آغاز کے پہلے یہ سوچے کہ اس کے طلبا کون کونسے کام کی خواہش رکھینگے۔ اگر طلبا اس کے سوچے ہوئے منصوبے سے ہٹ کر دوسرا منصوبہ سوچیں تو اسے طلبا کے منصوبہ کو تباہ نہ کرنا چاہئے طلبا کے نامناسب منصوبہ کی صورت میں اپنی مناسب رہنمائی سے وہ انہیں اس نتیجہ پر پہنچائے کہ ان کا اختیار کردہ راستہ غلط ہے۔

اپنے منصوبہ کو اپنے الفاظ میں قلمبند کرنا نہایت فائدہ مند ہوتا ہے۔ طلبا کو سکھایا جائے کہ اپنی پروجکٹ کی تجویز کو خاکہ کی صورت میں تیار کریں۔ تعمیری پروجکٹ میں مطلوبہ شے کی ڈرائنگ یا مقررہ پیمانہ کے مطابق خاکے تیار کئے جائیں۔

پروجکٹ کس طرح ختم ہوتا ہے۔ پروجکٹ کے ختم پر طلبا غور کریں کہ جس منصوبہ کو انہوں نے

مکمل کیا ہے۔ اس سے کیا سبق سیکھا ہے۔ نیز کورس سے متعلق اور زائد از کورس کونسی باتیں حاصل کیں۔ مدرس غور کرے کہ بحیثیت مجموعی جماعت پر اس پروجکٹ کا کیا اثر پڑا۔ نیز انفرادی طور پر اس کا کیا اثر مترتب ہوا۔

پروجکٹ کی کتاب طلبار اپنے ساتھ پروجکٹ کے لئے کتاب رکھیں جس میں پروجکٹ کی ترقی کے مختلف مدارج کا ذکر کریں۔ کتاب میں اچھی تصاویر درج کی جائیں۔ خاص امور کی تحقیق۔ پروجکٹ کے مختلف حصوں کے متعلق ضروری ہدایات وحالات درج ہوں۔

جماعت کا ریکارڈ اس کتاب کے علاوہ جماعت کی خاص کتاب میں پروجکٹ سے متعلقہ تصاویر چسپاں کی جائیں جو جماعت کا مستقل ریکارڈ یا یادداشت کا کام دے گی اس کتاب میں طلبار اپنی واقفیت کو یکجا کرکے پروجکٹ سے متعلقہ نئی عادات۔ متعلقہ حقیقتیں۔ تحقیقاتی نتائج۔ دستی کام کے ریکارڈ۔ اپنے کام کا خلاصہ۔ امر زیر غور کا خاکہ درج کریں۔ یہ کتاب اشاعت معلومات کے لئے لائبریری میں دیجاسکتی ہے۔

اسکول کی انجمن اختتام پر اسکول کی انجمن منعقد کی جائے۔ جماعت اس انجمن میں اپنے معلومات بیان کرے طلبار اس انجمن کا پروگرام بنائیں۔ طلبار اپنی پروجکٹ کی کتاب سے اپنی چیدہ چیدہ رپورٹیں سنائیں۔ متعلقہ چارٹس و تصاویر دکھائی جائیں۔ پروجکٹ سے متعلقہ کہانیاں سنائی جائیں۔ حاصل کردہ واقفیت کا خلاصہ بیان کیا جائے۔ یہ چیزیں دوسرے طلبار کے شوق کا باعث ہونگی۔

پروجکٹ کے چند فوائد

۱۔ اس طریقہ سے مطالعہ اصل زندگی سے مربوط ہوتا ہے۔

۲۔ طلبار کو انتخاب کرنے اور زبردست ارادے کرنے کا موقع ملتا ہے۔

۳۔ خود اعتمادی۔ خود اختیاری۔ اور اپنے فیصلے آپ کرنے کی تربیت ہوتی ہے۔

۴۔ موثر طریقے سے اکٹھے مل کر کام کرنا سیکھتے ہیں۔

۵۔ دور اندیشی اور استدلال کی صفت پیدا ہوتی ہے۔

۶۔ اچھے شہری بننے اور ملک کی خدمت کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔
۷۔ کسی نئے کام میں پہل کرنے قصد کرنے اور ذمہ داری کا مادہ پیدا کرنیکا ایک ذریعہ ہے۔
۸۔ مدرسہ کی زندگی سے لطف اندوز ہوتے ہیں جس سے بچوں کو کبھی پھیکی نہ معلوم ہوگی
۹۔ الجھن کو درست کرنے کی صلاحیت پیدا ہوگی۔
۱۰۔ بہبودی خلق کے کاموں میں حصہ لینے کی عادت پیدا ہوگی۔
۱۱۔ کمزور اور غیر حاضر باش لڑکے۔ پابند بن کر خوشی سے کام کرکے تعلیم سے مستفید ہوتے ہیں
۱۲۔ مل کر کام کرنے سے تعمیر خصائل کے امکانات کافی حاصل ہونگے۔
۱۳۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ زندگی ایسے طالبعلم کے لئے کچھ اچنبھا نہیں رہتی۔
۱۴۔ گلشن اطفال کے بانی مسٹر فروبل کے طریقہ تعلیم میں ابتدائی تعلیم کی جھلک ہے اور میڈم میریا مانٹی سوری کا طریقہ تعلیم انفرادیت اور آزادی کا حامل ہے لیکن پروجکٹ میں اجتماعی اور انفرادی دونوں خوبیوں کا امتزاج ہے۔

چند اعتراض منصوبہ کے مخالفین کا سب سے اہم اعتراض یہ ہے کہ اس سے نصاب زیروزبر ہوجائیگا منصوبہ گروں کا یہ جواب ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ نصاب زیروزبر ہی ہوجائے۔ اگر ہو بھی تو چنداں مضایقہ نہیں۔ کیونکہ نصاب کی غیر موزونیت کو عام طور پر محسوس کیا جاتا ہے۔ اب رہا یہ سوال کہ نصاب کے جو حصے منصوبہ کے دائرہ میں نہیں آتے۔ وہ نامکمل رہ جاتے ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ ان کو دوسرے طریقہ سے مکمل کر لیا جائے۔

بعض دشواریاں اول اول تجویز کا خاکہ تیار کرنے اور ان کو عملی جامہ پہنانے میں بڑی دشواریاں رونما ہوتی ہیں۔ لیکن یہ دشواریاں تجویز کا خاکہ بنانے اور ان پر عمل کرنے سے خودبخود بتدریج راستہ سے ہٹتی ہوئی نظر آئیں گی۔ استاد

مطلوبہ واقفیت کتابوں۔ رسالوں کے مطالعہ۔ یا کسی واقف کار شخص وغیرہ سے تبادلۂ خیالات کرکے یا کسی ماہر آدمی سے خط و کتابت کرکے حاصل کرے سب سے ضروری یہ کہ کسی ایسے مدرسہ کا معائنہ کرے جن میں اس نئے طریقہ پر عمل درآمد ہو۔

آخر میں منصوبات کی ایک مختصر فہرست نمونتہً درج ہے۔

فہرست منصوبات دکان کا کھیل۔ ٹپہ خانہ۔ مکان بنانا۔ مرغی کی پرورش۔ گھر کی خوراک گڑیا گھر۔ کسی دعوت کا انتظام۔ باغبانی۔ گنڈی پیٹ۔ بنک چلانا علی بابا یا کوئی تعلیمی ڈراما۔ دسہرہ یا عید الفطر۔ مدرسہ کا اخبار یا رسالہ جاری کرنا۔ کپاس گنّا۔ بکریوں کی اون۔ کھالیں۔ تیل کے بیج کا مطالعہ۔ ترکاری۔ دعوت نامہ کی ترتیب۔ جلد سازی۔ کاغذ تراشی۔ وغیرہ

کمرۂ جماعت میں ضبط اور مدرس کا کام[لہ]

از

جناب شمس الحسن صاحب زبیری صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ چیلی پورہ اورنگ آباد

سب سے پہلے ہمیں لفظ ضبط کی تفسیر کردینی ضروری ہے۔ عموماً اس کے معنی قابو میں لانا یا اطاعت و نظم کی ترتیب کرنا ہیں۔ اس کے اصطلاحی معنی ہیں "مدرسہ کے بچوں میں نظم قائم رکھنا اور ان کی اخلاقی و ذہنی تربیت کرنا"۔ ضبط کمرہ جماعت سے ہمارا مطلب وہ قابو ہے جسے مدرس طلبائے جماعت پر قائم رکھکر کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ مفید کام انجام دے کرۂ جماعت میں ہر لمحہ استفادہ و اصلاح میں صرف ہو۔ جماعت میں مدرس حصول علم اور تجارت کا سرچشمہ ہونے سے سلسلۂ دین کی ایک زندہ مثال ہوتا ہے اور اسے بلا تصنع خود کو ہی ثابت بھی کرنا چاہئے۔

ضبط مدرس ایک مستقل مسئلہ ضبط ہے جس کا انحصار مندرجہ ذیل امور پر ہے:۔

۱۔ مدرس کی شخصیت

لہ۔ یہ مضمون بتاریخ ۲۹ مردی ۱۳۴۰ف کانفرنس انجمن اساتذہ ضلع اورنگ آباد میں پڑھا گیا۔

۲۔ مدرس کے اطوار و انداز۔

۳۔ مواد درسی کا انتخاب

تشریح (۱) مدرس کی شخصیت
شخصیت ایک فطری ودیعت ہے اور ہم اسے بہتر بنانے کے لئے کچھ بھی نہیں کر سکتے تاہم اچھی شخصیت کے کم کرنے والے عادات و اطوار کو روکنے کے لئے ہم بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ میرا اشارہ یہ ہے کہ بعض اوقات ہم میں ایسی بری عادتیں پڑ جاتی ہیں جو ہماری شخصیت کے اثرات کو زائل کر دینے والی ہوتی ہیں۔ اور ہم ان عادتوں کو ترک کرنے کی سعی کر سکتے ہیں۔

۲۔ مدرس کے اطوار و انداز
مدرس کو جوشیلا ہونا چاہیئے اس کو سبق پوری طرح تیار کرنا چاہیئے جب ہی اسے خود پر اعتماد ہوگا۔ اور بغیر خود اعتمادی کے وہ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا۔ پوری تیاری کا مفہوم مواد جمع کرنا ہے۔ مدرس کا مضمون متعلقہ کا علم کتاب درسی میں دیے ہوئے مواد سے کہیں زیادہ ہونا چاہیئے۔ نوٹ لکھنا نہایت بُرا ہے۔ طلبار کو اس طرح تعلیم دینی چاہیئے کہ انھیں تعلیم حاصل کرنے میں حقیقی مسرت حاصل ہو اور تعلیم کا انسانی زندگی سے سچا ارتباط ہو۔

۳۔ مواد درسی کا انتخاب
اس کا مطلب یہ ہے کہ مدرس سبق کی ایسی ترتیب قائم کرے کہ طلبار کے سامنے مسلسل و منتظم پیش کیا جا سکے۔ انتخاب مواد میں طلبار کی صلاحیت و جبلت کا لحاظ رکھے

طلبار کی توجہ کس طرح حاصل کی جائے
مندرجہ ذیل اشارات کا مدرس کو با احتیاط لحاظ رکھنا ضروری ہے

۱۔ توجہ خود بخود حاصل ہو جاتی ہے اگر مدرس سبق میں دلچسپی پیدا کر دے

۲۔ وقت کا کلیتہً صحیح استعمال ہو اور جماعت کو مفید طریقہ پر مشغول رکھا جائے۔ ناموزوں و فضول سے احتراز کیا جائے۔

۳۔ مدرس کے انداز اور شخصی خصوصیات بھی جاذب توجہ ہوتی ہے۔

۴۔ خود اعتمادی کیسا اپنی شخصیت کا اثر
جماعت کو جو احکام دیے جائیں مناسب ہوں احکام کا بار بار دہرانا طلبار میں

عدم توجہی پیدا کرتا ہے اور ان کی اہمیت کھو دیتا ہے۔ احکام قطعی اور صاف لہجے میں ہونے چاہئیں۔

۵۔ تحکمانہ زبردستی نہیں ہونی چاہیئے دھمکیوں سے حتی الوسع گریز کیا جائے اور اگر ایک مرتبہ دھمکی دی گئی تو اس پر پورا عمل کیا جائے

۶۔ طلباء کے ساتھ ہمدردی اگر مدرس فطرۃً ہمدرد واقع ہوا ہے تو نہایت بہتر ورنہ اسے یہ سیکھنے کی ضرورت ہے کہ ہمدردی کیسے کرنی چاہیئے (طلبا سے ضرورت سے زیادہ توقع رکھنا عبث ہے)

۷۔ آنکھ کا قابو۔ جماعت کے ضبط میں آنکھ کا قابو (EYE CONTROL) نہایت اہم ہے آنکھ کا قابو ضبط جماعت میں بہت اثر رکھتا ہے اس میں دو باتیں شامل ہیں اولاً طلبار کی آنکھوں سے ان کے ذہنی تاثرات کا صحیح مطلب سمجھنا ثانیاً مدرس کی آنکھوں کا صحیح استعمال مدرس کو طلبار کی آنکھوں سے مسلسل تعلق رکھنا ضروری ہے تاکہ طلبار کے اندرونی احساسات کا اندازہ لگا سکے۔ آنکھ کا صحیح استعمال بتا دے گا کہ طلبا سبق میں دلچسپی لے رہے ہیں یا نہیں۔ طلبار کی آنکھیں بتا دیں گی کہ آیا وہ سبق کی طرف حقیقتاً متوجہ ہیں یا محض بناوٹ ہے۔ اچانک دو ایک سوال کر لئے جائیں۔ جوابات سے توجہ و دلچسپی کا پتہ چل جائیگا۔

آنکھیں کس طرف ہیں؟ مدرس پر تختہ سیاہ پر یا کسی اور چیز پر؟ اگر بیشتر طلباء باہر کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ تو صاف ظاہر ہے کہ وہ متوجہ نہیں ہیں اور مدرس کو اپنا طرز فوراً بدل دینا چاہئے۔ طلبار کی آنکھیں صحیح چیز پر بھی جمی ہونی چاہئیں۔ مثلاً جب کہ مدرس کچھ بیان کر رہا ہے تو مدرس پر۔ تختہ سیاہ پر کام ہوتے وقت تختہ سیاہ پر کسی چیز کی تشریح ہوتے وقت اس شئے پر۔ وغیرہ

مدرس کی آنکھ کا صحیح استعمال مدرس کی آنکھیں کمرہ جماعت کے ہر گوشے پر رہنی چاہئیں تاکہ طلبار یہ محسوس کریں کہ مدرس اُن کے خیالات سے بالکلیہ واقف رہتا ہے۔ طلبار کی بے ضرر شرارتیں نظر انداز کر دینی چاہئیں۔ مدرس کی آنکھوں سے اس کی خواہش ظاہر ہونی چاہئے اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ الفاظ کی کفایت ہوگی۔ مثلاً کسی طالب علم کو آنکھ کے اشارے سے باہر جانے کی اجازت دیجا سکتی ہے۔ سوال کرتے وقت مدرس کی آنکھ

کسی خاص طالب علم پر نہیں ہونی چاہئے۔ چونکہ ایسی صورت میں دوسرے طلبا بیکار رہیں گے اسی لئے سوال کرتے وقت اس کی نظر پوری جماعت پر ہونی چاہئے۔ اور کچھ وقفہ کے بعد کسی خاص طالب علم سے جواب دینے کی فرمائش کی جا سکتی ہے۔

مدرس کی آواز بعض مدرسین کی آواز قدرتاً دلکش اور موثر ہوتی ہے۔ جو لوگ ایسی آواز سے محروم ہیں انھیں اس کی تربیت کرنی چاہئے۔ اس سلسلہ میں مدرس کو حسب ذیل امور ملحوظ رکھنے چاہئیں۔

۱۔ پھیپھڑوں کی ورزش ہر فرض شناس مدرس کو سانس لینے کا صحیح طریقہ معلوم ہونا چاہئے سانس ہمیشہ ناک کے ذریعہ لی جائے پھیپھڑوں کو پوری طرح سانس سے بھر لینے کے بعد آہستہ آہستہ سانس خارج کی جائے اس طرح مدرس بلا توقف سلسلہ کلام جاری رکھ سکتا ہے۔

۲۔ آلات صوت یعنی زبان، تالو، ہونٹ وغیرہ کی بھی مناسب ورزش ضروری ہے۔

۳۔ تلفظ کی مشق ح، ع، ص، ق وغیرہ حروف اور الفاظ کے مشکل حصوں کی اچھی طرح مشق کی جائے۔

۴۔ بلند آواز سے پڑھنے کی مشق بلند آواز سے پڑھنے کے اصول کا مطالعہ ہر مدرس کا فرض ہے پڑھائی مترنم، واضح اور رہدروانہ انداز سے ہو۔ آواز کو حسب ضرورت بلند و کم کیا جائے۔

تختہ سیاہ ضبط جماعت میں تختہ سیاہ بھی بڑی اہمیت رکھتا ہے تختہ سیاہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک اسٹینڈ والا دوسرا دیواری ان کے رنگ بھی مختلف ہوتے ہیں یعنی کسرمئی۔ گہرا سبز اور سیاہ سیاہ رنگ بہترین ہے۔

تختہ سیاہ کی جگہ تختہ سیاہ رکھنے کے لئے کمرۂ جماعت کے مختلف زاویوں سے یہ دیکھ لینا ضروری ہے کہ کسی طرف سے اس پر تاریکی یا چمک تو نہیں رہتی مختلف قسم کے خط میں اس پر لکھ کر مختلف مقامات سے یہ بھی دیکھ لیا جائے۔ کہ تحریر ہر طرف سے نظر آتی

اس ضمن میں دو باتیں ہمیشہ یاد رکھنی چاہئیں اولاً تحریر واضح اور صاف ہو اور کمرہ میں ہر جگہ پڑھی جا سکے۔ دوسرے رفتار تحریر۔ تختہ سیاہ پر تیز لکھنے کی مشق ہونی چاہیئے تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔

تختہ سیاہ پر کام شروع کرنے سے پہلے اس کا فیصلہ کر لیا جائے کہ مدرس کے لئے کونسی جگہ سب سے زیادہ مناسب ہوگی۔ تختہ سیاہ اور طلبار کے درمیان مدرس حائل نہ ہو۔ اس کا خیال رکھا جائے کہ تختہ سیاہ پر جو کچھ مدرس لکھ رہا ہے طلبار اس کو اپنی بیاضات میں نوٹ کرتے ہیں۔ بعض اوقات طلبار تختہ سیاہ کی تحریر کی نقل نہیں کرتے بلکہ محض یہ ظاہر کرتے ہیں کہ لکھ رہے ہیں۔ لہٰذا مدرس کو وقتاً فوقتاً دیکھ لینا چاہیئے کہ آیا طلبار لکھ بھی رہے یا نہیں تختہ سیاہ پر لکھتے وقت چاک کی آواز نہ ہونی چاہیئے۔

حفظ صحت: پہلے ہی معلوم کر لینا چاہیئے کہ کم نظر طلبار کون کونسے ہیں اور ان طلبار کے لئے آگے کی نشستیں مخصوص ہونی چاہئیں تختہ سیاہ کی تحریر کام کے ختم پر مٹا دینی چاہیئے یا یہ کام مانیٹر کے سپرد کر دیا جائے۔

تحریر تختہ سیاہ: تختہ سیاہ کی تحریر اور اس کی ترتیب طلبار کے لئے نمونہ ہونی چاہیئے۔ اس کی ترتیب موزوں اور منظم ہو۔ حاشیہ ہمیشہ چھوڑا جائے۔ جس کو خام عمل کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر حاشیہ نہ چھوڑا جائے۔ تب بھی تحریر صاف، خوشنما اور خوش اثر ہونی چاہیئے سطریں ہمیشہ سیدھی ہوں (اچھا مدرس ان باتوں کا ہمیشہ لحاظ رکھتا ہے)

تختہ سیاہ کی توضیحات: توضیحات تختہ سیاہ نہایت خوش نما ہونی ضروری ہیں۔ ان سے طلبار میں دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔ جن اشیار کی تشریح کے لئے طویل جملوں کی ضرورت ہو۔ ان کی توضیح تختہ سیاہ پر کی جا سکتی ہے۔ فضول چیزیں ہرگز تختہ سیاہ پر نہ بنانی چاہئیں۔ بعض الفاظ کی تشریح کے لئے مدرس کا اداکارانہ عمل کافی ہوگا۔ تختہ سیاہ کی توضیح کے لئے صفائی۔ بے ساختگی اور سرعت ضروری ہے کہ وقت ضائع نہ ہو۔

باضابطہ اسکیم: اسے آغاز سبق سے قبل ہی تختہ سیاہ پر لکھ رکھنا چاہیئے اور پورے سبق کا انحصار اسی پر ہو۔ اسے ختم ساعت تک تختہ سیاہ پر رہنا ضروری ہے

چونکہ پورے سبق پر کر نظر ڈلنے میں اس کی ضرورت ہوتی ہے۔ سبق اور طلبار کی عمر کے لحاظ سے اس میں فرق ہونا ضروری ہے۔ چھوٹی جماعتوں میں یہ پورے سبق کی تشریح کرے اور اونچی جماعتوں میں محض اشارات کافی ہوں گے۔ رنگین چاک کا استعمال اونچی جماعتوں کے مقابلے میں نیچی جماعتوں میں زیادہ ہونا چاہئے۔ رنگوں کا انتخاب نہایت اہم ہے جس شئے کی توضیح منظور ہے اس سے مماثلت ضروری ہے۔ گہرے سرخ، اودے، اور سبز رنگوں سے حتی الوسع احتراز کیا جائے۔ چونکہ تختہ سیاہ پر یہ کچھ اچھے نہ معلوم ہوں گے۔ اچھے رنگ زیادہ جاذب نظر ہوں گے۔ رنگ ایسے ہوں جو تختہ کی سیاہ زمین کے مناسب ہوں۔

سوالات موجودہ زمانہ کے مدرس کیلئے سوالات بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ پورے سبق کی ترقی اور جماعت کے کام کا بالکلیہ انحصار انھیں پر ہوتا ہے۔ سوالات طلبار کی اوسط عمر اور سبق کی نوعیت پر منحصر ہوتے ہیں۔ سبق کی تیاری کے درجہ میں یہ نہایت اہم ہیں۔ مگر مدرسین ان کے پجاری نہ بن جائیں۔ درجہ استحضار میں بھی سوالات کو خاص اہمیت حاصل ہے بشرطیکہ سبق مدرس اور طلبار کے باہمی تعاون اور کوشش کا نتیجہ ہو۔ اس موقع پر مدرس کے سوالات یہ جانچنے میں مدد دیتے ہیں کہ آیا طلبار نے نفس مضمون کو سمجھا بھی ہے کہ نہیں؟ اس وقت طلبار کو ممکنہ تنوع بہم پہنچایا جائے اور تاثرات نتیجتاً اظہار کی شکل اختیار کریں۔

سوالات کے لئے دو ضروری شرائط ہیں جو پہلے ہی پورے ہو جائیں۔

(۱) مدرس کا نفس مضمون پر عبور

(۲) نفس مضمون سے طلبار کی واقفیت کا صحیح علم۔

سوال کرنے کے کے لئے مندرجۂ ذیل اشارات خاص طور پر قابلِ لحاظ ہیں۔

(۱) سوال کم سے کم الفاظ کا حامل ہو۔

(۲) سوالات میں تنوع ہو۔

(۳) سوالات واضح، جامع اور سلیس الفاظ میں ہوں۔

(۴) سوالات مخصوص اور محدود ہوں مبہم نہ ہوں۔

(۵) سوالات طلبار کی اوسط قابلیت کے اعتبار سے مناسب ہوں۔

ہوشیاری اور احتیاط سے مرتب کئے ہوئے سوالات اچھی تدریس کی کنجی ہیں۔

سوال کرنے کا انداز

(۱) سوال صاف آواز میں ہو تاکہ سب طلبا سن سکیں۔
(۲) سوال کرنے میں پھرتی چاہیئے مگر ضرورت سے زیادہ تیزی نہ ہو۔
(۳) سوال مطمئن اور ہمدردانہ انداز سے کیا جائے۔ طلبا یہ محسوس کریں کہ اس سے سبق میں امداد مل رہی ہے اور یہ ان کے انکشافات میں معاون ہے۔ وہ یہ محسوس نہ کریں کہ پورے وقت زیر امتحان رہے۔

سوال کرنے کا طریقہ

سوال پوری جماعت سے کیا جائے۔ مدرس کی جگہ مرکزی ہو تاکہ سوال کرتے وقت وہ پوری جماعت کو دیکھ سکے۔ سوال کرتے وقت مدرس کو کسی ایک طالب علم یا جگہ پر نظر نہیں جانی چاہیئے بلکہ اس کی نظر پوری جماعت پر ہو۔ بجز خاص حالات کے جبکہ عدم توجہی دور کرنا مقصود ہو۔ سوالات پوری جماعت پر مساویانہ تقسیم ہوں۔ اور ضرورت سے زیادہ سوالات نہ کئے جائیں۔ جواب دینے میں بعض طلبا بے سمجھے بوجھے بولنے کے عادی ہوتے ہیں۔ طلبا، کی اس عادت کو سختی سے روکا جائے۔ طلبا جو کچھ جواب میں کہتے ہیں۔ اس سے یا تو ان کی قابلیت کا اظہار ہوتا ہے یا وہ مدرس کو جانچتے ہیں۔ اس لئے مدرس کو سخت احتیاط لازم ہے۔ اگر نصف سے تین چوتھائی حصہ جواب نہ دے تو مدرس کو سمجھ لینا چاہیئے۔ کہ سبق اطمینان بخش نہیں ہوا۔ جوابات حاصل کرنے میں مندرجہ ذیل اشارات ملحوظ رکھے جائیں (۱) تمام جوابات پوری جماعت سن سکے (اس پر اصرار کیا جائے)

(۲) جواب سوچنے کے لئے طلبا کو مہلت دی جائے۔
(۳) جوابات حتی الامکان سوالات کی وضع کے مطابق ہوں۔
(۴) جواب کے دوران میں طالب علم کو ٹوکا نہ جائے بلکہ اس کی مدد کی جائے۔
(۵) بلے جوابات کو دوسرے طلبا سے دہروالیا جائے۔ ممکن ہے وہ ساتھ نہ دے سکے ہوں۔

زبان

مدرس کو کمرۂ جماعت میں اپنی زبان پر کافی قابو رکھنا چاہیئے۔ اور جو الفاظ اس کی زبان سے ادا ہوں۔ ان میں بڑی احتیاط برتنے کی ضرورت ہے کسی قسم کی

بھی بدزبانی یا ترش کلامی سخت اعتراض کے قابل ہے۔ کسی مدرس کو کمرہ جماعت میں ہرگز غصہ نہیں آنا چاہئے اور اسے اپنے جذبات اور زبان پر پورا قابو حاصل ہونا چاہئے

مندرجہ ذیل اشارات قابل لحاظ ہیں :-

(۱) **اصول کفایت** اپنے احکام زیادہ موثر بنانے اور وقت کی بچت کے لئے چند لفظی جملے منتخب کرنے چاہئیں۔ مثلاً کھڑے ہو۔ بیٹھ جاؤ۔ ہاتھ اونچے۔ ہاتھ نیچے وغیرہ۔

(۲) **مطلب کے لحاظ سے الفاظ کے مجموعہ کی ادائی** اس کا منشا یہ ہے کہ جملے کے الفاظ کو کئی کئی کرکے ادا کیا جائے کہ بیان میں اثر پیدا ہو اور مطلب سمجھنے میں طلبا کو سہولت۔ روز مرہ کی گفتگو میں بھی جب ایسے لوگوں سے خطاب کیا جائے۔ جن کا ذہن پوری طرح تربیت یافتہ نہیں ہے۔ یہ طریقہ مناسب ہوگا۔ ہر مجموعہ الفاظ کی ادائی کے بعد خفیف سا وقفہ ضروری ہے تاکہ مفہوم طلبا کے ذہن نشین ہوتا جائے۔

(۳) **انگریزی بولنا** انگریزی کی تعلیم کے وقت انگریزی آہستہ آہستہ بولی جائے اور اس کا لحاظ رکھا جائے کہ الفاظ ایک دوسرے میں گڈمڈ نہ ہو جائیں مناسب الفاظ پر زور دیا جائے اور (KEYWORD) خاص طور سے ملحوظ رہنے تشریح کرتے وقت مختلف مترادفات سے احتراز اور طویل جملے بولنے سے پرہیز کیا جائے۔ جوابات کے اعادہ سے زبانی انشا میں مدد ملے گی اور مدرس کو یہ بھی معلوم ہوتا رہے گا کہ طلبا اس کا ساتھ دے رہے ہیں۔

یہ مضمون پوری طرح مشرح نہیں۔ بہت سی باتیں محض مدرس کی سمجھ بوجھ پر منحصر ہیں اور انھیں وہ فطری ذہانت سے سیکھتا ہے۔ ہر چیز کے لئے مسلمہ اصول نہیں پیش کئے جا سکتے

ختم سبق پر مدرس کو اپنے سے یہ سوال کرنے چاہئیں :-

۱۔ آیا جماعت نے کچھ حاصل کیا ؟

۲۔ آیا معلومات میں اضافہ ہوا ؟

۴۔ آیا جماعت نے ترقی کی؟

جماعت کے کام کو کامیاب بنانے کے لئے یہ چند اشارات ممد ثابت ہونگے۔

تیاری سبق کے یہ معنی نہیں ہیں کہ مدرس نفس مضمون کی تیاری کرے۔ بلکہ طلبا کے نقطۂ نظر سے سبق کا تیار کرنا ضروری ہے طلبار کی مشکلات معلوم کر کے ان کا حل سوچنا چاہئے۔ طلبار کے صحیح جوابات کو اگر مدرس دہراتا جائے تو یہ قابل اعتراض ہے جوابات طلبار کو دہرانے چاہئیں نہ کہ مدرس کو۔ وہ مدرس جو طلبار سے خوب کام لیتا ہے اور خود کم بولتا ہے بہترین مدرس ہے۔

اس قسم کے الفاظ کا عادتاً استعمال کرنا جیسے کہ "سمجھ گئے؟ آیا خیال میں؟ مجھے یہ بتاؤ کہ ...... وغیرہ" محض وقت ضائع کرنا ہے۔

ابتدائی جماعتوں میں عبارت پڑھانے سے قبل مشکل الفاظ کے تلفظ کی مشق کرا لینی ضروری ہے تکرار کے طریقہ میں تنوع اور دلچسپی ملحوظ خاطر رہے۔ غیر ضروری اور طویل تشریحات سے گریز لازمی ہے طلبار کو چست و چالاک بنایا جائے مگر مدرس کو اپنی تیزی روکنے کی ضرورت ہے۔ مدرس اپنی توانائی ضائع نہ کرے بلکہ ایسے طریقے معلوم کرے۔ جن کی مدد سے بغیر اپنی توانائی ضائع کئے ہوئے وہ جماعت کو بسہولت قابو میں رکھ سکے۔

روداد سالانہ کانفرنس انجمن اساتذہ مستقر بلدہ

منعقدہ بتواریخ ۵ و ۶ بہمن ۱۳۴۸ف

مرتبہ مرزا ضیاء الدین بیگ صاحب بی اے (عثمانیہ) بی ٹی (علیگ)
ناظم مدارس و معتمد عمومی انجمن اساتذہ مستقر بلدہ

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ کی گیارہویں سالانہ کانفرنس کے اجلاس بتواریخ ۵ و ۶ بہمن ۱۳۴۸ف بمقام مدرسہ فوقانیہ نامپلی بلدہ زیر صدارت عالیجناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی۔ اے (آکسن)، ناظم تعلیمات ملک سرکار عالی منعقد ہوئے۔

کانفرنس کے ضمن میں تعلیمی نمائش بمقام میتھوڈسٹ بائز ہائی اسکول منعقد کی گئی تھی جس کا افتتاح بتاریخ ۴ بہمن ۱۳۴۸ف بوقت ۴½ ساعت شام عالی جناب ناظم صاحب تعلیمات ملک سرکار عالی نے فرمایا۔ بوقت افتتاح عہدہ داران سررشتہ و اساتذہ کی تعداد کافی تھی۔ مدارس تحتانیہ و ثانویہ سے نمائش میں جو سامان وصول ہوا تھا وہ سلیقہ سے جمایا گیا تھا۔

بتاریخ مذکور بوقت ۱۱ ساعت شام بمقام آل سینٹس ہائی اسکول مسٹر ہوس انسپکٹر سٹی پولیس نے بعنوان "حفاظت جان" (Safety First) دلچسپ تقریر کی افسوس ہے کہ شرکاء کی تعداد کم تھی۔

مسٹر ہوس نے عنوان بالا کی صراحت فرماتے ہوئے یہ فرمایا کہ اس کے یہ معنی نہیں کہ ہم صرف اپنی جان کی حفاظت کا خیال رکھیں۔ بلکہ دوسروں کی جان کا بھی لحاظ رکھیں ممالک محروسہ ہندوستان یا دنیا کے کسی حصہ میں آئے دن راستوں پر جو حادثات پیش آتے ہیں ان میں سے زیادہ تر ایسے ہوتے ہیں جو دوسروں کی حفاظت کا احساس نہ کرنے کے سبب سے وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ اساتذہ کو خود معلوم کرنا چاہئے کہ (Safety First) کا کیا مفہوم ہے اس کے بعد طلباء کو اس سے واقف کرانا چاہئے تاکہ آئندہ وہ مفید شہری

ثابت ہوسکیں۔ اس کی تعلیم دینے کا بہترین مرکز مدرسہ ہے۔

اس کے بعد قابل مقرر نے موٹروں کے ہارن کے غلط استعمال اور ان کی روشنی کی تیزی اور ایک ہی روشنی رکھنے اور ہاتھ سے راستہ کا رخ بتا کر فوراً موٹر یا سائیکل کے موڑ دینے کے نتائج کا اظہار فرمایا۔

آخر میں جناب مولوی احمد حسین خاں صاحب بی۔ اے صدر مہتمم تعلیمات نے مسٹر ہوس کا شکریہ ادا فرماتے ہوئے حاضرین کی تعداد کی کمی کا ذکر فرمایا اور آئندہ مسٹر ہوس کی تقاریر کا انتظام کر کے کافی تعداد میں اساتذہ صاحبان کے مستفید ہونے کی توقع ظاہر فرمائی۔

کانفرنس کا اجلاس اوّل

بتاریخ ۵ بہمن ۴۶ف روز جمعہ بمقام مدرسہ فوقانیہ نامپلی ۹¼ بجے زیر صدارت عالی جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی۔ اے (آکسن) ناظم تعلیمات ملک سرکاری کانفرنس کا پہلا اجلاس منعقد ہوا جس میں عہدہ داران اور اساتذہ کافی تعداد میں شریک تھے۔

جناب مولوی احمد حسین خانصاحب بی۔ اے صدر مہتمم تعلیمات مستقر بلدہ نے فرمایا کہ بعض حضرات کو یہ شکایت ہے کہ امسال انجمن مختصر پیمانہ پر ہو رہی ہے غالباً ان کو یہ معلوم نہیں ہے کہ انجمن ممالک محروسہ سرکار عالی قائم ہوئی ہے اور صوبہ جات کی انجمنیں اس سے ملحق ہو گئی ہیں۔ اس لحاظ سے اس کانفرنس میں خطبہ صدارت وغیرہ نہیں ہے نیز دیگر سررشتہ جات کے حضرات کو دعوت نہیں دی گئی۔ بلکہ زیادہ تر پروگرام میں عملی پہلو پیش نظر رکھا گیا ہے مثلاً انگریزی جغرافیہ اور سائنس وغیرہ کے نمونہ کے اسباق جن کی تعلیم مدارس میں اچھی طرح نہیں دی جاتی چند قرار دادیں ہیں نیز مفید تقاریر رکھی گئی ہیں جن کی ضرورت ہے۔ مشاعرہ کے متعلق فرمایا کہ یہ اس شرط پر رکھا گیا ہے کہ اس میں محض گل و بلبل پر خیال آرائی نہ ہو بلکہ نئی زمین ہو۔ اس کے بعد عالیجناب ناظم صاحب تعلیمات سے استدعا فرمائی کہ افتتاحیہ تقریر فرمائیں۔

عالیجناب ناظم صاحب تعلیمات نے حسب ذیل تقریر فرمائی۔

تقریر صدر کانفرنس

خواتین و حضرات۔ گذشتہ چند ماہ سے مجھے آپ سے کئی دفعہ ملنے اور مختلف حیثیتوں سے آپ کے سامنے تقریریں کرنے کے مواقع ملے

اس وقت میری مشکل یہ ہے کہ کہوں تو کیا کہوں۔ میرے محدود معلومات کا ذخیرہ تقریباً ختم ہو چکا
اب اگر کبھی ہوئی باتیں دہراؤں تو آپ اکتا جائیں گے۔ جدید باتیں کہنے کو ملتی نہیں۔ اب
کانفرنس میں آتے ہوئے جو چند باتیں میرے ذہن میں آئیں میں نے انھیں نوٹ کر لیا ہے اور
وہ آپ کی خدمت میں عرض کر دیتا ہوں۔ کانفرنس میں اصولی اور فنی مضامین پر مختلف حضرات
کی تقریریں ہوں گی۔ میں چند عام باتیں کہوں گا۔

خواتین و حضرات۔ ہر انسان کو چاہئے کہ کاروبار و مشاغل دینی و دنیوی کے
بعد تھوڑا وقت ایسا بھی نکالے جو غور و فکر میں صرف ہو۔ اس کی ضرورت سب سے زیادہ
معلمین کو ہے کیونکہ یہ طبقہ پڑھے لکھے اور سمجھدار آدمیوں کا سمجھا جاتا ہے۔ اگر آپ تھوڑا سا
وقت غور و فکر میں صرف کریں تو آپ کے بہت سے مشکل مسائل حل ہو جائیں گے۔

آجکل زمانہ کے حالات مثلاً سماجی۔ اقتصادی وغیرہ میں تبدیلی ہو گئی ہے ہمارے
ملک میں پچیس سال قبل کے حالات اب نہیں رہے ان میں انقلاب عظیم واقع ہو گیا ہے۔
ہم کو غور کرنا چاہئے کہ یہ انقلاب ہمارے ملک کے لئے مفید ہے یا نہیں اگر غیر مفید ہے تو ہم اس کو
مفید بنانے کے لئے کیا تدابیر اختیار کر سکتے ہیں۔ معلم کا صرف یہی کام نہیں ہے کہ مدرسہ میں
زیر تعلیم طلبا کو تعلیم دیدے اور امتحان میں کامیاب کرائے اب وہ وقت آگیا ہے کہ ہر معلم
نوجوانوں کو اس طرح تعلیم دے کہ وہ آئندہ مفید شہری بن کر زندگی بسر کریں۔ قوم کی اصلاح کا جتنا
معلم ذمہ دار ہے دوسرا اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ ان دنوں والدین کو بچوں کی تعلیم و تربیت میں کثرت
مشاغل و اسباب سے دخل دینے کے مواقع کم ملتے ہیں ایسی صورت میں معلم کی ذمہ داری بہت
بڑھ گئی ہے۔ اب اگر نوجوانوں میں خرابیاں پائی جائیں تو دنیا اس کا ذمہ دار معلم ہی کو
قرار دے گی۔

تعلیم کے سوائے معلم کا فرض یہ بھی ہے کہ طلبہ کی تربیت کا خیال بھی بدرجہ اتم رکھے
زمانہ سابقہ میں نوجوانوں کو سکھایا جاتا تھا کہ بزرگوں کا ادب کریں۔ نشست و برخاست۔
کھانے پینے کے آداب سکھائے جاتے تھے۔ حتی کہ ادنیٰ ملازمین میں بھی شائستگی پائی جاتی
تھی۔ اسی قسم کی تعلیم کا نتیجہ تھا کہ مثلاً مجھے اب تک بھی اپنے استادوں سے ادب کرنے اور

ان کے پسماندوں سے ہمدردی کرنے کی عادت ہے۔ آج کل کے نوجوانوں کی ایسی حالت ہے کہ بقول شخصے کہ باپ کو باپ نہیں سمجھتے تو ہمسایہ کو چچا کیا سمجھینگے۔ آج کل کے طالب علم مدرسین کی عزت کرنی تو کجا انھیں سلام بھی کرنا عار سمجھتے ہیں۔ بدتہذیبی اور نالائقی کو مساوات اور آزادی سمجھنے لگے ہیں۔ جدید طریقۂ تعلیم کا یہ اصول کہ بچہ کو پوری آزادی دیدی جائے اس سے مجھے پورا اتفاق نہیں ہے اس طرح آزادی کے دینے سے بچپن میں شروع ہی سے خودرائی اور خودسری پیدا ہوتی ہے۔ جب میں اپنے بچپن کی تعلیم پر نظر ڈالتا ہوں تو مجھے یاد آتا ہے کہ میری ابتدائی زندگی کس سخت ڈسپلن کے تحت گذری کہ مجھے اپنی خواہشات کے مطابق عمل کرنے کے بہت کم مواقع مل سکے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج میرے نفس میں جو ضبط پیدا ہوا وہ آج کل کے نوجوانوں میں نظر نہیں آتا۔ پس آپ سے میری یہ درخواست ہے کہ آپ بھی جیسا کہ سوسائٹی کے دوسرے طبقہ کے لوگ ملک کے معاملات میں غور و فکر کرتے ہیں غور کریں اور ایسی معقول اور مناسب تدابیر اختیار کریں جس سے قوم کے نوجوانوں کی حالت درست ہو۔

آج کل جو ہیجان ہمارے ملک میں پھیلا ہوا ہے اس سے ظاہر ہے کہ نہ تو معلمین کے اور نہ ہی متعلمین کے دل و دماغ سکون کی حالت میں ہیں۔ ایک عام پریشانی پھیلی ہوی ہے تو اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا ایسی حالت میں جو تعلیم دیجارہی ہے وہ مفید ثابت ہوسکتی ہے؟ تعلیم کا تعلق نہ اچھے امکنہ سے ہے نہ عمدہ ساز و سامان سے ہے بلکہ پڑھنے اور پڑھانے والے کے شوق پر منحصر ہے۔ پرانے زمانے کی تعلیم ایسی تھی کہ گرو جنگلوں میں ندی کے کنارہ درخت کے نیچے بیٹھے ہوے اپنے چیلوں کو تعلیم دیا کرتے تھے۔ کتابیں میسر نہ تھیں اور بلامعاوضہ تعلیم دیجاتی تھی۔ مدرس کو روپیہ کی طمع نہ تھی بلکہ پڑھانے کا شوق اور متعلمین کو علم حاصل کرنے کا اشتیاق تھا برخلاف اس کے ان دنوں مدارس میں ہر چیز مصنوعی ہے۔ مدرس کا ذہن تنخواہ کی جانب ہے اور متعلمین کو امتحان کامیاب کرنے کی فکر رہتی ہے۔ ملک میں مختلف قسم کے ہیجانات پھیلے ہوئے ہیں نہ معلمین مطمئن ہیں نہ طلبہ۔ جب تک کہ پڑھنے اور پڑھانے والے کو سکون اور اطمینان نہ ہو تعلیم خاطر خواہ

نہیں ہو سکتی۔ ذرا غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ صحیح تعلیم وہی ہے جو انسان کو انسان بنائے اور اس میں نفس مطمئنہ پیدا کرے پس چاہئے کہ معلمین خود کو اس طوفان بے تمیزی سے اپنے آپ کو علٰحدہ کریں اور مثل جہلا کے اس میں نہ پڑجائیں۔ پس "انہیں" چاہئے کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کی تربیت کی طرف متوجہ ہوجائیں طلبہ سے ہمدردی رکھیں ان سے ذاتی تعلق پیدا کریں اور خود کو بجائے مشفق و مہربان باپ سمجھیں۔

دوسری چیز جو آپ کو کرنی ہے وہ یہ ہے کہ آپ نوجوانوں میں قومیت کا صحیح احساس پیدا کریں۔ دنیا میں قوموں کی تقسیم جغرافی حیثیت سے کی جاتی ہے لیکن بدقسمتی سے ہندوستان میں مذہب کے لحاظ سے ایسی تقسیم ہوتی ہے مثلاً انگلستان میں یہودی۔ انگریز اور مسلمان وغیرہ سب انگلش کہے جاتے ہیں اور ہمارے یہاں مذہب کے تعلق کے ساتھ مسلمان قوم ہندو قوم۔ پارسی قوم وغیرہ کے نام سے موسوم ہیں۔ نوجوانوں کو سمجھانا چاہئے کہ جغرافی لحاظ سے ہم سب ہندوستان کے رہنے والے ہندی ہیں۔ خواہ ہم کسی مذہب کے کیوں نہ ہوں۔ جب تک کہ ہمارے ملک کے نوجوانوں میں قومیت کا خیال پیدا نہ ہو موجودہ سیاسی کشمکش رفع نہیں ہوسکتی۔

میری اس ساری تقریر کا خلاصہ یہ ہے کہ آپ تعلیم دینے کے سوائے طلبہ کی تربیت کی طرف بطور خاص متوجہ ہوں اور ان میں ایک قومیت کا خیال پیدا کریں اور ان کی توجہ سیاسیات سے زیادہ ملک کے سماجی اور اقتصادی حالات کی اصلاح کی جانب مبذول کرائیں۔ اگر ملک کی تعلیمی اقتصادی اور سماجی حالت درست ہوجائے تو یقیناً سیاسی حالت خود بخود حسب دلخواہ ہوجائے گی۔

اس کے بعد معتمد عمومی نے رپورٹ سنائی۔

جناب مولوی سالم بن سعید صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ ایم ایڈ (لیڈز) لکچرار ٹریننگ کالج نے "عملی مصروفیات" پر انگریزی میں دلچسپ مضمون سنایا جس میں مختلف کاموں کو عملی طور پر بچوں سے لینے کی تجاویز پیش کی گئیں اور اس کے فوائد بیان کئے گئے اس کے بعد حسب ذیل قراردادوں پر مباحثہ ہوا جو بہ غلبہ آرا منظور ہوئیں۔

(۱) "اس کانفرنس کی رائے ہے کہ جن مقامات میں مدارس سرکاری کے طلبہ کے لئے طبی معائنہ کا انتظام کیا گیا ہے وہاں مدارس امدادی کے طلبار کے لئے بھی اس قسم کا انتظام کیا جانا مناسب ہے۔"

۲۔ اس کانفرنس کی رائے ہے کہ قواعد عطائی امداد پر بعد نظر ثانی اس طرح عمل ہونا مناسب ہے کہ مدارس کو ان کی کارگزاری کے لحاظ سے امداد مل سکے۔

اجلاس دوم ۲ ۱/۲ بجے کانفرنس کا دوسرا اجلاس شروع ہوا۔ مدرسہ کے ہال میں زیر صدارت عالیجناب ناظم صاحب تعلیمات وصدرنشین کانفرنس جو جلسہ منعقد ہوا اس میں مسٹر ڈنکرنارائن بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ مددگار مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ چنچل گوڑہ نے "نئی تعلیم" کی کمیٹی کی رپورٹ انگریزی میں سنائی جو منظور کی گئی۔

شامیانہ میں جناب مولوی سید مجتبیٰ حسین صاحب نقوی بی۔اے۔ایم۔ایڈ۔ (لیڈز) کی زیر صدارت جو جلسہ منعقد ہوا۔ اس میں جناب مولوی غلام دستگیر صاحب بی اے بی۔ ٹی۔ نے اردو میں "نئی تعلیم" کی رپورٹ سنائی۔ اختتام رپورٹ پر جناب مولوی محمد رضا صاحب نے فرمایا کہ رپورٹ میں جن اصول طریقوں اور تجربوں کا ذکر کیا گیا ہے وہ مغربی ممالک میں رائج ہیں ہم کو چاہئے کہ ہم اپنے ماحول اور ضروریات ملک کے لحاظ سے نصاب مقرر کریں۔

جناب مولوی سید نورالحسن صاحب نے فرمایا کہ ممالک غیر کے تجربوں کے بیان کرنے سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہم یہ دیکھیں کہ ہم کس حد تک ان سے استفادہ کرسکتے ہیں۔

جناب مولوی محمد سلطان صاحب نے فرمایا کہ رپورٹ بیش بہا معلومات سے پُر تھی۔ آخر میں جناب مولوی سید مجتبیٰ حسین صاحب نقوی صدر جلسہ نے فرمایا کہ متمدن ممالک میں تعلیم کے جو جدید طریقے رائج کئے گئے ہیں۔ ان کا خاکہ آپ کے سامنے پیش کیا گیا ہے رپورٹ کا مقصد یہ تھا کہ ہم حکومت سے استدعا کریں کہ ہمیں موقع دے جائیں کہ ہم اس خصوص میں تحریک کریں۔ چونکہ زمانہ کے انقلاب کے ساتھ ساتھ ملک اور قوم کا ماحول بھی بدلتا جاتا ہے اس لئے قدیم وجدید طریقہ تعلیم کو آپ حضرات کے سامنے واضح کیا گیا ہے جس کی غرض یہ ہے کہ آپ اپنے ماحول اور فضا کے

جو زمانہ کی تبدیلی کے لحاظ سے موزوں اور مناسب ہو۔
لحاظ سے ایسا طریقہ عمل اختیار فرمائیں
زیلی کمیٹیوں کے اجلاس ختم ہونے کے بعد جناب مولوی میر احمد علی خاں صاحب
SCHOOL (پر "طوز" کے مدرسہ نے کالج ٹریننگ لکچرار (لیڈز) ایڈ ۔ ایم ۔ اے ۔ ایم
اردو میں دلچسپ تقریر کی جس میں موصوف نے فرمایا کہ مدرسہ کے تصور کے (TONE
متعلق مختلف تحریکات پیش کی جاتی ہیں یہ تصور جگہ کی مناسبت اور حالات کے لحاظ سے
بدلتا رہے گا۔ مدرسہ کا تصور جو ہم اختیار کریں عملی ہو یعنے ہمارے حالات کے مطابق ہو
ہم یہ تصفیہ کریں کہ اس کی ضروریات کیا ہیں اور کس طرح پوری کیجا سکتی ہیں۔ مدرسہ کی ضروریات
(۳) حصوں پر تقسیم کی جاسکتی ہیں

۱۔ جن کا تعلق اخلاقی ہو۔

۲۔ جن کا تعلق ذہنی ہو۔

۳۔ جن کا تعلق جسمانی ہو۔

قدیم زمانہ میں اور اب بھی اخلاقی مقصد کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے محبت رواداری
اور ایمانداری کی بنیاد ہم مدرسہ میں ڈال سکتے ہیں۔ گو اولیائے طلبہ بھی اس کے ذمہ دار ہیں۔
اسی طرح جسمانی نشو ونما کے متعلق بھی ہم غور کریں۔ ذہنی نشو ونما کا مقصد طلبہ کو محض کتابی معلومات
بہم پہونچانا اور امتحان میں کامیاب کرانا نہ ہو بلکہ طلبہ کو نشو ونما کے اعلیٰ معیار پر پہنچایا جائے انگلستان
میں جماعت کے کتب خانے سے بچے کتب لیتے ہیں اور پڑھتے ہیں مدرسین صرف اس گھنٹہ
میں نگرانی کرتے ہیں اور آخر میں مضمون سے متعلق سوالات کرتے ہیں ہم روایتی حدود سے
ایک حد تک بڑھ کر عملی پہلو اختیار کریں اور اشتراک عمل سے کام لیں۔ یعنی طلبہ و مدرسین
میں اس قسم کا سمجھوتا ہونا چاہئے جس سے طلبہ یہ نہ سمجھیں کہ مدرس محض اقتدار سے کام لے رہا
ہے بلکہ یہ کہ پیش کردہ امور ان کے لئے مفید ہیں نیز مدرسین میں آپس میں سمجھوتا ہونا چاہئے
یعنے تاریخ کے سبق میں جغرافیہ سے متعلق کوئی مسئلہ آئے تو مدرس اس کی وضاحت کرے
مدرسہ میں اچھی روایات کا قائم کرنا ضروری ہے تاکہ نئے طلبہ ان روایات پر عمل کر سکیں
اور اعتماد قائم ہو۔

(۸) بجے رات کو آل سینٹس ہائی اسکول میں زیر صدارت جناب مولوی

سعادۃ اللہ خانصاحب اول مددگار مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ دارالعلوم بلدہ مشاعرہ شروع ہوا جس میں "مناظر قدرت" پر شعرا نے کلام سنایا خصوصاً جناب مولوی سید علی محمد صاحب اجلال معتمد مشاعرہ کمیٹی اور جناب مولوی عبداللطیف صاحب اور جناب مولوی عبدالمجید صاحب اور جناب مولوی عبدالسلام صاحب ذکی کے کلام پر حاضرین نے بہت داد دی

اجلاس سوم تاریخ ۶ بہمن ۱۳۴۳ ف روزشنبہ ۹ تا ۱۲ ½ نمونہ کے اسباق ہوئے۔ جناب مولوی سید نورالحسن صاحب۔ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی ڈپ ایڈ (گلاسگو) صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ دارالشفا نے طلبا طبقہ وسطانیہ کو انگریزی نظم (Casabianca) پڑھائی جناب مولوی عبدالستار صاحب سبحانی بی۔ اے۔ ایل۔ ٹی۔ نے طلبۂ وسطانیہ کو جغرافیہ میں بزبان اردو سبق دیا۔ اس کے بعد مسز جی گارڈ سپرنٹنڈنٹ میتھوڈسٹ بائز ہائی اسکول نے طبقہ تحتانیہ کو انگریزی میں نمونہ کا سبق دیا جس میں ڈائرکٹ میتھڈ اختیار کیا گیا۔ اور سبق کو موزوں سوالات اور ضروری آلات تعلیمی سے دلچسپ بنایا گیا۔ جناب مولوی غلام دستگیر صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی نے طبقہ تحتانیہ کو جغرافیہ پر سبق دیا۔

اس کے بعد جناب مولوی احمد حسین خان صاحب بی۔ اے۔ صدر مہتمم تعلیمات بلدہ نے جماعت نہم کے طلبہ کو انگریزی میں سبق دیا جس میں شاعر کیٹس (Keats) کی ایک مشکل نظم (ode to the Poets) نہایت موثر طریقہ سے پڑھائی گئی۔ سبق میں اساتذہ کی تعداد کافی تھی۔ جناب مولوی عبدالغفور رضا بی۔ اے۔ بی ٹی نے طلبۂ فوقانیہ کو بزبان اردو جغرافیہ پر نمونہ کا سبق دیا۔

آخر میں جناب مولوی آفتاب حسین صاحب۔ ایم۔ ایس۔ سی۔ (علیگ) بی۔ ایس سی (لنڈن) انسپکٹر مدارس نے سائنس میں "پانی کی تحلیل اور طریقہائے آبرسانی" پر جماعت ہشتم کے طلبہ کو نمونہ کا سبق دیا۔ اکثر اسباق میں کافی تعداد میں اساتذہ وچند معلمات نے شرکت کی۔ اکثر اسباق کے اختتام پر حاضرین کو نکتہ چینی کرنے کا موقع دیا گیا۔ یقین ہے کہ نمونہ کے یہ اسباق دیگر اساتذہ کے لئے بڑی حد تک مفید ثابت ہوں گے۔

اجلاس آخر بروز شنبہ (۲) بجے کانفرنس کا آخری اجلاس شروع ہوا۔ مسٹر جی اے چندرورکر ایم۔ اے۔ نے حسب ذیل قرارداد پیش کی

اس کانفرنس کی رائے ہے کہ سررشتہ تعلیمات کے نان گزیٹیڈ ملازمین کے لڑکے اور لڑکیوں کی اجرت تعلیم معاف فرمائی جائے"۔

اس کی تائید جناب مولوی محمد سلطان صاحب نے فرمائی لیکن اس قرارداد میں چند ترمیمات پیش ہوئیں اور سرگرم مباحثہ ہوا آخر میں بعد ترمیم حسب ذیل قرارداد منظور ہوئی۔

اس کانفرنس کی رائے ہے کہ سررشتہ تعلیمات کے نان گزیٹیڈ عہدہ داران (برسرکار وظیفہ یاب وفوت شدہ) کے لڑکے اور لڑکیوں کی اجرت تعلیم بہ شمول اجرت تعلیم کلیہ وفیس شکرام از طالبات معاف فرمائی جائے"۔

اس کے بعد مسٹر اے ایس راؤ ایم۔اے۔بی۔ٹی کی تحریک اور مسٹر وی وی بار ڈیکر کی تائید کے بعد بغلبۂ آرا حسب ذیل قرارداد بغیر ترمیم منظور ہوئی۔

اس کانفرنس کی رائے ہے کہ تمام امدادی اور خانگی مدارس میں "پراویڈنٹ فنڈ" جاری کیا جائے۔

مسز نورالحسن صدر نمائش کمیٹی نے انگریزی میں ایک مختصر و دلچسپ رپورٹ نمائش کے متعلق سنائی۔ اس کے بعد عالی جناب صدر نشین صاحب جلسہ نے انعامات تقسیم فرمائے۔ اور "نئی تعلیم" کی کمیٹی کی رپورٹ کی منظوری کی رائے طلب کی بغلبۂ آرا یہ رپورٹ منظور ہوئی۔ آئندہ سال کے لئے مضمون" ابتدائی تعلیم" خصوصاً شہری مدارس کی حد تک کا اعلان کیا گیا۔ اس کے بعد عالیجناب صدر نشین صاحب نے اختتامی تقریر میں فرمایا۔

اختتامی تقریر صدر کانفرنس مولوی سالم بن سعید صاحب کا پرچہ مختصر اور دلچسپ تھا جس کا اردو میں ترجمہ کرکے حیدرآباد ٹیچر میں شائع کرنا مناسب ہے۔

معائنہ طبی کے سلسلہ میں امدادی مدارس کے امکنہ و فرنیچر کی بحث بھی چھڑ گئی تھی بلدہ کی حد تک جہاں یہ سہولتیں ہیں منتظمین مدارس امدادی کو اس کی شکایت نہیں ہونی چاہئے۔

معائنہ طبی کا جو طریقہ سرکاری مدارس میں رائج ہے وہ اطمینان بخش نہیں ہے۔

انسپکشن کارڈ اچھی حالت میں نہیں رکھے جاتے۔ خود مدرسین صاحبان اس بارہ میں دلچسپی لیں اور افسران سررشتہ کو توجہ دلائیں۔ معائنہ کنندہ کے بتائے ہوئے نقائص کو دور کرنے کی بعض والدین بوجہ جہالت یا ناداری کوشش نہیں کر سکتے ہمارے طلبا کے معالجہ کا انتظام منجانب سرکار نہیں ہے بعض بڑے مدارس میں یورپ کی طرح کلینکس (clinics) قائم کردئے جائیں تو مفید ثابت ہوں گے۔ میرا مقصد یہ نہیں ہے کہ معائنہ طبی کا طریقہ بند کردیا جائے بلکہ اس کو مفید بنایا جائے۔ جب سرکاری مدارس میں یہ طریقہ کماحقہٗ کامیاب ثابت نہیں ہوا ہے تو مدارس امدادی وخانگی میں اس کا انتظام قبل از وقت ہے۔ مدارس امدادی کو چاہئے کہ طلبہ کے خوراک کا پہلے انتظام کریں خصوصاً اضلاع میں تقریباً نصف بچے صبح کا کھانا کھا کر آتے ہیں اور پھر شام کو کھاتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ خوراک کم ملتی ہے اور دماغی کام زیادہ ہوتا ہے جس سے جسمانی حالت خراب ہوتی ہے اس لئے مسئلہ خوراک ہمارے لئے اہم ہے۔ مدارس تحتانیہ میں بچوں کو دودھ دئے جانے کا مسئلہ زیر غور ہے۔ تغذیہ طلبہ کے متعلق بعد غور اگر مدارس ثانویہ کے صدر مدرسین صاحبان تجاویز پیش کریں تو باعث امتنان ہوگا۔ مدارس امدادی کو ان کی کارگزاری کے لحاظ سے امداد دینے کا مسئلہ سررشتہ کے زیر غور ہے جدید قواعد کے ضمن میں پراویڈنٹ فنڈ کا مسئلہ بھی آجاتا ہے۔ نیز مدارس کی فیس کا اسکیل بھی بنایا جارہا ہے۔

نئی تعلیم کی رپورٹ کسی قدر طولانی تھی۔ ہمارے حالات اور مالیہ کا خیال رکھتے ہوئے جو تجاویز قابل عمل ہوں بتائی جائیں۔

مولوی احمد علی خاں صاحب کی تقریر میں ایک چیز نہایت دلچسپ تھی یعنے مدارس میں روایات کا قائم کرنا۔ کسی مدرسہ میں روایات قائم ہوں تو نووارد طلبہ پر لازم ہوتا ہے کہ ان کو جاری رکھیں۔ مدارس امدادی میں دیکھا گیا کہ حسابات فرضی ہوتے ہیں صدر مدرسین کو چاہئے کہ اصل آمدنی وخروج وغیرہ بتائیں۔

آپ کی انجمن کے متعلق چند تجاویز پیش کرتا ہوں۔ انجمن کے معتمد صاحب اور اراکین کو چاہئے کہ کم از کم ہر ماہ میں ایک عام تقریر کا انتظام کریں نیز کلب کو وسعت دیں اور

آئندہ سال کانفرنس میں پرچے و تقاریر کم رہیں۔ بلکہ سررشتہ کے موجودہ مسائل سے تعلق رکھنے والے مسائل پر مباحث ہوں (مثلاً فراہمی فرنیچر۔ تعمیر امکنہ۔ طلبہ کی خوراک وغیرہ) الغرض انجمن کو سال تمام اس طرح چلایا جائے کہ اس میں جمود پیدا نہ ہو بلکہ اس کی مصروفیتیں تمام سال جاری رہیں۔

آخر میں جناب مولوی احمد حسین خان صاحب بی۔ اے میر مجلس انجمن نے نام بنام ان تمام حضرات کا شکریہ ادا فرمایا جنہوں نے کانفرنس میں حصہ لیا تھا۔ نیز یہ فرمایا کہ آئندہ سال کانفرنس کو مزید دلچسپ بنانے کی کوشش کی جائے گی۔

آخر میں عالیجناب ناظم صاحب تعلیمات ملک سرکار عالی کا شکریہ ادا فرمایا۔

عالیجناب ناظم صاحب تعلیمات نے اعلحضرت بندگانعالی متعالی مدظلہ العالی کے لئے تہری چیرز (نعرہائے مسرت) تجویز فرمائے اور کانفرنس کامیابی کے ساتھ ختم ہوئی۔

روداد سالانہ کانفرنس انجمن معلمات مستقر بلدہ

انجمن معلمات بلدہ کی پہلی سالانہ کانفرنس بوقت (۸ تا ۱۲) ساعت بتاریخ ۲۶ و ۲۷ آذر ۱۳۴۳ف زیرسرپرستی محترمہ عالیہ جنابہ لیڈی حیدری صاحبہ وزیرصدارت عالیجنابہ مس جے نندی صاحبہ بمقام مدرسہ تعلیم المعلمات بلدہ منعقد ہوئی۔ ایک کمسن طالبہ نے لیڈی حیدری صاحبہ کو پھولوں کے ہار کی بجائے اس کی قیمت ایک خوبصورت صندوقچہ میں رکھ کر پیش کی جس کو علیہ جنابہ نے دودھ اور چھانچ فنڈ سے معنون فرمایا اور اپنا گراں بہا تحفہ (صـہ) سکۂ عثمانیہ اس میں شریک فرماتے ہوئے سب کو نصیحت فرمائی کہ ہماری قوم کے صدہا بچے بھوکے ہیں اور غذا کی کمی کی وجہ کمزور ہیں۔ ہاروں کی رقم کا بہتر مصرف یہ ہے کہ اس سے مدرسہ کے نادار طالبات کو دودھ اور چھانچ بہم پہونچائی جائے محترمہ صاحبہ نے نصیحت آمیز تقریر سے کانفرنس کا

افتتاح فرمایا اور انجمن کو ہدایت فرمائی کہ سود مندی کو نمائش پر ترجیح دینا معلمات کا فرض اولین ہے۔

معتمد عموی مسز اکرم نے سال تمام کی رپورٹ پڑہی۔ خازن مسز رضا نے اپنی رپورٹ سنائی۔ اس کے بعد عالیجنابہ صدر انجمن مس بجے نندی صاحبہ نے خطبہ صدارت پڑھا تعلیم نسوان کی مشکلات پر روشنی ڈالتے ہوئے انھوں نے معلمات کو ان مشکلات کا سامنا کرنے کے لئے ہدایت فرمائی۔ (بعد از اں) باقاعدگی کی اہمیت پر) عالیجنابہ پرنسپل صاحبہ محبوبیہ گرلز اسکول مس لیسل نے تقریر فرمائی اور اس بات کی اہمیت پر زور دیا کہ اگر معلمات اس پود کو باقاعدگی سکھاویں تو آئندہ نسلیں باقاعدہ ہوجائیں گی اور کئی خرابیاں جوکہ اب موجود ہیں دور ہوجائیں گی۔

اس کے بعد تعلیمی مظاہرے ہوئے۔ مختلف کروں میں مختلف معلمات اور بیویاں اپنی اپنی دستکاری کا مظاہرہ کر رہی تھیں مثلاً کہیں پر بید بافی ہو رہی تھی تو کہیں ٹاٹ سے قالین بنایا جار ہا تھا۔ اور کہیں تار کی ٹوکریاں اور مٹی کے برتن بنائے جارہے تھے تو کہیں کمربند بننا بتایا جار ہا تھا۔ حاضرین جس کام سے دلچسپی رکھتے تھے وہاں جاکر کام سیکھتے تھے۔

ان مظاہروں کے ختم پر صیغہ واری مباحثے اور نمونے کے اسباق کا انتظام تھا۔ حاضرین جن مضامین سے دلچسپی رکھتے تھے اس کمرے میں شریک ہوسکتے تھے۔ ہر کمرہ بھرا ہوا تھا یہ کافی ثبوت اس امر کا تھا کہ لوگ دلچسپی لے رہے تھے۔ بارہ بجے اس دن کا پروگرام ختم ہوگیا۔

۲۷ ۔ آذر کو ساڑھے آٹھ بجے صبح میقات عام میں مباحثوں اور نمونہ اسباق پر تبصرے پڑھے گئے۔ ساڑھے نو بجے مختلف کروں میں صیغہ واری مباحثہ اور نمونہ کے اسباق شروع ہوئے پہلے روز جس طرح ان کروں میں مجمع تھا آج بھی ویسا ہی رہا۔ (۱۱) بجے پرنسپل نارمل اسکول سکندرآباد مس کلف نے "تبدیلیاں اور ترقیاں" پر تقریر کی انھوں نے گذشتہ (۲۰) سال کی تبدیلیوں اور ترقیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ تعلیم

نسوان نے بہت ترقی کی ہے اس کے بعد امرزہ مباحثوں اور صیغہ واری اسباق کی رپورٹ پڑھی گئی۔ مس والش صاحبہ نے تمام مہمانوں اور مسز جار نے تمام انجمن کے اراکین کا شکریہ ادا کیا۔ کانفرنس نہایت کامیاب رہی ایک قومی ترانہ جو کہ اختر جہاں طالبہ جماعت نہم مدرسہ تعلیم المعلمات بلدہ نے لکھا تھا مدرسہ کی گائیڈز نے پڑھا اور جلسہ برخواست ہوا۔

تقریر صدر کانفرنس

محترمہ لیڈی حیدری معزز خواتین اور عزیز معلماۃ۔

یہ امر ہمارے لئے بیحد باعث انبساط و مسرت ہے کہ اپنی خوش بختی سے ہم پہلی مرتبہ آج اس تاریخ جمع ہوئی ہیں جس کو ہمارے شاہ ذیجاہ کی تخت نشینی کی تقریب مسعود کا شرف حاصل ہے۔ اس موقع پر ہم اپنی وفاداری اور اطاعت کیشی کے سچے جذبات کا ناچیز ہدیہ مودبانہ پیش کرنے کی عزت حاصل کرتے ہیں۔ آنے والی نسل کی تعلیم کی تمام تر ذمہ داری ہمارے کندھوں پر ہونے کے لحاظ سے ہم کو یاد رکھنا ہے کہ ہمکو اچھے شہری تیار کرنا ہے جو ملک اور مالک کی سچی خدمت انجام دیں۔

ہماری کمیٹی نے سید محمد حسین صاحب جعفری ناظم تعلیمات سے خواہش کی تھی کہ وہ اس کانفرنس کی صدارت فرمائیں لیکن موصوف کی رائے میں کانفرنس کا کام خالصاً عورتوں ہی کے ہاتھوں سرانجام پانا مناسب اور بہتر تھا اس لئے صدارت سے معذرت چاہتے ہوئے اپنی گہری دلچسپی کے اظہار میں ذیل کا پیام روانہ کیا ہے۔

"پچھلے سال مس صبیب نندی صدر مہتممہ کی کوشش اور سعی سے معلماۃ کی کانفرنس کی تشکیل عمل میں آئی جس کا افتتاح عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر صدر المہام تعلیمات و سیاسیات نے فرمایا تھا۔

" اب سال حال پہلی کانفرنس منعقد ہو رہی ہے جس کا لیڈی حیدری جیسی علم دوست علم پرور اور محترم ہستی افتتاح فرما رہی ہیں۔ جنابہ ممدوحہ کی شخصیت دکن ہی پر کیا موقوف بلکہ پورے ہندوستان میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ کو شروع ہی سے تعلیم نسوان سے جو گہری دلچسپی رہی ہے اظہر من الشمس ہے۔ آپ مجلس تعلیم ثانوی کی رکن اور شعبہ تعلیم نسوان کی صدر بھی ہیں۔ آپ کی سرپرستی کانفرنس کی آئندہ ترقیوں کی تازہ بشارت اور ضمانت ہے۔

پروگرام کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کارکنان کانفرنس نے رزولیوشن وغیرہ سے قطع نظر کرکے عملی اور ٹھوس کام کی جانب قدم اٹھایا ہے۔ اس سے ان کے پرخلوص اقدام کا پتہ چلتا ہے، جو آئندہ سررشتہ کی فلاح و بہبود کا مضبوط پایہ ہے۔

کانفرنس چونکہ خواتین کے لئے مختص ہے اس لئے میں شرکت سے محروم ہوں۔ مگر میری دلی تمنائیں اور دعائیں کارکنان کانفرنس کے ساتھ ہیں کہ ان کی مساعی مشکور اور جدوجہد بار آور ہو۔"

آپ واقف ہیں کہ ہماری انجمن کی عمر صرف چند مہینوں کی ہے۔ لیکن یہ مختصر مدت بہت کارآمد رہی ہے اس انجمن کے قیام سے پہلے معلمات ایک دوسرے سے بالکل ناواقف تھیں۔ لیکن اب ہمارے چھ مرکزوں کے ارکان ایک دوسرے سے نہ صرف بخوبی واقف ہو چلے ہیں بلکہ ہر مرکز میں جو مشترک مشکلات ہیں، باہمی تبادلہ خیالات اور میل ملاپ سے ان کے حل بھی کرنے کی صورت نکل آئی ہے۔

بعض اوقات مرکزی کمیٹیاں قطعی طور پر فائدہ بخش ثابت ہوئی ہیں مثال کے طور پر آپ کو میں حسینی محلہ کی مرکزی کمیٹی کی روئداد سناتی ہوں اس مرکز کے مدارس میں حفظ صحت کے طریقوں کو ترقی دینے کے ضمن میں معلمات نے خرابیوں اور مشکلات کے ارتفاع پر غور کیا اور ایسی بہت سی باتیں معلوم کیں جن کو عمل میں لانا ضروری تھا اور ابھی ہم با اثر طریقہ پر اصلاحی کام کی تدبیروں پر غور ہی کر رہے تھے کہ مس لینل سے میری ملاقات ہوئی دوران گفتگو میں جب امدادی مدارس کی صفائی کی خراب حالت کا ذکر آیا تو مس لینل نے بڑی دلچسپی اور ہمدردی سے خواتین صحت کمیٹی کی خدمات پیش کیں اور آپ کو یہ سن کر بڑی خوشی ہوگی کہ اصول حفظ صحت اور صفائی کے کام کو آسان اور کارگر طریقہ پر خواتین کی صحت کمیٹی نے چھوٹے امدادی مدارس میں جاری کر دیا ہے جس کے لئے انجمن دل سے ممنون ہے۔

اب میں آپ سے ان اہم ترقیوں کا ذکر کرنا چاہتی ہوں جو لڑکیوں کی تعلیم میں ہوئی ہیں۔ بڑی اہم اصلاح یہ ہوئی ہے کہ طبقہ وسطانیہ میں بھی لڑکیوں کی مادری زبان کو ذریعہ تعلیم قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ بعض مدارس میں پانچویں جماعت کی تعلیم شروع ہوگئی ہے

یہ بڑی اہم اور فائدہ کی صورت ہے اب لڑکیاں پہلے کے مقابلے میں زیادہ عرصہ تک مدر
میں اپنی مادری زبان میں بہتر اور مکمل تعلیم پائیں گی۔ اس اصلاح کا ایک فائدہ یہ بھی ہوگا
کہ ملکی زبانوں میں باآسانی بہتر خانگی مدرسہ قائم ہو سکیں گے اور تعلیم کی بہتری کے لحاظ سے
حصول امداد سرکاری کے استحقاق کی زیادہ صورتیں نکل آئیں گی۔ اور اس ہی مناسبت
سے تعلیم نسواں کے نتائج مفید ہمہ گیر اور دوررس ہوں گے سررشتہ تعلیمات کی یہ بھی کوشش
ہے کہ ملکی زبانوں کے مدرسوں کو زیادہ اہل اور بہتر بنایا جائے اور بجائے ایک زبان
کا ایک مدرسہ رکھنے کے حسب موقع دو تین زبانوں کا ایک مدرسہ قائم ہو یا موجودہ مدرسوں کو
ایک دوسرے میں ضم کر دیا جائے۔ اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ مختلف زبان کی لڑکیاں
ایک بڑے مدرسہ میں شریک ہو کر اپنی دوسری ہم وطن لڑکیوں سے زیادہ دوستی ربط
اور شناسائی پیدا کریں گی اس کے علاوہ مدرسہ کا انتظام بھی اچھی عمارتوں میں بہتر پیمانہ
پر ہو سکے گا۔

اس اصلاح سے معلمات پر لازم آتا ہے کہ وہ خود کو کارآمد بنانے کی پوری تیاری
کریں ضرورت ہے کہ ہر معلمہ اپنی مادری زبان کے علاوہ ایک دوسری زبان بھی جانے
مثلاً اردو جس کی مادری زبان ہو وہ بلحاظ مقام مدرسہ مرہٹی تلنگی اور کنڑی سے کوئی
ایک زبان سیکھے۔ اسی طرح جن کی مادری زبان مرہٹی تلنگی یا کنڑی ہو وہ اردو سیکھے کہ
اس سے معلمات اچھی طرح تعلیم دے سکیں گی اور ملازمت میں ترقی بھی کر سکیں گی۔ وجہ
ظاہر ہے کہ کسی مدرسہ میں گو ایک زبان کا جاننا کسی معلمہ کے فرائض ملازمت کے
لئے کافی ہو لیکن جبکہ مدرسہ کی دوسری زبان والیوں سے بول چال کی اجنبیت رہے
تو معلمہ کا اثر اور اس کی لیاقت کا فائدہ محدود ہو جائیگا پس آپ کوشش کریں کہ آپ
کوئی ایک ملکی زبان ضرور سیکھیں اور علمی خدمت کا حق ادا کریں۔ اور میری یہ استدعا
خاص طور پر ان معلمات سے ہے جو ابتدائی اور وسطانیہ طبقوں میں کام کرتی ہیں۔ یہ کام
آپ کے لئے مشکل نہ ہوگا اس لئے کہ آپ کا ایسی زبانوں کو سیکھنا جو آپ کے اردگرد
بولی جاتی ہیں نہایت آسان ہوگا اگر آپ میل جول بڑھا کر بات چیت کے مواقع

پیدا کریں تو بول چال پر قدرت پانے کے بعد نوشت و خواند میں مہارت کا حاصل کرنا کوئی دشوار نہ ہوگا۔

سال رواں میں ایک اور اہم مسلہ جو زیر غور رہا ہے وہ ثانوی تعلیم نسوان کے اصلاح نصاب کا ہے جس کی سفارشیں بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن کی ذیلی کمیٹی نے جس کی لائق صدر لیڈی حیدری ہیں پیش کردی ہیں۔ یقین ہے کہ کمیٹی کی سفارشات منظور ہونگی۔ مجوزہ نصاب کی ایک خوبی یہ ہے کہ امتحانی مضامین کی تعداد بہت کم کر دی گئی ہے اور مضامین مثل امور خانہ داری نقاشی اور دیگر فنون لطیفہ کو شریک نصاب کیا گیا ہے ان تجاویز کا اثر معلمات کے عام رجحان کو بدل دے گا۔ اور ان کی ذمہ داری میں اضافہ کر دے گا۔ مجوزہ نصاب کے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے معلماۃ کو امتحان کی خاطر صرف امتحانی مضامین کے لئے تیاری کرنا نہ ہوگا بلکہ ہر مضمون نصاب کو بلا لحاظ اس کے کہ اس کا امتحان لیا جائے کہ نہیں محنت اور دلچسپی کے ساتھ پڑھانا ہوگا تاکہ جن توقعات کے ساتھ نیا نصاب نافذ کیا جائے اس کے افادہ میں کسی قسم کی کمی نہ ہو۔ آئندہ معلماۃ کی کارگزاری کا اندازہ امتحانی نتائج سے نہیں بلکہ طالباۃ کے کام کی خوبی اور عام ترقی سے کیا جائیگا۔ مدارس کے لئے موزوں مکانوں کی فراہمی کا مسلہ خاص توجہ کا مستحق ہے۔ اچھے اور فرحت بخش مکانوں میں تعلیمی انتظام زیادہ کامیاب ثابت ہوتا ہے۔ کوشش کی جا رہی ہے کہ خوش مذاق اور ہمدرد اشخاص سے اس خصوص میں مدد لی جائے اور اس طرح بعض مدرسوں کو بہتر مکانوں میں منتقل کرنے کا انتظام بھی ہو رہا ہے۔ اچھے مکانوں کی فراہمی میں آپ معلماۃ کی دلچسپی بہت کارآمد ہو سکتی ہے۔ جو معلماۃ مدرسہ کو ایک خراب مکان سے اچھے مکان میں منتقل کرنے میں کامیاب ہوں تو ایسی کارگزاری ان کے لئے باعث فخر و مسرت اور طالباۃ کے لئے باعث قدر ہوگی جیسا کہ میں نے ابھی کہا ہے۔ فرحت بخش مکانوں کی تعلیم علمی زندگی بخشتی ہے مجھے ظاہر کرنے میں یہ خوشی ہوتی ہے کہ بعض امدادی مدارس بہتر مکانوں کے حاصل کرنے کا انتظام کر رہے ہیں اور بعض موجودہ مکانوں کو بہتر بنا رہے ہیں۔ لیکن پھر بھی ایسے کئی مدارس ہیں جن کو بہتر مکانوں کی ضرورت ہے۔ مجھے زیادہ تر چھوٹے مدارس کی فکر ہے کہ وہ نہایت ناقص

مکانوں میں قائم ہیں کوشش کی جائے کہ ایک چھوٹے مدرسہ کے لئے بھی جو مکان لیا جائے اس میں کم سے کم دو دالان ہوں مکان روشن اور ہوا دار ہو صحن میں اور مکان میں سیل اور نمی نہ ہو مکان چھوٹا بھی ہو تو صحن میں ریت بچھا کر صاف رکھا جائے کہ گرد کم ہو۔ بیت الخلا کی صفائی کا خاص طور پر خیال رکھا جائے اور مکان میں پانی کو جمع نہ ہونے دیا جائے۔ آب نوشیدنی کی صفائی کا خاص انتظام اور خیال لازمی ہے سواریوں کے انتظام کو بہتر بنانے کی کوشش سررشتہ کی جانب سے کیجارہی ہے عہدہ داران ریلوے موزوں بسوں کی فراہمی کے مسئلہ پر ہمدردی سے غور کر رہے ہیں توقع ہے کہ وقت ضائع کرنے والی سست رفتار سواریوں کے عوض تیز رفتار ہوادار سواریاں مہیا ہو جائینگی۔

مدرسہ کو کمسن بچوں کے پیدل جانے کا سوال حیدرآباد میں بڑا معرض بحث رہا۔ اور مدرسہ کے ملازم کی نگرانی میں ان کے آنے جانے پر والدین اور اولیا کو سخت اعتراض رہا لیکن مناسب فہمائش اور حالات سے بہتر واقف ہونے کے بعد اب خیالات میں تبدیلی ہوتی جارہی ہے۔ چنانچہ یاقوت پورہ کے مدرسہ میں جہاں طالبات کی تعداد ایک سو بیس ہے (۸۵) طالبات مدرسہ کو پیدل آتی ہیں یہ کامیابی صدر معلمہ اور ان کے اسٹاف کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

ہم پر لازم ہے کہ جن کمسن بچوں کے والدین اور اولیا کو بچوں کے پیدل مدرسہ جانے پر اعتراض ہو۔ ان کی باتوں کو ٹھنڈے دل سے سنیں ان کی تشفی کرنے میں پوری کوشش کریں اور انھیں یہ سمجھائیں کہ سواریوں کی محدود تعداد میں کمسن بچوں کی جگہ ان کی بڑی بہنوں کو اگر دیجائے تو تعلیم پانے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا علاوہ ازیں ایک کمسن بچی کے لئے کھلی ہوا میں ملازم مدرسہ کی حفاظت میں اپنے پیروں پر چلنا زیادہ مفید ہے بمقابل ایک بند اور بھری ہوئی شکرام میں بیٹھکر زحمت اٹھانے کے۔

سررشتہ کی کوشش ہے کہ معلمات کے خاص حالات کے لحاظ سے ان کے لئے سالم ماہوار کے ساتھ ان کی مادری ضرورتوں کے موقع پر رخصت کے قواعد منظور کرائے ایسی معلمات جن کے شیرخوار بچے ہیں ان کی نگرانی کے لئے ضروری سہولت بہم پہونچانے کی

کوشش کی جارہی ہے۔ یہ انتظامات اپنے وقت پر پورے ہو رہیں گے۔ اس وقت تک معلماۃ کو چاہئے کہ مناسب طور پر آپس میں ایک دوسرے کی مدد کریں جہاں کہیں ممکن ہو دو چار معلماۃ مل کر شیرخوار بچوں کی سیوا کے واسطے ایک مشترک ملازمت کی خادمہ رکھ لیں۔ اپنی اور اپنے بچوں کی صحت کا خیال رکھیں اور آپس میں دوستانہ اور بہنوں کا سا عمل رکھیں۔ صدر معلمہ کی توجہ سے معلماۃ کی خانگی مشکلات کو حل کرنے میں بڑی مدد مل سکتی ہے۔ اور مجھے یقین ہے کہ ہماری فرض شناس صدر معلماۃ اس فرض کے ادا کرنے میں کوئی کمی نہیں کریں گی۔

The official outlook on education in all the provinces and States of India is now undergoing a rapid change, which has been long overdue. The medium of instruction in most of the schools even in British India is the language of the locality, and very soon it shall be so in all the schools. It is also only a question of time for a University to spring up in each linguistic area wherein the language of that area will be the medium of instruction. The multiplication of Universities will naturally give an encouragement to the separatist tendencies already visible in India. Therefore, for a United India we should depend only on a political unity of outlook, on a correct appreciation by all of the common good of the country. A common language for the whole of India, which can replace English as a medium at

The Hyderabad Teacher

CONTENTS.

VOL. XIII No. 2

THE HYDERABAD TEACHER

OCTOBER—DECEMBER 1938

Quarterly Magazine of The All-Hyderabad Teachers' Association
Under the Patronage of
SYED MOHAMED HUSAIN JAFERI Esq., B. A., (Oxon).
Director of Public Instruction.

SECUNDERABAD-DECCAN
PRINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD
1938.

EDITORS' NOTICE.

Articles meant for publication in this Journal must be addressed to the *Editor-in-Chief*. They should be either typed or written legibly in ink and signed by the author giving in full his or her address. The *Editorial Staff* does not necessarily share the views expressed in the articles published, but it reserves to itself the right to make such alterations in the articles received as it may deem necessary and proper before publishing them, and also to withhold their publication without assigning reasons. Original articles containing practical suggestions bearing on topics of general or educational interest will be very much appreciated. When an article is not approved, it will be returned to the author provided it is accompanied by a stamped and addressed envelope. When it is approved, a complimentary copy of the issue in which it appears will be sent to the contributor.

MANAGER'S NOTICE.

Subscription Rates.

	For H. E. H. the Nizam's Dominions, including postage.						For British India including postage.					
	Per annum.			Per copy.			Per annum.			Per copy.		
	O. S.			O. S.			B. G.			B. G.		
	Rs.	As.	Ps	Rs.	As.	Ps	Rs.	As.	Ps.	Rs	As.	Ps.
English & Urdu Sections combined ...	3	0	0	0	12	0	3	0	0	0	12	0
English Section separately ...	2	0	0	0	8	0	2	0	0	0	8	0
Urdu Section separately ...	1	14	0	0	8	0	1	14	0	0	8	0

Members of any of the Teachers' Associations affiliated to The All-Hyderabad Teachers' Association may obtain back numbers of *The Hyderabad Teacher* at concession rates.

Advertisement Rates.

Space.	Whole Year.			Six Months.			Per Issue.		
	B. G.			B. G.			B. G.		
	Rs.	As.	Ps.	Rs.	As.	Ps.	Rs.	As.	Ps.
Full page	12	0	0	6	0	0	4	0	0
Half page	6	0	0	3	8	0	2	0	0
Quarter page	3	0	0	1	12	0	1	0	0
Per line	0	10	0	0	8	0	0	6	0

Address:

D. P. I's. OFFICE,

HYDERABAD-DECCAN.

VOL. XIII No.

THE

HYDERABAD TEACHER

OCTOBER—DECEMBER 1938

Editorial Staff

S. ALI AKBAR, M. A. (Cantab.) *Editor-in-Chief.*

SALIM BIN SAYEED, B. A., B. T., M. Ed. (Leeds).

T. A. LINGAM, B. A., L. T.

Miss. J. NUNDY, M. A.

SECUNDERABAD-DECCAN

PRINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD

1938.

کانفرنس نمبر

حیدرآباد ٹیچر

مجلس ادارت

سید علی اکبر ایم اے (کنٹب) مدیر مسئول عبد الرؤف صدیقی بی اے بی ٹی (علیگ)
سید امیر خان بی اے نائب مدیر (عثمانیہ) فخر الحسن بی اے بی ٹی (علیگ)

مقاصد

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔
(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

قواعد

(۱) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا۔ اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے ماہ ہائے شہریور۔ آذر۔ اسفندار۔ خورداد مطابق جولائی۔ اکٹوبر۔ جنوری۔ اپریل میں شائع ہوگا
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔
اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)
صرف اردو حصہ (۱؎۲) سالانہ قیمت فی پرچہ اردو انگریزی (۱۲ر) صرف اردو (۸ر)۔
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہو سکے گا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہو سکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔
(ہ) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے۔
(و) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہذا رہے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	عـہ	صہ	سے
نصف صفحہ	صہ	عا	صہ ۸ر
ربع صفحہ	عا ۸ر	صہ ۶ر	۱۵ر
فی سطر	۱۰ر	۸ر	۶ر

اعظم اسٹیم پریس چارمینار حیدرآباد دکن میں طبع ہوکر معتمد انجمن اساتذہ ممالک محروسۂ سرکار عالی مقیم دفتر نظامت تعلیمات سے شائع ہوا

جلد ۱۳ — شمارہ (۳)

زیر سرپرستی جناب سید محمد حسین صاحب جعفری بی۔ اے (آکسن) ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

حیدرآباد ٹیچر

صدر انجمن اساتذہ ممالک محروسہ سرکار عالی حیدرآباد دکن

کا

سہ ماہی رسالہ

مجلس ادارت

سید علی اکبر ایم۔ اے (کنٹب) مدیر مسئول۔ عبدالنور صدیقی بی۔ اے بی ٹی (علیگ)
سعیدالدین خاں۔ بی۔ اے ڈپ۔ ایڈ (عثمانیہ)۔ ملّا سید فخرالحسن بی۔ اے بی ٹی (علیگ)

حیدرآباد ٹیچر

بابتہ اسفندار لغایتہ اردی بہشت ۱۳۴۸ف

جلد ۱۳ — شمارہ ۳

فہرست مضامین

انجمن اساتذۂ کُل حیدرآباد کی دوسری سالانہ کانفرنس

خطبۂ استقبالیہ

از

جناب مولوی سجاد مرزا صاحب ایم۔اے ڈکینٹب ای۔ ٹی (لنڈن) پرنسپل عثمانیہ ٹریننگ کالج بلدہ

جناب صدر، معزز خواتین و حضرات!

میں اس امر کو بڑی عزت و افتخار کا موجب سمجھتا ہوں کہ مجھے جناب والا کو اور تمام مندوبین اور معزز مہمانوں کو خیر مقدم کہنے کا موقع دیا گیا ہے۔ ہمیں بڑی مسرت ہے کہ جناب والا نے اس کانفرنس کی صدارت قبول فرما کر عزت افزائی فرمائی ہے۔ جناب والا کے سوا ہمیں اور کوئی اب نظر نہیں آتا جو مدرسین کے بحث و مباحث میں رہنمائی کرنے کے لئے زیادہ موزوں ہو۔ جناب والا کے والد محترم نواب عماد الملک بہادر مرحوم کو ہر مدرس ممالک محروسہ سرکار عالی کی جدید تعلیم کا بانی خیال کرتا ہے جناب والا نے ان کے دل و دماغ کے اوصاف نہ صرف ورثہ میں پائے ہیں بلکہ ان خوبیوں میں تبحر اور علم و عمل تعلیمات کی عمیق اور بیکراں واقفیت کا اضافہ بھی فرمایا ہے۔ ہم جناب والا کے بیحد مشکور ہیں کہ ہماری التماس کو قبول فرما کر عزت افزائی فرمائی گئی۔

یہ کانفرنس کُل حیدرآباد انجمن اساتذہ کی دوسری کانفرنس ہے مگر ہمارے لئے اساتذہ کی کانفرنس کوئی نئی چیز نہیں۔ اس کی تخم ریزی ابتدا ہمارے ممتاز و شہرۂ آفاق ناظم تعلیمات نواب مسعود جنگ بہادر مرحوم کے زمانہ میں ہوئی تھی۔ مرحوم کے عہد نظامت میں اساتذہ کی کانفرنسوں کی تعداد میں اضافہ ہوا اور وہ ممالک محروسہ سرکار عالی کے مختلف حصوں میں پھیلی پھولیں لیکن حیدرآباد کی انجمن اساتذہ نے بالخصوص میرے قابل دوست مولوی سید علی اکبر صاحب کے زیر قیادت بڑی شہرت حاصل کی۔ جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری موجودہ ناظم تعلیمات نے جو ابتدا ہی سے اس تحریک میں شریک تھے نظامت تعلیمات کا جائزہ لیتے ہی

نہایت جرات کے ساتھ اساتذہ کی انجمنوں کی تنظیم کی جو ممالک محروسہ سرکار عالی کے مختلف حصوں میں منتشر تھیں اور ان کے درمیان کوئی رشتہ اتحاد قائم نہ تھا۔ صاحب موصوف کی ساعی جلیلہ کا نتیجہ یہ ہوا کہ پچھلے سال کل حیدرآباد انجمن اساتذہ کا وجود عمل میں آیا۔ اب یہ انجمن ایک ایسی نمایندہ انجمن بن گئی ہے جس میں ہر ایک کی نمایندگی کا التزام ہے۔ اس میں چھوٹے بڑے سب شامل ہیں اعلیٰ گریڈ کے عہدہ دار اور کم گریڈ کے مدرسین۔ اس کی ایک اور خصوصیت بھی ہے۔ اس کے رکن ہر نسل ہر ذات اور ہر مذہب سے تعلق رکھتے ہیں جو ممالک محروسہ سرکار عالی میں پائے جاتے ہیں۔ اس لئے یہ دعویٰ سے کہا جاسکتا ہے کہ یہ ایک مثالی غیر فرقہ وارانہ انجمن ہے جس کی بالکلیہ بنیاد اس کے پیشہ یعنی مدرسی پر ہے اس کے اہم مقاصد یہ ہیں کہ تعلیمی نظریوں کے متعلق اظہار رائے و عملی تجاویز کرے۔ ارکین کے درمیان میل ملاپ اور تبادلہ خیال کے مواقع بہم پہونچائے اور ان کو مشہور و معروف ماہرین تعلیم سے روشناس کرے ان میں ایسے پیشہ ورانہ احساس کو ترقی دے جو ہماری بیج میل سماج کی سیوا کرے۔

فارسی زبان کی ایک پرانی کہاوت ہے۔

نشستند و گفتند و برخاستند۔

یہ کہاوت ہندوستان کی اکثر کانفرنسوں پر صادق آتی ہے مگر مجھے یہ کہتے ہوئے خوشی ہوتی ہے کہ ابتداہی سے ہماری سالانہ کانفرنس اس خطرہ سے بچی رہی ہے۔ ہماری کانفرنس اپنا آخری اجلاس آئندہ کے لئے کوئی اہم کام مقرر کئے بغیر ختم نہیں کرتی۔ وقفہ میں بھی اس کی کمیٹیاں مسلسل کام کرتی رہتی ہیں مگر یہ کام خاموشی سے ہوتا ہے پچھلے سال تعلیم برنائی۔ زائد نصاب مصروفیات تعلیم نسواں اور ثانوی تعلیم جیسے اہم موضوعوں پر رپورٹیں تیار کرنے کے لئے کمیٹیاں مقرر کی گئی تھیں یہ سارے موضوع نہایت اہم اور وقتیہ مسائل ہیں مجھے یقین ہے کہ ان رپورٹوں کی ترتیب کے وقت مقامی حالات اور عملی دشواریوں کا اچھی لحاظ رکھا گیا ہوگا۔ یہ رپورٹیں شعبہ واری جلسوں میں بحث و مباحثہ ہونے کے بعد ہی منظور ہوسکتی ہیں۔

کل حیدرآباد انجمن اساتذہ کا ایک سہ ماہی رسالہ بھی ہے جس کا نام دی حیدرآباد ٹیچر

ہے اس کی ادارت کے فرائض چند نوجوان اور جوشیلے اراکین بڑی قابلیت کے ساتھ انجام دے رہے ہیں۔ مجلس ادارت تعلیمی مسائل پر آزادانہ اظہار خیال کی ہمت افزائی کرتی ہے اور رسالہ کا اعلیٰ معیار قائم رکھتی ہے۔ اس کے علاوہ سالانہ کانفرنسوں کے موقع پر ایسے ممتاز مفکرین کے لکچروں کا انتظام کیا جاتا ہے جو اپنے اپنے فن کے ماہر ہوتے ہیں اس سال ہمارے ماہرین تعلیم کے علاوہ مسٹر مارس نمائندہ بیسک انگلش (بنیادی انگریزی) کی دوبارہ موجودگی خاص کر ہماری خوش نصیبی کا باعث ہے۔ مجھے پورا یقین ہے کہ تعلیمی اصلاحات کا سب سے مشکل مسئلہ مدرسین کی موزوں تربیت ہے میرا یہ بھی خیال ہے کہ جس طرح امیدواروں کے لئے تربیت ضروری ہے اسی طرح ان لوگوں کے لئے بھی اعادی نصاب ضروری ہے جنہوں نے تربیت ختم کرلی ہے۔ میرا ابتداً بھی یہی خیال تھا کہ میں اسی قسم کے کسی مسئلہ پر زور دوں کیونکہ ایسے مسائل سے مجھے خاص لگاؤ ہے مگر ایک اور اہم مسئلہ ہے جو مجھے یقین ہے کہ فی الحال ہماری توجہ کا زیادہ مستحق ہے۔ میری مراد زبانوں کی تدریس سے ہے خصوصاً ان زبانوں کی تدریس سے جو مادری زبان کے علاوہ سکھائی جاتی ہیں۔ میں نے آج جان بوجھ کر لفظ اجنبی سے پرہیز کیا ہے۔ کیونکہ میری دانست میں ہمسایہ کی زبان کسی طرح اجنبی نہیں ہوسکتی اور یہ تو سب ہی کو معلوم ہے کہ ہم دو زبانی لوگ ہیں اور بعض خاص حالات ہم کو سہ زبانی ہونے پر مجبور کر رہے ہیں۔ لیکن کیا تعجب کی بات نہیں کہ اب تک سائنسی اصولوں پر زبان سکھانے کے مسئلہ کو حل کرنے کی کوئی اہم کوشش اس ملک میں نہیں ہوئی جو زبانوں کا بابل سمجھا جاتا ہے؛ اگرچہ کہ ہمارے ملک کا جاہل آدمی بھی اکثر دو زبانیں بولتا ہے اور ہمارے اکثر ہم وطن زبان سیکھنے کی خاص استعداد رکھتے ہیں تاہم ہمارے مدارس میں زبان سکھانے کا مسئلہ روز بروز مشکل اور پیچیدہ ہوتا جاتا ہے۔ اس کے کئی اہم وجوہ ہیں۔ انگریزی جیسی مغربی زبان کی اہمیت عربی اور سنسکرت جیسی قدیم زبانوں کا اور مادری زبان کے علاوہ کسی دوسری زبان کا مسلسل مطالبہ مضامین نصاب کی تعداد میں روز افزوں اضافہ؛ ہر تعلیمی منزل کے لئے وقت کے قیود۔ یہ تمام باتیں ایسی دشواریاں پیش کرتی ہیں جن کی نظیر نہ تو ہمارے اور نہ کسی اور ملک کی تاریخ میں ملتی ہے۔ میں نے جو کچھ عرض کیا ہے اس کی صداقت کے ثبوت کے لئے

کسی مدرسہ کے نظام الاوقات پر سرسری نظر ڈال لینا کافی ہے۔ مدرسوں میں زبان کی تدریس پر بہت وقت صرف کیا جاتا ہے۔ اس سے ایسے اہم مضامین کا نقصان ہوتا ہے جیسے کہ مطالعہ قدرت۔ سائینس اور دستی کام وغیرہ جو ہر ملک کی ذہنی اخلاقی اور مادی ترقی کے لئے بے حد ضروری ہیں۔

اب تک مجھے ہندوستان کے کسی سرکاری۔ نیم سرکاری یا غیر سرکاری ادارہ کا علم نہیں جو ہندوستان کے مدارس میں زبان سکھانے کا مسئلہ حل کرنے میں مصروف ہو لیکن مجھے کسی قدر فخر ہے کہ ہمارے یہاں اس کی ابتدا کی گئی ہے۔ چند سال سے عثمانیہ ٹریننگ کالج کے بعض اساتذہ اس نہایت اہم و پیچیدہ مسئلہ سے دست و گریباں ہیں انہوں نے سب سے پہلے ہندوستانی زبان کو لیا جو ہندوستان کی عام زبان ہے اور یہ تحقیق شروع کی کہ اس کو بہ حیثیت زبان مادری اور بہ حیثیت زبان زائد سکھانے کا بہترین طریقہ کیا ہے؟ انہوں نے جو عمل اختیار کیا اس میں تھارن ڈائیک اور وسٹ کے نمونہ کے کام کو پیش نظر رکھا مگر بہت جلد دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ دشواریاں اتنی زیادہ تھیں کہ ان کی تفصیل کا یہاں موقع نہیں ہے۔ ہندوستانی الفاظ کی ایک کارآمد فہرست مرتب کرنا اتنا ہی مشکل معلوم ہوا جتنا کہ کوہ ایورسٹ کی مہم سر کرنا ہے۔ یہ اساتذہ ایسی منزل پر پہونچے جہاں اعتماد کی جگہ شک نے اور امید کی جگہ پستی نے اور یاس کی جگہ رنج والم نے لی۔ اس نازک وقت پر مسٹر مارس حیدرآباد تشریف لائے اور سچے مسیحا ثابت ہوئے۔ مسٹر مارس نے آرتھولوجیکل انسٹی ٹیوٹ (ادارہ لسانیات) کے ایجاد کئے ہوئے انگریزی پڑھانے کے طریقہ کی جو تشریح و توضیح کی وہ نہایت مفید موثر اور شمع ہدایت ثابت ہوئی چشم زدن میں محسوس ہوا کہ سب نیئی گرداں کے مطابق الفاظ کا اخراج وہ واحد طریقہ ہے جو ہمیں ظلمات کی تاریکی سے نکال سکتا ہے۔

میں جتنا زیادہ غور ان گوناگوں تعلیمی مسائل پر کرتا ہوں جن سے ہم ہندوستان میں دوچار ہو رہے ہیں اتنا ہی زیادہ مجھے یہ یقین ہوتا جارہا ہے کہ دنیا میں روس کو چھوڑ کر اور کوئی ملک ایسا نہیں جہاں ایک ادارہ لسانیات (آرتھولوجیکل انسٹی ٹیوٹ) کی اس قدر سخت

ضرورت ہو جس قدر کہ ہندوستان کو ہے۔

چاہے کوئی بنیادی انگریزی کے ۸۵۰ لفظوں پر اکتفا کرنے سے اتفاق کرے یا نہ کرے اور میں یہ نہیں سمجھتا کہ اس کے موجدین ۸۵۰ سے زیادہ لفظوں کے سیکھنے یا استعمال کرنے کی ممانعت کرتے ہیں ایک بات یقینی ہے وہ یہ کہ اس کے سخت سے سخت نقادوں کو بھی اس طریقہ میں کوئی نقص نہیں ملا۔ جو آرتھولوجیکل انسٹی ٹیوٹ نے پیش کیا ہے اور میں بلاخوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ یہ طریقہ ہمارے مدرسوں میں تمام زبانوں کو سکھانے کے لئے کامیابی کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

ہماری ریاست ابد مدت نے ذریعہ تعلیم کے مسئلہ میں اور ثانوی تعلیم کی تنظیم جدید میں سارے ہندوستان کی رہنمائی کی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ زبانوں کی سائنسی قدریں کے مسئلہ میں بھی ہماری ریاست پیش قدمی کرے گی۔

ہمارے ملک میں جو مختلف لوگ بسے ہوئے ہیں ان کے درمیان اتحاد و اتفاق کو ترقی دینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ ایک دوسرے کی زبان سیکھیں یہ مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتا جب تک کہ دوسری زبانوں کے سیکھنے کا طریقہ آسان نہ کیا جائے اس لئے میں اس دن کا انتظار کر رہا ہوں جب کہ ہماری ریاست بنیادی زبانوں کی تشکیل کرے گی جس سے ایک عام رسم خط کے ارتقا کا راستہ کھل جائے گا جو تعلیم یافتہ اور متحدہ ہندوستان میں رواداری کا نشان بنے گا۔

رپورٹ معتمد عمومی

انجمن اساتذہ ممالک محروسہ سرکار عالی بابت سنہ ۱۳۴۷ ف

از

جناب کے ۔ بی ایر صاحب بی ۔ اے ۔ بی ۔ ٹی معتمد کمشنر امتحانات و مددگار معتمد مجلس تعلیم ثانوی

صدر محترم ٗ معزز خواتین و حضرات !

انجمن اساتذہ ممالک محروسہ سرکار عالی کو قائم ہو کر بمشکل ۱½ سال کا عرصہ ہوتا ہے۔ اس قلیل مدت میں قیام انجمن کے بعد ہی اس امر کی کامیاب کوشش کی گئی کہ جملہ انجمن ہائے اساتذہ ممالک محروسہ سرکار عالی ایک کڑی میں منسلک ہو جائیں ٗ ان میں ایسا ربط قائم ہو کہ اس خوشگوار ہم آہنگی سے طبقہ مدرسین زیادہ سے زیادہ استفادہ کر سکے۔ چنانچہ مدارس تحتانیہ و وسطانیہ کی انجمنیں ضلع کی انجمن سے ملحق کی گئیں اور مدارس فوقانیہ اور ضلع کی انجمنوں کا الحاق صوبہ کی انجمن سے ہوا۔ نیز صوبہ کی انجمنیں انجمن ہذا سے ملحق ہویں۔ کانفرنس کے اجلاس ہر سال بلدہ اور خاص کر مستقر صوبہ میں منعقد ہوا کریں گے تاکہ قصبات و دیہات کے مدرسین بھی اس سے استفادہ کر سکیں۔

گذشتہ سالانہ کانفرنس منعقدۂ بلدہ حیدرآباد میں یہ طے پایا تھا کہ انجمن کی "دوسری سالانہ" کانفرنس گلبرگہ شریف میں منعقد کی جائے۔ تمام انتظامات مکمل ہو چکے تھے کہ عین وقت پر پلیگ شائع ہونے کے اندیشہ سے تبدیلی مقام کی ضرورت داعی ہوئی چونکہ قلیل مدت میں اور کسی ضلع پر انتظامات نہیں ہو سکتے تھے لہذا جملہ انجمن ہائے مستقر بلدہ کی دعوت شکریہ کے ساتھ قبول کی گئی ۔ یہی وجہ ہے کہ کسی قدر تاخیر سے دوسری سالانہ کانفرنس بلدہ میں منعقد کی جا رہی ہے ۔

سال زیر رپورٹ میں مولوی محبوب علی صاحب طاہر ایم۔اے۔ایم ایڈ انجمن کے فرائض معتمد عموی انجام دیتے رہے۔محکمہ لاسلکی میں صاحب موصوف کی منتقلی کی وجہ سے یہ خدمت آذر سے میرے تفویض ہوئی ہے۔

حیدرآباد ٹیچر انجمن ہذا کے لئے ایک ایسے آرگن کی ضرورت تھی جس میں ایک طرف جدید تحریکات اور مغربی تجارب علمی شائع ہوسکیں تو دوسری طرف انجمن ہذا اور ملحقہ انجمنوں کے مدرسین کے ذاتی تجربوں اور غور و فکر کے نتائج کی اشاعت ہوسکے۔اس کی تکمیل کے لئے رسالہ حیدرآباد ٹیچر (دو زبانی یعنے انگریزی اور اردو) کو انجمن کا آرگن قرار دیا گیا ہے۔رسالہ جس میعار پر پہنچ گیا ہے اس کا مقابلہ برطانوی ہند کے کسی رسالہ سے کیا جاسکتا ہے۔یہ سب مجلس ادارت کی مساعی کا نتیجہ ہے۔مولوی سید علی اکبر صاحب علیٰ حالہ رسالہ کے مدیر مسئول ہیں۔اردو حصہ کے اعزازی مددگار مولوی عبدالنور صدیقی صاحب اور مولوی سعیدالدین خاں صاحب ہیں۔انگریزی حصہ میں مدیر مسئول کی اعانت مس جے۔بندی صاحبہ۔مولوی سالم بن سعید صاحب اور مسٹر ڈی۔اے لنگم صاحب فرماتے ہیں۔مولوی محبوب علی صاحب طاہر محکمہ لاسلکی میں منتقلی تک مجلس ادارت میں شریک تھے۔

مس جے بندی صاحبہ جب سے شریک کار ہوئی ہیں۔انگریزی حصہ میں "نسوانی نقطہ نظر" کے عنوان سے ایک خاص جزو کا اضافہ کیا گیا ہے۔جس میں صرف خواتین کے مضامین کی اشاعت ہوتی ہے۔

کوئی تعلیمی رسالہ اپنی ذمہ داریوں سے کماحقہ سبکدوش نہیں ہوسکتا ہے جب تک کہ آپ کی مدد شامل حال نہ ہو۔عہدہ داران سررشتہ اور اساتذہ صاحبان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ "حیدرآباد ٹیچر" کو اپنا رسالہ سمجھ کر مضامین اور خریداری سے اس کی اعانت فرمائیں گے۔

انتظامی کمیٹی سال زیر ذکر میں انتظامی کمیٹی کے دو جلسے ہوئے۔جن میں تقرر ذیلی کمیٹی، تقرر آڈیٹر، تنقیح حسابات انجمن، پروگرام کانفرنس، آئندہ کانفرنس کے انتظامات، صدر کانفرنس کا انتخاب اور دوسرے انتظامی امور طے پائے۔

ذیلی کمیٹی سال زیر ذکر چار ذیلی کمیٹیاں یعنے تعلیم بالغان' زائد نصاب مصروفیات' تعلیم نسوان اور ثانوی تعلیم پر مقرر کی گئیں۔ ان کی صدارت علی الترتیب مولوی احمد حسین خاں صاحب بی۔ اے۔ صدر مہتمم تعلیمات بلدہ' مسٹر بلنگھم رکٹر گرمر اسکول' مس بجے۔ نندی صاحبہ ایم۔ اے۔ صدر مہتممہ مدارس نسوان اور مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔ اے (کنٹیب) اسپشل انسپکٹنگ آفیسر نے فرمائی۔ جس محنت و دلچسپی اور شرح و بسط کے ساتھ یہ رپورٹیں تیار ہوئی ہیں اس کا اندازہ آپ ذیلی کمیٹیوں میں شرکت کے بعد فرمالیں گے۔

ملحقہ انجمنیں اس انجمن کے قیام کے بعد سے انجمن کے میر مجلس نے انجمن ہائے اساتذہ ممالک محروسہ سرکار عالی کی تنظیم میں بطور خاص دلچسپی لی۔ ملحقہ انجمنوں کے شاخوں کے قواعد کی نظر ثانی کی گئی تاکہ میر مجلس انجمن کے مقررہ اصول کے مطابق ان میں ہم آہنگی پیدا ہو جائے۔ جس کا نتیجہ ہے کہ ریاست کے ہر گوشہ میں تعلیمی چہل پہل اور بیداری کے آثار نمایاں ہیں۔ تقریباً ہر ضلع میں مدرسین کی کانفرنسیں منعقد ہوئیں اور نمائش تعلیمی کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس کے علاوہ مستقر بلدہ اور اضلاع کی شاخوں اور اکثر مدارس فوقانیہ میں ماہانہ جلسے ہوئے جن میں تعلیمی مباحث پر ارکان کو تبادلہ خیالات کا موقع دیا گیا۔ اور نمونے کے اسباق کا بھی انتظام کیا گیا۔ سال حال بمقابلہ سال گذشتہ دو انجمنوں یعنے انجمن ٹریننگ کالج بلدہ اور سٹی کالج کا اضافہ ہوا۔ اب انجمن ہذا سے راست ملحق (۱۲) انجمنیں ہیں۔ مگر صوبہ کی انجمنوں کے تحت تقریباً ۱۲۵ انجمنیں مصروف عمل ہیں۔ منجملہ ۱۲ انجمنوں کے ۵ مستقر صوبہ جات کی ہیں اور مدارس نسوان بلدہ چادر گھاٹ ہائی اسکول بلدہ نیز ٹریننگ کالج بلدہ کی ایک ایک اور چار انٹرمیڈیٹ کالجس کی ہیں۔

اب میں فرداً فرداً ملحقہ انجمن کی سرگرمیاں بابت سال تمام اجمالاً پیش کرتا ہوں۔

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ اس انجمن کی بدستور ۱۳ شاخیں قائم رہیں اور ارکین کی تعداد کم و بیش ... رہی۔ سال زیر رپورٹ جدید تعلیم پر رپورٹ تیار کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر ہوئی تھی جس نے ایک مبسوط رپورٹ پیش کی ہے۔ یہ رپورٹ انجمن اساتذہ بلدہ کی سالانہ کانفرنس میں پڑھی گئی اور بحث و مباحثہ کے بعد بہ غلبہ آراء

منظور ہوئی۔ دوران سال شعبہ زائد نصاب مصروفیات کا پروگرام دلچسپ رہا۔

انجمن اساتذہ صوبہ اورنگ آباد دوران سال مقررہ پروگرام کے مطابق کام ہوا۔ ہر ضلع میں کانفرنس ہوئی اور نمائش تعلیمی کا بھی انعقاد عمل میں آیا۔ ضلع اورنگ آباد کی کانفرنس کی صدارت عالی جناب راے برکت رائے صاحب اول تعلقدار نے فرمائی اور عالی جناب مولوی سید علی اکبر صاحب اسپشل انسپکٹنگ آفیسر تعلیمات نے بصیرت افروز تقریر سے مدرسین کو مستفید فرمایا اور نمائش بھی افتتاح کی۔

کانفرنس میں انجمن کے قواعد وضوابط حسب ایما صدر انجمن پیش کرکے بعد مباحثہ منظور کئے گئے۔

انجمن اساتذہ صوبہ گلبرگہ شریف اس انجمن کے جملہ مرکزوں میں سال زیر ذکر اہم مضامین پر مباحثے ہوئے۔ آبان ۱۳۴۷ف میں ایک عام جلسہ میں عالی جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی۔اے (آکسن) ناظم تعلیمات نے اساتذہ کو مخاطب فرماکر مفید ہدایات سے بہرہ ور فرمایا۔ اس انجمن کے زیر غور قیام انجمن امداد باہمی کتب خانہ کا قیام اور رسالہ کا اجرا بھی ہے۔

انجمن اساتذہ صوبہ میدک انجمن ہذا کا قیام ۱۳۴۶ف میں عمل میں آیا۔ اس کی شاخیں مدارس فوقانیہ اور وسطانیہ پر قائم کرکے مدارس تحتانیہ کو بھی الحاق کی کڑی میں منسلک کیا گیا ہے۔

دوران سال مقررہ پروگرام کے مطابق تمام شاخوں میں کام ہوا۔ انجمن کی سالانہ کانفرنس بمقام نلگنڈہ زیر صدارت مولوی فیض الدین صاحب ایم۔اے کنٹیب بیرسٹرایٹ لا صدر مہتمم سمت میدک منعقد ہوئی جس کا پروگرام دلچسپ رہا۔

مولوی احمد حسین خاں کے تبادلہ کی وجہ سے اب انجمن کے صدر مولوی فیض الدین صاحب ہیں۔

انجمن اساتذہ صوبہ ورنگل اس انجمن میں مقررہ پروگرام کے مطابق عمل ہوا۔ رسالہ "ولیج ٹیچر" Village Teacher بدستور جاری ہے۔

انجمن کی انتظامی کمیٹی نے یہ طے کیا ہے کہ ہر سال مدارس ثانویہ کے بہترین مضمون نگار کو ؎ــــــ اور مدارس تحتانیہ کے مضمون نگار کو ؏ــــــ انعام دیا جائے۔ کانفرنس کے زمانہ میں طلبہ نے ڈرامے پیش کئے۔ اساتذہ کا موسیقی کا مقابلہ ہوا اور طلبائے وسطانیہ و فوقانیہ کے اردو انگریزی کے مقابلے بھی ہوئے۔

سالانہ کانفرنس انجمن کی یہ خصوصیت رہی کہ عالی جناب مولوی سید محمد حسین جعفری صاحب بی۔اے (آکسن) ناظم تعلیمات نے اس کی صدارت فرمائی۔

انجمن معلمات مدارس نسواں بلدہ انجمن ہذا اسفندار ۱۳۴۷ف میں قایم ہوئی اور انجمن کے ۶ مرکز مقرر ہوئے۔ سال زیر رپورٹ جو عنوان زیر بحث رہا وہ "خوش و خرم مدرسہ" تھا جس کے ذیلی عنوانات "خوبصورتی مدرسہ" "جوش مدرسہ" وغیرہ تھے۔ انجمن کے مرکزوں میں ان عنوانات پر دلچسپ مباحثے ہوئے اور عملی پہلو پر زیادہ زور دیا گیا۔

انجمن کے قیام کے ساتھ ہی فروردی ۱۳۴۷ف میں کانفرنس و نمائش تعلیمی منعقد کی گئی جس کی صدارت عالی جناب نواب مہدی یار جنگ بہادر ایم۔اے (آکسن) صدر المہام تعلیمات نے فرمائی۔ یہ انجمن مس جے۔ نندی صاحبہ ایم۔اے میر مجلس کی رہبری میں نمایاں ترقی کر رہی ہے۔

انجمن اساتذہ انٹرمیڈیٹ کالج اورنگ آباد اس انجمن نے جو اسٹاف کالج و مدرسہ پر مشتمل ہے ریسرچ کا کام شروع کیا ہے انگریزی تعلیم کی اصلاح کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی گئی جس کے کئی جلسے ہوئے اور ایک رپورٹ مرتب کی گئی۔ اس کے مطابق کالج میں تجربہ کیا جا رہا ہے۔ طلباء کالج رسالہ نورس سہ ماہی اور کالج بلٹین ہفتہ وار شائع کر رہے ہیں۔ ناخواندگی کو دور کرنے کے لئے اس درس گاہ کے اسٹاف نے اپنی خدمات پیش کی ہیں اور تعلیم بالغان میں حصہ لے رہے ہیں۔

انجمن اساتذہ انٹرمیڈیٹ کالج گلبرگہ شریف انجمن ہذا دو شعبوں پر منقسم ہے۔ ایک تعلیمی دوسرا تفریحی۔ ہر شعبہ کے علحدہ

علیحدہ معتمد ہیں۔ سال زیر رپورٹ انجمن نے فراہمی فرنیچر اور برقی پنکھوں کی تنصیب وغیرہ کے لئے کافی رقم صرف کرکے کلب کو ساز و سامان سے آراستہ کردیا۔

علمی شعبہ رسائل و اخبارات وغیرہ فراہم کرتا اور مقررہ تواریخ پر جلسے منعقد کرتا ہے۔ چنانچہ سال زیر رپورٹ میں پروگرام کے مطابق کام ہوا۔

تفریحی شعبہ میں تفریحی مشاغل اور کھیل کو د مثلاً بلیرڈ، ٹینس اور پنگ پانگ وغیرہ کا انتظام ہے۔

انجمن اساتذہ انٹرمیڈیٹ کالج ورنگل طبقہ فوقانیہ اور کالج کے اساتذہ و لکچرار صاحبان اس کے رکن ہیں جن کی تعداد ۵۰ ہے۔ سال زیر رپورٹ ایک عام جلسہ ۸ انتظامی کمیٹی کے جلسے اور ذیلی کمیٹی کے ۲۴ جلسے منعقد ہوئے۔ دارالمطالعہ سے خاطر خواہ فائدہ اٹھایا گیا۔ اساتذہ کے کلب کی مصروفیات بھی تشفی بخش ہیں۔

انجمن اساتذہ ٹریننگ کالج بلدہ تقریباً ہر یکشنبہ کو ایک جلسہ منعقد کیا گیا۔ جس میں نظم و نسق مدرسہ اور اصول تعلیم وغیرہ کے مختلف عنوانوں پر مباحثے ہوئے۔ نیز درس و تدریس وغیرہ کے سلسلہ میں خود ساختہ آلات تعلیمی مثلاً چارٹس، نقشہ جات، تصاویر اور ماڈلس وغیرہ کی تیاری کی نسبت غور کیا گیا۔ لکچرار صاحبان کی نگرانی میں مدرسین زیر ٹریننگ ان آلات کو تیار کرتے ہیں۔

انجمن اساتذہ ہائی اسکول چادرگھاٹ یہ انجمن اسٹاف مدرسہ پر مشتمل اور کئی شعبوں مثلاً تاریخ، جغرافیہ، انگریزی، ریاضی اور سائینس وغیرہ میں منقسم ہے سالانہ مقررہ پروگرام کے مطابق تمام شعبوں میں کام ہوتا ہے۔

انجمن اساتذہ سٹی کالج اس انجمن کا الحاق بہمن ۱۳۴۸ ف میں ہوا اس لئے کارگزاری کا ذکر نہیں کیا گیا۔

انفرادی اراکین انجمن تاحال انفرادی اراکین انجمن کی تعداد نصف درجن سے زیادہ نہیں ہے۔ اراکین انجمن کو یہ معلوم کرکے مسرت ہوگی کہ عالی جناب نواب مصاحب جنگ بہادر کا نام بھی زینت دہ فہرست ہے۔ سررشتہ کے ایسے عہدہ دار صاحبان

سے جن کا تعلق کسی ملحقہ انجمن سے نہیں ہے۔ اپیل کی جاتی ہے کہ وہ رکنیت قبول کرکے انجمن کی حوصلہ افزائی اور تقویت کا باعث ہوں گے۔

نمائش تعلیمی کانفرنس کے ضمن میں نمائش تعلیمی کا بھی انتظام کیا گیا ہے جس کا افتتاح محترمہ جناب لیڈی حیدری صاحبہ نے کل ہی فرمایا۔

یہ امر موجب طمانیت و قابل ستائش ہے کہ تنگی وقت کے باوجود نمائش کمیٹی نے غیر معمولی دلچسپی اور انتھک کوشش سے کام کرکے نمائش کا انتظام شاندار پیمانے پر کرلیا۔ تقریباً تمام ضلعوں سے اشیاء نمائش وصول ہوئی ہیں۔ جو سامان وصول ہوا ہے وہ کافی تعداد میں ہے اور اچھا ہے اور اکثر چیزیں بلحاظ ندرت اور اپج قابل داد ہیں۔

حسابات انجمن۔ انجمن کے مداخل و مخارج درج ذیل ہیں۔

آمدنی	روپیہ	آنہ	پائی	خرچ	روپیہ	آنہ	پائی
۱۔ میزان پیش آوردہ	۱۳۵			ٹکٹ	۴	۰	۰
۲۔ فیس الحاق	۲۳۵			صادر	۸	۱	۰
				الاؤنس	۳۲	۰	۰
				طباعت	۲۸	۸	۰
				نقد	۲۹۷	۷	۰
میزان	۳۷۰	۰	۰	**میزان**	۳۷۰	۰	۰

سال حال انجمن کے آڈیٹر جناب مولوی غیاث الدین صاحب بی۔ اے ڈپٹی مددگار ناظم تعلیمات نے انجمن کے حسابات کی تنقیح کرکے مفید ہدایات دئے ہیں جس کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

حضرات! یہ میرا خوش گوار فریضہ ہے کہ میں سب سے پہلے صدر کانفرنس عالی جناب نواب مہدی یار جنگ بہادر صدر المہام بہادر تعلیمات کی خدمت میں انجمن کی جانب سے بکمال عجز ناچیز ہدیۂ تشکر پیش کروں کہ باوجود گوناگوں مصروفیات کے ممدوح الشان نے

دو دن مسلسل اپنا قیمتی وقت انجمن کی کارروائیوں میں بکمال انہماک صرف فرمایا یقین ہے کہ انجمن آپ کی سرپرستی اور ماہرانہ رہبری میں خوب پھولے پھلیگی۔

انجمن نازاں ہے کہ تعلیمی نمائش کا افتتاح ایک ایسی ہستی کے ہاتھوں عمل میں آیا جس کو تعلیم نسوان سے گہری دلچسپی ہے اور جو مجلس تعلیم ثانویہ کی کمیٹی تعلیم نسوان کی صدر بھی ہے۔ میں بہ کمال ادب لیڈی حیدری صاحبہ کا سپاس گزار ہوں کہ نمائش کا افتتاح فرما کر افتخار بخشا۔

بانی و میر مجلس انجمن عالی جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی۔اے (آکسن) ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی کی خدمت میں انجمن کی جانب سے ہدیۂ تشکر پیش کیا جاتا ہے کہ جناب ممدوح نے پورے سال ہماری رہبری اور سرپرستی فرمائی۔

عالی جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔اے۔ کنٹب۔ نائب میر مجلس انجمن کو سال زیر رپورٹ جو غیر معمولی شغف انجمن کے مشاغل سے رہا ہے اس سے آپ واقف ہیں انجمن ہذا جناب ممدوح کی بے حد ممنون ہے۔

ممبران کونسل ملحقہ انجمنوں کے صدر صاحبان و معتمد صاحبان اور ذیلی کمیٹی کے صدر صاحبان و معتمد صاحبان وغیرہ نے جس جوش تعاون اور اتحاد سے اپنے فرائض انجام دیے وہ قابل امتنان ہیں۔ میں سب کا شکریہ دل سے ادا کرتا ہوں۔

احسان فراموشی ہوگی اگر میں نمائش کمیٹی اور استقبالیہ کمیٹی کا شکریہ بطور خاص ادا نہ کروں۔ ہر دو کمیٹیوں نے باوجود تنگی وقت جس جوش سے کام کیا وہ قابل صد شکر ہے۔

توقع ہے کہ انجمن کی مصروفیات سال آئندہ اور زیادہ نمایاں اور عملی رہینگی۔

خطبۂ صدارت

دوسری سالانہ کانفرنس انجمن اساتذہ ممالک محروسۂ سرکار عالی

منعقدہ یکم فروردی ۱۳۴۸ف

از

عالی جناب نواب مہدی یار جنگ بہادر (ایم-اے) آکسن صدر المہام تعلیمات وفینانس

اس زمانہ کا بڑا مسئلہ عوام کی تعلیم کا ہے۔ حال حال تک ہندوستان میں اس مسئلہ پر اس کی اہمیت کے مطابق توجہ نہیں کی گئی ہے در حقیقت رجحان یہ رہا کہ ثانوی اور اعلیٰ تعلیم پر توجہ مرکوز کی جائے لیکن ابتدائی تعلیم کو جو عوام پر اثر انداز ہوتی ہے۔ نسبتاً نظر انداز کیا جاتا رہا۔ اس کا ثبوت تعلیم کے مختلف طبقوں کے مصارف کے اعداد کے مقابلہ سے مل سکتا ہے۔ مگر میرا ارادہ آپ کو اعداد سے پریشان کرنے کا نہیں ہے۔ یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ ہندوستان میں خواندگی کے اس تناسب کا مقابلہ جو مختلف صوبہ جات اور ریاستوں میں مختلف ہے دوسرے تہذیب یافتہ ممالک کے تناسب سے نہیں کیا جاسکتا۔

بہرحال زمانہ اب بدل گیا ہے اور روز بہ روز اس کا احساس زیادہ ہوتا جارہا ہے کہ نظم ونسق سلطنت کا ایک مقدس فریضہ عوام کو تعلیم دلانا ہے اور یہ اس طور پر ہونا چاہئے کہ ملک کی معاشرتی اور تعلیمی ضروریات کے لئے موزوں ہو۔

اس کار عظیم میں جو مشکلات ہمارے راستہ میں حائل ہیں، وہ ان طلبہ کی کثیر تعداد ہے جن کو تعلیم دلاتی ہے۔ ہمارے مالی ذرائع کی تحدید اور ان تربیت یافتہ اساتذہ کی قلت ہے جو تحتانیہ مدارس میں ایسی تعلیم دے سکیں کہ لکھنے پڑھنے اور حساب سکھانے تک محدود

نہ ہو بلکہ ایک منزل پر دستی مشاغل جیسی کسی چیز کو لیئے ہوئے ہو اور کسی پیشہ کا میلان طلبا میں پیدا کر سکے۔ جبری تعلیم کے مصارف امتناعی ہوں گے اور چونکہ کوئی قانون ایک وقت میں ریاست کے چھوٹے چھوٹے حصوں ہی میں نافذ کیا جا سکتا ہے اور پھر اس کی وجہ سے خاص محصول بھی عاید کرنا پڑے۔ اس لئے فی الحال قابل عمل بات یہ ہے کہ یہ دیکھا جائے کہ ہم عام ابتدائی تعلیم کی منزل مقصود تک جبر سے قبل رضاکارانہ اساس پر کس حد تک آگے بڑھ سکتے ہیں۔ مسٹر میہو نے جن کی خدمات اس ریاست نے (۳۰) سال قبل مستعار لی تھیں ایک پروگرام بنایا تھا۔ اگر اس کے مطابق کام کیا جاتا تو (۵۰۰) باشندوں کے ہر قصبہ میں ایک تحتانی مدرسہ ہو جاتا ان کے پروگرام کو اختیار نہ کرنے کی وجہ غالباً اس زمانہ کا وہ میلان تھا کہ تحتانی مدارس کے مقابلہ میں ثانوی مدارس پر زیادہ وقت اور روپیہ خرچ کیا جائے لیکن غلطی کی اصلاح ہر وقت جلد یا بدیر ہو سکتی ہے۔ اب ہم کو یہ دیکھنا چاہیئے کہ ضائع شدہ وقت کی تلافی کے لئے کیا کیا جا سکتا ہے اور ہمارے مالی ذرائع کس حد تک ہم کو اپنی منزل مقصود کی جانب پیش قدمی کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔

پہلے ذرائع کو لیجئے یہ خیال کہ ابتدائی تعلیم خود مکتفی بنائی جا سکتی ہے فوراً دور کر دیا جا سکتا ہے۔ نوجوان طلبا بہ یک وقت کما نہیں سکتے اور نہ سیکھ سکتے اگر وہ دونوں کو ایک ہی وقت میں کرنے کی کوشش کریں۔ ابتدائی تعلیم ریاست اور لوکل فنڈ دونوں کے لئے بھاری مصارف کا موضوع ہے اور ہمیشہ رہے گا لیکن اس پر غور کرنا مفید ہوگا کہ ان دونوں کے درمیان ذرائع اور محنت کی تقسیم کیوں کر کی جا سکتی ہے تاکہ روپیہ اور عملہ کا بہترین اور موثر ترین مصرف ہاتھ آجائے۔

حکومت ہند کی مرکزی مشاورتی بورڈ تعلیم کی ورناکیولر ایجوکیشن کمیٹی نے ۱۹۳۷ء میں بہ غلبہ آرا ایک سفارش کی تھی کہ دیسی تعلیم کے اساتذہ کے تقرر، برطرفی، تبادلہ اور سزا کے معاملہ میں تمام اختیارات مقامی اختیار سے حکومتی عہدہ داروں کو منتقل کر دے جائیں۔ یا دوسرے الفاظ میں حکومت ڈسٹرکٹ بورڈ یا لوکل فنڈ کے مدارس پر عاملانہ نگرانی رکھے۔ واقعہ یہ ہے کہ یہی کام ریاست حیدرآباد میں ہمیشہ کیا جاتا رہا ہے۔ مذکورہ رپورٹ کے اجرا کے بعد سے

کانگریسی صوبوں کی حکومتوں نے تصفیہ کیا ہے کہ ساری ابتدائی تعلیم پر اختیار اور نگرانی حکومت کی رہے۔ اور واقعی یہ اصول اکثر مہذب ممالک میں قبول کیا گیا ہے۔ اور اس پر عمل بھی جاری ہے۔ اس واقعہ کے مدنظر میرا ہمیشہ سے خیال رہا کہ دیوانی اور لوکل فنڈ کے مابین ذرائع آمدنی کی موزوں تقسیم اور کام کی تقسیم یہ ہوگی کہ لوکل فنڈ کا تعلیمی محصول فی روپیہ تین پائی جس سے چار لاکھ پچھتر ہزار سالانہ کی آمدنی ہوتی ہے۔ آئندہ کے لئے امکنہ مدارس تحتانیہ کی تعمیر اور ان کے سازوسامان کے لئے جس کی بڑی چیخ پکار ہے، مختص کردیا جائے اور دیوانی سے تحتانی تعلیم کے دوسری مدات خرچ جیسے مشاہرہ مدرسین وغیرہ کی پابجائی ہو۔ اس سے حکومت کو (۵) لاکھ روپے سالانہ کے مزید اخراجات برداشت کرنے پڑیں گے۔ لیکن فائدہ یہ ہوگا کہ کم سے کم ایک ہزار باشندوں کے ہر قصبہ میں ایک خاص مدت کے دوران میں ابتدائی مدرسہ کی ایک موزوں عمارت بن جائے گی۔ معیاری نقشے جو اب منظور ہو چکے ہیں ان سے ظاہر ہے کہ چھوٹے دیہات میں تحتانیہ مدرسہ کی عمارت کے مصارف کم سے کم آٹھ سو اور اضلاع کے مستقر یا تحصیل میں پانچ ہزار تک ہو سکتے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ ان عمارتوں کے نمونے جو دلکش اور قابل عمل ہیں اسکیں کے مطابق بنا کر آئندہ تعلیمی نمائش میں پیش کرنا ممکن ہوگا۔

فی الحال ابتدائی تعلیم کی توسیع کے مقصد سے تاکہ کم سے کم ایک ہزار باشندوں کے ہر قصبہ میں ایک مدرسہ ہو اندازہ کیا گیا ہے کہ مذکورۂ بالا (۵) لاکھ روپیہ کی رقم کے علاوہ چھ اور سات لاکھ کے درمیان مصارف ہوں گے۔ یعنی ریاست کو مسٹر میہو کے پیش کردہ مقصود کی جانب ایک لمبا قدم اٹھانے کے لئے جملہ مصارف دس اور بارہ لاکھ روپیہ سالانہ کے درمیان برداشت کرنے پڑیں گے جو عملی سیاسیات کے حدود میں ہے۔

براہ کرم یاد رکھئے کہ یہ رائے ظاہر کرتے وقت میں وزیر مالیہ کی حیثیت سے نہیں بول رہا ہوں اور نہ حکومت کو مزید مصارف پر مجبور کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ اس نوبت پر جو بحث کی جارہی ہے وہ خالصتہً علمی ہے۔ لیکن پھر بھی اس کے مالی مضمرات کی پیمائش کرنا دلچسپ ہے۔

لیکن اس بارے میں مزید فنڈ پانا ہی واحد مسئلہ نہیں ہے۔ بہت سا روپیہ تعلیم کے ایک زیادہ کفایت بخش نظم ونسق تعلیم سے بھی بچایا جاسکتا ہے مرکزی مشاورتی بورڈ تعلیم کی دیسی تعلیم کی کمیٹی کی اسی رپورٹ میں جس کا میں نے ذکر کیا ہے یہی مندرج ہے اور وہ کسی قدر حق بہ جانب ہے۔

"بہرحال مالیہ کے مسئلہ کو سدراہ نہیں ہونا چاہئے۔ اور نہ وہ سدراہ ہے۔ بشرطیکہ اس قابل افسوس تضیع اخراجات کو جو فی الوقت تمام صوبوں میں موجود ہے۔ روک دیا جائے۔ حساب سے ظاہر ہے کہ صرف تقریبا (۲۵) فی صد بچے جو تحتانی مدرسہ کی سب سے چھوٹی جماعت میں داخل ہوتے ہیں چار سال کا نصاب پورا کر پاتے ہیں جبکہ یہ فرض کیا جاسکتا کہ وہ خواندہ ہو گئے۔ اگرچہ یہ اعداد مختلف صوبہ جات میں مختلف ہیں۔ اس طرح ۵، فی صد رقم جو اب تحتانی تعلیم پر صرف کی جارہی ہے محض تضیع رقم اور بے جا صرفہ سمجھا جاسکتا ہے۔

اگر اس کو روک دیا جائے تو جو فنڈ اب حاصل ہیں ایک بڑی توسیع کے لئے کافی ہوں گے۔"

مجھے توقع ہے کہ اس ریاست میں حالات اتنے بدتر نہیں ہیں کم سے کم وہ ان ابتدائی مدارس میں اتنے خراب نہیں ہیں جو میں نے شخصی طور پر دیکھے ہیں پھر بھی جس بیجا صرفہ کا ذکر ہوا ہے وہ بلاشبہ موجود ہے اور یہ ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل انسپکٹروں کا کام ہے کہ اس کا پتہ چلائیں اور اس کو جہاں کہیں ہو روکیں۔ اس بارے میں ایک قدم حال ہی میں ناظم صاحب تعلیمات نے اٹھایا جنہوں نے کئی ناکارہ مدارس کو بند کرنے کا حکم دیا جہاں کافی طلبا نہ تھے اور وقت اور روپیہ ضائع ہوتا تھا۔ آخر کار جب ابتدائی تعلیم لازمی کر دی جائے گی تو بیجا صرفہ کے سدباب کا امکان ہے۔ اس لئے کہ جب ابتدائی تعلیم عام ہو جائے گی تو اس کی رو میں مجبوراً بہتر نظم ونسق کی ضرورت ہو گی اور آئینی تعزیر کے باعث نگرانی بھی موثر ہو جائے گی۔ اس بے جا صرفہ کے کم ہونے کا امکان نئی پانچویں ابتدائی جماعت کے افتتاح سے ہو گا۔ جن میں دیہات سدھار سے متعلق مضامین پڑھائے جائیں گے۔

اس لئے یہ صورت ابتدائی تعلیم کو اب کے مقابلہ میں زیادہ دلچسپ اور دلکش بنادے گی، تعلیم میں معاونت کے لئے لاسلکی کے استعمال کی تجاویز تیار ہو چکی ہیں اور یہ طلبار کی دلچسپیوں میں مزید تنوع پیدا کر دے گی۔

ابتدائی تعلیم کی توسیع کے مالی مضمرات نیز بیجا صرفہ کو روکنے کی ضرورت کے متعلق میں کہہ چکا ہوں۔ اب مجھے اساتذہ کے مسئلہ سے بحث کرنے دیجئے۔ مسٹر سجاد مرزا نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں صحیح کہا ہے کہ "تمام تعلیمی اصلاحات کی کسوٹی اساتذہ کی موزوں تربیت ہے"۔ اعلیٰ تربیت یافتہ اساتذہ خصوصاً تربیت یافتہ معلمات کی قلت ہماری ایک بڑی دشواری ہے۔

مدارس تعلیم المعلمات کو پہلے لیجئے میں نے ایک مدرسہ دیکھا کہ صرف ایک جماعت ایسی تھی جس میں تربیت دی جاتی تھی اور ٹریننگ ایک ایسی معلمہ دیتی تھیں جو خود ابتدائی ٹرینڈ تھیں۔ سب سے پہلے یہ کہ ٹریننگ کی صرف ایک جماعت کا ہونا کافی نہیں ہے دوسرے یہ کہ ابتدائی ٹرینڈ معلمہ سے توقع نہیں کی جاسکتی کہ دوسروں کی ٹریننگ کے قابل ہونے کے لئے نظری اور عملی تعلیم پر کافی عبور رکھے گی چونکہ یہ مدارس تعلیم المعلمات ان پرنسپلوں کے تحت ہیں جو خود تربیت یافتہ ہیں اس لئے میں نے اب حکم دیا ہے کہ وہ ٹریننگ میں شخصی طور پر حصہ لیں اور اس کو ایک کمتر ٹرینڈ شخص کے حوالے نہ کریں۔ دوسرے یہ کہ مڈل پاس خواتین کو ان مدارس تعلیم المعلمات میں ٹریننگ دلائی جانی چاہئے۔ اب جب کہ مقامی دیسی زبان کو لوور سکنڈری جماعت کے ختم تک لڑکیوں کے لئے زبان اول تسلیم کیا جا چکا ہے تو ایسی خواتین بڑی تعداد میں حاصل ہوں گی۔ سب مشقی مدرسوں کو نارمل اسکولوں سے ملحق کر دینا چاہئے جو آئندہ مردوں کے ہوں خواہ عورتوں کے۔ یاد رکھنا چاہئے کہ تدریس تین حصہ مشق ہے اور ایک حصہ نظریہ۔ فی الحال میں سمجھتا ہوں کہ نارمل اسکولوں کو ٹریننگ دینے کے علاوہ معمولی مضامین بھی پڑھانا چاہئے لیکن احتیاط کرنی چاہئے کہ ایسے مضامین نصاب پر اس طرح غالب نہ آجائیں کہ ٹریننگ کے لئے بہت کم وقت رہ جائے۔ نارمل اسکولوں کا مقصد

انجام کار یہ ہونا چاہیئے کہ وہ خالصۃً تربیتی ادارے بن جائیں جن میں تعلیمی نفسیات اور اصول تعلیم کی تعلیم اعلیٰ معیار پر دی جائے اور ساتھ ہی طریقہ تعلیم کی مشق بلحاظ کیفیت (Quality) شدید ہو۔ نارمل اسکول کے نصاب کو آئندہ دو سال پر حاوی ہونا چاہیئے اور جلد سے جلد مدارس تحتانیہ لوکلفنڈ کے مدرسین کے لئے نارمل اسکول کی تربیت لازمی کردی جائے میں نے کسی اور جگہ یہ بھی مشورہ دیا ہے کہ مستقر اضلاع پر اعادی نصاب کے انتظام کے ساتھ ساتھ تربیتی جماعتوں کی تنظیم بھی عمل میں آنا چاہیئے۔ اس سے مجھے یقین ہے کہ بہت فائدہ ہوگا۔ انعقاد جماعت وغیرہ کے موقع پر میں اضلاع کے مدرسین کو بعض مضامین کی تعلیم کے بارے میں مخاطب کرنا چاہتا ہوں۔

لڑکیوں کی تعلیم کی نسبت یہ موزوں ہے کہ مجوزہ نئی پانچویں جماعت کے لئے نصاب تیار کیا جائے اس میں پکوان اور امور خانہ داری نیز سوزن کاری اور کشیدہ شامل ہونا چاہیئے۔ محکمہ کو موزوں معلمات کے ڈھونڈ نکالنے کی کوشش کرنا چاہیئے تاکہ یہ ممکن ہو جائے کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہندو معلمات جن اضلاع سے ان کا تعلق ہے ان میں کام کرنے کے لئے مل جائیں۔ ہر ڈیویژن کے لئے ایک انسپکٹرس کے تقرر کی پالیسی جاری رہنی چاہیئے تاوقتیکہ ہر ڈیویژن میں ایک انسپکٹرس نہ ہو۔

بالک باغ تعلیم کی پوری مدت، تحتانی جماعت اول سے بی۔ اے تک ۱۴ سال پر پھیلی ہوئی ہے۔ ان میں سے پہلے ۱۱ سال بجائے دس سال کے نصاب مدرسہ پر مشتمل ہوں گے۔ اس تقسیم کے اعتبار سے لڑکے کی عمر جو تحتانی جماعت اول میں شریک ہوتا ہے ۶ یا ۷ سال ہونا چاہیئے۔ اس عمر کو پہونچنے سے قبل بچہ نے جو تربیت پائی وہ اس تقسیم سے خارج ہے بالفاظ دیگر بالک باغ (کنڈر گارٹن) یا صغیر جماعت اور ششو گھر، نصاب مدرسہ کا لاینفک جزو نہیں ہیں۔ یہ فرو گزاشت خاص مقصد سے ہوئی ہے۔ کیونکہ آیندہ سے کوئی جماعت ۶ سال سے کم عمر طلبہ کے لئے خواہ وہ کسی نام سے کیوں نہ موسوم ہو انفرادی حیثیت سے یا کسی مدرسہ کے طبقہ تحتانیہ کے ساتھ برقرار رہنے نہ دی جائے گی تاوقتیکہ سررشتہ کے ماہرین اس بات کی منظوری نہ دیں کہ جماعت مذکور

منظورہ اصول کے مطابق چلائی جارہی ہے۔ میں اس کو بڑی اہمیت دیتا ہوں کیونکہ میری یہ رائے ہے کہ بالک باغ جو صحیح اصول پر نہ چلایا جائے، اندیشہ ہے کہ بچوں کے فائدہ کے عوض کہیں زیادہ ان کے نقصان کا موجب نہ ہو۔ اس قدر غلط فہمی اس موضوع سے متعلق پھیلی ہوئی ہے کہ میں کسی قدر تفصیل سے بحث کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔

بچہ اپنی پیدائش ہی سے حواس خمسہ کے ذریعہ قدرت کے اپنے مدرسہ میں تعلیم پانا شروع کر دیتا ہے۔ جیسے جیسے وہ اپنی گرد وپیش کی چیزوں کا علم زیادہ تر ان اشیاء سے دوچار ہوکر اور ماں کی ماممتا سے حوصلہ پاکر حاصل کرتا جاتا ہے۔ اس کی سمجھ سال بہ سال حیرت انگیز سرعت کے ساتھ نمو پاتی جاتی ہے۔ اس ابتدائی نشو ونما کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں۔ اول صحت۔ دوم مسرت۔ کیونکہ اگر ایک لڑکا اچھا تندرست ہو اور آپ اسے خوش رکھیں تو باقی تعلیم دینے کا کام زندگی کے اس ابتدائی دور میں قدرت خود کرے گی لیکن اگر بچہ کو ایسے حالات میں چھوڑ دیا جائے کہ جہاں وہ خوش اور آسودہ نہ ہو تو حالات موافق نشوونما نہ ہوں گے بلکہ وہ اس پھول کی طرح مرجھا جائیگا جسے پانی نہ دیا گیا ہو۔ اس سلسلہ میں میں نے جہاں کہیں لفظ (علم) استعمال کیا ہے اس سے مراد کتابی علم نہیں ہے۔ میں نے دو شرائط کا ذکر کیا ہے یعنے تندرستی اور مسرت کے تحت بچہ احسن طریقہ پر علم حاصل کرتا اور اس پر قدرت پاتا ہے۔ یہ دونوں بہت ضروری ہیں۔ وہ اشیاء کا رنگ اس کی شکل اور جسامت کا علم حاصل کرتا ہے اور آگے چل کر وہ الفاظ سیکھتا ہے جو ان کے لئے مستعمل ہیں۔ بچہ میں قدرت نے فطری توانائی کا ذخیرہ ودیعت کیا ہے۔ جس کو بقول فروبل اور ہمارے معمولی تجربہ کے مطابق مختلف مفید راہوں میں لگایا جاسکتا ہے۔ اس طرح قدرت کی معاونت حصول مقصد یعنے بچوں کے نشو ونما میں کی جاسکتی ہے پس فروبل کے تحفے اور مشاغل اسی اصول کے تحت ہیں۔ اس دور میں کھیل بہ مقابلہ صوری اور باقاعدہ تعلیم کے زیادہ ضروری ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کھیل تعلیم ہے کیونکہ یہ قدرتی نشو ونما کا طریقہ ہے۔ بہت آگے چل کر کھیل سنجیدہ کام کے بعد تفریح طبع کا ذریعہ بنتا ہے۔

اگر ہمارے یہ سب مفروضات درست ہیں تو آپ کو یہ ماننا پڑے گا کہ بالک باغ کی اولین ضرورت یہ ہے کہ اس میں بچہ خوش رہے۔ یہ واقعہ ہے کہ بالک باغ کے کامیابی کی سب سے بڑی کسوٹی یہی ہے۔ جس لمحہ سے بچہ پر بار یا جبر ہو یا باقاعدہ اور تکلیف دہ ضبط اس پر عائد کیا جائے یا بچہ کسی وجہ سے ناخوش ہو تو وہ حصول علم کی صلاحیت کھو بیٹھتا اور بالک باغ کا مقصد فوت ہوتا ہے۔ ان کے اوقات مختصر ہونے چاہئیں۔ کسی قسم کا تکان نہ ہو، بچوں کو آرام اور غذا بھی ملے۔ ان کے مشاغل سبق آموز اور کھیل بلا روک ٹوک، زندہ دلی کے ساتھ اور مل جل کر ہوں۔ بچوں کو صفائی اور پابندی کی عادت ان کی حوصلہ افزائی اور نمونہ پیش کرکے ڈالنی چاہئے۔ ان حالات میں میں سمجھتا ہوں کہ آپ متفق ہوں گے کہ بالک باغ کی عمر ۳ یا ۴ تا ۷ سال کے لئے بہترین معلم عورت ہی ہوسکتی ہے۔ نہ ہی ہر عورت اپنی مزاج کے اعتبار سے لازماً معلمہ کنڈر گارٹن بن سکتی ہے۔ سب سے پہلی اور نہایت ہی اہم قابلیت اس میں یہ ہونا چاہئے کہ وہ بچوں کی شیدائی ہو۔ اس کے علاوہ اگر اس نے نفسیات اطفال اور ہر بارٹ، پستالوزی اور فروبل کے تصانیف کا مطالعہ کرلیا اور دو سالہ عملی تربیت کا تجربہ بھی حاصل کرلیا ہو تو وہ کامیاب معلم کنڈرگارٹن بن سکتی ہے۔ میں یہ سب اس لئے رکھ رہا ہوں تاکہ یہ ظاہر ہو جائے کہ مڈل ٹرینڈ مدرس ذکور جس کی نگرانی میں عام طور پر صغیر جماعت دی جاتی ہے، کس طرح اس کام کے لئے غیر موزوں ہے۔ اس موضوع کو ختم کرنے سے پیشتر میں یہ چیز واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ فروبل کے نظام کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اس میں مدرس کو آزادی حاصل ہے کہ حسب ضرورت اپنے عمل میں تبدیلی کر سکے۔ کیونکہ جب تک فروبل کے اصول پیش نظر ہیں اور انھیں نظرانداز نہیں کیا گیا مدرس اختراع اور جدّت سے کام لے کر نئے نئے کھیل اور مشاغل ایجاد کرسکتا ہے جس سے بچے مسرور اور مصروف رہیں گے اور ساتھ ساتھ غیر شعوری طور پر تعلیم بھی پائیں گے اس سے مدرس کے کام میں تازہ دلچسپی پیدا ہو جائے گی اور اس کی جدت طرازی میں مدد بھی ملے گی۔ بخلاف اس کے میری تاثرات میڈم مانٹی سوری کے متعلق یہ ہیں کہ وہ طبعی مفکر نہیں ہے۔ بلکہ ایک ہوشیار اور جدت پسند مدرس ہے۔

جس نے اپنی مشقوں کو بلاشبہ فروبل کے اصول پر اختراع کرکے اوران کو وسعت دیکر اتنی دور تک پہونچا دیا کہ جو معلم اکبر کے خیال میں نہ تھا۔ میں اپنی مطلب کی توضیح کے لئے ایک ٹکڑا میڈم مانٹی سوری سے بغیر کسی سلسلہ یا مناسبت کے لیتا ہوں۔

"پہلی مشق بچہ کے لئے مختلف رنگوں کے مقابلہ کی ہے یعنے وہ ملے ہوئے رنگین ٹکڑوں سے دو ٹکڑے ایسے منتخب کرتا ہے جو ہم رنگ ہوں اوران کو پاس پاس رکھ دیتا ہے۔ معلمہ بلاشبہ کل ۱۲۸ ٹکڑوں کا ڈھیر بچہ کے سامنے پیش نہیں کرے گی بلکہ چند گہرے اور چمک دار رنگوں کا انتخاب کرے گی مثلاً سرخ نیلے اور زرد کا اوران ٹکڑوں کے تین چار جوڑ ملا کر رکھ دے گی۔ پھر ایک ٹکڑا غالباً سرخ لے کر بچہ کو بتائے گی کہ وہ اس کا جوڑ ڈھیر سے ڈھونڈ کر نکالے۔

لفظ مشق (Exercise) ملحوظ رہے۔ جو نہی کوئی مشغلہ مشق کی صورت اختیار کرتا ہے اور وہ بھی صبر آزما مشق خصوصاً ایک چھوٹے بچے کے لئے (کیوں کہ ۱۲۸ رنگین ٹکڑوں سے اُسے سابقہ پڑتا ہے) تو ایسی حالت میں بچوں کی خوشی کم بلکہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ مفقود ہو جاتی ہے۔ اس میں تکان کی تحریک ہوتی ہے اور یہ باقاعدہ مشق ہے۔ میں ایک واقعہ سے باخبر ہوں کہ مانٹی سوری صاحبہ کی ایک مشق میں جس کے ذریعہ حس لامسہ کو آنکھوں پر پٹی باندھ کر ترقی دی جاتی ہے، یہ دیکھا گیا کہ بچہ کے آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔ یہ سب فروبل اور اس کے بالک باغ کے منشا اور اسپرٹ کے مغائر ہے جس میں میڈم مانٹی سوری کی صبر آزما مشقتیں جھیلنی نہیں پڑتی ہیں اور جو مسرت اور قہقہوں سے معمور ہے۔ اس کے علاوہ گو مانٹی سوری کا سامان اچھا ہے مگر متوسط درجہ کے ہندوستانی مدارس کے لئے قیمتی ہے اور طریقہ کار ایسا سخت ہے کہ مدرس کو اس میں تبدیلی کرنے کا موقع نہیں ہے۔ تاہم میڈم مانٹی سوری کی تعلیم میں بہت سی باتیں اچھی ہیں اور بہت سی چیزیں اس کی مشقوں میں اس قابل ہیں کہ انھیں اختیار کیا جائے۔ کیونکہ وہ ہمارے نظریہ سے مطابقت رکھتی ہیں۔ فی الحقیقت جرمنی اور دوسری ترقی یافتہ ممالک کا منظورہ طریقہ کار

مالک باغ کے معاملہ میں یہ ہے کہ فروبل کے اصول پر کام ہو اور چند چیزیں میڈم مانٹی سوری کے مشقوں سے بھی اختیار کی جائیں۔" کیا اختیار کیا جائے اور کس قدر" اس طریقہ سے دلچسپی رکھنے والے مدرسین کے لئے ایک بڑا دلچسپ موضوع بحث ہوگا۔ جس پر آئندہ کانفرنس کے ذیلی کمیٹی کے جلسہ میں بحث ہوسکتی ہے۔ میں یہاں فروبل کے پیارے الفاظ دہرائے بغیر نہیں رہ سکتا۔

"ہم کو اپنے بچوں سے سیکھنا چاہیئے۔ ہم کو ان کی زندگی کی معصوم فہمائشوں اور ان کے خاموش نفسی مطالبات پر توجہ کرنی چاہیئے۔"

"ہم کو اپنے بچوں کے ساتھ رہنا چاہیئے تب ہمارے بچوں کی زندگی ہمارے لئے امن وسکون اور مسرت کا پیام لائے گی۔ تب ہی ہم عقل کی باتیں سیکھیں گے اور عقل مند بنیں گے۔"

ثانوی تعلیم مجلس تعلیم ثانوی نے اس موضوع پر کہ "کیا تدابیر اختیار کی جائیں کہ موجودہ نظام تعلیم، جدید نظام تعلیم منظورہ سرکار میں مبدل کیا جاسکے۔" ایک پنج سالہ تجویز کی سفارش کی ہے۔ اس کے مطابق نئی جماعتیں پنجم، ششم اور ہفتم سال رواں کھولی جائیں گی۔ آٹھویں جماعت آیندہ سال اور اسی طرح دوسری جماعتیں یہاں تک کہ یازدہم جماعت سنہ ۵۲ ف سے کھل جائے۔ یہ رفتار ضروری ہے۔ کیونکہ تبدیلی بتدریج ہونی چاہیئے۔ مجوزہ نصاب کے بارے میں جو بہت ہی اہم ہیں، میں معتمد اور صدر بورڈ سے قبل نفاذ بحث کرنا چاہتا ہوں۔ ہماری پالیسی یہ ہونا چاہیئے کہ ثانوی منزل میں مقامی دیسی زبانوں کو رواج دیا جائے۔

فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم گزشتہ سال ایک تجربہ کار فنی ماہر مسٹر ایبٹ جو ۱۴ سال تک ہز مجسٹی کے فنی مدارس کے چیف انسپکٹر تھے، حیدرآباد بلائے گئے۔ انھوں نے ریاست کا دورہ کیا، مقامی حالات دیکھے اور اپنی رپورٹ پیش کی۔ محکمہ تعلیم فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم کی جانب سے ایک کانفرنس ریاست کے نمائندگان فن پارچہ بافی کی منعقد کی گئی جس میں تنظیم تعلیم فنی پر غور کیا گیا۔ تاکہ اس فن میں تربیت یافتہ اشخاص

کی مطلوبہ تعداد فراہم ہوسکے۔ مسٹر ایبٹ نے بھی اس کانفرنس میں شرکت کی۔ فنی اور پیشہ ورانہ مدارس کی مشاورتی مجلس اور اس کی ذیلی کمیٹیوں نے ریاست میں عام مسئلہ فنی تعلیم پر غور کرنے کے لئے جلسے منعقد کئے۔ فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم کی مجلس مختلف سررشتہ جات کارخانوں اور فنی اداروں کی نمائندوں پر مشتمل ہے۔ حال میں ایک وفد جو محکمہ جات فنی و پیشہ ورانہ تعلیم اور تجارت وصنعت و حرفت، شعبہ کیمیا، عثمانیہ یونیورسٹی اور بعض تجارتی افراد کے نمائندوں پر مشتمل تھا میسور گیا تاکہ وہاں کی صنعتی ترقی اور پیشہ ورانہ تعلیم کا مطالعہ کیا جائے۔ عملاً وہی وفد ٹکنیکل انسٹی ٹیوٹ اور دوسرے صنعتی ادارے دیکھنے کانپور گیا۔ معدن زغال سنگارینی کے حکام اور دوسرے صنعتی اداروں سے تربیت یافتہ اشخاص کی تعداد اور تربیت کی نوعیت کے بارے میں مشورہ کیا گیا۔ ان کانفرنسوں اور کمیٹیوں کے مشترکہ مباحث نہایت قیمتی ہیں۔ جدید محکمہ فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم کے بعض مجوزہ اسکیمات کو، جو ان مباحث کا نتیجہ ہیں، حکومت نے منظور کر لیا ہے اور باقی زیر غور ہیں۔ موجودہ اداروں کی جو محکمہ کے تحت ہیں بشمول عثمانیہ ٹکنیکل کالج، تنظیم عمل میں آرہی ہے اور نئے تربیتی نصاب مدرسہ صنعتی اورنگ آباد اور عثمانیہ ٹکنیکل کالج میں رائج کئے جانے والے ہیں۔ ایک لاکھ بہتر ہزار روپیہ کی متوالی رقم تنظیم اور ترقی کا پروگرام چلانے کے لئے منظور کی گئی ہے اور محکمہ کو چلانے کے لئے قواعد وضوابط بنائے جارہے ہیں۔ ریاست میں کار آموزی کے طریقے (Apprentice system) کو آزمانا مفید ہوگا۔ جس کے ذریعہ اچھے تربیت یافتہ نوجوان مختلف پیشوں اور صنعتوں میں کار آموز کئے جاسکیں گے اور صنعتوں کو منفعت بخش بنانے کا طریقہ بھی گو نفع جزاً ہی سہی مفید ہوگا، تاکہ صنعتی تعلیم کے اخراجات نکل سکیں اور تربیت یافتہ کار آموزوں کی خدمات بھی حاصل ہوجائیں۔

ضبط ختم کرنے سے پیشتر میں ضبط کے موضوع پر کچھ کہوں گا۔ ہندوستان بھر کے تعلیمی اداروں میں ضبط کا فقدان ایک ایسے نازک مرض کی علامت ہے جو ہماری قوم کو مفلوج بنادینے کی دھمکی دے رہی ہے۔ میں دیدہ ودانستہ اس کو مرض کہتا ہوں

کیوں کہ کسی صحیح اور طاقت ور قوم میں ضبط کی عدم موجودگی کا کوئی مقام نہیں ہے اور نہ اس کے بغیر بلند مقاصد اور اعلیٰ امنگیں حاصل ہوسکتی ہیں۔ تاریخ شاہد ہے کہ کسی غیر ضبط پرست قوم نے کوئی بڑا کام نہیں کیا۔ عہد حاضر میں جرمنی اور روس دونوں نے جو سیاسی ترازو کے دو مخالف پلڑے ہیں۔ اپنی موجودہ عظمت اور اقتدار کو رعایا پر سخت ضبط عاید کرکے حاصل کیا ہے۔ یاد رکھئے کہ اگر نوجوان ملکی خدمت کے آرزومند ہیں تو وہ اس اعلیٰ نصب العین کے لئے سخت محنت اور خود عائد کردہ ضبط سے ہی اپنے کو اہل بنا سکتے ہیں۔ کوئی قوم ایسے نوجوانوں کو اپنا رہبر نہیں بناتی جن میں ضبط نہ ہو جو آزمودہ کار اور پختہ علم نہ ہوں۔ کاہلی اور بے ضبطی نوجوانوں کے لئے بڑی مہلک کمزوریاں ہیں۔

میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم اپنے گمراہ نوجوانوں کے مستقبل کی نسبت سخت فکرمند ہیں جو ہم کو چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔ دروازہ ہمیشہ ان کے لئے کھلا ہوا ہے اور اُن کا خیر مقدم کھلے بازوُں سے کیا جائے گا۔ ان کو غرض مند اشخاص نے بہکایا اور گمراہ کردیا ہے۔ ہم کو ان کے مستقبل کی نسبت تردد ہے اور ڈر ہے کہ کہیں وہ برباد نہ ہو جائے۔ اس لئے میں پھر کہتا ہوں کہ ماضی کو بھلایا جائے گا اور ان کا خیر مقدم کھلے بازوں سے کیا جائے گا۔ بہر حال فیصلہ کرنا ان کا کام ہے۔

خاتمہ:۔ آخر میں میں اس کانفرنس کے منتظمین کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انھوں نے اس کی صدارت کا اعزاز مجھے بخشا۔ اس کانفرنس کا بیج میرے عزیز دوست سر سید راس مسعود نواب مسعود جنگ بہادر مرحوم کا بویا ہوا ہے جو ہمارے ایک ممتاز ناظم تعلیمات تھے اور سب ان سے محبت اور ان کا احترام کرتے تھے۔ اس بیج نے ایک تناور درخت کی شکل اختیار کرلی ہے جس کی شاخیں تمام اضلاع ممالک محروسہ سرکار عالی میں پھیلی ہوئی ہیں۔ اس کی موجودہ سرسبزی موجودہ ناظم صاحب اور مسٹر سید علی اکبر کی انتھک محنتوں کی بدولت ہے جو اس درخت کی نگہداشت کررہے ہیں۔ کانفرنس نے گزشتہ دور میں اساتذہ کو یکجا کرنے اور اپنے پیشہ سے دلچسپی پیدا کرنے میں جو ایک شریف ترین پیشہ ہے اچھا کام انجام دیا ہے۔

میں ان جذبات سے بہت متاثر ہوا جو مسٹر سجاد مرزا نے اپنے خطبۂ استقبالیہ میں میری نسبت ظاہر کئے ہیں ان کو اور دیگر اراکین مجلس استقبالیہ کو موجودہ میقات کی کامیابی پر مبارک باد دیتا ہوں۔ میں اس جیسی سندی کی کوششوں کو بھی بہ نظر استحسان دیکھتا ہوں کہ انہوں نے معلمات کی ایسوسی ایشن بنانے میں کامیابی حاصل کی۔

مترجمہ
محمد عبدالنور صدیقی

سُوئیستان

اور

اس کی دیہاتی زندگی

(تقریر جناب مولوی ہارون خاں صاحب شروانی ایم۔اے (آکسن) پروفیسر تاریخ جامعہ عثمانیہ)

عالی جناب آنریبل نواب مہدی یار جنگ بہادر۔ خواتین و حضرات!

سب سے پہلے میں آل حیدرآباد ٹیچرز کانفرنس کی مجلس عاملہ اور خصوصاً اپنے دوست جناب ناظم صاحب تعلیمات کا ممنون ہوں کہ انہوں نے مجھ کو آپ کے سامنے اپنے چند خیالات کے اظہار کا موقع دیا۔ یقیناً بعض حاضرین کو یہ اچنبھا ہوگا کہ ایک دور افتادہ ملک جیسے سوئیتسان ہے اس سے حیدرآباد والے کیا سبق لے سکتے ہیں لیکن جب ہم کو یہ معلوم ہوگا کہ حیدرآباد اور سوئیتسان میں بہت سے ایسے عناصر ہیں جو دونوں ممالک میں مشترک ہیں اور جب ہم دیکھتے ہیں کہ سوئیتسان باوجود اپنے قلیل رقبہ اور تھوڑی سی آبادی کے مشہور ترین آزادترین اور ترقی یافتہ ممالک میں شمار کیا جاتا ہے' اس کے حالات یقیناً نہ صرف دلچسپ بلکہ سبق آموز بھی ثابت ہوں گے۔

یہ کچھ عجیب و غریب واقعہ ہے کہ باوجودیکہ سوئیتسان کا ملک ممالک محروسہ

سرکار عالی کے رقبہ سے صرف ایک تہائی ہے لیکن ان دونوں کے رقبہ میں ایک خاص عددی مماثلت پائی جاتی ہے' یعنی جہاں ممالک محروسہ کا رقبہ کم وبیش ۸۲ ہزار میل ہے وہاں سوئیستان کا رقبہ کم وبیش ۲۸ ہزار ہے۔ ممالک محروسہ کی طرح سوئیستان بھی مختلف تمدنوں' مختلف زبانوں اور مختلف مذاہب کا جائے اتصال ہے اور جیسا کہ یہاں جنوبی ہندوستان میں تین بڑی بڑی زبانیں مرہٹی۔ تلنگی اور کنڑی بولی جاتی ہیں اور تمام ملک ہند کی مشترک زبان یعنی اردو (ہندوستانی) ہر حصہ ممالک محروسہ میں سمجھی جاتی ہے اسی طرح سوئیستان میں بھی چار زبانیں بولی جاتی ہیں' یعنی مغربی حصہ میں فرانسیسی' جنوبی حصہ میں اطالوی' شمالی اور وسطی حصہ میں جرمنی اور ایک مشرقی کونے میں ایک زبان رومانش جو سوائے سوئیستان کے اور کہیں نہیں بولی جاتی۔ آپ سوئیستان جائیں تو یہ عجیب واقعہ پیش آئے گا کہ پہاڑ کی کھو میں ریل گھسنے سے پیشتر اسٹیشن پر جرمن ہی جرمن بولی جارہی ہے اور چند سو گز کھو کے عبور کرنے کے بعد جب اسٹیشن آتا ہے وہاں جرمن نہیں سمجھی جاتی بلکہ صرف اطالوی یا صرف فرانسیسی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ اسی طرح سوئیستان والوں کا ایک مذہب نہیں بلکہ ملک میں کئی مذاہب رائج ہیں یعنی سخت قسم کا پروٹسٹنٹ مذہب جس کے گرجاؤں میں نہ بت نظر آتے ہیں نہ تصویریں بلکہ کچھ ہماری مسجدوں کی طرح عمارت بالکل سادہ اور ہر قسم کے بتوں اور تصویروں سے خالی ہوتی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ رومن کیتھولک گروہ کے دو فرقے سوئیستان میں پائے جاتے ہیں ایک وہ جو پاپائے روما کو اپنا مرکز اور سرگروہ قرار دیتے ہیں اور دوسرا وہ جو عقائد میں رومن کیتھولک گروہ کے ساتھ ہیں۔ لیکن جو پاپائے روما کو اپنا رہنما نہیں سمجھتے جو چیز خاص طور پر قابل لحاظ ہے وہ یہ ہے کہ باوجود لسانی اور مذہبی تنوع کے ہر سوئس خواہ وہ فرانسیسی بولتا ہو یا اطالوی' جرمن یا رومانش' اور مذہباً خواہ وہ کیتھولک ہو یا رومن کیتھولک یا پروٹسٹنٹ اپنے ملک اور اپنی حکومت کے لئے ہر قسم کی مالی' بدنی اور جانی قربانی کرنے کے لئے تیار رہے ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ سوئس لوگوں نے کچھ ایسی سوئس قومیت کی تاسیس کی ہے اور اس کو صدیوں سے قائم رکھا ہے جو جرمن' فرانسیسی اور اطالوی قوموں کے پڑوس کے ان تینوں سے بالکل الگ تھلگ ہے۔ جب میں حال میں سوئیستان میں تھا تو

اس زمانہ میں چیکوسلوفاکیہ کا مسئلہ درپیش تھا اور ہٹلر طرح طرح کی ترکیبیں باقی ماندہ یورپ کو دے رہا تھا۔ سوئیتان کے متعلق بھی کچھ خطرہ محسوس ہو رہا تھا کہ کہیں ہٹلر جرمن سوئیتان پر حملہ کرنے کی کوشش نہ کرے۔ جس حصہ ملک میں میں رہتا تھا اس کی مادری زبان جرمن تھی اور جرمنی کی جرمن اور سوئیس جرمن بولنے والے کی زبان میں تقریباً کسی قسم کا فرق نظر نہیں آتا تھا۔ میں نے اپنے ایک سوئیس دوست سے پوچھا کہ ان کے احساسات اس مسئلہ میں کیا ہیں، انھوں نے جواب دیا کہ ہر فرانسیسی یا اطالوی یا جرمن زبان بولنے والا سوئیس اس وقت تک برابر کسی بیرونی طاقت کے حملہ کی مدافعت کئے جائے گا، خواہ وہ فرانس کی طرف سے ہو یا اٹلی کی طرف سے یا جرمنی کی طرف سے، جب تک ایک ایک سوئیس کی رگوں میں ایک قطرہ خون کا بھی باقی رہے گا۔

جناب والا! یقیناً ایسی مثالوں سے نہ صرف حیدرآباد کے لوگ بلکہ تمام ہندوستان کے باشندے بہت کچھ سبق حاصل کرسکتے ہیں۔

اکثر لوگ جو یورپ جاتے ہیں وہ عام طور سے بڑے بڑے شہروں ہی میں قیام کرتے ہیں۔ حسن اتفاق سے مجھے ایک چھوٹے سے گاؤں میں جس کی آبادی ۱۲سو سے زیادہ نہ تھی کم و بیش ایک مہینہ رہنا پڑا۔ بارہ سو کی آبادی کا گاؤں ہندوستان میں ایک نہایت مبتذل قسم کی آبادی ہوتی ہے جس میں کسی طرح کی ترقی یافتہ کیفیات مشکل سے نظر آتی ہیں۔ اس کے برعکس اس بارہ سو کے گاؤں میں تین ہوٹل، چار رسٹوران اور متعدد دوکانیں تھیں۔ دو دوکانوں میں اسباب خانہ داری ملتا تھا، ایک جنرل مرچنٹ کی دوکان، ایک درزی کی دوکان اور کئی کارخانے جن میں سے ایک کارخانہ ٹوپیوں کا اور ایک میں ہل اور آلات کشاورزی بنتے تھے ایک میں بجلی کے ذریعہ سے آرہ کشی اور سنجاری کا کارخانہ قائم تھا اور ایک جمع تفریق کی مشین بنانے کا تھا۔ جو جنوبی امریکہ سے لے کر چین تک جاتی تھیں۔ میں نے لفظ کارخانہ جو استعمال کیا ہے وہ صرف اس لئے کہ ہمارے ملک میں یا تو محض دستکاری کے ذریعہ سے اشیا بنائی جاتی ہیں ورنہ پھر سینکڑوں ہزاروں روپیہ کی کسی چیز کی صنعت کے واسطے ضرورت پڑتی ہے۔ سوئیتان میں ایک بڑی حد تک صنعت

وحرفت گھریلو قسم کی ہے لیکن گھریلوپن سے یہ مراد نہ لی جائے کہ ایک موچی ہے جس کے تمام اوزار ایک چھوٹے سے پھٹے ہوے تھیلے میں بند ہیں اور وہ دن بھر برابر پھر کر مزدوری کرنے کے بعد مشکل سے چار چھ آنہ روز کما لیتا ہے، یا ایک بڑھئی ہے جسے اگر مہینہ بھر تک سوا روپیہ روزانہ ملتا رہے تو اس دنیا کو اپنی جنت تصور کرنے لگتا ہے یا ایک لوہار ہے جس کی زندگی کا ماحصل یہ ہے کہ چند پیسے لے لے کر دلائتی یا جاپانی ٹوٹی ہوئی اشیاء کی مرمت کیا کرے۔ سوئیٹسان کی صنعتیں زیادہ تر گھریلو ہیں یعنی یا تو وہ ایک شخص واحد کی ملکیت ہوتی ہیں، جو مختلف سرمایہ لگا کر اپنے خاندان والوں کی مدد سے یا تھوڑے بہت باہر کے نوکر رکھ کر ایک چھوٹا سا کارخانہ بنا لیتا ہے لیکن یہ یاد رکھنا چاہئے کہ یہ گھریلو صناع جدید ترین ایجادوں، چھوٹی چھوٹی گھریلو کلوں اور بجلی کی قوت سے مدد لیتے ہیں۔ بڑھئی کے گھر جائیے تو آرہ کشی کی چھوٹی سی مشین دیکھیں گے جس سے بڑے بڑے شہتیر کے چند ہی منٹ میں تختے کاٹے جا سکتے ہیں اور جلانے کے لئے لکڑی آنکھ جھپکنے میں تیار کی جا سکتی ہے۔ لوہار کے ہاں جائیے تو یہ نہیں کہ کئی آدمی ایک ہل کے بنانے میں لگے ہوے ہیں بلکہ ایک طرف ایک چھوٹی سے بجلی کی بھٹی ہے دوسری طرف ایک چھوٹی سی پالش کرنے کی مشین اور پھر ہر فرد خاندان، میاں، بیوی، بیٹے، بیٹیاں سب کے سب اس گھر کی اور ملک کی دولت کو بڑھانے میں مصروف ہیں، یہ نہیں کہ جیسا ہمارے ملک میں ایک کماتا ہے تو باقی سب گنواتے ہیں۔ میرا کئی ہمسایہ گاؤں میں جانے کا اتفاق ہوا اور یہ حیرت ہوتی ہے کہ دس دس بارہ بارہ گھروں کے گاؤں میں بھی کسی نہ کسی چیز کی صنعت ایک مختصر پیمانہ پر ضرور قایم ہے۔ ایک گاؤں میں دودھیا کے صندوق بنتے ہیں، ایک دوسرے میں بوٹ سازی کا کارخانہ ہے جس میں بیس پچیس کاریگر ملازم ہیں، تیسرے میں لکڑی کی تہ ہونے والی چھوٹی چھوٹی کرسیاں بنتی ہیں۔ مجھے تاریخی کانگریس کی شرکت کی غرض سے بار بار سوئیٹسان کے سب سے بڑے شہر زیورخ جانے کا اتفاق ہوا تھا۔ میرے گاؤں سے زیورخ (۴۰) میل تھا۔ ان چالیس میل کے مختصر سفر میں ایک جگہ سمنٹ کا کارخانہ نظر آتا تھا، ایک گاؤں میں ریل کے دھرے

اور پیسے بنتے تھے، ایک دیا سلائی کی صنعت کا مرکز تھا اور ایک میں سوئیس چاک لیٹ اور مٹھائیاں بنائی جاتی تھیں۔ گاؤں کا ہر ایک گھر خواہ وہ کسی کاشتکار کا ہو یا دستکار کا، دو تین منزل کا ہوتا ہے اور کوئی مکان ایسا نہیں جس کے متعلق ایک چھوٹے سے قطعہ میں پھولوں کے درخت اور ایک دوسرے چھوٹے سے قطعہ میں سیب اور ناشپاتی کے درخت نہ ہوں۔ انگور، خوبانی، سیب اور ناشپاتی اس قدر افراط سے دیکھنے میں آئے کہ بیان سے باہر ہے۔ راستوں پر اور سڑکوں پر جانوروں کے گرائے ہوئے سیب پھکتے پھرتے ہیں۔ اور میں نے اپنے ہوٹل کے باغیچہ سے ایک دن دس گٹھڑیاں سیب آتے ہوئے دیکھے۔ ہمارے ملک میں یقیناً سیب تو اتنے نہیں ہوتے لیکن آموں کی افراط ہوتی ہے، لیکن اگر کسی سال آموں کی بہت زیادہ افراط ہو تو اس کی وجہ سے یا تو بازار نہایت درجہ مدھم ہو جائے گا ورنہ باغوں والے سوچنے لگیں گے کہ اتنے آموں کا کیا کیا جائے۔ سوئیٹان کے گاؤں میں جو ہزاروں بلکہ لاکھوں درخت میوے کے ہوتے ہیں تو ان کی کھپت ایسی ہوتی ہے کہ کچھ میوہ تو تازہ کھا لیا جاتا ہے، کچھ کا جام بنا کر ٹینوں میں بند کر کے برآمد کیا جاتا ہے اور کچھ شیرے میں ڈال کر ڈبوں میں بند کر دیا جاتا ہے۔ غرض مشکل سے ایسے پھل ہوں گے کہ ضائع کر دئے جائیں یا ضائع ہو جائیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جہاں پھل پیدا ہوتا ہے وہاں پھل کو صحیح مصرف میں لانے اور اس کو محفوظ کرنے کے طریقہ پر بھی فوراً عمل ہونے لگتا ہے۔

شاید دنیا کے کسی ملک میں اتنی کم پولیس کے جوان نہ ہوں گے جتنے سوئیٹان میں۔ چوری، ڈاکہ بدامنی تقریباً مفقود ہے۔ ہر شخص کے پاس کافی دولت ہے لیکن کسی کے پاس اس قدر زیادہ نہیں کہ دوسرے اس پر حرص کی نگاہ ڈالیں نہ صرف گداگری ناجائز ہے بلکہ درحقیقت ملک میں گداگروں کا وجود ہی نہیں۔ سوئیس لوگ اپنے قدرتی وسائل کے صحیح استعمال سے واقف ہو گئے ہیں۔ ہمارے ملک کے پہاڑی حصوں میں جائیے تو آپ بے شمار چشمے ایسے پائیں گے جن کا پانی بس بہا جاتا ہے اور کسی کام

نہیں آتا۔ سوئیٹسان میں ان قدرتی چشموں کو مقید کر لیا جاتا ہے' اس لئے گاؤں گاؤں آپ کھیتوں میں اور سڑکوں پر کھلی ہوئی ٹونٹیاں پائیں گے جن میں سے صاف چشموں کا پانی خدا کی دین بالکل مفت ملتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پانی کی سوئیٹسان میں کوئی قیمت نہیں اور ہریاول اور پھلواری سے ملک بھرا ہوا ہے۔

گاؤں کی سب سے اہم عمارت عام طور پر مدرسہ ہوتا ہے۔ اور اس عمارت کا سب سے ممتاز حصہ وہ ہوتا ہے جس میں گھڑی لگی ہوتی ہے گویا بچوں کو لکھنا پڑھنا ہی نہیں سکھایا جاتا بلکہ وقت کی پابندی کا بھی دھیان کرایا جاتا ہے۔ چھوٹے چھوٹے بچے پشت پر تھیلے بندھے ہوئے ہاتھ آزاد خوش خوش اپنے اپنے گھروں سے صاف لباس پہنے جاتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ کوئی بچہ لڑکا یا لڑکی میں نے نہیں دیکھا جس کے کپڑے صاف ستھرے نہ ہوں کھیتوں پر کام کرنے والے لڑکے اور لڑکیاں بھی جو لباس پہنے ایپرن لگائے ہوئے ہوتی ہیں اس پر بھی دھبہ نظر نہیں آتا۔ گاؤں کے مدرسہ کا ایک اہم حصہ وہ ہوتا ہے جس میں اس گاؤں اور قرب وجوار کے تاریخی نوادر مقامی مصنوعات کے نمونے رکھے ہوتے ہیں۔ یہ چھوٹا سا نوادر خانہ تقریباً ہر ایک گاؤں میں نظر آتا ہے۔ میرے بارہ سو آبادی والے گاؤں میں جو نوادر خانہ مدرسہ کے متعلق تھا اس میں رومن زمانہ تک کے اشیا رکھی ہوئی تھیں۔ اس گاؤں سے ایک سہ روزہ اخبار بھی نکلتا تھا' جس کے متعلق ایک اعلیٰ درجہ کا چھاپہ خانہ بھی تھا جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گاؤں کے لوگ بھی قومی اور مقامی خبروں کے کتنے دل دادہ ہیں۔

غرض یہ ہے کہ اگر ہم غور کریں تو سوئیٹسان جیسے چھوٹے سے ملک سے بھی بڑے بڑے سبق حاصل کر سکتے ہیں۔ صنعت و حرفت کے دائرے میں کوئی وجہ نہیں کہ ہماری گھریلو صنعتوں میں کیوں بجلی کا استعمال نہ ہو اور اس طرح ملک کی دولت میں اضافہ نہ ہو۔ موجودہ زمانہ میں جب پیشوں کو ذلیل اور حقیر سمجھنے کا خیال ملک پر افسوس ناک طور پر غالب ہے وہ خیال ممکن ہے کہ گھریلو صنعتوں میں بجلی کی قوت کو رواج دینے سے مفقود ہو جائے اور سو دو سو کے سرمائے سے افراد خاندانوں

اور ملک کی دولت میں کافی اضافہ ہونے کا امکان ہو جائے۔

ہم بھی، خواہ ہندو ہوں یا مسلمان، تلنگی بولنے والے ہوں یا کنڑی، ہماری مادری زبان اردو ہو یا مرہٹی، کوئی وجہ نہیں کہ ہم اپنے بادشاہ کے فرمانبردار اور اپنے ملک کے بہی خواہ اور وفادار اسی طرح سے نہ رہیں جیسے ایک سوئیس خواہ وہ جرمن بولتا ہو یا فرانسیسی یا رومانش، کیتھولک ہو یا رومن کیتھولک یا پروٹسٹنٹ، اپنے ملک کی آزادی کے واسطے اپنی جان اور مال قربان کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتا ہے۔

عالی جناب، میں جناب کا اور معزز خواتین وحضرات کا ممنون ہوں کہ آپ نے میرے ان خیالات کو توجہ سے سنا اور اب جناب سے مرخص ہوتا ہوں۔

شعبۂ نسواں

اضلاع میں اقامت خانوں کی ضرورت

از

محترمہ نورالنساء بیگم صاحبہ سپرنٹنڈنٹ مرہٹی ٹریننگ اسکول نسواں اورنگ آباد

اضلاع میں جانے کے بعد پہلی شدید ضرورت جس کا مجھے احساس ہوا وہ اقامت خانہ کا قیام تھا۔ ہماری طرز معاشرت ایسی ہے کہ معلمات یا طالبات ایک جگہ سے دوسری جگہ جا کر بہ آسانی واطمینان اپنی رہائش اور طعام کا انتظام نہیں کر سکتیں۔ یہی ایک بڑی اور واحد وجہ ہے جس کی بنا پر معلمات بلدہ سے اضلاع پر جانے سے قطعی ناراض رہتی ہیں اور اکثر دیکھا گیا ہے کہ جہاں ایک معلمہ کا تقرر یا تبادلہ ضلع پر ہوا کہ انھوں نے رخصت لے لی

اور اپنے گھر بیٹھ رہیں۔ اس کا اثر انتظامی معاملات پر اور تعلیمی حالت پر جیسا کچھ پڑتا ہے ہر صدر مدرسہ اس کا احساس کر سکتی ہیں اور ان کو اس کا تلخ تجربہ ہو چکا ہے۔ مہینے بلکہ سال گزر جاتے ہیں کہ معلماۃ رخصت پر رہتی ہیں اور جب ان سے باز پرس کیجائے تو یہ جواب ملتا ہے کہ میں تنہا ضلع پر جا کر کس طرح رہوں وہاں میرے کوئی عزیز و اقارب نہیں۔

اگر سرکار کی جانب سے ہر ضلع کے مستقر پر یا کم از کم ہر فوقانیہ سے ملحق ایک ایسے اقامت خانہ کا انتظام کیا جا سکے جہاں معلماۃ نیز طالباۃ جو اس فوقانیہ سے مستفید ہونا چاہتی ہیں آکر رہیں تو ہر دو کے لئے بڑی سہولت کا باعث ہوگا۔ جب ان کے قیام وطعام کا معقول انتظام ہو جائے گا تو کارآمد معلماۃ کی دستیابی بہ آسانی ہوگی اور طبقہ فوقانیہ میں طالباۃ کی تعداد میں بھی خاصہ اضافہ ہو سکے گا۔ موجودہ صورت حال یہ ہے کہ بفرض محال کوئی معلمہ اگر ضلع پر آنے راضی ہو بھی گئی تو اس کو اپنے بچوں سمیت نئی جگہ رہنے سہنے کا انتظام کرنا پڑتا ہے اور چونکہ وہ ایک نئی جگہ ہوتی ہے نہ وہ کسی کو جانتی ہے نہ کوئی اس کا پرسان حال ہوتا ہے۔ اگر کبھی خدانخواستہ کوئی علالت ہو تو چونکہ وہ ایک اجنبی جگہ ہوتی ہے بیچاری نہایت سراسیمہ ہو جاتی ہے اور اطمینان قلب جو تعلیمی کام کے لئے نہایت ضروری ہے مفقود ہو جاتا ہے۔ نتیجۃً اس کو رخصت لینی پڑتی ہے اور رخصت نہ بھی لیں تو مدرسہ کے فرائض کی انجام دہی دوبھر ہو جاتی ہے جس کا خمیازہ صدر مدرسہ کو بھگتنا پڑتا ہے۔ اقامت خانوں میں یہ سراسیمگی ہی نہ رہے گی کیونکہ وہ تنہا آن کر رہیں گی اور اپنا مفوضہ کام بغیر کسی طرح کی فکر و تردد کے زیادہ عمدگی سے اور پوری توجہ سے انجام دے سکیں گی۔

طالباۃ کے لئے بھی اقامت خانہ کا وجود نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوگا۔ بسا اوقات والدین نے مجھ سے ذکر کیا ہے کہ ہمارے تبادلہ اس قدر جلد جلد ہو جایا کرتے ہیں کہ بچوں کی تعلیم مدرسوں کی تبدیلی کی وجہ سے بہت خراب ہوتی ہے۔ اگر اقامت خانہ ہوتا تو بچوں کو وہاں چھوڑ دینے میں ہم کو بالکل اعتراض نہ ہوتا۔ بعض جگہیں تو ایسی ہیں جہاں مدرسہ ہی نہیں۔ اس صورت میں بچوں کے اوقات محض بیکار جاتے ہیں۔ مدارس

فوقانیہ چند ہی ہیں اور ان میں طالبات کی تعداد کم ہے اس لئے ضروری ہے کہ طالبات کے لئے قیام وطعام کی سہولت بہم پہونچائی جائے تاکہ طبقہ فوقانیہ میں ان کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہو اور جو کثیر رقم سرکار سے تعلیم نسوان کے لئے خرچ کیجاتی ہے اس سے ہر ممکن التعلیم لڑکی مستفید ہو جائے۔

علاوہ ازیں دارالاقامہ ہی ایک ایسی تربیت گاہ ہے جہاں اخلاق وعادات سنوارے جاتے ہیں قاعدہ وضابطہ کے تحت زندگی گذارنے کی عادت ڈالی جاتی ہے ہمدردی وانسانیت کے صفات سے متصف کیا جاتا ہے۔ اقامت خانوں میں بنا کردہ معیار اخلاق ہی پر طالبات کو اپنی آئندہ زندگی بسر کرنے میں سہولت ہوتی ہے اور وہی ان کا نصب العین رہتا ہے۔ میری ذاتی رائے تو یہ ہے کہ جتنے ممکن اقامت خانے قائم کئے جا سکیں بہتر ہے۔ مدارس میں محض تعلیم ہوتی ہے اور تربیت کا زیادہ موقع نہیں ملتا۔ اقامت خانہ ہی ایسی جگہ ہے جہاں تربیت ہو سکتی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ اقامت خانوں کا قیام کس طرح سے عمل میں لایا جائے۔ سرکار سے کس حد تک مدد مانگی جائے اور پبلک اس کی پابجائی میں کتنی مدد دے۔ میرا خیال ہے کہ اقامت خانہ کو قائم کردینے کے لئے سرکار سے مدد مانگی جائے اور اُس کو چالو رکھنے کے لئے پبلک اور مقیمین مدد دیں یعنی مکان اور فرنیچر سرکاری ہو اور تنخواہیں۔ بجلی۔ نل۔ روزمرہ کے اخراجات۔ ماہانہ اخراجات وغیرہ بالکلیہ مقیمین کے سپرد رہیں۔ یا اگر آپ لوگ کوئی اور تدبیر بتا سکیں یا تجویز پیش کر سکیں تو اس پر غور کیا جائے۔

تدریس جغرافیہ

از

جنابہ فاطمہ الف بیگم صاحبہ اول مددگار مدرسہ تعلیم المعلمات بلدہ

روئے زمین پر انسانی زندگی کا مطالعہ، اس کے ماحول اور حالات کا حقیقی معنوں میں سمجھنا جغرافیہ ہے۔ انسان کو دماغی وجسمانی تربیت کی محض اس لئے ضرورت ہے کہ وہ اس کی مدد سے عالم خارجی یا داخلی میں حسب ضرورت معقول تبدیلی پیدا کرے۔

تعلیم اور معلومات ایک ہی چیز نہیں ہیں تعلیم کے معنی یہ نہیں ہیں کہ جو کچھ ہم نے سیکھا ہے اس کو امتحان کے موقع پر ظاہر کر دیا جائے تعلیم تو اسے نفس کی نشو ونما اور تربیت کا نام ہے۔ اچھی معلمہ ہمیشہ اس بات کی کوشش کرے گی کہ اپنے آپ کو ایک سچی رہنما بنائے اور اس بات کی منتظر رہے کہ شاگرد اپنے آپ کو تعلیم دیں۔ اگر شاگردوں میں یہ بات پیدا نہ ہو تو پھر گویا اس کی محنت اکارت گئی۔ اسی وجہ سے یہ بات لازمی ہے کہ تعلیمی مضامین کو طلبہ کے لئے دلچسپ بنایا جائے اور اس کی احتیاط کی جائے کہ یہ مضامین طلبا کی روزمرہ زندگی سے مختلف نہ ہوں۔ اگر ایسا نہ کیا جائے گا تو چند دنوں بعد مضامین کو اسی طرح بہلا دیا جائے گا جس طرح ایک بوجھ پھینکا جاتا ہے۔ جو لوگ اپنے خیالات کو صاف صاف ادا نہیں کر سکتے وہ واضح طور پر سوچ بھی نہیں سکتے جب ہم اپنے خیالات کے لئے ٹھیک ٹھیک الفاظ ڈھونڈھ لیں اور یہ خیالات دوسروں تک پہنچا دیں اور ہم خود اصلاح وترقی کے میدان میں ایک قدم آگے بڑھ آئیں تو یہ ترقی مفید ثابت ہوگی۔ جغرافیہ وتاریخ ایک دوسرے سے بہت قریبی تعلق رکھتے ہیں اور ان کو ایک دوسرے سے علٰحدہ کرنا مشکل ہے۔ اس لئے ایک مضمون کو دلچسپ بنانے میں دوسرے سے بہت زیادہ مدد مل سکتی ہے جغرافیہ میں مقامی حدود سے شروع کریں اور دنیا کے دیگر مقامات کا حال بتایا جائے۔ مدرسین کو فن تعلیم کے

قدم بہ قدم چلنا چاہیئے اچھا استاد اپنی کلاس کو چند منٹ کے لئے محو کر سکتا ہے۔ استاد استاد میں بھی بڑا فرق ہے۔ ایک وہ استاد ہے جو اپنی کلاس میں سرسری طور پر کتاب میں جو کچھ مضمون ہے پڑھا دیتا ہے۔ اس کو اس کی پرواہ نہیں ہوتی کہ اس سبق کا کیا اثر طلبہ پر مرتب ہوا۔ بر خلاف اس کے ایک دوسرا استاد ہے جو سبق کے منشا و مقصد کو پیش نظر رکھتا ہے۔ سمجھانے میں جان لڑا دیتا ہے اور زندگی کے اعلیٰ صفات کو اپنی آواز، حرکات و سکنات اور قوت بیانیہ کے زور سے شاگردوں کے دلوں پر نقش کر دیتا ہے۔ استاد اپنی قوت بیانیہ سے غبی اور سوتے ہوئے شاگردوں کو بھی چند سکنڈ میں جگا سکتا ہے۔ اگر استاد اپنے اخلاق کا معیار اونچا کر دیں گے تو شاگردوں کا اخلاق بھی خود بخود بڑھ جائے گا۔

جغرافیہ کی تعلیم کے لئے اول ماڈل و کرۂ ارض اور نقشہ جات کا ہونا ضروری ہے۔ ماڈل نوعمروں کو تعلیم دینے کے لئے بے حد مفید ہیں۔ اس کام میں بڑے طلباء سے مدد لینی چاہیئے۔ دستی مشاغل کے اسباق میں اس قسم کے ماڈل تیار کرنا مفید ہو گا کیوں کہ بچے ہمیشہ ایسے کام کے کرنے میں دلچسپی لیا کرتے ہیں۔ معلمہ کو چاہیئے کہ فقط طلبہ کی نگرانی کرے بہتر ہے کہ صحن میں طلباء ریاست حیدرآباد یا ہندوستان کا ماڈل تیار کریں جس سے زمین کا نشیب و فراز و پہاڑوں کی اونچائی وغیرہ مقابلتہً اچھی طرح واضح ہو گی۔

دیواری و توضیحی نقشہ جات جماعت کی دیواروں پر ہرگز آویزاں نہ کئے جائیں وہ دیواروں کی آرائش و زیبائش کے لئے نہیں ہیں اور کھلے رہنے کی وجہ سے گرد و غبار سے آلودہ ہو کر بہت جلد خراب ہو جائیں گے اس لئے ایسے نقشوں کو ہمیشہ لپٹا ہوا رکھنا بہتر ہے۔ ان کو کسی الماری میں رکھنا نہ ہو سکے تو کسی اسٹانڈ پر رکھا جائے تو بہتر ہے۔ نقشہ بارش اور اسی قسم کے دیگر نقشہ جات ہمیشہ کارآمد ہوتے ہیں لیکن عموماً سب سے زیادہ پر اثر وہ نقشہ ہوتا ہے جو عین وقت پر تختہ سیاہ پر بچوں کے روبرو کھینچا جائے اور جس کو طلباء فوراً اپنی کاپیوں میں یاد رکھنے کی غرض سے اتارلیں۔ نقشہ جات کا کاپی میں اتارنا بہت ضروری ہے تاکہ سبق طلباء کے ذہن نشین ہو سکے۔ نقشہ ہمیشہ پیمانہ سے کھینچا جائے اور پانی کا رنگ نیلا اور خشکی کا سرخ ہو نقشہ جات کی تصحیح عمل میں آئے ورنہ غلطی کا امکان ہے۔

جغرافیہ کا کھیل کھیل طلبار کے لئے آئندہ زندگی کی طیاری کا ذریعہ ہے۔ جس سے طلبا میں مساوات کا خیال پیدا ہوتا ہے۔ بہتر کام کرنے والے کو فوقیت دینے کا تصور راسخ ہوتا ہے۔ وفاداری۔ حب الوطنی۔ قانون کی پابندی۔ ملنساری۔ فیاضی۔ قوت فیصلہ کی تربیت ہوتی ہے۔ جب طلبا بڑی جماعت میں آتے ہیں تو انہیں بہادر چالاک، باہمت، دلیر ہمتیوں سے انس پیدا ہو جاتا ہے۔ جغرافیہ کے مشہور شہر۔ دریا و پہاڑ کے نام و واقعات سے ان کو لگاؤ پیدا ہو جاتا ہے اور اسکول کا بہترین کھیلنے والا ان کے لئے مایۂ ناز ہوتا ہے۔ مقابلہ کرنے اور بازی لے جانے کی آرزو ہر دل میں پنہاں ہوتی ہے۔ اگر اس جوہر فطری کو ترقی دی جائے تو نہایت کامیاب نتائج پیدا ہو سکتے ہیں۔ ایک استاد یا حاکم کے زیر حکومت کھیلنے اور کام کرنے میں ان کو مزا آنے لگتا ہے۔ ہر لڑکے کے دل میں کامیابی کی تمنا ہوتی ہے کھیل تعلیم سے کسی طرح جدا نہیں ہو سکتا۔ لہذا ہمیں چاہیئے کہ موجودہ صورت میں جسمانی نشو ونما و جسمانی ساخت کی تکمیل کا پورا پورا خیال رکھیں۔

مثلاً پہلے دن بچوں کو ایشیا کے مشہور شہر یاد کرنے کے لئے کہا جائے۔ دوسرے دن صحن میں لیجاکر اس جماعت کی دو پارٹیاں بنائی جائیں۔ درمیان میں ایک لکیر کھینچ کر ایک پارٹی لکیر کے اس طرف اور دوسری دوسری طرف کھڑی کی جائے۔ ایک پارٹی آپس کے مشورہ کے بعد ایک شہر کا نام لکھے۔ فرض کیجئے کہ وہ شہر پیکن ہے۔ جس کا پہلا و آخری حروف پ۔ ن ہے۔ لکیر کے قریب زمین پر اس کو لکھ دیا جائے۔ اور دوسری پارٹی سے اس شہر کا نام بوجھنے کے لئے کہا جائے اگر وہ پارٹی نام بتلا دے تو ادھر کی پارٹی کے دو بچے ادھر لے لئے جائیں۔ اگر وہ نہ بوجھ سکیں تو ان کی پارٹی سے ادھر دو بچے لے لئے جائیں۔ نام بولتے وقت دوڑ کر ایک دوسرے کو پکڑنا چاہیئے اسی طریقہ سے بچوں کو بندرگاہ دریاؤں اور پہاڑوں وغیرہ کے نام آسانی سے سکھائے جا سکتے ہیں۔ بچے اس کھیل میں بہت دلچسپی لیں گے۔

سوزن کاری

از

جنابہ فاطمہ جعفر صاحبہ مددگار مدرسہ فوقانیہ نسوان محبوب علی کمان بلدہ

زمانہ حال میں زندگی کے مختلف شعبوں کی ترقی کے ساتھ ساتھ فن خیاطی
اہمیت وسوزن کاری کو بھی خاص اہمیت دی گئی ہے۔ممالک یورپ اور امریکہ میں
جہاں معلومات علم کے سانچے میں ڈھل جاتی ہیں اس موضوع پر ماہرین فن نے مستقل
کتابیں لکھی ہیں لیکن اس مضمون پر یہاں اس حیثیت سے غور کرنا ہے کہ وہ ہمارے
مدارس کے نصاب کا جزو ہے۔محکمہ تعلیمات نے اس کے مختلف فوائد کے تحت
یہ ضروری جانا کہ ہماری لڑکیاں اس کو سیکھیں اور اپنی خاندانی زندگی کی مسرتوں میں
اضافہ کریں۔اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس مضمون کے دو اصل
اجزاء دوران تعلیم میں ہماری طالباۃ کے ذہن نشین کئے جائیں .... ایک افادہ
(Utility) دوسرے حسن (Beauty) سوزن کاری کے کسی
اچھے نمونے کو لیجئے تو اس میں آپ ان دونوں اجزار کا ایک دلکش ملاپ پائیں گے۔
جزو اول یعنی افادہ کی اس لئے ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ ہمارا ہر کام مفید ہو جو کسی نہ
کسی ضرورت کی تکمیل کرسکے۔اگر یہ خیال ابتداءً ان کے ذہن نشین نہ کرایا جائے تو باوجود
کسی چیز کو حاصل کرنے کے اس کے استعمال سے ناواقف ہوں گے جس سے تعلیم کا حقیقی
مقصد فوت ہو جانے کا اندیشہ ہے دوسرا جزو یعنی ذوق حسن (Aesthetik taste) کی
تربیت بھی بڑی اہمیت رکھتا ہے۔اگر دوران تعلیم میں یہ پہلو تشنہ رہ جائے تو یقیناً
ہماری طالباۃ کے سیون کے نمونے بے جوڑ اور بھدے ہوں گے جس سے ان کی بدذوقی
کا ثبوت ملے گا۔ان اصولوں کے پیش نظر میں نے اپنی ناچیز کوششوں سے چند نمونے تیار

کئے ہیں جو سلسلہ وار پیش کئے جاتے ہیں۔ ان نمونوں میں لباس اور کپڑے کے انتخاب کے ساتھ اس چیز کو بھی خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے کہ لڑکیوں کو سیون کی مناسبت سے کپڑے منتخب کرنے میں آسانی ہو اور وہ اپنے سیون کا صحیح استعمال کر سکیں۔

اقسام سیون (۱) اب میں یہ بتلاؤں گی کہ سوالات کے ذریعہ لڑکیوں کو سیون کے ٹپے کس طرح ذہن نشین کرائے جائیں۔ مثلاً ہم یہ سوال کریں گے کہ ٹپہ یا لنگر کیا ہے اور کس لئے استعمال ہوتا ہے۔ اور پھر ہمیں یہ جواب حاصل کرنا چاہیئے کہ سیدھے سیدھے لمبے ٹانکے لنگر یا ٹپہ کہلاتے ہیں۔ کسی لباس کی اصلی سلائی کے قبل ٹپہ ڈالنے سے سیون میں آسانی اور صفائی پیدا ہوتی ہے۔ اس کو ذہن نشین کرانے کے بعد لڑکی کو یہ بتلانا چاہیئے کہ ٹپے سے دیگر خوبصورت نمونے بھی تیار کئے جاسکتے ہیں۔

مثال نمونہ (۱)

ڈرائینگ ملاحظہ ہو ضمیمہ صفحہ (۱)

(۲) بخیہ :۔ سیدھے اور بالکل چھوٹے چھوٹے ٹانکے کو بخیہ کہتے ہیں۔ عام طور پر اسکولوں میں یہ پایا گیا کہ لڑکیاں بخیہ کے ٹانکے اس قدر بڑے کر دیتی ہیں کہ لنگر اور بخیہ میں کوئی فرق باقی نہیں رہتا۔ اس کا صحیح استعمال بتانا سخت ضروری ہے۔

اس موقع پر یہ ظاہر کرنا ضروری سمجھتی ہوں کہ بخیہ کا استعمال فرنچ سیون یا لڑھاون یا اسی قسم کے دیگر سیون کے ساتھ ہوتا ہے۔ محض بخیہ سے کوئی سیون مکمل نہیں ہوسکتا۔ اس جانب بھی ہمارے مدارس کی لڑکیوں کو توجہ دلانے کی ضرورت ہے کیونکہ عام طور پر یہ پایا گیا ہے کہ اکثر لڑکیاں صرف بخیہ سے پورا کرتا تیار کرتی ہیں جس سے ایک طرف ان کی کم ذوقی کا پتہ چلتا ہے تو دوسری طرف یہ نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کہ وہ بخیہ کے صحیح استعمال اور اس کے افادے سے ناواقف ہیں۔

مثال نمونہ (۲) کرتا (۳) چڈی

ڈرائینگ ملاحظہ ہو ضمیمہ صفحہ (۲) اور صفحہ (۳)

(۳) بخیہ :- ایسے سیدھے ٹانکوں کا سیون ہے جس میں ہر ٹانکہ دوسرے ٹانکے کے پیچھے سے لیا جاتا ہے۔ اور اس کا ایک رخ تیپچی کی طرح نظر آتا ہے اور دوسرا پھول کی شاخ یا ڈنڈی کے سیون کی طرح۔ اس کا استعمال عام طور پر مضبوط اور موٹے کپڑے پر ہوا کرتا ہے۔ عموماً بخیہ کا یہ مقصد ہوتا ہے کہ کپڑا کسی مزید سیون کا محتاج نہ رہے۔ اس کو یوں ظاہر کیا جا سکتا ہے کہ تیپچی بھرنے کے بعد کپڑے کو لڑھانا یا فرنچ سیون سینا لازمی ہو جاتا ہے اور بخیہ میں اس کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی

(اس پر جو مکھی کے پر ڈالے گئے ہیں

مثال نمونہ (۴) بیاگ- وہ محض خوبصورتی کے خاطر ہیں)

ڈرائینگ ملاحظہ ہو ضمیمہ صفحہ (۴)

(۴) متفرق سیون :- خوب صورت ٹپوں کے مختلف استعمال سے بھی لڑکیوں کو واقف کرانا چاہئے جیسے بچوں کی چادروں۔ ہاتھ پونچھنے کے تولوں باورچی خانہ کی صافیوں وغیرہ پر خوبصورتی کے لئے ٹپے ڈالے جا سکتے ہیں۔

اسی طرح کاجوں کے لئے اس کا موزوں مقام اور گنڈیوں کے لحاظ سے اس کی سائز (SIZE) قرار دینا یہ سب گو معمولی چیزیں نظر آتی ہیں لیکن یہی ابتدائی چیزیں بتلانے میں بھول ہو جائے تو لڑکیاں ایک ایسے سیون کی عادی ہو جاتی ہیں جس کو ہمیشہ کھول اُدھیڑ کرنا پڑتا ہے۔

پیوند....... اگرچہ یہ سیون معمولی نظر آتا ہے لیکن بعض اوقات یہ پایا گیا ہے کہ لڑکیاں پیوند کے الٹے سیدھے میں امتیاز نہیں کر سکتیں........ اس کا مقصد یہ ہے کہ کپڑے کی مضبوطی کو برقرار رکھا جائے جو دوسرے سیون سے حاصل نہیں ہو سکتا اور اس چیز کی اہمیت سے طالبات کو واقف کرانا ضروری ہے۔

رفو........ ہمارے بعض لباس ایسے ہیں جس کے پھٹ جانے کے بعد کسی سیون سے بجز رفو کے کام نہیں چلتا۔


خلاصہ بحث اس تفصیل کے ذریعہ یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ مختلف سیون مختلف قسم کے کپڑوں اور لباس کے لئے مخصوص ہیں اسی طرح ہر کپڑے اور لباس کی مناسبت سے سیون ڈالے جاتے ہیں یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ صحیح ہدایتوں سے لڑکیوں میں افادہ اور ذوق حسن کی تربیت کی جائے مگر اس کے برخلاف ہیں اسکولوں میں ایسی مثالیں ملتی ہیں کہ لڑکیوں نے باریک ململ سے غلاف اور تھیلیاں تیار کی ہیں۔ حالانکہ غلاف کا مقصد یہ ہے کہ کثافت تکیہ تک نہ پہونچے جو ململ سے حاصل نہیں ہوسکتا اور غالباً اسی طرح ململ کی تھیلیاں کسی وزن کی متحمل نہیں ہوسکتیں۔ چونکہ ہمارا ملک بہ نسبت دیگر ممالک کے غریب ہے اس لئے ہمیں اس کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہیئے کہ بے سود کاموں میں وقت اور روپیہ ضائع نہ ہو۔ صحیح ہدایتوں سے اس کا امکان ہے کہ ہم چھوٹی چھوٹی اور معمولی چیزوں کو سلیقے سے کام میں لاسکیں۔ چنانچہ ہمارے بعض مدارس میں جہاں فرنیچر نہیں ہے بیٹھنے کے لئے ٹاٹ دئے جاتے ہیں۔ ہم ان لڑکیوں سے کام لے کر اسی ٹاٹ کو خوبصورت بنا سکتے ہیں۔

ان تمام امور کو ذہن نشین کراتے وقت اس کا بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ لڑکیوں کے پاس ایک کاپی اس لئے مخصوص کی جائے کہ اس میں ان کے سیون کے نمونے ہوں اور ایک کاپی ان کی ڈرائینگ اور ہدایتوں کے لئے ہو تاکہ وہ اپنے سیون کے نقائص سے واقف ہوکر اپنی معلمہ کی ہدایتوں پر کاربند ہوں۔

ضمیمہ


مثال نمونہ (۱)

(ا)



ایپرن جو صرف لنگر یا پٹی سے تیار کیا گیا ہے۔


(ب)



مثال نمونہ (۲) کرتا


(ا)

صرف سیون بتلایا گیا ہے۔
یہاں تیپچی فرنچ سیون میں استعمال
کی گئی ہے۔




(ب)


کرتے کے بازوں پر فرنچ
سیون کا استعمال بتلایا گیا ہے۔
اور ساتھ ہی ساتھ زنجیر کا
استعمال خوبصورتی کے لئے
بتلایا گیا ہے۔




مثال نمونہ (۳) چڈی




(ب)
لڑہاون کا استعمال چڈی میں۔



مثال نمونہ (۴) بیاگ



(ا)
بخیہ کا سیون



(ب)
بخیہ کا استعمال۔ بیاگ میں
اس لئے کیا گیا ہے کہ کپڑا مڑلے

رُوداد دوسری سالانہ کانفرنس انجمن اساتذہ

ممالک محروسہ سرکار عالی بابتہ ۱۳۴۸ف

مرتبہ

مولوی محمد عبد النور صاحب صدیقی بی۔ اے۔ بی ٹی (علیگ)

کونسل انجمن مذکور کے کونسل کا پہلا اجلاس بابتہ ۱۳۴۸ف بروز پنجشنبہ بتاریخ ۲۰/اسفندار ۱۳۴۸ف زیر صدارت مولوی سید محمد حسین جعفری صاحب بی۔ اے آکسن ناظم تعلیمات منعقد ہوا۔ رسمی امور طے پانے کے بعد کانفرنس میں پیش شدنی تحریکات کا انتخاب عمل میں آیا جو اسی عنوان کے تحت دوسری جگہ ملیں گے۔ سال حال کے لئے اراکین کونسل کا انتخاب کیا گیا اس کی فہرست کسی دوسری جگہ دی گئی ہے۔

کونسل میں طے پایا کہ آیندہ کانفرنس گلبرگہ میں بتواریخ ۲۲، ۲۳ ڈسمبر ۳۹ء منعقد کی جائے اگر غیر معمولی حالات کا اعادہ ہو تو بمقام رائچور منعقد ہو۔ کونسل نے ایک ذیلی کمیٹی پرنسپل صاحب انٹرمیڈیٹ کالج گلبرگہ و صدر مہتمم و مہتمم صاحبان تعلیمات گلبرگہ و مہتمم صاحب تعلیمات رائچور پر مشتمل مقرر کردی تاکہ بروقت ضروری انتظامات عمل میں لائے جاسکیں۔

آیندہ سال کے لئے حسب ذیل ۵ موضوع مقرر کئے گئے جن پر ذیلی کمیٹیاں رپورٹ پیش کرینگی۔ (۱) تحتانی تعلیم بحوالہ (الف) تغذیہ طلبہ (ب) باری دار طریقہ (ج) نصاب جماعت پنجم تحتانیہ۔ (۲) ثانوی تعلیم۔ (۳) تعلیم نسواں۔ (۴) معذور اطفال کی تعلیم (۵) تربیت مدرسین بحوالہ اعادی نصاب۔

نمائش تعلیمی انجمن اساتذہ ممالک محروسہ سرکار عالی کی دوسری سالانہ کانفرنس کی تعلیمی نمائش اسٹانلی گرلز ہائی اسکول میں منعقد ہوئی اور بتاریخ ۲۰/اسفندار ۱۳۴۸ف

شام کے پانچ بجے لیڈی حیدری صاحبہ نے افتتاح کیا۔

لیڈی موصوفہ کے ورود پر نواب مہدی یار جنگ بہادر صدر المہام تعلیمات اور مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری ناظم تعلیمات نے خیر مقدم کیا افتتاح سے قبل ایک گلدستہ پیش کیا گیا۔ فیتہ کو کاٹتے ہوئے لیڈی حیدری صاحبہ نے تالیوں کی گونج میں نمائش کا افتتاح کیا۔ صدر المہام بہادر تعلیمات اور مس نندی صاحبہ مہتمہ کے ساتھ نمائش کا تفصیلی معائنہ کرنے کے بعد ساڑھے پانچ بجے لیڈی حیدری صاحبہ واپس تشریف لے گئیں اس موقع پر تعلیمات کے تقریباً تمام مرد و خواتین عہدہ دار موجود تھیں۔ نمائش میں ممالک محروسہ سرکار عالی کے (۶۷) پرائمری مڈل اور ہائی اسکول کے طلبہ طالبات اور اساتذہ کی بنائی ہوئی (۲۲۲۴) اشیاء شریک تھیں جن کو دس شعبوں میں تقسیم کیا گیا تھا جس کے لئے (۲۰) حکم مقرر تھے۔ (۱۱۱) سرٹیفکٹ بطور انعامات تجویز کئے گئے ہیں سب سے زیادہ انعامات کی فہرست حسب ذیل ہے مدرسہ عالیہ (۲۲) گرلز ہائی اسکول نامپلی (۱۰) دار الشفاء (۱۰) دار العلوم (۸)

افتتاحی اجلاس بتاریخ یکم فروری ۱۳۴۸ف روز جمعہ ۹ تا ۱۱ ½ ساعت زیر صدارت نواب مہدی یار جنگ بہادر صدر المہام تعلیمات و فینانس پہلا اجلاس بمقام سٹی کالج منعقد ہوا۔ ہال پورا بھرا ہوا تھا۔ سررشتہ تعلیمات کے اکثر عہدہ دار و مدرسین مدارس اور نمائندگان اضلاع کانفرنس میں شریک ہوئے۔ عثمانیہ یونیورسٹی اور نظام کالج کے پروفیسر صاحبان معزز خواتین اور بعض سربرآوردہ مہمانوں نے جن میں قابل ذکر مولوی فضل محمد خاں صاحب سابق ناظم تعلیمات و معتمد مدارس فنی و صنعتی اور اڈ الف مائیرس صاحب نمائندہ بیک انگلش ہیں۔ شرکت کی زحمت گوارہ فرمائی۔

جلسہ کا آغاز مولوی سجاد مرزا صاحب ایم۔ اے (کنٹب) سی۔ ٹی (لندن) صدر استقبالیہ کمیٹی کے خطبہ سے ہوا۔ صاحب موصوف نے اپنے خطبہ میں صدر کانفرنس کے تبحر علمی اور علم و عمل تعلیمات کی بے کراں واقفیت کا ذکر کرتے ہوئے انجمن کے ٹھوس کام کو سراہا۔ مدرسین کی موزوں تربیت کو تمام تعلیمی اصلاحات کا

سب سے مشکل عقدہ بتاتے ہوئے "بیسک انگلش" کے ترویج کی پرزور حمایت و تائید کی اور تمام زائد زبانوں کے تدریس کی سفارش اسی طریقہ پر فرمائی جو آرتھولوجیکل انسٹی ٹیوٹ نے پیش کیا ہے۔ خطبہ استقبالیہ قارئین کے استفادہ کے لئے کہیں اور شائع کیا گیا ہے۔

اس کے بعد مسٹر کے۔ بی۔ ایر بی۔ اے۔ بی۔ ٹی معتمد عمومی انجمن نے انجمن کی سال بھر کی سرگرمیوں کا خلاصہ پیش کیا جو علیحدہ درج ہے۔

صدر کانفرنس نے ایک عالمانہ اور بصیرت افروز خطبہ انگریزی میں دیا جو علم و عمل تعلیمات کے رموز سے لبریز اور سررشتہ کی ضروریات کا مرقع ہے۔

صاحب ممدوح نے ابتدائی تعلیم عام کی اہمیت اور توسیع کی ضرورت، مالی مشکلات اور تربیت یافتہ مدرسین کی قلت پر روشنی ڈالتے ہوئے اہم اور قابل عمل تجاویز پیش فرمائیں۔ کم سن بچوں کی تربیت اور بالک باغ کی اہمیت پر اچھوتے خیالات ظاہر فرمائے۔ پھر مجلس تعلیم ثانوی اور محکمہ تعلیم فنی اور صنعتی کی اسکیمات کا ذکر کرتے ہوئے مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری اور مولوی سید علی اکبر صاحب اسپیشل انسپکٹنگ تعلیمات کی انجمن سے دلچسپی اور انہماک وغیرہ کی ستائش کی۔

یہ خطبہ من و عن اشاعت ہذا میں علٰحدہ شائع کیا گیا ہے اس کے بعد مسٹر ہارڈنگ بی۔ اے۔ ڈی۔ ای (آکسن) پروفیسر جامعہ عثمانیہ نے نظام مدارس انگلستان پر تقریر کی۔ مسٹر ایف۔ ویبر۔ ایم۔ اے نے "جماعت مدرسہ میں ورزش جسمانی ڈرل اور اس کی غایت" کے موضوع پر دلچسپ تقریر کی اور ایوان کو ہوشیاری کے ساتھ جماعت مدرسہ میں مبدل کر کے حاضرین محفل کو تختہ مشق بنایا جو حاضرین کے تفریح طبع کا باعث ہوا۔ موصوف نے بتایا کہ طلبائے مدرسہ بیٹھے بیٹھے کیسے اکتا جاتے ہیں اور کس طرح تکان کو دور کرنے کی تدابیر اختیار کی جاسکتی ہیں۔ ان تمام امور پر بحث کرتے ہوئے واضح کیا کہ جماعت میں ڈرل کی ضرورت ہے۔ مدرس دوران تعلیم میں منٹ یا دو منٹ کے لئے بچوں کی سستی کو دور کردے تو طلبہ کی کارکردگی میں ازدیاد کا باعث ہوگا۔

پروفیسر ہارون خاں شیروانی ایم۔ اے (آکسن) نے "سوئزرلینڈ اور اس کی دیہی زندگی" پر پُرجوش تقریر کی۔ اُس کی دیہی تنظیم اور گھریلو صنعتوں کا موثر انداز میں ذکر فرماتے ہوئے یہ چیز بھی واضح کی کہ قدرتی ذرائع کو وہاں کس خوبی سے کام میں لایا جارہا ہے۔

اختتام تقریر پر حسب ذیل دو تحریکات پر مباحثہ ہوا۔ جو بغلبہ آرا منظور ہوئیں۔

تحریکات (۱) اس کانفرنس کی رائے ہے کہ جن مقامات میں مدارس سرکاری کے طلباء کے لئے طبی معائنہ کا انتظام کیا گیا ہے وہاں مدارس امدادی و مسلمہ سرکار کے طلباء کے لئے بھی اس قسم کا انتظام کیا جانا مناسب ہے۔

(۲) انجمن اساتذہ ممالک محروسہ سرکار عالی سفارش کرتی ہے کہ متوفی مدرسین صاحبان کی اولاد کو آوارگی سے بچانے اور ان کو سوسائٹی کا ایک قابل اور کارآمد رکن بنانے کے لئے ضروری ہے کہ مثل سررشتہ پولیس ایک ادارے کے ذریعہ ان کی تعلیم و تربیت کا انتظام کیا جائے تاکہ قوم و ملک کی خدمت کرنے والی کی نسل کا وجود بھی اپنے ملک و مالک کے لئے مفید ثابت ہو۔

لنچ۔ صدر استقبالیہ کمیٹی مولوی سجاد مرزا صاحب نے اس مرتبہ مہمانوں وغیرہ کے لئے دوپہر میں کھانے کا انتظام بھی کیا تھا۔ کھانوں کے انتخاب میں بڑی جدت سے کام لیا گیا۔ دعوت کیا تھی گویا "متوازن و غیر متوازن غذاؤں کا دلچسپ مظاہرہ تھا فہرست طعام کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ہر چیز سادہ اور کثیر الغذا تھی۔ حتیٰ کہ چاول بغیر کُٹے ہوئے تھے تاکہ ویٹامن ڈی سے استفادہ کیا جا سکے۔ پپئی نے میوہ کی جگہ لی تھی جو بلاشبہ بہ لحاظ کلورک ویلیو سب سے بازتھی۔ بجائے نیپکن دیسی کاغذ خوش نمائی کے ساتھ رکھا گیا تھا جس پر دیسی کاغذ کے استعمال کی ہدایات دی گئی تھیں۔ میٹھا جو کنتری پڈنگ کے نام سے موسوم تھا جوار کے دلیہ دودھ اور گڑ پر مشتمل تھا۔ ہر شخص نے اس میٹھے کی داد دی۔ بعض حضرات نے بعد میں شکایت کی کہ اس کے ہضم کرنے کے لئے کنتری معدہ کی ضرورت تھی۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ مقدار کے معاملہ میں

توازن برقرار نہیں رکھا گیا۔ بہرحال دو دن صاف ستھری سادہ مگر کثیر الغذا سائنٹفک پکوان سے خوب خوب استفادہ کیا گیا۔ اُمید ہے کہ پیش کردہ دعوتِ شیراز کا نمونہ سب کے لئے قابل تقلید ہو گا۔

دوسرا اجلاس

ذیلی کمیٹی تعلیم بالغان

بتاریخ یکم فروردی ۱۳۴۸ف ۲ تا ۳ ساعت زیر صدارت مولوی احمد حسین خاں صاحب بی۔ اے صدر مہتمم تعلیمات بلدہ ذیلی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ مولوی نور الحسن صاحب بی۔ اے ڈپ۔ ایڈ (گلاسگو) صدر فوقانیہ دار الشفا و معتمد ذیلی کمیٹی نے مبسوط رپورٹ پڑھی۔ قابل صدر نشین اجلاس نے ایوان کو رفع شک اور ترمیمات پیش کرنے کے لئے مدعو کیا۔ مولوی شیخ ابو الحسن صاحب بی۔ اے، ال۔ ٹی صدر مہتمم تعلیمات ورنگل نے بعض ترمیمات پیش کیں مگر صدر محترم نے ان کی تشفی کر دی لہذا بجز ایک ترمیم کے کہ مذہبی تعلیم کی بجائے دینیات و اخلاقیات کے الفاظ رکھے جائیں ایوان نے منظور کی باقی تمام ترمیمات محرک نے واپس لیں۔ بعد ازاں مولوی شمس الدین صاحب بی۔ اے۔ ال۔ ٹی صدر فوقانیہ جالنہ نے مذہبی تعلیم کو ضروری بتاتے ہوئے تحریک کی کہ تعلیم بالغان مذہبی تعلیم کے ذریعہ دی جائے، چونکہ اس کی تائید کسی نے نہیں کی لہذا یہ ترمیم مسترد ہوئی۔

عالی جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے سفارش نشان (۳) کے آخری جزو میں حسب ذیل الفاظ بڑھانے کے لئے تحریک پیش کی

"جو مدارس بالغان خاص فرقہ کے لئے قائم ہیں اُن میں بحصول اجازت دینیات اور اخلاقیات کی تعلیم دی جا سکتی ہے۔"

چونکہ مندرجہ بالا عبارت طباعت میں متروک ہو گئی تھی لہذا حسبہ تصحیح کر لی گئی۔

جناب میر احمد علی خاں صاحب ایم۔ ایڈ لکچرار ٹریننگ کالج نے یہ تحریک

پیش کی کہ "ایک مرکزی بورڈ قائم کیا جائے جو پبلک، سررشتہ تعلیمات اور دیگر سررشتہ جات کے نمائندوں پر مشتمل ہو اور اس کی شاخیں اضلاع میں قائم کی جائیں تاکہ تعلیم بالغان کے اہم کام کو خاطر خواہ طور پر چلایا جاسکے"۔ اس تحریک کو ایوان نے پسند کیا چنانچہ سفارشات میں اس کا اضافہ کرلیا گیا۔

عالی جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے موثر الفاظ میں رپورٹ کی تعریف کرتے ہوئے صدر اور کمیٹی کو مبارک بادوی اور منظوری رپورٹ کی تحریک پیش فرمائی جس کی تائید مولوی سید خیرات علی صاحب مددگار صدر مہتمم تعلیمات بلدہ نے کی۔ رپورٹ مذکورہ بالا ترمیمات کے ساتھ منظور کی گئی جس کی سفارشات اشاعت ہذا میں دوسری جگہ درج ہیں۔

ذیلی کمیٹی زائد نصاب مصروفیات

اس کمیٹی کا اجلاس ۳ تا ۴ ساعت زیر صدارت ریورنڈ سی۔ ای۔ ڈبلیو ہلنگھم رکن گریمر اسکول منعقد ہوا۔ مسٹر پار بھتا سارتھی ایم۔ اے معتمد ذیلی کمیٹی نے رپورٹ پڑھی۔ بعد ازاں بحث و تمحیص کے لئے ایوان کو مدعو کیا گیا۔ مسٹر بھانا مورتی۔ مددگار ٹریننگ اسکول ہنمکنڈہ نے تحریک پیش کی کہ دیہی اور شہری مدارس کے لئے علحدہ علحدہ مصروفیات کی صراحت کردینا چاہیے۔ مولوی عبد السلام صاحب ذکی مددگار مدرسہ فوقانیہ دار الشفا نے سفارش کی کہ طبقہ تحتانیہ، وسطانیہ اور فوقانیہ کے لئے بھی مصروفیات کی صراحت اور تعیین ضروری ہے۔ ایک صاحب نے کہا کہ بعض مصروفیات نصاب میں داخل ہوگئی ہیں لہذا اس کا امتیاز ہونا چاہیے کہ کونسی مصروفیات نصابی اور کونسی غیر نصابی ہیں محترم صدر اور مسٹر جگ موہن لعل چترویدی، رکن ذیلی کمیٹی نے شکوک دور فرمائے۔ کمیٹی کی نویں سفارش کی ترمیم مولوی سید علی اکبر صاحب نے پیش فرمائی جو منظور ہوئی۔ ترمیم حسب ذیل ہے۔

کمیٹی سررشتہ تعلیمات سے سفارش کرتی ہے کہ بلدہ میں تیراکی کے حوض کی

تعمیر کے لئے جلد تدابیر اختیار کی جائیں اور اسی قسم کے حوض جہاں کہیں ضرورت ہو اضلاع میں بھی تعمیر کئے جائیں۔

ایوان نے پوری رپورٹ مندرجہ بالا ترمیم کے ساتھ منظور کرلی۔

ذیلی کمیٹی تعلیم نسواں جب کہ ذیلی کمیٹی زائد نصاب مصروفیات سٹی کالج میں ہو رہی تھی اوسی وقت تعلیم نسواں کی ذیلی کمیٹی زیر صدارت مس جیسی ننذی صاحبہ ایم۔اے۔ ٹی۔ ڈی صدر مہتمہ مدارس نسواں بہ مقام مدرسہ وسطانیہ نسواں حسینی محلہ منعقد کی گئی۔ اس کا پروگرام ایسا تیار کیا گیا تھا کہ ہر قسم کی معلمات جو شریک جلسہ تھیں مباحث میں حصہ لے سکیں۔ اس ذیلی کمیٹی کی صورت عام اجلاس کی رہی پھر مختلف جماعتیں مباحثہ کے لحاظ سے بن گئیں اور اس کے بعد اسباق نمونہ ہوے اور پھر جلسہ عام کی صورت میں سب یکجا ہو گئے۔ جلسہ عام میں مسز جبار نے بہ عنوان "مدارس نسواں میں کارکردگی کا فقدان" اور نور النسا بیگم صاحبہ نے "اضلاع میں اقامت خانوں کی ضرورت" اور مس کرک پٹرک نے "تعلیم مدرسہ سے قبل بچہ اور شِشُو گھر" جیسے اہم موضوعات پر بحث کا سلسلہ آغاز کیا۔ مسز جبار نے کارکردگی میں کمی کے مختلف اسباب بیان کئے مگر مدرسہ اور اولیائے طالبات کے اتحادِ عمل پر بڑی دلچسپی ایوان میں پیدا ہو گئی۔ اضلاع میں بہ مقابلہ بلدہ کے اتحادِ عمل زیادہ ہے اس کے اسباب پر خوب بحثیں ہوئیں۔

اضلاع میں اقامت خانوں کی ضرورت پر پُرجوش تقریریں ہوئیں معلمات کو اضلاع میں سکونت اختیار کرنے کی ترغیب دینا صدر معلمات کے لئے بے حد دشوار ثابت ہو رہا ہے۔ کوئی معلمہ جو بلدہ سے بدل کر ضلع پر بھیجی جائے تو وہ طویل رخصت لے لیتی ہے اور ضلع پر جانے سے اس لئے انکار کرتی ہے کہ وہ آرام سے نہیں رہ سکتی۔ نور النسا بیگم صاحبہ نے یہ مشورہ دیا کہ ہر مدرسہ فوقانیہ نسواں کے ساتھ ایک اقامت خانہ بھی ملحق ہونا چاہئے اور سرکار عمارت اور فرنیچر کا انتظام کردے باقی متوالی اخراجات کی سبیل معلمات اور طالبات نکالیں۔ مسز کرک پیٹرک نے

ایک ساتھ رہنے سہنے (Chummeries) کا مشورہ دیا جس سے نہ معلمات پر بار پڑے گا اور نہ سرکار پر۔ اگر سرکار معلمات کی رہائش کا کوئی سستا آرام دہ اور محفوظ انتظام کا حل تلاش کرنے میں عملی قدم اٹھائے تو تعلیم یافتہ معلمات کو اضلاع پر بھیجنے میں جو مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ اس میں بہت کچھ تخفیف ہو جائے گی۔

تیسرے موضوع کا آغاز مس کرک پیٹرک نے کیا۔ششو گھر کے بارے میں مس فراسٹ نے چند ممکن العمل مشورے دے۔ مس موصوفہ نے کہا کہ ایک صاف ستھرا کمرہ جس میں کوئی فرنیچر نہ ہو کافی ہے اس میں ہمدردی کے ساتھ بچوں میں اچھی عادتیں پیدا کی جائیں اور آداب محفل سکھائے جائیں غیر تربیت معلمہ سے بھی۔ مگر یہ بدرجہا بہتر ہے بمقابلہ اس کے کہ وہ گندہ اور کثیف رہیں اور کوئی ان کی دیکھ بھال کرنے والا نہ ہو اور وہ اخلاقی وجسمانی اعتبار سے معرض خطر میں ہوں۔

جماعت واری جلسوں اور اسباق نمونہ میں نظام ششو گھر کا مظاہرہ بچوں' آلات تعلیمی اور تصاویر کے ساتھ ہوا اور صحیح ماحول پیدا کیا گیا۔ اس کا انتظام مس ٹیلرسن نے کیا تھا جو بڑی کفایت شعاری کے ساتھ ایک ششو گھر چلا رہی ہیں۔ یقین ہے کہ مس موصوفہ کے کارآمد مشورے ایسے امدادی مدارس کی معلمات کے لئے جن میں ایک معلمہ یا دو معلمہ کام کرتی ہیں بصیرت افروز ہوں گے۔

مدارس تحتانیہ کے سوزن کاری کے نصاب کی تشریح اور اس کا عملی طور پر مظاہرہ مس جعفر نے کیا اور اس میں اچھا خاصہ مباحثہ بھی ہوا۔ سنٹرل ٹریننگ اسکول کی ایک طالبہ نے تنقیدی سبق دیا اور ویسلین نارمل اسکول کی ایک طالبہ نے تلنگی میں بھی نمونہ کا سبق دیا جو بہت دلچسپ تھا۔

اس کے بعد زیر سماں اجتماع ہوا۔ مس شا نے مناسب اور موزوں کھیلوں کے بارے میں اور انھیں کس طرح مقامی حالات کے حسب حال بنایا جائے تقریر کی اس کے بعد مختلف کھیلوں کا عملی مظاہرہ ہوا۔

ذیلی کمیٹی تعلیم نسوان کے جلسے کامیاب رہے۔ ورنگل' گلبرگہ' اورنگ آباد'

اور بیدر سے نمائندگان کانفرنس نے شرکت کی زحمت گوارہ فرمائی مس سندی صاحبہ صدر مہتممہ مدارس نسوان قابل مبارکباد ہیں کہ ان کی مساعی مشکور ہوئیں امید ہے کہ تعلیم نسوان سے دلچسپی رکھنے والے افراد کے اتحاد عمل سے نمایاں ترقی ہوگی اور پبلک میں عام بیداری اور ایثار کی روح کارفرما ہوگی۔

تیسرا اجلاس

ذیلی کمیٹی تعلیم ثانوی اس ذیلی کمیٹی کا اجلاس بروز شنبہ بتاریخ ۲ر فروری ۱۹۴۵ء زیر صدارت عالی جناب مولوی سید علی اکبر صاحب منعقد ہوا۔ صدر محترم نے جلسہ کا افتتاح فرماتے ہوئے کسی قدر تفصیل کے ساتھ رپورٹ کی نوعیت اور سفارشات مجلس تعلیم ثانوی بیان فرمائے۔ ہر طبقہ کی مدت تعلیم اور ہائرسکنڈری اور ہائرسکنڈری منزل کے بعد علاوہ ادبی تعلیم کے کتنے قسم کے نصاب کا طلبہ کے لئے انتظام ہوگا اور ان کی مدت کیا ہوگی بیان کی اور نقشہ کی مدد سے مختلف نصاب کی وضاحت فرمائی۔ بعدازاں مسٹر کے۔ بی۔ ایر بی۔ اے۔ بی ٹی معتمد کشنر امتحانات ومعتمد کمیٹی نے رپورٹ اور سفارشات کا خلاصہ پیش کیا اس کے بعد صدر جلسہ نے بعض شکوک لورسکنڈری مدارس کے داخلہ اور سرکاری ملازمت کے لئے سندی قابلیت کے بارے میں دور کئے۔

مدارس میں تعلیم سائنس مولوی آفتاب حسن صاحب بی۔ ایس۔ سی (لندن) مہتمم تعلیم سائنس نے دلچسپ تقریر سے اس کی ابتداء کی اور موجودہ تعلیم سائنس کے نقائص اور اُن کے ارتفاع کی تدابیر پیش کیں۔ صاحب موصوف نے کہا کہ بچہ کی معلومات عامہ میں جس قدر بھی اضافہ ممکن ہو کرنا چاہئے۔ سائنسی معلومات کا ذخیرہ دلچسپ پیرایہ میں اور تجربوں وغیرہ کے ذریعہ فراہم کیا جائے تاکہ بچہ میں خاص ذوق پیدا ہو اور وہ سائنس میں دلچسپی لینی شروع کردے۔ ہر مدرسہ میں ایک سائنس کا کمرہ آلات تصاویر اور نقشوں وغیرہ سے آراستہ رہنا چاہئے۔ تاکہ خاص سائنسی ماحول پیدا ہوسکے۔ طلباء سائنٹفک مشاغل مثلاً مختلف پتھروں، سیپیوں، گھونگھے، پرندوں کے انڈے وغیرہ جمع کرنے میں مصروف رکھیں جائیں۔

مولوی احمد حسین خاں صاحب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ و اطراف بلدہ نے فرمایا کہ اساتذہ کی امتحانی مصروفیتوں کی وجہ سے یہ کام زیادہ ترجامعہ کا ہے کہ وہ ایک ایسا مناسب نصاب تجویز کرے جس سے تعلیم بسہولت اچھی ہو سکے۔ ڈاکٹر شنڈارکر نے مدرسین سائنس کی عملی دقتوں کو ظاہر کرتے ہوئے عمدہ معمل اور تجربہ خانوں کی سفارش کی اور فرمایا کہ سائنس کی تعلیم کے لئے زیادہ وقت دیا جاے اور ہر ہفتہ ایک ساعت روزمرہ کی سائنس پر بحث مباحثہ میں صرف کیا جائے۔ مسٹر بھانا مورتی نے مدرسین سائنس پر جو دعملی حکومت ہے اس کا ذکر کرتے ہوئے نتیجۃً اس کا اظہار کیا کہ اس سے بجائے فائدہ کے نقصان زیادہ پہونچا ہے۔ دوسرے صاحب نے اعتراض کیا کہ سائنس کی عملی جماعتیں اساتذہ کے تجربوں کا مظاہرہ ہوتی ہیں۔ آخر پر مولوی آفتاب حسن صاحب نے اعتراضات کا جواب دیتے ہوے فرمایا کہ کافی رقوم کی منظوری کی سفارش کی گئی ہے اور نیا نصاب عنقریب نافذ ہو جائے گا۔

مدارس میں تعلیم انگریزی مولوی سالم بن سعید صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی، ایم۔ ایڈ (لیڈس) لکچرار ٹریننگ کالج نے مباحثہ کا آغاز انگریزی زبان میں بڑی سلاست کے ساتھ فرمایا۔ آپ نے مدارس عثمانیہ میں انگریزی کا معیار پست ہونے کے ۴ اسباب بیان کئے۔

(۱) جامعہ عثمانیہ کی تاسیس کے بعد سے اردو کو ذریعہ تعلیم قرار دے کر انگریزی کو ثانوی حیثیت دے دی گئی ہے اور اس کی تدریس کے لئے سال تمام میں مشکل سے ۱۶۰ ساعات یا ۷۰ دن ملتے ہیں۔

(۲) ٹرانسلیشن اور ڈائرکٹ میتھڈ کے استعمال میں غیر معمولی انتشار اور الجھن پیدا کر دی گئی ہے۔

(۳) قواعد کی تعلیم کی جانب ناکافی توجہ۔

(۴) انگریزی پڑھانے والے اہل مدرسین کی کمی۔

مسٹر خواجہ یوسف الدین ایم۔ اے (لندن) لکچرار ٹریننگ کالج نے بیان

کیا کہ اردو ذریعہ تعلیم ہونے سے معیار انگریزی پست نہیں ہے بلکہ پستی کی وجہ طریقہ تعلیم میں ترجمہ کا جا و بیجا استعمال ہے۔ قواعد انگریزی کی تعلیم میں آپ نے متنبہ کیا کہ کہیں حد سے تجاوز نہ ہو۔ مسٹر سید محمد علی بلگرامی بی۔ اے، بی۔ ٹی مہتمم تعلیمات گلبرگہ نے بیان کیا کہ تعلیم انگریزی کا کیا مقصد و مدعا ہے۔ یہ متعین نہیں ہوا اس لئے اظہار مطالب کو ضرورت سے زیادہ اہمیت دی جارہی ہے۔ ریورنڈ جی سندرم ایم۔ اے نے کتب خانہ کے استعمال پر زور دیا اور بتایا کہ کیسے کتب خانہ سے بہترین طریقہ پر استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ دیگر مقررین نے بیرون مدرسہ اور مدرسہ میں ماحول نہ ہونے اور مادری زبان پر قادر نہ ہونے نیز غیر تربیت یافتہ مدرسین کے متعلق شکوہ کیا۔ مولوی احمد حسین خاں صاحب نے فرمایا کہ ذریعہ تعلیم کو انگریزی کے اعلیٰ میعار کے حصول میں حائل نہ ہونا چاہیئے۔ آپ نے اس غلط تصور کی مذمت کی کہ انگریزی پڑھانے والے اساتذہ کا ایک خاص وقار ہوتا ہے اور یہ کہ صدر مدرسین اور ان کے اعلیٰ مددگاروں ہی کو بلالحاظ دلچسپی اور قابلیت انگریزی پڑھانی چاہیئے۔ آپ نے یہ رائے ظاہر کی کہ ترجمہ اور راست طریقہ تعلیم ہر دو کی ایک خاص حیثیت و اہمیت ہے اور یہ کہ موجودہ افسوس ناک حالت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اساتذہ اور طلباء کو مطالعہ سے دلچسپی نہیں رہی ہے۔ مسٹر اڈ الف مائیرس نے بیان کیا کہ دوران مباحثہ میں بہت سے غیر متعلقہ اعتراضات کئے گئے حالانکہ بچوں کے سامنے مناسب مواد کی عدم پیشکشی اس کا نمایاں جز تھا آپ نے بڑے دعوے اور شد و مد سے کہا کہ بنیادی انگریزی ان تمام خرابیوں کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

اختتامی اجلاس

زیر صدارت نواب مہدی یار جنگ بہادر صدر المہام تعلیمات و فینانس بتاریخ مذکور ۲ ½ تا ۵ ساعت منعقد ہوا۔ مس لنڈی صاحبہ نے نمائش کمیٹی کی رپورٹ پڑھی۔ ممالک محروسہ سرکار عالی کے ۶۷ مدارس نے حصہ لیا اور ۲۲۲۴ اشیاء نمائش

شریک تھیں جنھیں ۱۰ شعبوں میں منقسم کیا گیا تھا۔ انعامات کے لئے ۲۰ حکم مقرر کئے گئے تھے جنھوں نے ۱۱۱ انعامات تجویز کئے۔

ہر سہ ذیلی کمیٹی کے معتمدین نے کمیٹی کے سفارشات پڑھ کر سنائے اس کے بعد بعنوان "مدارس میں تعلیم تاریخ کے تجدید کی ضرورت" ڈاکٹر یوسف حسین خاں صاحب پی۔ ایچ۔ ڈی مددگار پروفیسر تاریخ عثمانیہ یونیورسٹی نے تقریر کی۔ صاحب مجوز نے فرمایا کہ اساتذہ کا یہ مقصد ہونا چاہئے کہ وہ طلباء کو اس کا واضح تصور دلائیں کہ کس طرح انسان نے بربریت کے منازل طے کرتے ہوئے یہ متمدنہ زندگی اختیار کی ہے۔ اور یہ کہ بادشاہوں اور حکومتوں کی تعمیری حکمت عملی اور اس کے بنیادی اصول کیا ہیں۔ انھیں یہ بھی بتلایا جائے کہ فرقہ بندی اور قوموں کی تقسیم نے کس طرح دنیا میں جنگ وجدال برپا کر کے ترقی کی راہیں مسدود کر دی ہیں۔ اس کے بعد حسب ذیل تین قراردادوں پر بحث مباحثہ ہوا جو بغلبہ آرا منظور ہوئیں۔

تحریکات

(۱) تحریک کی جاتی ہے کہ مدرسین کی اولاد بالخصوص لڑکیوں کی ثانویہ مدارس کی فیس میں مزید رعایت کی جائے۔

(۲) تحریک کی جاتی ہے کہ کم مدتی اعادی نصاب کے لئے سررشتہ تعلیمات جلد انتظام کرے۔

(۳) تحریک کی جاتی ہے کہ ملازمین سرکار کی ایک سے زیادہ لڑکیاں جب کسی مدرسہ میں زیر تعلیم ہوں تو سوائے ایک کے باقی سب سے خرچ سواری نصف لیا جائے۔

اڈ ایف مائرس کی تقریر کے بعد جس میں انہوں نے بیسک انگلش کے معانی ومطالب کی توضیح کی اور یہ بتلایا کہ کس طرح یہ بہترین بین الاقوامی تبادلہ خیالات کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ صدر محترم نے ابتداءً مذاحیہ طریقہ پہ فرمایا کہ۔

اختتامی تقریر صدر کانفرنس

میرے خطبہ کا ایک جز و بنیادی انگریزی میں (بیک انگلش) جو ڑوان بہن کی طرح معلوم ہو رہا ہے جو اپنی بہن سے زیادہ خوبصورت ہے۔ جناب ممدوح نے بنیادی انگریزی کی سفارش نوجوانوں کے لئے کی۔ کیونکہ وہ تمام الفاظ جن کی ضرورت عملاً زندگی میں پڑتی ہے ان کو کم کر کے محدود دائرے میں لایا گیا ہے۔ اور زبان کے سیکھنے میں جو وقت صرف ہوتا ہے اس میں بھی تخفیف کی گئی ہے اس ضمن میں یہ بھی ارشاد فرمایا کہ ایک کمیٹی مقرر کی گئی ہے جو بنیادی اردو کے تعلیم کے مسئلہ کی چھان بین کرے گی۔

کانفرنس کے بارے میں یہ فرمایا کہ وہ کامیاب رہی اور ذیلی کمیٹی کی رپورٹیں اور تقریریں دلچسپ اور مفید تھیں تعلیم بالغان کی رپورٹ میں قیمتی مشورے دیئے گئے ہیں جن سے عوام کی تعلیم کے مسئلہ کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔ آپ نے اس خیال کو پسند کیا کہ مدرسین زیر ٹریننگ کو نارمل اسکولوں میں جماعت تعلیم بالغان قایم کر کے اس کی تربیت بھی دینا چاہئے۔ صدر المہام بہادر نے ایک بڑی اچھی تجویز یہ پیش کی کہ جیسے مہاتما گاندھی نے کانگریس کی رکنیت کے لئے سوت کاتنے کی شرط عاید کی ہے اسی طرح انجمن کی رکنیت انھیں مدرسین کے لئے کھلی رہے جو سال میں (۵) بالغان کو تعلیم دیں۔ اس طرح مدرسین بڑی حد تک بالغان کی جہالت کے مسئلہ کو حل کرنے میں مدد دیں گے۔

نمائش تعلیمی کا ذکر کرتے ہوے فرمایا کہ ہر شعبہ کی اشیار نمائش میں ترقی ہوئی ہے۔ اور بعض اشخاص کے اس شک وشبہ کو کہ یہ کام حقیقت میں طلبا، کا ہے بھی یا نہیں۔ اس طرح دور کیا جاسکتا ہے کہ انعام پانے والے طلبا، کو نمائش میں بلایا جائے تاکہ وہ اپنے کام کا مظاہرہ کرسکیں۔ اس انتظام سے قابل اور ہوشیار طلبا کی حوصلہ افزائی ہوگی اور ان کے آمد ورفت کے اخراجات بہ آسانی کانفرنس سے ادا کئے جاسکتے ہیں۔

اس کے بعد یہ تنقید فرمائی کہ صغیر سن بچوں کی تعلیم کے لئے صحیح اصول پر

بالک باغ (کنڈر گارٹن) نہ ہوں تو گھر بہترین بدل ہے۔ مدرسین کے لیے اعادی نصاب کی جو تحریک پیش ہوئی اس کی ستائش فرمائی اور کہا کہ اعادی نصاب کی جماعتیں ہر مستقر ضلع پر قائم کی جائیں اور یہ توقع ظاہر کی کہ طریقہ تعلیم اور خاص کر طریقہ تعلیم بالک باغ کے مباحث میں صدر ممدوح خود حصہ لیں گے۔

آخر میں فاضل صدر نے مندوبین کانفرنس کو پر جوش ترغیب دلائی کہ وہ پوری طرح محسوس کریں کہ ان کا پیشہ گو مالی اعتبار سے بدترین مگر حد درجہ شریف اور مقدس ہے۔ مدرس کے لئے فخر و مباہات کا مقام ہے اور اس کا شاندار فریضہ ہے کہ اس کے ذمہ آنے والی قوم کی تعمیر ہے۔ جن چیزوں سے اُسے سابقہ پڑتا ہے، وہ بے جان نہیں ہیں بلکہ نازک اور نمو پانے والے بچے ہیں جن سے ملک کی امیدیں وابستہ ہیں۔ سالانہ کانفرنسوں کی قدر و قیمت کے بارے میں صدر نے یہ رائے ظاہر کی کہ ان سے مدرسین کے پیشہ میں دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔ اگر مدرس کو اپنے کام سے محبت ہے اور وہ اپنے پیشہ میں دلچسپی لیتا ہے تو وہ اپنی کم تنخواہ کو بھول جاتا ہے اور سماج کی بیش بہا خدمت انجام دیتا ہے۔

تمام مندوبین کانفرنس صدر المہام بہادر کے اس خلوص سے متاثر ہوے جب آپ نے یہ فرمایا کہ میں مدرسین کو ان کے پیشہ میں مشورہ دینے اور رہبری کے لئے تیار ہوں اور وعدہ کیا کہ جس کسی مدرسہ کو میرے خدمات کی ضرورت ہے میں اس مدرسہ کو جانے کے لئے تیار ہوں۔

اس کے بعد منتظمین کانفرنس کو مبارکباد دی کہ کانفرنس بے حد کامیاب رہی۔ یہ سب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری ناظم تعلیمات کی فرائض شناسی اور مولوی سید علی اکبر صاحب کی محنت کا نتیجہ ہے۔ پھر مولوی سجاد مرزا صاحب صدر استقبالیہ کمیٹی کے بہتر انتظامات اور مس جیسی نندی صاحبہ کی کامیاب ساعی دربارۂ تشکیل انجمن معلمات کی ستائش کی۔

شکریہ:۔ جناب مولوی سید محی الدین صاحب ایم۔ اے (کنٹب) بیرسٹرایٹ لا

پرنسپل انٹرمیڈیٹ کالج اورنگ آباد نے صدر عالی قدر کا شکریہ مناسب اور موزوں الفاظ میں ادا فرمایا مس نندی صاحبہ صدر نمائش کمیٹی، صدر معلمہ صاحبہ اسٹانی گرلس ہائی اسکول، صدر استقبالیہ کمیٹی مولوی سجاد مرزا صاحب، مختلف مقررین کانفرنس اور دوسرے حضرات کا جنہوں نے کانفرنس کو کامیاب بنانے میں حصہ لیا شکریہ ادا کیا۔

عصرانہ :- اس کے بعد مندوبین کانفرنس، مہمانوں اور اساتذہ صاحبان کو پرتکلف عصرانہ دیا گیا اور یہ عظیم الشان اجتماع منتشر ہوا۔

سفارشات

(۱)

ذیلی کمیٹی زائد نصاب مصروفیات

(۱) زائد نصاب مصروفیات میں والدین کے سرگرم اشتراک عمل اور دلچسپی حاصل کرنے کے لئے تمام ممکنہ ذرائع استعمال کئے جائیں۔ اس مطلب کے لئے مدرسین کا والدین کے ساتھ شخصی تعلق بہت اہمیت رکھتا ہے۔

(۲) ایک ہی مقام کے دو یا دو سے زیادہ مدارس کے طلبہ کی ٹولیوں کا تفریحی سیاحت میں شریک ہونا۔ بہت ہی کار آمد ثابت ہوگا۔

صدر مدرس صاحبان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس قسم کے تفریحی سفر کا پروگرام مرتب کرنے کا انتظام کریں گے۔

(۳) کسی مدرسہ میں مخصوص مصروفیات کو رائج کرنے سے بیشتر (الف) عملۂ مدرسہ کے رجحانات و تفریحی مشاغل (Hobbies)۔ (ب) نیز مقامی حالات اور سہولتوں پر غور کرلینا چاہئے۔

(۴) بیرون مدرسہ دیسی کھیلوں کے فوائد کے مدنظر ان پر زیادہ توجہ کی جائے۔

بالخصوص ایسے مدارس میں جہاں بڑی بازی گاہیں میسر نہ ہوں۔

(۵) ہر ایک مدرس کو کسی نہ کسی تفریحی مشغلہ میں دلچسپی لینی چاہیئے۔ اس قسم کی دلچسپی اس کے لئے بھی فائدہ مند ہوگی۔ اور طلبہ کو بھی اس سے مدد مل سکیگی۔

(۶) ہر ایک مدرس کو جو اپنے پیشہ کا وقار قائم رکھنا چاہتا ہے۔ اپنا فرض سمجھنا چاہیئے کہ وہ طلبہ میں کسی زائد نصاب مصروفیت کو فروغ دینے میں اپنے فرصت کے اوقات کا کچھ حصہ صرف کرے۔

(۷) صدر مدرس صاحبان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ دیہی اور شہری مدارس کے طلبہ کی ٹولیوں کے مابین چند روزہ تبادلہ کے امکانات کی چھان بین کریں۔

(۸) ڈومنین مقابلوں کو رائج کرنے کے خیال سے ابتدائً مستقر صوبہ میں بین المدارس مباحثے اور تیراکی کے مقابلوں کو رواج دینا مناسب ہوگا۔

(۹) سررشتہ تعلیمات سے ادباً التجا کی جاتی ہے کہ بلدیہ کے اشتراک عمل سے بلدۂ حیدر آباد میں مدرسہ کے بچوں کے لئے ایک بڑے پیرنے کے حوض کی تعمیر کے امکانات پر غور کرے۔

(۱۰) فوری تحفظ کے اصول اور فوری امداد کی تعلیم زائد نصاب مصروفیات کے پروگرام کا ایک جزو قرار دی جائے۔

---

(۲)

ذیلی کمیٹی تعلیم بالغان

(۱) مدارس بالغان جنہیں ہم قائم کرنا چاہتے ہیں دو قسم کے ہوں۔

الف ۔ ابتدائی مدارس بالغان ۔

ب ۔ اعلی مدارس بالغان۔

(۲) اول الذکر مدارس میں مدت تعلیم چھ مہینے ہو اور ثانی الذکر میں ڈیڑھ سال

جس کے دو حصے ہوں گے۔ پہلی میقات چھ مہینے کی۔ دوسری ایک سال کی۔

(۳) ان مدارس کا اولین مقصد لکھنا پڑھنا اور حساب کے ذریعہ تعلیم کی اشاعت ہونی چاہئے۔ پہلی قسم کے مدارس میں نوشت وخواند کے لئے خاص کتابیں تیار کی جائیں گی۔ حساب کی حد تک ایک لاکھ تک ہندسوں کا لکھنا چار بنیادی قاعدوں پر سادہ سوالات کا حل کرنا (۱۰×۱۰) تک پہاڑے۔

اشارات اسباق نمونہ منسلکہ کے مطابق تیار کرلیں گی پانچویں پیریڈ میں تینوں پکوان کا عملی سبق ہوگا۔ مقامی بازار کے دن ساتواں پیریڈ اس کے لئے مختص ہوتو زیادہ بہتر ہوگا۔ کیونکہ جماعت ہائے اول و دوم کو ایک پیریڈ قبل برخاست کرکے جملہ معلمات اس عملی کام کی نگرانی کے لئے مقرر ہوسکیں گی۔ اس طرح سے طالبات ڈیڑھ دو گھنٹے صرف کرکے تقریباً ایک یا ڈیڑھ بجے تک تینوں پکوان سے فارغ ہوکر تناول کرسکیں گی۔ چھٹا پیریڈ اسباق گذشتہ پر بلحاظ معیار و پروگرام جماعت حسابی سوالات مصرحہ نمونہ سبق کے مطابق حل کرانے کے لئے مختص رہے گا۔ بعض اوقات تعطیلات عام واقع ہونے سے ان مقررہ پیریڈیں کمی ہوجائے گی۔ اگر ایسی صورت واقع ہورہی ہو تو اس موقع پر پروگرام مقررہ کی تکمیل کے لئے تین پیریڈ نظری تعلیم اور ایک عملی تعلیم کے لئے کافی متصور ہوگا۔ ہرعملی سبق کے موقع پر معززین یا مقامی عہدہ داران کی بیگمات سے کم از کم ایک کو مدعو کرنا ضروری ہے تاکہ پخت و پز سے متعلق حسابات کی جانچ کرکے پبلک کو مدرسہ کے کام پر اطمینان ہوسکے۔

دیگر مضامین سے ارتباط

عام طور پر حساب کو خشک مضمون کہا جاتا ہے اور اس کی روزمرہ زندگی میں جو اہمیت ہے وہ معلوم نہیں کرائی جاتی اور سوالات بھی عموماً غیر مانوس و غیر ممالک کے ضروریات پر حاوی ہوتے ہیں بجائے اس کے اگر پکوان کے عملی سبق پر معیار جماعت کے مطابق حساب کے موزوں سوالات مرتب کرکے حل کرائے جائیں تو فن حساب کی اہمیت و ضرورت زیادہ واضح ہوجائے گی بطور نمونۂ منسلکہ سبق پر چند سوالات درج ہیں۔ نظام الاوقات میں ریاضی کے لئے صرف پانچ پیریڈ دیے گئے ہیں، ایک پیریڈ کی کمی جو محسوس کی جارہی ہے اس کی اس سے تلافی ہوسکے گی۔ عملی سبق میں جن جن برتنوں کو جیسے جیسے استعمال کیا جائے طالبات کو ان کا خاکہ بھی بنانا ہوگا۔ اس لحاظ سے اس فن میں ضمناً نقشہ کشی کی تعلیم بھی ہوجائے گی۔ عملی سبق میں مختلف اجناس، مچھلیوں اور مختلف دالوں کا طالبات کو مشاہدہ کرنا پڑے گا جو سبق الاشیاء کی تعلیم کے لئے بے حد مفید ثابت ہوگا۔

ضروری برتن و دیگر لوازمات ہر گروپ اور پورے مدرسہ کے لئے جن برتنوں اور اشیاء کی ضرورت ہوگی ان کی بھی ایک فہرست منسلک کر دی گئی ہے اگر سررشتہ بوجہ عدم گنجائش فی الوقت ان کی فراہمی سے قاصر ہو تو ناظر صاحبان ومہتمم صاحبان اس کے اغراض و مقاصد مقامی معززین پر ظاہر فرما کر ان سے بطور عطیات حاصل کر کے مدارس کو مہیا کر سکیں گے۔ کم از کم مستقر اضلاع پر اس کے رواج کے امکانات ہیں۔

مجوزہ باورچی خانہ اس کے لئے بھی گراونڈ پلان کراس سکشن و ایلیویشن دیا گیا ہے۔ ہر گروپ کے لئے دو چولہے ہونگے اور ایک میز ایسی رہے گی جس کے نچلے حصہ میں اس کا مفوضہ سامان محفوظ کر دیا جائے گا۔

داد وستد اشیاء مستقل و خام و دیگر ضروری رجسٹرات ابتدائی سال تعلیمی میں ہر گروپ کو اس کا ضروری مستقل و غیر مستقل سامان دے کر ختم سال پر واپس لے لیا جائے گا۔ دوران سال تعلیمی میں سامان مفوضہ کی کمی بیشی کی ذمہ داری بالکلیہ گروپ پر رہے گی۔ مدرسہ میں اس فن سے متعلق حسب ذیل رجسٹرات ہوں گے۔ ۱۔ رجسٹر سامان مستقل جس میں مستقل چیز کا نام، تعداد، حالت، قیمت اور فراہمی کی نوعیت درج رہے گی۔ ۲۔ غیر مستقل سامان کا رہے گا۔ اس میں بھی مندرجہ بالا ابواب ہوں گے۔ ۳۔ رجسٹر داد وستد سامان بموجب نمونہ مروج رہے گا۔ ۴۔ کردی نقدی رہے گی جس میں ماہانہ عمل جمع از (تعداد طالبات) جماعت سوم از (تعداد طالبات) جماعت چہارم از (تعداد معلمات) مدرسہ ہوگا۔

مقدار رقم   مقدار رقم   مقدار رقم

اور صرفہ ہر دو ہفتہ واریا ماہوار بحوالہ کردی خام تحریر ہو۔ ۵۔ رجسٹر کردی اشیاء خام ہو جس میں جمع کا عمل اس طرح ہو کہ ہر خام شے کا نام مقدار نرخ و قیمت و نشان رسید چیک بک درج ہو۔ کسی تاریخ کی کردی نقدی کا صرفہ اتنا ہی ہو جتنا کہ خام اشیاء کی کردی میں اس تاریخ کی مجموعی خام اشیاء کی قیمت جمع ہو اور خام اشیاء

صرفہ کردی میں بحوالہ مطلوبہ جات اجراشدہ ازگروپس تحریر ہو۔طالبات اپنے پکوان سے متعلق خام اشیاء کے نام اور مقدار تحریر کر کے مطلوبہ جات تیار کریں گی۔ ۶۔ چکلٹ بک رسائد۔ اس میں وہ رسائد چسپاں ہوں گے جن کے ذریعہ کردی خام میں اشیاء جمع ہوئی ہوں یا کردی نقدی کا صرفہ ہوا ہو۔ ۷۔چکلٹ بک مطلوبہ جات اس میں طالبات کے مطلوبہ جات بعد اجرائی بدرج قیمت چسپاں رہیں گے۔ ۸۔ہر گروپ کے لئے ایک تختہ اس کے مقام پکوان پر آویزاں رہے گا جس میں اس کے پکوان کی خوبی یا خرابی یا ہدایات نگرانکار درج کردے گی جس سے گروپ اپنا آیندہ عملی سبق بہتر بنا سکے گا۔

پروگرام تعلیم پکوان جماعت ہائے سوم وچہارم بابتہ

نام ماہ		۱	جماعت سوم			جماعت چہارم		
	نام پکوان	۲	کھانے	سالن	میٹھے	کھانے	سالن	میٹھے
امرداد	نصف اول	۳	خشکہ	بگھاری کڑھی	حریرہ	حلیم	کٹلس	سبزیات کی پوریاں
	نصف دوم	۴	خشکہ	دہی کی کڑھی	حریرہ	حلیم	کٹلس	سبزیات کی پوریاں
شہریور	نصف اول	۵	جوار کی روٹی	گوشت تلا ہوا۔ کھارا گوشت	گلگلے	قبولی	کباب	بسکٹ وچار
	نصف دوم	۶	جوار کی روٹی	کھٹا شوربہ	گلگلے	قبولی	کباب	بسکٹ وچار
مہر	نصف اول	۷	پھلکے	انڈے ابلے ہوئے انڈے تلے ہوئے	ستریاں	روغنی روٹی	نہاری	کیک وچاء
	نصف دوم	۸	پھلکے	انڈوں کا خاگینہ۔ انڈے کا نیم برشت	ستریاں	روغنی روٹی	نہاری	کیک وچاء
آبان	نصف اول	۹	خمیری روٹی	کلیجی۔ بورانی	فرنی	مرغ پلاؤ	مرغ کا سالن	ناریل کا میٹھا
	نصف دوم	۱۰	خمیری روٹی	دہی کی چٹنی۔ بونی	فرنی	مرغ پلاؤ	کریلوں کا سالن	ناریل کا میٹھا
آذر	نصف اول	۱۱	خشکہ	آلو۔ اروی بھنڈی کا شوربہ	سیویاں	نہاری	بگھاری بھاجی	ڈبل کا میٹھا
	نصف دوم	۱۲	خشکہ	دیگر ترکاری۔ گوشت	سیویاں	نہاری	خرفہ	ڈبل کا میٹھا
دی	نصف اول	۱۳	جوار کی روٹی	دالچہ۔ بھیجا	شیر خرما	بگھارا خشکہ	مرغ کا سالن	انڈوں کا میٹھا
	نصف دوم	۱۴	جوار کی روٹی	گوشت کی کڑی بیسن	شیر خرما	بگھارا خشکہ	مرغ کا سالن	انڈوں کا میٹھا
بہمن	نصف اول	۱۵	پھلکے	کھٹی یا میٹھی دال	کھیر ساگودانہ	پراٹھے	دم کا مرغ	سیوں کا میٹھا
	نصف دوم	۱۶	پھلکے	کھڑی دال	کھیر ساگودانہ	پراٹھے	مرغ	سیوں کا میٹھا
اسفندار	نصف اول	۱۷	خمیری روٹی	شامی۔ شکم پر	کھیر چاول کی	بریانی	بگھارے بیگن	پورن پوری
	نصف دوم	۱۸	خمیری روٹی	قیمہ	کھیر چاول کی	بریانی	بگھارے بیگن	پورن پوری
فروردی	نصف اول	۱۹	خشکہ	تل یا کھوپرے کی چٹنی	شربت دادشت	کھچڑی	ماہی قلیہ	پڈنگ
	نصف دوم	۲۰	خشکہ	پاپڑ۔ بڑیاں	چونگے	کھچڑی	ماہی قلیہ	پڈنگ
اردی بہشت	نصف اول	۲۱	جوار کی روٹی	قورمہ	میٹھا کھانا	لقمی	مچھلی کا سالن	بادام کا حلوا
	نصف دوم	۲۲	جوار کی روٹی	پسندے یا کوفتے	زردہ	لقمی	تلی ہوئی مچھلی	گاجر یا کدو کا میٹھا
	خورداد	۲۳	امتحان	"	"	"	"	"

اشارات سبق

نام جماعت　　　تاریخ　　　سبق . پھلکے

نام طالبہ　　　وقت

اشیاء گیہوں کا آٹا ایک سیر - نمک ایک تولہ ۳ ماشہ - لکڑی چار سیر
۲ آنہ ۸ پائی　　پاؤ پائی　　ایک آنہ

برتن وضروری لوازمات چھلنی - سوپ - توا - گروا - بیلن - مشقاب - دسترخوان
تشتری - رکابی - چولہا - پھکنی - چمٹا - لگن -
ایک ایک عدد -

پکوان عام برتنوں کو صاف ستھرے دھونے کے بعد آٹے کو چھلنی کرکے سوپ کی مدد سے آدھ پاؤ خشکی نکال کر تشتری میں رکھ لی گئی۔ لگن میں تھوڑا پانی ڈالکر نمک حل کر کے اس میں بقیہ آٹا پانی کے ساتھ گوندھ لیا گیا۔ اس پر انگلیوں سے گہرے نشانات بنا دیے گئے ان پر کچھ پانی چھڑک کر رکابی ڈھانک کر تقریباً آدھ گھنٹہ رکھ دیا گیا۔ اس کے بعد آدھی آدھی چھٹانک کے پیڑے بنائے گئے۔ گردے پر تھوڑی خشکی پھیلا کر پتلا بیل لیا گیا اس کے بعد توے پر جو چولہے پر کافی گرم ہو گیا تھا ڈالا گیا۔ تقریباً آدھ منٹ ایک رخ توے پر رہنے کے بعد اس کو الٹ دیا گیا۔ جب دونوں رخ اسی طرح کچھ پکنے کے بعد تھوڑی آگ چولہے سے باہر نکال کر اس پر اس کے دونوں رخ یکے بعد دیگرے اس حد تک سینک لئے گئے کہ ان کا ہر رخ بادامی ہونے کے قریب ہو گیا اس موقع پر یہ کچھ پھول بھی جاتا ہے۔ اس کو دسترخوان میں لپیٹ کر مشقاب میں رکھ دیا گیا توے کو صاف کر کے اسی طرح بقیہ پھلکے تیار کر لئے گئے جملہ ۲۸ عدد پھلکے تیار ہوئے۔

قسم دیگر۔

چپاتی اگر آگ پر سینکنے کے بجائے صرف توے پر ہی کافی طور پر پکالیں تو اس کو چپاتی کہیں گے۔ بعض لوگ اُلٹے[1] توے پر بھی پکاتے ہیں۔

کافی ۔ پانچ آدمیوں کے لئے کافی ہوئے۔

خواص ۔ زود ہضم۔ مقوی و معتدل۔

لاگت ۔ تین آنہ ۸ پائی۔

موزوں موسم ہر موسم میں ان کا استعمال مفید ہے لیکن موسم گرما میں پراٹھے یا روغنی روٹی کے بجائے ان کا استعمال بہت زیادہ مفید پڑتا ہے۔

نرخ مندرجہ سبق کے لحاظ سے

حسابی سوالات ۔ (۱) پچاس آدمیوں کو کافی ہونے کے لئے کس قدر اور کس قیمت کا آٹا خریدا جانا چاہیئے

(۲) دو سیر تین پاؤ آٹے میں پھلکے مصرحہ سبق کتنے تیار ہو سکیں گے؟


(۳) دو من دس سیر لکڑی کی کیا قیمت ہو گی؟

(۴) گیارہ روپیہ پانچ آنہ چار پائی لاگت سے کتنے پھلکے تیار ہونگے۔

(اس میں نمک کی قیمت شریک نہیں)

نوٹ ۔ گروپ کی ہر طالبہ سات سات پھلکے تیار کرے گی اور اشارات اسباق اس طرح تیار کریگی گویا کہ خود اسی نے پورا پکوان کیا۔ پکوان کی لاگت میں نمک کی قیمت نظر انداز اس وجہ سے کی گئی ہے کہ طالبات کسر سے واقف نہیں۔

[1] اگر توے کا اُبھرا ہوا رخ اوپر رہے تو دکن کی اصطلاح میں اسے اُلٹا توا کہتے ہیں مگر شمالی ہندوستان کے لوگ اسے سیدھا توا سمجھتے ہیں۔




فہرست سامان

ہر ایک گروپ سے متعلق ضروری سامان کی فہرست				اگر جماعت سوم و چہارم میں ۵۰ طالبات ہوں تو انکے خورد و نوش و دیگر ضروریات کے لحاظ سے سامان کی فہرست			
نمبر شمار	نام شے	تعداد	قیمت	نمبر شمار	نام شے	تعداد	قیمت
۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
۱	میز چوبی جس میں ضروری برتن محفوظ رکھنے کے لئے خانہ ہوں	۱	عـہ	۱	الماریاں چوبی	۲	للعـہ
۲	آہنی چولہا کلاں	۱	۴عہ/	۲	مشقاب المیونیم	۱۴	بعـہ
۳	آہنی چولہا خورد	۱	عہ	۳	رکابیاں المیونیم	۷ درجن	لعـہ
۴	گردا معہ بیلن	ایک جوڑ	عہ	۴	کٹورے کلاں المیونیم	½۱ درجن	ـــہے
۵	توا	۱	۸/	۵	کٹورے درمیانی المیونیم	½۱ درجن	ـــے
۶	لگن مسی	۱	عہ	۶	کٹورے خورد ″	½۱ درجن	للعہ
۷	مشقاب المیونیم	۱	۸/	۷	چمچے کلاں برائے مشقاب	۱۴	اعہ
۸	بگونا المیونیم معہ ڈھکن کلاں	۱	۸عہ/	۸	چمچے کلاں	½۱ درجن	عہ/
۹	بگونا المیونیم معہ ڈھکن درمیانی	۱	عہ	۹	چمچے درمیانی	½۱ درجن	۱۲عہ/
۱۰	بگونا المونیم معہ ڈھکن خورد	۱	۱۲/	۱۰	چمچے خورد	½۱ درجن	۸عہ/
۱۱	رکابیاں المیونیم	۱	۴/	۱۱	تشتریاں کلاں المیونیم	دو درجن	ـــے
۱۲	تشتریاں المونیم	۲	۴/	۱۲	تشتریاں خورد ″	تین درجن	ـــے
۱۳	کٹورے المیونیم	۲	۸/	۱۳	شطرنجی کلاں	دو عدد	سـہ
۱۴	کٹوریاں المیونیم	۲	۴/	۱۴	چاندنیاں کلاں	دو عدد	ـــہے
۱۵	کفگیر	۱	۶/	۱۵	دسترخوان کلاں	دو عدد	للعہ
۱۶	چھری	۱	عہ	۱۶	ٹونٹی والے پیپے	دو عدد	لـے
				۱۷	بیسن معہ اسٹانڈ	دو عدد	لـے

نمبر شمار	نام شئے	تعداد	قیمت
۱	۲	۳	۴
۱۷	چمٹے	۲	۸/
۱۸	پھکنی	۲	۱/۴
۱۹	سوپ	۱	۱/
۲۰	ڈوئی	۳	۱/۴
۲۱	چمچہ خورد	۱	۲/
۲۲	ٹوکری خورد	۱	۶/
۲۳	دسترخوان خورد	۱	۴/
۲۴	دسترخوان دیگر	۱	۲/
۲۵	گلاس المیونیم	۱	۵/
	میزان		عہ ۱۱/۲/۳

نمبر شمار	نام شئے	تعداد	قیمت
۱	۲	۳	۴
۱۸	صابن دانیاں	دو عدد	۸/
۱۹	تزال	دو عدد	عہ۴
۲۰	گلاس المیونیم	ایک درجن	عہ
۲۱	انڈے پھینٹنے کا آلہ	دو عدد	عا
۲۲	کیک کے سانچے	۴ درجن	سے
۲۳	بسکٹ کے سانچے	۴ درجن	عا
۲۴	آہنی کڑاہیاں	۳ عدد	سے
۲۵	دم دان	۴ عدد	سے
۲۶	مسل	۳ عدد	سے
۲۷	اکھلیاں	۳ عدد	سے
۲۸	سل بٹے	۲ عدد	عا
۲۹	سوپ	۴ عدد	۴/
۳۰	ٹوکریاں	۶ عدد	۴/
۳۱	ٹوکرے	۶ عدد	۵/
۳۲	چھننیاں	۳ عدد	۹/
۳۳	ہاون دستے	۲ عدد	عا
۳۴	پانی کے گھڑے	۱۲ عدد	۸/
۳۵	صراحیاں	۶ عدد	۶/
	میزان		عالالعہ ۸/

مدرسے کا باورچی خانہ



روئداد

مجلس تعلیم بالغان ملک سرکار عالی

جس کو

کل حیدر آباد تعلیمی کانفرنس کے لئے جو گلبرگہ[1] میں ۲۲ اور ۲۳ دسمبر ۱۹۳۸ء کو

منعقد ہوگی ایک ذیلی کمیٹی نے جو حسب ذیل ارکان پر مشتمل ہے تیار کیا ہے۔

صدر نشین	احمد حسین خاں
معتمد	سید نور الحسن
ارکان	(۱) عبدالستار سبحانی
	(۲) میر احمد علی خاں
	(۳) سالم بن سعید
	(۴) جی یس پرکاش راؤ
	(۵) ٹی۔ اے۔ لنگم

---

[1] بعض ناگزیر اسباب سے کانفرنس مذکور گلبرگہ شریف میں منعقد نہ ہوسکی اور اس کے اجلاس بلدہ حیدر آباد میں بتاریخ یکم فروری ۳۹ء ہوئے۔

روئداد ذیلی کمیٹی تعلیم بالغان

(۱)

تقریر مولوی نور الحسن صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی۔ ڈپ ایڈ معتمد کمیٹی تعلیم بالغان

صدر محترم، خواتین و حضرات۔

بروز جمعہ مورخہ یکم فروردی ۱۳۴۸ف انجمن اساتذہ ممالک محروسہ سرکار عالی کی دوسری سالانہ کانفرنس کے میقات دوم میں ذیلی کمیٹی تعلیم بالغان کی مبسوط رپورٹ میں (سید نور الحسن صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ ڈپ۔ ایڈ گلاس گو) صدر فوقانیہ دار الشفاء و معتمد ذیلی کمیٹی) نے پڑھی۔ جلسہ ٹھیک دو بجے بصدارت جناب مولوی احمد حسین خاں صاحب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ و اطراف بلدہ شروع ہوا۔ سامعین نے نہایت سکون اور اطمینان سے تقریباً نصف گھنٹہ رپورٹ کے اہم اقتباسات سماعت فرمائے۔

بعد ازاں قابل صدر نے ایوان کو مخاطب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ جو حضرات رپورٹ سے متعلق اپنے شکوک رفع کرنا چاہیں یا ترمیمات پیش فرمانا چاہیں تشریف لا سکتے ہیں۔ سب سے پہلے جناب مولوی ابو الحسن صاحب بی۔ اے، ال۔ ٹی صدر مہتمم تعلیمات ورنگل تشریف لائے موصوف نے چند ترمیمات پیش فرمائیں۔ مثلاً مدارس نسوان کے بجائے مدارس اناث کہا جانا مناسب ہے۔ مذہبی تعلیم کا لفظ رپورٹ میں کئی جگہ استعمال کیا گیا ہے۔ بہتر ہوگا اگر مذہبی تعلیم کے بجائے دینیات اور اخلاقیات کے لفظ استعمال کئے جائیں۔ انجمن امداد باہمی سے تعلیم بالغان میں مدد لی جائے۔ فی مدرسہ اخراجات کی اسکیل بجائے ~~پندرہ~~ ۱۵ روپیہ قطعی طور پر مقرر کرنے کے ~~پندرہ~~ ۱۵ روپیوں تک کہنا مناسب ہے۔

وقت کا تعین کر دیا جائے۔ یعنی یہ کہ مدارس بالغان شبینہ ہوں۔

صدر محترم نے نہایت موثر الفاظ میں جناب مولوی ابوالحسن صاحب کی تشفی فرمادی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ مدارس نسوان اور مدارس اُناث دونوں الفاظ رائج ہیں مدارس نسوان کا لفظ سہل اور عام فہم ہے لہذا اس لفظ کے قائم رکھنے میں غالباً کوئی خاص قباحت نہیں۔ دوسری ترمیم یعنے مذہبی تعلیم کی جگہ دینیات و اخلاقیات کے الفاظ رکھے جاسکتے ہیں لہذا یہ ترمیم ایوان کے ایما سے منظور کی گئی۔

انجمن امداد باہمی سے تعلیم بالغان کی توسیع اور ترویج کے لئے مدد لینا ازبس ضروری ہے۔ لیکن اس کا ذکر چونکہ رپورٹ میں کیا جا چکا ہے لہذا یہ ترمیم خارج از بحث ہو جاتی ہے۔

پندرہ روپیہ کی رقم کمیٹی نے نہایت غور و خوص کے بعد مقرر کی ہے۔ ضروریات کا لحاظ کرتے ہوے "تک" کا لفظ بڑھانے کے یہ معنیٰ ہونگے کہ پانچ دس روپیوں کی قلیل رقم سے مدارس بالغان چلانے کی کوشش کی جائے جس سے بجائے فائدہ کے نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہے۔

وقت کا تعین اس لئے نہیں کیا گیا کہ مختلف مقامات کے حالات کے لحاظ سے جس وقت بھی سہولت ہو تعلیم بالغان کے لئے دو گھنٹے دیے جائیں۔ وقت کا تعین معلم اور متعلمین کی صواب دید پر چھوڑنا مناسب ہے۔

اس کے بعد جناب مولوی شمس الدین صاحب تشریف لائے آپ نے مذہبی تعلیم کو تعلیم بالغان کے لئے نہ صرف ضروری سمجھا بلکہ یہ تحریک پیش فرمائی کہ تعلیم بالغان مذہبی تعلیم ہی کے ذریعہ دی جائے۔ اس تحریک کی کسی نے تائید نہیں کی۔

جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے سفارش نشان تین کے آخری جزو میں حسب ذیل الفاظ بڑھانے کے لئے ارشاد فرمایا۔

جو مدارس بالغان خاص فرقہ کے لئے قائم ہوں ان میں بحصول اجازت

دینیات و اخلاقیات کی تعلیم دی جاسکتی ہے۔ رپورٹ میں صراحت کے ساتھ اس امر کا ذکر کیا گیا تھا لیکن طباعت میں سفارش نشان تین ۳ میں چونکہ کچھ الفاظ رہ گئے تھے لہذا حسبِ تصحیح کر لی گئی۔

جناب میر احمد علی خاں صاحب نے تحریک پیش فرمائی کہ " ایک مرکزی بورڈ قائم کیا جائے جو پبلک سررشتہ تعلیمات اور دیگر سررشتہ جات کے نمائندوں پر مشتمل ہو اور ان کی شاخیں اضلاع میں قائم کی جائیں تاکہ تعلیم بالغان کے اہم کام کو خاطر خواہ طور پر چلایا جاسکے۔

اس تحریک کو ایوان نے بہت پسند کیا۔ اور رپورٹ ہذا کے سفارشات کی فہرست میں اس تحریک کا بھی اضافہ کیا گیا۔

آخر میں عالی جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے اپنے خاص اور موثر انداز میں رپورٹ کی ستائش کرتے ہوئے تعلیم بالغان کی ذیلی کمیٹی کے صدر اور ارکان کو مکمل اور مبسوط رپورٹ کے پیش کرنے پر مبارک باد دی اور منظوری رپورٹ کی تحریک پیش فرمائی۔ جناب مولوی خیرات علی صاحب نے اس تحریک کی تائید فرمائی۔ رپورٹ مذکورہ ترمیمات کے ساتھ باتفاق آرا منظور کی گئی۔

رپورٹ مجلس تعلیم بالغان

(۲)

تعلیم بالغان کا مفہوم ہر اس قسم کی تعلیمی تحریک پر حاوی ہے جو ایسے معمر اشخاص کی ذہنی فلاح و ترقی کی ضامن ہو جنہوں نے اپنی صغیر سنی کے زمانے میں باضابطہ تعلیم مدرسہ میں پائی ہو یا نہ پائی ہو۔ وسیع معنوں میں ابجد خوانی کی تعلیم سے لے کر ہر قسم کی تعلیمی تحریک تعلیم بالغان کے ضمن میں آجاتی ہے۔ یہاں تک کہ فارغ التحصیل طیلسانیوں کے لئے توسیعی جامعی لکچر بھی ممالک متحدہ امریکہ جیسے ملک میں تعلیم بالمغان کے لفظ میں مختلف انجمنیں اور مجلسیں جن کا واحد مقصد تمدنی زندگی کی نشو ونما اور ترقی ہے آجاتی ہیں۔ لیکن اس قدر عام اور وسیع تعریف ہمارے موجودہ کام میں کسی قسم کی عملی رہنمائی نہیں کرسکتی۔ خصوصاً جب ہم تعلیم بالغان کی ایک اسکیم ایسے ملک کے لئے مرتب کرنا چاہتے ہیں۔ بالغوں کی آبادی میں ہر سو میں (۸) پڑھے لکھے ہوں۔ اسی وجہ سے تعلیم بالغان کی تحریک ہندوستان میں خصوصاً موجودہ زمانہ میں کم وبیش جہالت کو مٹانے کے مترادف ہے۔ حالانکہ یہ صحیح ہے کہ جہالت کا مٹانا بذاتہ تعلیم نہیں ہے برخلاف اس کے یہ ماننا پڑیگا کہ ابجد خوانی کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے۔

تعلیم بالغان کی تجاویز کی بہتات کی وجہ سے یہ امر ضروری ہے کہ ہم ایک خاص منتخب شدہ اور قابل عمل تجویز تعلیم بالغان کی پیش کریں۔ اس لحاظ سے ہمارے لئے تعلیم بالغان بغیر ابجد خوانی کے سراب آسا اور صرف تمدن کو ترقی دینے والی چیز نہیں ہوسکتی اور نہ صرف بالغ لوگوں میں عام روشن خیالی پھیلانے کی جدوجہد کا نام تعلیم بالغان ہوسکتا ہے۔ بلکہ خاص اسکیم ان بالغ اشخاص کو ابجد خواں بنانے کے لئے

مرتب کرنا چاہئے۔ جنہیں اپنی کم سنی میں تعلیم پانے کا موقع نہیں ملا۔
اس اسکیم کے مدنظر بالغ اس کو کہا جائے گا جو (۱۵) اور (۴۰) برس کی عمر کے درمیان ہو۔ کیونکہ جن کی عمر (۱۵) برس سے کم ہے ان کو عام مدارس میں جانا چاہیئے۔ چالیس سے متجاوز عمر کے لوگ عموماً تعلیم حاصل کرنے کے متمنی نہیں ہوتے نہ علم کی تحصیل کا شوق ظاہر کرتے ہیں۔ ایسے مدارس میں تعلیم پڑھنے لکھنے اور حساب تک محدود رہے گی۔ ایک حد تک عام معلومات سے روشناس کیا جائے جو بالغ اشخاص کے لئے مفید ہوں جو روزمرہ کی زندگی میں کارآمد ہوں و نیز خود ان کے لئے اور سماج کے لئے جس میں وہ زندگی بسر کر رہے ہیں مفید ہوں روشناس کیا جائے۔ ان مدارس میں جو کام کیا جائے گا وہ دوسرے اداروں مثلاً انجمن اتحاد باہمی یا ترقی دیہی کا محتاج نہیں رہے گا۔ برخلاف اس کے یہ بالغ لوگوں کو عام تعلیم دیکر ان انجمنوں یا جمیعتوں کے لئے پیش از پیش زمین تیار کرے گا۔ موجودہ حالات کے تحت اس سے زیادہ وسیع اور اہم کام ہماری اسکیم میں شامل نہیں کیا جاسکتا۔

تاریخ تعلیم بالغان مغرب کے ترقی یافتہ اور متمدن ممالک میں تحریک تعلیم بالغان کی تاریخ گو سبق آموز ہے لیکن ہماری عملی رہنمائی سے قاصر ہے۔ لیکن اس کی تاریخ روس ترکی اور جاپان میں ہمارے لئے واقعی دلچسپ ہے۔ یہ ہیں وہ ممالک جہاں کچھ عرصہ پہلے ناخواندہ لوگوں کی تعداد بہت زیادہ تھی لیکن ان ممالک کی حکومتوں نے ایسی سرتوڑ کوششیں ناخواندگی کے مٹانے کی کیں کہ ربع صدی کی قلیل مدت میں وہ ناخواندگی کو اپنے ملکوں سے مٹانے میں کامیاب ہو گئے۔ ان ملکوں کی مثالیں ہمارے لئے سبق آموز ہونی چاہئیں۔ اور ہمارے لئے یہ بہتر ہے کہ ان طریقوں کا مطالعہ کریں جن پر عمل پیرا ہو کر انھیں ایسی نمایاں کامیابی ہوئی۔ ہمارا مسئلہ جس عاجلانہ حل کا آج متقاضی ہے یہ دشواریاں آج سے بیس سال پہلے ان کے سدراہ نہ تھیں ڈاکٹر پی۔ سی لال جو ٹیگور کے قایم کردہ ادارہ تری نیکیتان سے تعلق رکھتے ہیں فرماتے ہیں "تعلیم بالغان گو اس نام سے موسوم نہیں تھی تاہم زمانہ قدیم میں بھی

ہندوستان میں موجود تھی بلکہ اس کا وجود اس وقت سے ہے جب کہ لکھنے کا فن ایجاد نہیں ہوا تھا اس کام کو تکمیل کو پہونچانے کے لئے مختلف ذرائع اختیار کئے جاتے تھے مثلاً گاؤں کے بھاٹ۔ قصہ گو۔ مذہبی آوپرا (یعنی غنائی تمثیل) تھیٹر۔ ہفتہ واری بازار۔ اور دیہی میلے"۔ صاحب موصوف کا خیال ہے کہ ہندوستان کے حالات کے مدنظر اب بھی یہ ذرائع تعلیم بالغان کی ترویج و توسیع کے لئے موجود ہیں اور ان کو اُلٹ پھیر کر کارآمد بنایا جاسکتا ہے لیکن مروجہ معنی میں تحریک بالغان ہندوستان میں حال ہی کی پیداوار ہے۔ ایک نقطۂ نظر سے یہ امر اب تک مشتبہ ہے کہ آیا منظم طور پر تعلیم بالغان ہندوستان میں شروع بھی ہوئی ہے؟

تعلیم یافتہ گروہ نے یقیناً تعلیم بالغان کی اہمیت اور ضرورت محسوس کرنا شروع کی ہے لیکن عوام جن کے لئے یہ سب کچھ کیا جارہا ہے اب تک اپنی کھال میں مست ہیں۔ اور تعلیم کے مفید نتائج سے بے خبر ہیں۔

دیگر ممالک اور ہندوستان کی تعلیم بالغان میں بھی فرق ہے۔ مغرب میں پہلا قدم خود عوام نے اُٹھایا۔ اور اسی وجہ سے یہ تحریک بہت جلد مقبول ہوئی اس کے برخلاف ہندوستان میں عوام مشکل ہی سے کسی قسم کی دلچسپی لیتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ اس مسئلہ میں اُلجھنیں اور پیچیدگیاں پیدا ہوگئی ہیں۔

بہرحال مختلف صوبوں میں اسکیمیں جاری ہیں اور اس امر پر تبادلۂ خیالات کے لئے کانفرنسیں منعقد ہورہی ہیں تاکہ اس پر غور کیا جاسکے کہ ملک میں تعلیم بالغان کی ترویج اور توسیع کے کیا ذرائع اختیار کئے جائیں۔ ایک مرکزی انجمن ہندوستان کے لئے جو کہ ہندوستانی تعلیم بالغان کی انجمن کہی جاتی ہے۔ حال ہی میں قایم کی گئی ہے اور انگلستان کی قومی تعلیم بالغان کی جماعت بھی ہندوستان میں تعلیم بالغان کے پھیلانے کی سعی کررہی ہے تعلیم بالغان کی عالمگیر انجمن نے ۱۹۳۳ء میں ان حضرات کی ایک گول میز کانفرنس طلب کی تھی جن کو ہندوستان میں تعلیم بالغان سے کچھ دلچسپی ہو اور اس کانفرنس نے چند ابتدائی مسائل پر بحث وتمحیص

بھی کی۔ گو ہم ان تمام ابتدائی کوششوں کا جو ہندوستان میں تعلیم بالغان کی خاطر کی گئیں خیر مقدم کرتے ہیں لیکن ابتداء خود ہندوستانیوں سے ہونی چاہئے اور اس کام کی کامیابی کا سہرا خود دیسی ہندوستانیوں کے سر ہونا چاہئے۔ ہندوستان میں تعلیم اگر دوبارہ جنم لے سکتی ہے تو صرف اس طرح کہ ہمارا طریقۂ کار خالص ہندوستانی ہو اور جو ہندوستانی خیالات میں قطعی رنگ جائے اور جو ہندوستانی مردوں اور عورتوں کی مخلصانہ خدمت کا نتیجہ ہو۔

شعوری اور منظم حیثیت سے تعلیم بالغان کی ابتداء کا پتا غالباً جنگ عظیم کے اختتام سے چلتا ہے۔ اب تک جو کام کیا گیا اس کی بابت انگلستان کی قومی تعلیم بالغان کی انجمن یہ رائے رکھتی ہے کہ "چند سال تک کچھ صوبہ جاتی حکومتیں ہندوستانی ریاستیں اور بلدیات بالغ لوگوں کی ناخواندگی کو مٹانے کی کوشش کرتی رہیں لیکن ایسی تحریکیں اب کمزور پڑ رہی ہیں۔"

لیکن حال ہی میں تعلیم بالغان کے معاملات میں از سر نو دلچسپی لی جا رہی ہے۔ مثلاً حکومت بنگال گشتی نمائش کا انتظام کر رہی ہے تاکہ تعلیم بالغان کو بنگال کے دیہاتوں میں پھیلایا جا سکے۔ حکومت بمبئی نے حال ہی میں ایک بااثر کمیٹی اپنے صوبہ میں تعلیم بالغان کے کام پر رپورٹ پیش کرنے کے لئے مقرر کی ہے۔

کل ہند تعلیمی کانفرنس میں بھی ایک شاخ تعلیم بالغان کے لئے مختص ہے جو کئی سال سے ضروری کام کر رہی ہے۔ اور ہندوستان کے ماہران تعلیم کے سامنے تعلیم بالغان کی فوری ضرورت اور اس کے کام میں ارتباط کی سخت اہمیت محسوس کراتی رہتی ہے۔

بمبئی کی صوبہ جاتی انجمن تعلیم بالغان جو ۱۹۳۴ء میں قائم ہوئی کارخانوں کے مزدوروں میں خواندگی پھیلا رہی ہے اور ان کے لئے کتب خانوں وغیرہ کی تنظیم کر رہی ہے۔

بمبئی کے ڈاکٹر بی۔ پی۔ ہیوالی نے تمام مرہٹی بولنے والے عیسائیوں کے لئے

یہ نصب العین پیش کیا کہ دوسری مردم شماری یعنی ۱۹۴۱ء تک خواندہ بن جائیں۔ یہی نصب العین وسیع ہو کر "قومی عیسائی مجلس" کے اتحاد عمل کے ساتھ یہ نعرہ بن گیا۔ "ہر عیسائی ۱۹۴۱ء میں خواندہ ہو"۔ بنگال کے لئے اس میں مزید وسعت پیدا ہوئی۔ اس طرح پر کہ کل بنگال مہم خواندگی" کے اس نصب العین کے ساتھ اس سال یعنی ۱۹۴۱ء تک خواندہ بن جانا چاہئے۔

اس کے بعد ہی "انجمن تعلیم بالغان بنگال" قایم ہوئی جس کی صدارت ڈاکٹر ٹیگور نے قبول فرمائی ہے۔ جنوبی ہند میں "کانفرنس تعلیم بالغان جنوبی ہند" کی تنظیم عمل میں آرہی ہے۔ بین الجامعاتی مجلس کے ذریعہ یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ سترہ ہندوستانی جامعات نے ان امور کا مطالعہ کرنے کے لئے بطیب خاطر اشتراک عمل کی رضامندی ظاہر کی ہے۔ جن کا بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق عوام کی فلاح وبہبود سے ہے تعلیم بالغان ہند کی جد وجہد کی حوصلہ افزائی اور اس کام میں ہاتھ بٹانے کے لئے حال ہی میں دہلی میں "انجمن تعلیم بالغان ہند" قایم ہوئی ہے اس مقصد کے حصول کے لئے انجمن مذکور کی جانب سے صوبہ جاتی انجمنوں کے قیام کی کوشش کی جارہی ہے۔ صوبہ دہلی میں مذکورہ انجمن فنون اور پیشوں کی تعلیم۔ لاسلکی تقاریر موسیقی اور اجتماعی تعلیم وغیرہ کے ذرائع سے تعلیم بالغان کو پھیلانے کی کوشش کر رہی ہے۔ تعلیم بالغان کی انجمنیں مختلف مراکز میں قایم کی گئی ہیں اور ان کا الحاق "انجمن تعلیم بالغان ہند دہلی" سے عمل میں آیا ہے۔

اب ہم ملک سرکار عالی کے مسئلہ تعلیم بالغان پر نظر ڈالتے ہیں۔ ۱۹۲۵ء تا ۱۹۲۶ء میں پہلی مرتبہ تین مدارس تعلیم بالغان ریاست حیدرآباد میں ایک خانگی ادارہ کے زیر نگرانی قایم ہوئے۔ ان مدارس کے طلباء کی تعداد (۱۰۷) تھی۔ ان کے قیام کا مقصد بالغ ناخواندہ اشخاص میں تعلیم کی اشاعت تھا۔ ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۱ء تک یہ تحریک اضلاع میں پھیل گئی ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۵ء تک (۴۹) مدارس بالغان (۱۹ بلدہ میں اور ۳۰ اضلاع میں) قایم کئے گئے۔ ان میں (۲۵) امدادی اور باقی غیر امدادی

مسلمہ ادارے تھے۔ ۳۴-۱۹۳۳ء میں طلبار زیرتعلیم کی جملہ تعداد (۱۷۰۹۱) تھی۔

مدارس بالغان کو منظم کرنے اور چلانے کے لئے ۳۴-۱۹۳۳ء میں خاص قواعد وضوابط کا نفاذ عمل میں آیا۔ اس خصوص میں صرف اس حد تک کام ہوا جیسا کہ جناب مولوی سید علی اکبر صاحب "ترقی تعلیم بدورحکومت آصف جاہ سابع" میں فرماتے ہیں "افسوس کہ عوام نے اس تحریک میں اس دلچسپی کا اظہار نہیں کیا جس کی یہ تحریک مستحق ہے اور جو اس کی عاجلانہ ترقی کے لئے ضروری ہے"۔

باوجود اس کے اس قسم کی علامتیں پائی جاتی ہیں کہ ملک کے دوسرے حصوں میں تعلیم بالغان کو منظم کرنے کا عام اور گہرا احساس ہے اور یہ کہ خانگی اداروں کی جانب سے پیغام تعلیم کو عوام تک پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ مگر چونکہ اس خصوص میں کوئی باقاعدہ اور منظم کوشش نہیں کی جارہی ہے۔ اس لئے جوش اور توانائی کے ضائع ہونے کا قوی اندیشہ ہے لہذا اس امر کی شدید ضرورت ہے کہ ان کوششوں کو مثل "انجمن تعلیم بالغان ہند" کے ایک مرکزی نظام کے تحت جمع کیا جائے۔ ایسے مرکزی ادارے کا قیام نہ صرف ان انجمنوں کو ان کی حد تک عمل اور تجربہ میں آزادی دیگا بلکہ پورے ملک کے لئے تعلیم بالغان کا ایک عام بنیادی مقصد اور طریقہ کار مہیا کرے گا۔ لہذا اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ اس کام کو بہ عجلت ممکنہ شروع کیا جائے۔ تاکہ مختلف ادارے مختلف اصول وطریق اختیار کرکے غیر منظم اور پریشان کن نتائج اختیار نہ کریں۔ چونکہ تعلیم بالغان کی مہم ہمارے ملک میں ابھی عالم طفلی میں ہے اس لئے اس کو ابتدا ہی سے صحیح اور واضح نہج پر چلانا مناسب ہوگا۔ توقع ہے کہ اس قسم کا ارتباط مستقبل قریب میں حاصل ہوگا۔ اس امر سے ہویدا ہے کہ تحریک تعلیم بالغان کے سلسلہ میں جس قدر بھی انجمنیں کام کررہی ہیں وہ سب "انجمن تعلیم بالغان ہند" سے ملحق ہیں۔ ایک اور زیادہ امید افزا صورت جس سے تعلیم بالغان کے مسئلہ پر بخوبی روشنی ڈالی جاسکتی ہے اور جس سے ہندوستان میں اس مسئلہ کو ایک نمایاں حیثیت دی جاسکتی ہے "کانفرنس تعلیم بالغان کل ہند"

کے اس جلسہ میں مضمر ہے جو مارچ سنہ ۱۹۳۸ء میں بہ مقام دہلی منعقد ہوا۔ اس اجتماع کا ایک نتیجہ "کانفرنس تعلیم کل ہند" کی کمیٹی کا قیام تھا جس کا کام ہندوستان میں تعلیم بالغان کی موجودہ جد و جہد کے متعلق مواد فراہم کرنا۔ مرد اور عورتوں کی اس خصوص میں دلچسپیوں اور شخصی خدمات کا علم حاصل کرنا۔ پرچہ اخبار (News sheet) شائع کرنا اور تعلیم بالغان کے ان طریقوں پر ایک عام نظر ڈالنا جو کامیابی کے ساتھ ملک کے مختلف حصوں میں بروئے عمل لائے جا سکتے ہیں۔ دوسری کانفرنس سنہ ۱۹۳۹ء کے اوائل میں صوبہ متوسط میں منعقد ہوگی۔ مذکور الصدر کمیٹی کے صدر سر شاہ سلیمان ہیں۔

یہ معلوم کر کے ہمیں بے حد مسرت ہوئی کہ اس کمیٹی کے نائبین میں ہز ہائنس شاہزادۂ برار بھی ہیں۔ کسی اسکیم کے بنانے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ اس مسئلہ کی وسعت معلوم کر لی جائے۔ اس لئے کہ اس کا مدت نصاب کے مسئلہ سے گہرا اور اہم تعلق ہے۔ ہم پہلے ہندوستان کے عام حالات پر غور کریں گے تاکہ وہ حیدرآباد کے حالات کے مطالعہ میں پس منظر کا کام دے۔ ڈاکٹر لاؤباخ (Law Bacb) فرماتے ہیں کہ دنیا کی آبادی کا زاید از نصف حصہ یعنی ایک ارب سے زاید لوگ کچھ بھی نہیں پڑھ سکتے۔ ان خواندوں کی ۲/۳ ایشیا میں ہے جن میں سے (۳۵) کروڑ چین میں اور (۳۴) کروڑ ہندوستان میں ہے۔ سنہ ۱۹۳۱ء میں ہندوستان کی پوری آبادی (۳۵۰) کروڑ تھی۔ ناخواندوں کی باقی تعداد بالخصوص افریقہ، جنوبی امریکہ اور جزائر بحر الکاہل میں ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف یہ بھی فرماتے ہیں کہ گزشتہ دس سال میں دنیا میں (۴) فی صد خواندہ اشخاص کا اضافہ ہوا ہے لیکن اسی عرصہ میں ہندوستان میں صرف ایک فی صد کا اضافہ ہوا ہے۔ ہندوستان میں (۹۲) فی صد لوگ ناخواندہ ہیں۔ ہندوستان جس رفتار سے ترقی کر رہا ہے۔ اس سے یہ پایا جاتا ہے کہ اس حساب سے خواندگی میں چین جیسے پسماندہ ملک کے برابر ہونے کے لئے اس کو ہزار سال درکار ہوں گے۔

اب ہم ریاست حیدرآباد کے اعداد و شمار پر تفصیل کے ساتھ غور کریں گے وہ یہ ہیں

گوشوارہ میں سنہ ۱۹۳۱ء کے حقیقی اور سنہ ۱۹۴۱ء کے تخمینی اعداد درج کئے جاتے ہیں۔
ذیل کے نقشہ میں ریاست حیدرآباد کی آبادی عمر کے اعتبار سے بتائی گئی ہے
سنہ ۱۹۳۱ء کے اعداد و شمار مردم شماری کی روئداد سے لئے گئے ہیں اور قریب ترین لاکھ
کے ہندسوں میں ظاہر کئے گئے ہیں۔ سنہ ۱۹۴۱ء کے اعداد تخمینی اور آبادی کے اختلاف
اور پسماندگی کی شرح پر مبنی ہیں۔

سال	پانچ سال سے کم عمر بچے	۵-۱۵ سال کے عمر کے بچے (قابل خواندگی عمر)	۱۵-۴۰ عمری اشخاص (قابل تعلیم بالغان)	۴۰ سال سے زیادہ کے لوگ	ریاست کی جملہ آبادی	مدرسہ میں زیر تعلیم بچے	فیصد
سنہ ۱۹۳۱ء	۲۴	۳۳	۵۹	۲۸	۱۴۴	۳ ۳/۴	۶
سنہ ۱۹۴۱ء	۲۶	۳۶	۶۳	۳۰	۱۵۵	۵	۹

سنہ ۱۹۴۱ء کی تخمینی جملہ (۱۵۵) لاکھ آبادی میں سے :-

(۱) (۵) لاکھ مدرسہ میں زیر تعلیم ہونگے۔

(۲) (۲۶) لاکھ (۵) سال سے کم ہونگے۔

(۳) (۳۱) لاکھ (۳۶ نفی ۵ لاکھ مدرسہ میں زیر تعلیم (۵) اور (۱۵) سال کی
عمر کے درمیان۔

(۴) (۳۰) لاکھ اشخاص (۴۰) سال کی عمر سے متجاوز ہوں گے اور اس وجہ سے
آسانی سے خواندہ نہیں بنائے جاسکیں گے۔

(۵) ۶۳ (۶۳ نفی ۳ لاکھ تخمینی خواندہ اشخاص کی تعداد بالغان ۱۵ سے
۴۰ سال کی عمر کے جملہ تعداد (۱۵۵) لاکھ۔

اسی رو سے ہم ۳۱ لاکھ بچے ۵ اور ۱۵ کی عمر کے اور ۶۰ لاکھ اشخاص ۱۵
اور ۴۰ سال کی عمر کے پاتے ہیں ان کی تعلیم کا انتظام کرنا ہے۔
اول ۳۱ لاکھ کی تعداد جبریہ ابتدائی تعلیم کے حامیوں کے لئے چھوڑنے کے

بعد ہمارے پاس (۶۰) لاکھ بالغان باقی رہ جاتے ہیں جنہیں خواندہ بنانا ہے۔ ان اشخاص کو خواندہ بنانے کے کام کے لئے ہمیں کتنے وسیع پیمانہ پر ساز و سامان مہیا کرنے کی ضرورت ہے۔ سرمایہ کارندے اور تنظیم۔ فرض کیجئے کہ ایک ہزار مدارس جن میں سے ہر ایک میں (۵۰) بالغان کا اوسط ہو اور سال بہ سال یکساں جوش و خروش سے کام ہوتا رہا ہے تو ہم اس صورت میں ہر چھ مہینے میں (۵۰) ہزار یا سال میں ایک لاکھ بالغان کو خواندہ بنا سکتے ہیں۔ اس رفتار سے ریاست کی ناخواندگی کو دور کرنے کے لئے (۶۰) سال صرف ہوں گے۔ لیکن کیا یہ کوئی خوش آیند توقع ہے کہ ہم ریاست میں صد فی صد خواندگی ہونے کے لئے (۶۰) سال انتظار کرتے رہیں؟ اس ۶۰ سال کی مدت میں اس ملک کے اور مختلف حصوں میں نہیں بلکہ ساری دنیا میں ترقی تعلیم کی رفتار کیا ہوگی؟۔ ہم کو چاہئے کہ ہم (۲۵) سالہ منصوبہ یا کسی اور منصوبہ پر عمل کریں۔ جیسا کہ کشمیر اور ملک کے دوسرے صوبوں میں ہو رہا ہے۔ اس طرح سے ملک کی ناخواندگی کو کم کریں۔ یہ اعداد و شمار یہاں پر کام کی اہمیت اور وسعت کو خاطر خواہ طور پر ظاہر کرنے کے لئے اور اس غرض سے بھی کہ ان کا تعلق نصاب سے ہے۔ پیش کئے گئے ہیں۔ ان اعداد سے یہ ضرورت صاف طور پر واضح ہو جاتی ہے کہ اپنے مقصد کے حصول کے لئے ہم ایک عملی پروگرام اختیار کریں اور یہ ظاہر کر دیں کہ مختصر المیعاد منصوبہ پر عمل کرنا کتنا ناگزیر ہے۔ مگر یہ اسی وقت جب کہ ہم یہ دیکھنے کے آرزومند ہوں کہ خواندگی کی شعاع اگرچہ دھیمی سہی۔ ان ۳ لاکھ جھونپڑوں پر پڑے جو ہماری وسیع ریاست کے اضلاع میں پھیلے ہوئے ہیں۔ ریاست میں تعلیم بالغان کی تنظیم کے سوال کے ساتھ ہی ہمیں اور مختلف اہم مسائل سے دو چار ہونا پڑتا ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ مدارس کس قسم کے ہوں؟۔ نصاب کی مدت کیا ہو۔ نصاب کس قسم کا ہو؟۔ کام کے انجام کے لئے ذرائع کیا اختیار کئے جائیں؟۔ ان کے علاوہ اور گوناگوں باتیں ہیں مثلاً یہ کہ ان مدارس میں تعلیم دینے والے معلمین کس قسم کے ہوں؟ اور درسی کتابیں کیسی ہوں؟۔ تعلیم کا طریقہ کیا ہو؟ نگرانی کا کام کس طرح ہو۔ خواندہ

بنانے کے بعد اسناد دیے جانے کے متعلق کیا طے کیا جائے ؟۔ اور سرمایہ کے لئے کیا سبیل نکالی جائے ؟۔ یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مختلف قسم کے ادارے "مدارس بالغان" کے نام سے جاری کئے اور چلائے جاسکتے ہیں لیکن اس موقع پر یہ یاد رکھنا چاہئے کہ انگلستان جیسے ملک میں بھی جہاں ایسے بہت سے ادارے موجود ہیں۔ سارے کے سارے ایک ہی مرتبہ نہیں قایم کئے گئے تھے۔ تقریباً دنیا کے سارے ممالک میں بالغان کی تعلیم کا کام محض معمولی خواندگی سے شروع ہوا۔ جب بالغان کی خواندگی نے خاص ترقی کرلی تب کہیں دوسرے قسم کے ادارے جاری کئے گئے۔ اس طرح اپنی ریاست کے حالات کے مدنظر ہمیں ابتدا میں صرف ایک ہی قسم کے مدارس جاری کرنے چاہئیں اور ان کا نام "مدارس تعلیم بالغان" رکھا جائے۔

جہاں ہم لکھنا پڑھنا اور حساب کرنا سکھائیں اور ساتھ ہی عام اور مفید معلومات بھی ان کے کان میں ڈالیں۔ اس منزل میں اس کی بھی ضرورت نہیں کہ دیہی اور شہری مدارس کے لئے علحدہ علحدہ نصاب رکھا جائے۔ جب ہمارا مقصد اقل ترین خواندگی کا پھیلانا ہے تو مختلف نصاب کا سوال سرے سے پیدا ہی نہیں ہوتا۔ ہاں اس امر کی کوشش ضرور کی جائے گی کہ ایک ہی درسی کتاب میں دیہاتیوں اور شہریوں کے خاص خاص مذاق کی چیزیں جمع کردی جائیں۔ دونوں قسم کے طلبا سارے اسباق پڑھیں گے کیونکہ یہ ضروری ہے کہ سارے بالغین دیہات اور شہر کے حالات کی نسبت کم از کم اتنی واقفیت ضرور رکھیں جو ان کے لئے ناگزیر ہے۔ ان مدارس میں تعلیم صرف دنیاوی امور کی دی جائے۔ نصاب میں مذہبی تعلیم نہ رکھی جائے۔ اس کے وجوہ کا ذکر نصاب میں آئے گا۔ لیکن اگر مذہبی تعلیم کا مطالبہ کیا جائے اور دوسرے اسباب اس کی اجازت دیں تو نصاب میں مذہبی تعلیم شریک کرلی جائے گی۔ موجودہ اسلامی سنسکرت۔ اور وید سے متعلق مدارس اپنے حلقہ کو وسیع کرکے مذہبی تعلیم کا کام اپنے ذمہ لے سکتے ہیں۔ اس قسم کے مدارس کی موجودہ تعداد (۲۰) ہے۔ ۱۶ دینیات کے اور چار سنسکرت اور وید کے۔ ان مدارس کے طلباء کی تعداد مجموعی (۱۲۲۱) ہے

ان میں سے بعض میں مذہبی تعلیم کے ساتھ ساتھ دنیاوی تعلیم بھی دی جاتی ہے ۔
کمیٹی اس امر پر زور دیتی ہے کہ جہاں حالات اجازت دیں مذہبی تعلیم دی جاسکتی ہے لیکن اس سے فائدہ اٹھاکر فرقہ واری بنیاد پر مدارس ہرگز قایم نہ کئے جائیں اس فرقہ وارانہ طریقہ پر تعلیم دینے سے بالغان کے لئے مشترک مدارس میں تعلیم پانے کا عظیم الشان موقع جہاں ایک ہی جگہ مختلف قوموں کے لوگ جمع ہوں گے اور ایک دوسرے کے ساتھ ایک ہی خوش گوار سماجی فضا میں رہیں گے ہاتھ سے نکل جائے گا۔ ہم کو اب تک فرقہ وارانہ اداروں کا بہت کچھ تجربہ ہو چکا ہے اور ہم ان کے مضر اثرات دیکھ چکے ہیں اب عمل کے نئے میدانوں میں ان سے گریز ہی اچھا ہے ۔

کمیٹی کی رائے ہے کہ پورا نصاب تعلیم دو سال پر مشتمل ہو۔ جس میں سے ابتدائی چھ مہینے تحتانی نصاب پر صرف ہوں اور باقی ڈیڑھ سال اعلیٰ نصاب پر صرف کئے جائیں۔ پہلے چھ مہینوں میں بالغ شخص کو اس کی مادری زبان میں لکھنا پڑھنا سکھایا جائے۔ لاکھ تک ہندسوں اور علم حساب کے چار ابتدائی قاعدوں سے واقف کرایا جائے۔ جو تعلیم بالغ شخص کو اس مدت میں دی جائے گی وہ اس اقل ترین تعلیم کے مماثل ہوگی جو مردم شماری کی روئیداد کی تعریف کی رو سے ایک آدمی کو خواندہ مانتی ہے ۔

اس امر کا امکان ہے کہ طلبار کی معقول تعداد اس منزل میں مدرسہ چھوڑ بیٹھے اور یہ بھی قرین قیاس ہے کہ جو کچھ تھوڑا بہت انھوں نے اس مدت میں پڑھا ہے آگے چل کر بھول جائیں گے۔ اس سے بچنے کی یہ صورت نکالی جاسکتی ہے کہ ان کی خواندگی قایم رکھنے کے لئے سعی بلیغ کی جائے اور ارتباط رکھ کر مختلف طریقوں سے ان کی مدد کی جائے ۔

جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ جو لوگ بچپن میں دو سال تک تعلیم پاتے ہیں بڑے ہونے کے بعد ان پڑھ بن جاتے ہیں۔ تو کوئی تعجب نہیں معلوم ہوتا اگر بالغ صرف

چھ مہینے تعلیم پانے کے بعد پھر کورے ہو جائیں۔ بالغوں کے ان پڑھ نہ ہونے کی امید صرف اس سے کی جاسکتی ہے کہ بچے جو تعلیم پاتے ہیں تو نہ ان کا معین مقصد ہوتا ہے اور نہ علم کی حقیقی پیاس ہوتی ہے۔ برخلاف اس کے بالغ اپنا کام ایک جداگانہ دماغی کیفیت کے تحت انجام دیتے ہیں۔ مزید برآں بالغ شخص محدود وقت میں چھوٹے بچے کی نسبت بہت زیادہ سیکھتا ہے۔ چھ مہینے کی مدت اس کو معقول طور پر خواندہ بنانے کے لئے کافی ہونی چاہئے۔ بعض اشخاص کے تجربوں کے مطابق بچے کے مقابلہ میں بالغ آدمی پانچ گنا تیز رفتاری سے سیکھتا ہے۔ چونکہ ہم محض معمولی خواندگی پر ہی اکتفا نہیں کر سکتے اس لئے جتنے زیادہ بالغ اشخاص اعلیٰ نصاب کے لئے روکے جاسکتے ہیں ان کے روکنے کی کوشش کی جائے۔

پہلے چھ مہینوں کا نصاب (خواندگی کا نصاب)

(۱) الف۔ اس مدت میں یہ توقع رکھنی چاہئے کہ بالغ شخص پچاس صفحات کا قاعدہ پڑھ لے اس میں ابتدائی مرحلہ کی عام چیزوں کے علاوہ دس بارہ قصے ہوں۔ جن کی زبان بہت سادہ ہو۔ اور بالغ شخص کے لئے دلچسپ ہوں۔ اس سے یہ بھی توقع رکھنی چاہئے کہ وہ لکھنے کا کام بہت کچھ کر لے گا۔

(ب)۔ اس کو لاکھ تک گنتا اور چار بنیادی قاعدے سیکھنا چاہئے۔ ضرب اور تقسیم کے سوال میں مضروب فیہ اور تقسیم کنندہ عام طور پر دو ہندسوں کے ہوں۔ پہاڑے ۱۰ × ۱۰ تک ۱۲ اور ۱۶ کے پہاڑوں کے ساتھ سکھائے جائیں۔

دوسرے چھ مہینوں کا نصاب

(۲) الف ۔ اس میقات میں طلبار نصاب کی پہلی کتاب پڑھیں گے۔ جس میں تقریباً (۱۵) سبق ہوں گے ۔ جو (۷۵) صفحات پر مشتمل ہوں گے۔ یہ اسباق ایسے مضامین پر مشتمل ہوں جن میں بالغوں کی دلچسپی کا خاص طور پر خیال رکھا جائے۔ مثلاً شہری زندگی ۔ صفائی حفظ صحت۔ امداد باہمی۔ کفایت شعاری ۔ بڑے آدمیوں کے سوانح حیات۔ ہمارا اکل و شرب وغیرہ ۔

کتاب میں آسان بیانیہ نظمیں جن سے کوئی نہ کوئی اخلاقی نتیجہ مستنبط ہو گا۔ شریک ہونگی ۔

ب ۔ سادہ اور مرکب حسابی مسائل جو بنیادی چار قاعدوں پر مبنی ہوں اسی میقات میں سکھائے جائیں گے ۔ ان کا تعلق غریب طبقوں کی روزمرہ زندگی سے ہوگا۔ سود مفرد ۔ روزمرہ کی ضروریات زندگی کی خرید ۔ شرح تبادلہ کا حساب وغیرہ اس منزل میں طلبار کے کام کا غالب حصہ ہو گا۔

اگر طالب علم اس منزل میں مدرسہ چھوڑ بیٹھے تو اس کے ان پڑھ بن جانے کا اندیشہ زیادہ نہ رہے گا۔ لیکن یہ بہت ضروری ہے کہ اس کو خواندوں کی صف میں دائمی طور پر کھینچنے کے لئے اور تعلیم سے حقیقی اور مستقل دلچسپی پیدا کرنے کے لئے مزید ایک سال کا نصاب رکھا جائے۔

دوسرے سال کا نصاب ذیل میں درج ہے

الف ۔ اس میقات میں جو کتاب پڑھائی جائے گی وہ (۲۰۰) صفحوں پر

مشتمل ہوگی درج ذیل موضوعوں پر اسباق ہوں گے۔

(۱) ہمارے فرمانروا۔ (۲) روزمرہ کی زندگی میں سائنس کا دخل۔ (۳) ہم پر کس طرح حکومت کی جاتی ہے (۴) صفائی (۵) حفظ صحت۔ (۶) ہمارا کھانا پینا۔ (۷) پہلی امداد (First Aid) (۸) عظیم ہستیاں (۹) تاریخی اسباق (۱۰) دنیا (جغرافیہ) (۱۱) زراعت (۱۲) شہری زندگی۔ (۱۳) ذرائع حمل ونقل (۱۴) ٹپہ اور تار برقی۔ (۱۵) امداد باہمی (۱۶) باغبانی۔ (۱۷) کفایت شعاری (۱۸) توہمات (۱۹). ۵۔ اشعار سادہ اور اخلاق آموز۔

یہاں پر یہ نظر آئے گا کہ پہلی کتاب کے موضوع بھی دوسری کتاب میں شریک کر لئے گئے ہیں۔ دوسری کتاب میں معلومات زیادہ مکمل اور پہلی کی نسبت معیار میں بلند ہوں گے۔ بعض موضوعوں پر تین چار سبق ہوں گے اور ہر سبق اوسط طور پر چھ سات صفحوں پر مشتمل ہوگا۔ ہر سبق کے تحت مزید تفصیلات جو کتاب مرتب کرنے والے کے لئے کم وبیش ہدایات کے کام آئے گی۔ ضیمہ الف میں دے دی گئی ہیں ان تفصیلات پر نظر ڈالنے سے عام پڑھنے والے کو ان معلومات کا سرسری تصور ہو جائے گا جن کو ان کتابوں کے ذریعہ سے طالب علموں تک پہنچانا مدنظر ہے۔

تاہم یہ ضروری ہے کہ یہاں چند الفاظ اس امر کے متعلق کہے جائیں کہ یہ موضوع ان کتابوں میں کس طرح پیش کئے جائیں گے۔ ان موضوع کے متعلق خصوصی فن واری معلومات پیش کرنے کی کوشش ہونی چاہئے۔

نظریہ بتانے کا طریقہ قطعاً ترک کیا جائے۔ اصل مقصد یہ ہونا چاہئے کہ یہ معلومات ہر کس وناکس کے لئے بھی مفید اور دلچسپ ہوں۔ انداز بیان ہمدردانہ ہو اس میں کسی قسم کی علمی نمایش اور تفوق کی شان نہ رہے۔ ان کتابوں کے لکھنے والے کو غریب طبقے کے لوگوں سے ہمدردی ہو۔ اس کو ان کی ضروریات اور ان کے محدود ذرائع سے واقفیت ہونی چاہئے۔ اس میں یہ قدرت بھی ہو کہ وہ خود کو ان لوگوں کی سطح پر لاکر کھڑا کرے تاکہ ہر موضوع کے مطالب کو اس انداز سے پیش کرے کہ

ان کو بہائے اور ان کی دلچسپیوں کو ابھارے ہمارا مطلب واضح ہو جائے گا اگر ہم وہ ایک مضمون لے کر کسی قدر تفصیل کے ساتھ ان پر بحث کریں۔ مثلاً تاریخ کے موضوع کے تحت خاندانوں اور منفرد فرمارداؤں کے نام دینا۔ ان کا جنگ کرنا فتوحات حاصل کرنا اور اسی طرح اُن کے دوسرے کارنامے وغیرہ۔ لیکن صاف ظاہر ہے کہ بالغ شخص کو تاریخ کی ان خشک ہڈیوں میں کوئی مزا نہیں ملتا۔ اس کے بجائے موضوع کو اس طرح پیش کیا جائے کہ جس سے اس ملک کے باشندوں کی تمدنی تاریخ سامنے آجائے ان مدارج کا حال بیان کیا جائے جن کو طے کرتے کرتے ہم موجودہ سطح پر پہونچے ہیں۔ اس سے غیر ضروری تفصیل نکل جاتی ہے اور بالغ شخص کا تخیل جاگ جاتا ہے اور اس کے سامنے ایک صحیح تصور آجاتا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی سبق طاعون یا ہیضہ سے متعلق ہو تو اس میں سائنس کی مہمل بکواس نہ ہو۔ نہ اس میں علاج کا وہ طریقہ ہو جس پر ایک باقاعدہ معالج کاربند ہو گا۔ بلکہ اس میں مرض کے عام اسباب کا ذکر ہو۔ اور اس کے روک تھام کے طریقے بیان کئے جائیں وغیرہ۔

اس سے یہ ہوگا کہ عام بالغ اشخاص کے ذہن سے یہ بات دور ہو جائے گی کہ مرض کسی دیوی کے غیظ و غضب کا نتیجہ ہے یا اندھی قسمت پرستی کا فیصلہ۔ اس سے وہ سمجھنے لگ جائیں گے کہ مناسب طریقے سے ٹھیک وقت پر احتیاط کرنے سے وہ بخوبی اپنے آپ کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

(ب)۔ حساب کا نصاب سال اول کے نہج پر ہونا چاہیئے۔ سال اول میں جو سوالات حل کرائے جائیں گے ان سے مشکل تر سوالات سال دوم میں حل کروائے جائیں۔ اس کے سوا کسور۔ وقت اور کام۔ شراکت اور نفع نقصان کے سوالات بھی حل کرائے جائیں مسطحات کے سادہ سوالات جس میں رقبوں کی تخمین کا اور مساحت کے ابتدائی سوالات جو دیہاتیوں کے لئے کھیتی وغیرہ کے کام میں مفید ہوں نصاب میں شامل کئے جائیں۔ بشرطیکہ یہ سوالات اربعہ متناسبہ کے سادہ طریقے سے حل کئے جاسکیں۔

السنہ کی تعلیم کے متعلق جو ہدایات دی گئی ہیں وہ حساب کی تعلیم پر بھی منطبق ہوں گی۔ بچوں کی کتابوں کی نسبت بالغوں کی کتابوں کی تالیف میں ان امور پر زیادہ ہمدردانہ توجہ کی ضرورت ہے۔

ان مدارس میں تعلیم کی کامیابی کا انحصار کچھ تو ان کتابوں پر ہے جو بالغین کی تعلیم کے لئے تالیف کی جائیں۔ اور کچھ مدرس کی وجاہت اس کی ہمدردی اور اس کے طریقہ کار سے متعلق ہیں لیکن اس کی مزید تفصیل آگے آئے گی۔

نصاب کے مطالعہ سے دو باتیں واضح ہوں گی۔ اول یہ کہ نصاب صرف السنہ اور حساب کی تعلیم پر مشتمل ہے۔ نصاب تعلیم میں جن مختلف مضامین کی عام طور پر تعلیم دی جاتی ہے ان کے لئے یہاں پر کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ثانیاً یہ کہ مذہبی تعلیم کو اس نصاب میں جگہ نہیں دی گئی ہے۔ نصاب تعلیم صرف دنیوی امور سے متعلق ہے۔

اول الذکر کو نظر انداز کرنے کی وجہ صاف ظاہر ہے۔ دو سالہ نصاب کے دوران میں بالغین کو ہم جس نوعیت کی تعلیم دینا چاہتے ہیں اس سے زیادہ اس کو کچھ نہیں بتلایا جا سکتا۔ اگر ہم زیادہ تعلیم دینا بھی چاہیں تو وہ اس کو اخذ نہ کر سکے گا ضرورت کی حد تک وہ اسی قدر تعلیم کا محتاج ہے۔ جیسا کہ کوئی اور دوسرا شخص۔ لیکن نہ تو اس کی ذہنی استعداد اور نہ معاش پیدا کرنے کی وجہ سے وقت کی کمی اجازت دیتی ہے کہ وہ اس سے زیادہ علم حاصل کر سکے۔ جو اس کے لئے تجویز کیا گیا ہے۔

اس لئے دوران تعلیم السنہ میں جہاں تک ممکن ہو مفید معلومات پیش کرنے کی کوشش کی جائے۔ یہی وجہ ہے کہ مختلف موضوع درسی کتاب میں رکھے گئے ہیں اور ہر عنوان کے تحت معقول معلومات پیش کرائے گئے ہیں۔ اس سے زیادہ کی کوشش کرنا ایک امر محال کے حصول کی سعی ہوگی۔

دوسرا یعنی مذہبی تعلیم کا فریضہ غالباً بعض اشخاص کی نظر میں زیادہ نمایاں

ہو اس لئے مزید توضیح کی ضرورت ہے اولاً مدارس بالغان کم عمروں کے مدارس سے قدرتاً بہت مختلف ہوتے ہیں۔ مدارس بالغان منظم کرنے کا خاص مقصد ایسے بالغ اشخاص کو تعلیم دینا ہے جو پہلے سے اپنا ایک قطعی مذہبی نصب العین رکھتے ہیں۔ اس کے برخلاف عام مدرسوں میں مذہبی تعلیم کی ابتدا ہوتی ہے اور سارے قوی کی کامل تربیت کرتے ہیں۔ اس وجہ سے ہم بچوں کے مدرسہ میں جسمانی تعلیم، نقشہ کشی، دستی مشاغل۔ اور دوسرے گوناگوں مضامین کی تعلیم دیتے ہیں۔ کیا ہم ممکنہ طور پر بحث کر سکتے ہیں کہ آیا مدرسہ بالغان میں بھی ان تمام مضامین کا انتظام کیا جا سکتا ہے؟ ظاہر ہے کہ اس قسم کی بحث بے سود ہوگی۔ اس کے سوا مدرسہ میں پڑھنے والے بالغ لوگ مختلف فرقوں کے اور مختلف عقاید کے پیرو ہوتے ہیں۔ مختلف فرقوں کے لوگوں کے لئے مذہبی تعلیم کا انتظام کرنا نہ صرف مشکل بلکہ زیر غور مدارس میں پیچیدگیاں پیدا کرنے کا باعث ہوگا۔ جہاں بالعموم مدرس جیسا کہ ہونا چاہئے نہیں ملتا۔ اور دینیات جیسے مضمون کو تشفی بخش طور پر نہیں پڑھا سکتا۔ اگر دینیات کی تعلیم ایسی نہیں ہو سکتی جیسی ہونی چاہئے تو بہتر ہے کہ اس کی تعلیم ہی نہ دی جائے۔ اس کے جواب میں شاید یہ کہا جائے کہ یہ خیال عام مدارس کے لئے بھی درست ہو سکتا ہے وہاں بھی مختلف عقاید رکھنے والے بچے جمع ہوتے ہیں پھر بھی دینیات کی تعلیم کا انتظام کیا جا سکتا ہے۔

معاف کیجئے اگر ہم یہ کہیں کہ ایسے مدارس کے بارے میں بھی بعض مقامات پر کافی بے اطمینانی پائی جاتی ہے۔ کیونکہ تمام فرقوں کی مذہبی ضرورتوں پر توجہ نہیں دی جاتی۔ یہ دانشمندی نہیں معلوم ہوتی کہ ایسی بے اطمینانی کے پیدا ہونے کا مدارس بالغان میں بھی موقع دیا جائے۔ ہمارا خاص مقصد تعلیم بالغان سے دماغوں کو جگا دینا ہے بالغ لوگ پہلے سے دینیات کے ضروری معلومات بہم پہونچا ئے جائیں اگر مدارس بالغان میں دینیات کی تعلیم کا انتظام بھی کر دیا جائے اور یہ خیال کیا جائے کہ انہیں اتنا ہی سکھانا کافی ہے تو بھی اس سے کوئی خاص کارآمد مقصد حاصل نہیں ہوتا سوا اس کے کہ اپنے سابقہ معلومات کو وہ بار بار حاصل کریں کیونکہ

تعلیم دینیات کے موئدین کی ایک احتمالی تجویز پر پیش از پیش غور کرنا چاہتی ہے کہ اگر تعلیم بالغان کے نصاب میں تعلیم دینیات کو داخل کرنے میں خاص طور پہ یہ دشواری ہو کہ مختلف اقسام کے لوگ ان مدارس میں پڑھتے ہیں تو علیحدہ مدارس علیحدہ فرقوں کے لئے جاری کئے جا سکتے ہیں۔ کمیٹی اس کا یہ جواب دینا چاہتی ہے کہ یہ تجویز بالغان کے بنیادی مقصد کو تمام تر نظر انداز کرتی ہے اور ایک مضمون کو غیر واجبی اہمیت دیکر غیر ضروری اور اٹل پیچیدگیاں پیدا کرتی ہے۔ مثلاً سویڈن کے مدارس بالغان میں تمام سیاسی اور مذہبی اختلاف کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ ان اداروں نے آزاد اور معقول آراء زندگی کی اہمیت کو سمجھنا اور اس کا احترام کرنا اور اس طرح شراب نوشی۔ احمقانہ تضیع اوقات اور بدنظمی کے لئے رہبرانہ اشتعال وغیرہ کو رفع کرنا اپنا مقصد بنایا۔ اگر یہ جوش طلباء میں صحیح طور پہ پیدا ہو جائے تو مدارس بالغان کا کیا ذکر کسی مدرسہ میں بھی مزید کام کی ضرورت نہ رہے گی۔ اس مقصد کے پیش نظر اس امر کی احتیاط کی گئی کہ درسی کتاب میں مشاہیر کی کہانیاں جو بڑے بڑے مذاہب کے نمایندے ہوں، اس صداقت کو نمایاں کرتے ہوئے شریک کی جائیں گی کہ تمام مذہبی رہبروں کا بنیادی نصب العین۔ زندگی اور یہ صداقت طلباء کے ذہن نشین کر دی جائے کہ مذاہب مختلف فرقوں میں ہم آہنگی پیدا کرنے والی قوت کا کام دیں اور ایسا نہ ہو جیسا کہ بدقسمتی سے بعض اوقات مذاہب نفرقہ اندازی کا باعث ہوتے ہیں۔ اس کے بعد زندگی کے اخلاقی پہلو کو نمایاں کیا جائے۔ آخر اخلاقیات ہے کیا۔؟۔ دینیات، ممکنہ وسیع ترین معنوں میں، سب سے بڑا مشترک جزو جو انسانی ساعی میں جاری وساری ہے اور وہ اصل الاصول ہے جس سے تمام انفرادی مذہب بنتے ہیں۔ اس طرح تمام مشاہیر کے حالات جو درسی کتاب میں شامل ہوں گے اخلاقی تعلیم کی ضرورتوں کو پورا کریں گے۔ اگر اس سے زیادہ اخلاقی تعلیم کی ضرورت محسوس ہو تو کتب خانہ بالغان سے اس کمی کو پورا کیا جائے۔

اس کام کے لئے جو ادارے فی الحال کام کرنے کے لئے تجویز کئے گئے ہیں

سرکاری اور امدادی مدارس ہیں۔ لیکن جب ہم کام کی وسعت پر نظر ڈالتے ہیں تو کچھ زیادہ قابل قدر نتائج حاصل کرنے کی توقع نہیں کر سکتے اگر ہم کام کو ان مدارس تک محدود کردیں۔ خانگی جدوجہد اس کی امداد کے لئے ہونی چاہیئے۔ کسی مقصد کی کامیابی کے لئے رضاکارانہ اداروں کا سرکاری اداروں کی امداد کرنا ضروری ہے۔

مغرب میں فی الحقیقت یہ کام شروع ہی سے اکثر محض رضاکارانہ اداروں کے ذمہ رہا ہے۔ اور یہ قدرتی ہے کیونکہ وہاں ابتداءً خود عوام کی طرف سے ہوئی۔ حکومت بہرحال تمام ممکنہ امداد کرے گی اور کچھ نگرانی بھی رکھے گی۔ ہمارے ملک میں عوام نے ابھی تک تعلیم کی قدروقیمت کو نہیں پہچانا ہے۔ اس لئے قدرتاً حکومت کو ابتداء کرنی ہے۔ لیکن اگر اس تحریک کو صحیح معنوں میں ہر دل عزیز ہونا ہے تو رضاکارانہ اداروں کو یہ کام بتدریج اپنے ذمہ لے لینا چاہیئے۔ حکومت کو ہر وقت تمام ممکنہ امداد دینے کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔ چونکہ یہ ضروری ہے کہ اس تحریک کو صحیح اصولوں پر چلایا جائے اور تنظیم میں ایک طرح کی ہم آہنگی برقرار رہے اس لئے تمام مدارس بالغان پر حکومت کی نگرانی ہونی چاہیئے۔ تاہم اس کا خیال رہے کہ حکومت کی نگرانی مدارس کی آزادانہ اور صحت مند ترقی کو روکنے نہ پائے۔

اولاً ہر مدرسہ سے یہ خواہش کی جائے کہ وہ تعلیم بالغان کا ایک طبقہ بالالتزام رکھے اور اساتذہ ان جماعتوں کے کام پر پوری توجہ کریں۔ وقت نامے ان کے باقاعدہ کاموں کے لئے ترتیب دیئے جائیں۔ ان مدارس میں جہاں مدرسین اس کام کے لئے نہیں دیئے جا سکتے۔ زاید مدرسین ان مدارس کی ملحقہ زاید جماعتوں کو پڑھانے کے لئے مقرر کئے جا سکتے ہیں۔ تعلیم بالغان کی جماعتیں تمام تربیتی مدارس میں کھولی جا سکتی ہیں اور اساتذہ زیر تعلیم سے معتدبہ کارآمد کام لیا جا سکتا ہے۔ زیر تربیت مدرسین بطور تجربہ اپنی تربیت کے زمانہ میں بالغوں کی جماعتوں کو پڑھا کر ضمناً زیادہ فائدہ حاصل کریں گے اور اس طرح تعلیم بالغان میں بھی تجربہ حاصل کریں گے جو ان کے لئے کارآمد ثابت ہوگی جب کہ وہ اپنے مدارس کو واپس ہوں گے اور ان سے بالغوں کی جماعتوں کا

افتتاح کر کے ان کو چلانے کی خواہش کی جائے گی۔ ایک مختصر نصاب تعلیم بالغان کا ان تمام مدرسین کے نصاب میں شامل کرنا چاہئے جو کسی تربیتی ادارے میں زیر تربیت ہوں۔

اعزازی کارکن انفرادی یا اجتماعی جن میں سماجی خدمت کا جوش ہو۔ اساتذہ جامعہ، طلبا کلیہ اور دوسروں کا اشتراک عمل حاصل کیا جاسکتا ہے۔ طلبار کی ہمت افزائی کی جاسکتی ہے کہ وہ اپنی طویل موسمی تعطیلوں میں گاؤں گاؤں سفر کر کے مفید امداد دیں۔ صوبہ جات متحدہ میں انجمنوں نے سیوا اسیمتی بلدی اور مقامی اداروں نے اپنے ہاتھ میں کام لے لیا ہے۔ اور اس تحریک کو آگے بڑھا رہی ہیں۔ ایک نہایت اہم امر پر دوبارہ زور دینے کی ضرورت ہے۔ کہ آغاز ہی سے کام ایک خاص نظام اور قطعی منصوبہ کے تحت چلایا جائے۔ تعلیم بالغان کا کام اتنا اہم ہے کہ وہ غیر منظم اور متفرق کوششوں کے تفویض نہیں کیا جاسکتا۔ اس لئے جوں ہی ایک قطعی منصوبہ تیار ہو جائے تو پھر واقعی کام شروع کر دیا جائے۔ حکومت کو ایک خاص شاخ محکمہ تعلیمات میں کھولنا چاہئے اور ایک خاص افسر کو تعلیم بالغان کا ذمہ دار بنانا چاہئے۔ تعلیم بالغان پر نگرانی رکھنے اور ان تمام مختلف مصروفیات کی جو ان مدارس میں ہوتی ہیں رہبری کرنے کے علاوہ ان تمام تعلیم بالغان کے اعزازی کام کرنے والوں کا ایک رجسٹر رکھے گا اس کام کے مرکزوں کی تنظیم کرے گا اور ایسے کارکنوں کو باقاعدہ طریقہ پر کام کرنے کے لئے سہولتیں بہم پہنچائے گا اس کا فریضہ دوسرے الفاظ میں یہ ہوگا کہ وہ ان متعدد اداروں کے ساتھ اشتراک عمل کرے جن کو حکومت کسی مخصوص مجوزہ منصوبہ کے تحت قایم کرے۔ کمیٹی کی یہ تجویز نہایت اہم ہے۔ اگر حکومت ریاست حیدرآباد میں خواندگی کی ترویج کی قدر و قیمت کا پورا پورا اندازہ کرے اور آیندہ کام کا منصوبہ تجویز کرے۔ جب تک ایسا انتظام نہ ہو موجودہ مدارس اور محکمۂ تعلیمات کے معائنہ کرنے والے افسروں سے کام چلانے کی خواہش کی جاسکتی ہے۔

عمارتوں کے متعلق یہ طے کیا گیا ہے کہ مدرسوں کی عمارتوں میں بالغ لوگوں کی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔ چونکہ وہاں کئی ایک سہولتیں جیسے فرنیچر۔ آلات تعلیمی وغیرہ کی

فراہمی ہوسکتی ہے۔عام مقامات جیسے دفاتر اور گاؤں میں چاوڑیاں بھی کام میں لائی جاسکتی ہیں۔اصل اصول یہ ہے کہ جہاں تک ہوسکے عمارتوں کے کرایہ کا کم سے کم خرچ عائد ہو۔مدارس جاری کرنے اور ان کو چلانے کے علاوہ اس امر کے اطمینان کے لئے تدابیر اختیار کرنی چاہئے کہ بالغ لوگوں کو جو مدارس چھوڑتے ہیں زیادہ پڑھنے اور اپنی معلومات وسیع کرنے کے مواقع حاصل رہیں ورنہ جہالت کی طرف پھر لوٹ جانے کا ہمیشہ اندیشہ باقی رہے گا۔اس مقصد کے لئے کتب خانوں اور مطالعہ گھروں کا جال ریاست حیدرآباد کے طول وعرض میں بچھادیا جانا چاہئے۔ان کتب خانوں میں بالغ لوگوں کے لئے ایسی کتابیں رکھی جائیں جو ان کے لئے دلچسپی کا باعث ہوں اور کارآمد ومفید موضوع سلیس زبان میں لکھے گئے ہوں جیسے مسائل صحت وحفظ صحت۔امداد باہمی۔شہری زندگی۔زراعت اور گھریلو صنعتیں۔ریاست کی مختلف زبانوں میں ایک روزنامہ یا رسالہ جاری کرنے کی تجویز بے محل نہ ہوگی اس قسم کے کام کے اخراجات بمقابلہ اس کے افادات کے کچھ زیادہ نہ ہوں گے۔صوبہ جات متحدہ میں بالغوں کے لئے ایک رسالہ "روشنی" کے نام سے شایع کیا جاتا ہے۔ایسے مفید معلومات جن کی کاشتکاروں کو ضرورت ہوتی ہے اس رسالہ میں شائع کئے جاتے ہیں اور جو ملک کے نظم ونسق میں بھی بلا واسطہ مد ہوتے ہیں۔آخر میں یہ بات بھی ظاہر کرنی ہے کہ بالغوں کی مزید تعلیم کے لئے بغور مرتب کئے ہوئے پروگرام کے تحت طلسمی فانوس۔ریڈیو۔اور سینما سے پورا پورا فائدہ اٹھایا جائے۔

رقم کے سوال کی تفصیلات میں پڑنے کی ہمیں ضرورت نہیں ہے۔اگر ایک موزوں منصوبہ اختیار کرکے کام ہاتھ میں لے لیا جائے تو قابل حصول فنڈوں کے تناسب سے رقوم کی تحدید ممکن ہو جائے گی۔

ایسے منصوبہ کی عدم موجودگی میں جو کچھ بھی کہا جاسکتا ہے وہ یہ ہے کہ (۵) روپیہ ماہوار کا استاد بشمول اخراجات روشنی وغیرہ (۳۰) طلبا کی جماعت کو چلانے کے قابل سمجھا جاسکتا ہے۔ان مدارس میں تعلیم مفت دی جائے اس کے علاوہ ان میں اکثر مدارس

میں تختیاں اور کتابیں بھی مفت مہیا کی جائیں کیونکہ ابتدائی مدارج میں بالغ لوگ کسی طرح اپنی تعلیم پر کچھ خرچ کرنا پسند نہ کریں گے۔ تاہم جو بالغ فیس دے سکتے ہیں ان سے معمولی فیس لی جائے۔ بعض مقامات میں باضابطہ فیس بھی لی جاتی ہے۔ اس اصول کے تحت کہ جو کچھ مفت دیا جاتا ہے لوگ اسے پسند نہیں کرتے۔ (۳۰) طلبہ کے لئے (۱۰۰) روپیہ ماہوار کی شرح سے بھی محض تحتانی تعلیم فی طالب علم (۳) روپیہ خرچ آتا ہے۔

تعلیم بالغان کے زبردست اخراجات پر نظر کرتے ہوئے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہر ضلع اور تعلقہ کے مستقر پر مقامی کمیٹیاں قایم کی جائیں جو بااثر اور عام طبقہ کے دلچسپی لینے والے ارکان پر مشتمل ہوں جو ان مدارس کو چلانے کے لئے فنڈ جمع کرنے میں مدد دیں۔ دیگر مختلف امور میں بھی ان کا اشتراک عمل ممد ہوگا۔ یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں ہے کہ محکمہ امداد باہمی اپنے دیہی تعلیم کے پروگرام پر عمل پیرا ہو کر محکمہ تعلیمات کے ساتھ ساتھ اس اہم کام کو انجام دے سکتا ہے۔ ان مقامی انجمنوں کو کسی صورت میں بھی ایسے مدارس کے کاموں میں دخل انداز نہ ہونا چاہئے جو کہ کامل طور پر محکمہ کے تحت ہوں۔ یہ انجمنیں صرف مشورہ دینے والی جماعتیں ہوں گی۔

اب چند متفرق امور پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ تعلیم بالغان کے لئے کس قسم کے معلم درکار ہیں۔ قبل ازیں روئداد میں کہیں کہیں اس بارہ میں حوالہ دیا گیا ہے کہ اگر سرمایہ معقول ہو تو ان مدارس میں تعلیم دینے کے لئے اعلیٰ تعلیم یافتہ معلمین کو ہر کوئی پسند کرے گا۔ (۳۰) بالغوں کی جماعت کو تعلیم دینے کے لئے ایک معلم کا الونس اور مدرسہ کے دیگر اخراجات (۱۵) روپیہ ماہوار ہوں۔ ایسی صورت میں ایک لاکھ ان پڑھوں کی تعلیم کے لئے دو لاکھ روپیہ کی ضرورت ہو۔ چونکہ اس قلیل اجرت پر اعلیٰ تعلیم یافتہ کا فراہم ہونا محال ہے۔ اس لئے ہم صرف مڈل ٹرینڈ معلین سے کام چلانے پر مجبور ہوں گے۔ ہم کو مڈل ٹرینڈ معلین کی محدود لیاقت کا اچھی طرح علم ہے۔ کمیٹی ان معلین کی تعلیم سے کچھ زیادہ توقع نہیں رکھتی۔ لیکن جس طرح مقصد کے تعین اور ترتیب نصاب کے تحت صرف عملی نوعیت کا لحاظ مناسب سے بڑھ کر پیش نظر تھا۔

اسی طرح انتخاب معلمین کے معاملہ میں بھی زیادہ بلند پروازی کی امید نہیں رکھنی چاہئے۔ ایک معلم ہیں اسنادہی حقیقت میں ایسی اہم نہیں ہیں چنانچہ بعض اوقات اعلیٰ قابلیت کے معلمین بھی ناموزوں ثابت ہوتے ہیں۔جس قسم کے اساتذہ کی مدارس بالغان میں ہم توقع کر رہے ہیں۔ایسے لوگوں کو ترغیب دیکر ان کی خدمات تعلیم بالغان کے لئے حاصل کریں۔اور وقتاً فوقتاً مختصر تقریروں کا انتظام کرکے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

اب طریقۂ تعلیم بالغان کے متعلق چند باتیں کہی جائیں گی۔بالغ اَن پڑھوں کے دماغوں میں کوئی خاص فرق نہیں پایا جاتا ہے۔اُن کے دماغ کی بھی ساخت عام تعلیم یافتہ بالغ شخص کے دماغ کی طرح ہوتی ہے۔سوا اس کے کہ اس کا ذخیرہ معلومات کم اور زندگی کا نصب العین تنگ اور وہموں سے بھرا ہوتا ہے۔اور جب وہ کوئی نیا کام کرتا ہے تو اس کے عمل میں تذبذب اور بے اعتمادی کا رنگ پیدا ہوتا ہے۔اس کے قطع نظر اس کا ذہن بالکل ایسا ہی صحیح ہوتا ہے جیسا کسی اور شخص کا۔ایسے آدمی کے ساتھ کسی حالت میں بھی بچوں کا سا برتاؤ نہ کرنا چاہئے بالغ طالب علم کے ساتھ مدرس کے طرزِ عمل میں ہمدردی اور دوستی خاص خصوصیت ہو۔کمرہ جماعت کے طریقے جن کی پیروی عام مدارس میں کی جاتی ہے۔بالغوں کی تعلیم میں ان کی پیروی نہ کی جائے۔ایسے طریقے جو بہ نسبت نظری کے عملی ہوں اور جن کو بالغ لوگ آسانی سے قبول کرسکتے ہوں اختیار کئے جائیں۔بالغوں کی جماعتیں روزانہ دو گھنٹے شب میں (۷) اور (۱۰) بجے کے درمیان منعقد کی جانی چاہئیں اس وجہ سے ان مدارس کو عموماً مدارس شبینہ کہتے ہیں حالانکہ تمام مدارس شبینہ مدارس بالغان کی تعریف میں نہیں آسکتے۔ وجہ یہ ہے کہ مختلف عمر کے طلبا جن میں تعلیم حاصل کرنے کی عمر کے بچے بھی شامل ہیں ایسے مدارس میں بلاتفریق شریک کرا لئے جاتے ہیں اور یہی موجودہ صورت حال ہے۔ایسے مقامات پر اور ان دنوں جب کہ صباحی مدارس زیادہ موزوں ہوں اوقات تبدیل کئے جاسکتے ہیں اوقات مجوزہ کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہے۔بجز اس کے کہ

عموماً یہ اوقات ان اصحاب کے لئے موزوں ہیں جو تمام دن کاروبار میں گزارتے ہیں۔ اس لئے جماعت ہائے شبینہ ان کے لئے سہولت بخش ہیں۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو ایسی تدابیر اختیار کی جائیں کہ طلبا کو مدرسہ آنے میں دلچسپی پیدا ہو مثلاً یہ کہ صوبہ جات متحدہ کی حکومت نے ان کے لئے حقوں وغیرہ کا انتظام کیا ہے۔ مکسیکو کے مدارس بالغان میں جہاں کے حالات ہم سے کم وبیش ملتے جلتے ہیں مرد اور عورتیں کئی میل پیدل چل کر آتے تھے اور ہر ایک متعلم اپنے ساتھ ایک چراغ لاتا تھا۔ جس کی دھندلی روشنی میں تعلیم حاصل کی جاتی تھی۔ سرما یا بارش کی انھیں مطلقاً پروا نہ تھی۔ دیگر مدارس کی طرح مدارس بالغان میں ہر ہفتہ (۶) روز کام کیا جائے جہاں تک تعطیلات کا تعلق ہے مدارس میں جس قدر تعطیلات دی جاتی ہیں اس قدر تعطیلات کی انھیں ضرورت نہیں۔ مذہبی تہوار۔ یا عیدوں اور دوسری تعطیلات کے ماسوا یہ مدارس سال بھر کام کریں۔ مقامی حالات کے لحاظ سے البتہ تعطیلات میں کچھ رعایت ہونی چاہیئے۔

اسناد۔ حوصلہ افزائی کے لئے اور اس نقطہ نظر سے کہ کاغذی اسناد کو خاص روایاتی اور جذباتی وقعت دی جاتی ہے کمیٹی کی یہ رائے ہے کہ سرسری آزمایش کے بعد دو قسم کے اسناد ایک طبقہ تحتانیہ کے ششماہی نصاب کی تکمیل کے بعد۔ دوسرے دوسالہ نصاب کے بعد عطا کئے جاسکتے ہیں۔

نسوانی مدارس بالغان مدارس نسوان کا ذکر بھی یہاں پر بے محل نہ ہوگا وہ دن گئے کہ مردوں کی تعلیم پر کلیتاً زور دیا جاتا تھا اور تعلیم نسوان سے غفلت برتی جاتی تھی۔ جب عام جبری تعلیم کی اسکیم روبعمل لائی جائے تو اس کا تعلق ذکور و اناث ہر دو سے ہوگا۔ پس عورتوں کے لئے بھی مدارس بالغان کے قیام کی ضرورت ہے۔ جب تک عورتوں کی جہالت نہ مٹائی جائے گی عام جبری تعلیم کے اثرات امور خانہ داری میں سخت نفرت خیز ردعمل پیدا کریں گے جو ان مضر اثرات کے ماسوا ہوگا جن کا خود عورتوں کی زندگی سے تعلق ہے۔ مسرت کی بات ہے کہ

"کل ہند کانفرنس نسوان" اس معاملہ میں بے حد دلچسپی لے رہی ہے۔ اور اس تنظیم میں ریاست حیدرآباد کے نمایندوں نے عورتوں کی تعلیم میں جو گرم جوشی و مستعدی دکھائی ہے وہ کسی سے کم نہیں۔ ان کی مختلف صوبہ جاتی کانفرنسوں میں عورتیں نسوانی مدارس بالغان کے قیام پر زور دے رہی ہیں۔ اس ریاست میں تعلیم بالغان نسوانی کی اسکیم کو روبہ عمل لانے کے لئے کل ہند کانفرنس نسوان کی شاخ حیدرآباد سے مدد لینا چاہئے۔ جہاں تک ہمیں علم ہے نصاب تعلیم میں کوئی نمایاں فرق نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ مدارس بالغان کا خاص مقصد اشاعت تعلیم ہے عورتوں کی نصابی کتب میں چند مضامین کا شمول ضروری ہے۔ مثلاً بچوں کی نگہداشت امور خانہ داری وغیرہ جس طرح مردوں کے لئے مدارس کے قیام کی ضرورت ہے۔ اسی طرح (اگر زیادہ نہ ہو تو مضایقہ نہیں) عورتوں کے لئے مدارس کا آغاز نہایت ضروری ہے۔

بالآخر یہ بتلا دینا ضروری ہے کہ محض جہالت کے مٹا دینے سے تعلیم بالغان کا مقصد کلیتاً تکمیل نہیں پاتا۔ البتہ بلند حوصلہ مقصد کو روبہ عمل لانے کے لئے یہ مناسب ابتدا ہے اگر ہمیں ان مقاصد کی تکمیل کے لئے بہتر مواقع کے انتظار کی ضرورت ہو تو اس کے ہرگز یہ معنی نہیں ہوسکتے کہ ان اعلیٰ مقاصد کو نظر انداز کرکے بے دلی سے کام شروع کیا جائے۔ بلکہ جو کچھ کام ہو وہ منظم پروگرام اور معین پالیسی کے تحت ہو۔ مقصد یہ ہونا چاہئے کہ ممکنہ کم سے کم وقت میں بالغوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد خواندہ بنائی جاسکے۔ اس لائحہ عمل کے تحت اگر ریاست سے ناخواندگی کے استیصال کی پرجوش آرزو اور جذبہ حب الوطنی جیسے اعلیٰ جذبات کام کریں تو ہمیں قوی امید ہے کہ نمایاں اور عظیم الشان نتائج حاصل ہوں گے۔

ضمیمہ

(۱) ہمارا فرماں روا۔ تمہیدی :۔ خاندان آصفجاہی کی تاریخ ۔ تاریخ تخت نشینی۔(۲۵)
(ایک سبق) سالہ دور حکومت کے کارنامے ۔ ذات ہمایونی کی سیرت وخصائل۔
شہزادگان وشہزادیان بلند اقبال۔

(۲) ہم پر حکومت ۔ الف ۔ ریاست کی حکومت کا نظم ونسق ۔ مختلف محکمہ جات۔
کس طرح کی جاتی ب ۔ دیہی انتظام حکومت ۔
ہے ۔ (۲) سبق ۔ ج ۔ محاصل اور رعایا کے مفاد پر ان کا مصرف ۔

(۳) سائینس روزمرہ ۔ الف ۔ برقیات ۔ لاسلکی ۔ ریڈیو ۔ ٹیلیفون (ب) موٹر ۔
کی زندگی میں ۔ ہوائی جہاز ۔ ریل گاڑی ۔ دخانی جہاز ۔ (ج) عکاسی۔ گراموفون
(۳) اسباق سینما۔ (د) چھاپہ خانہ ۔

(۴) صفائی ایک سبق۔ عام خاکہ شہر و دیہات ۔ سڑکوں کی صفائی ۔ زمین دوز نالیاں
صاف اور ستھرا پانی ۔ پاک وصاف کنواں ۔ مارکٹ۔ صحت
بخش مقامات ۔

(۵) حفظ صحت ۔ الف ۔ حفظ صحت جسمانی کھیل اور اسپورٹس ۔
(۲) اسباق ب ۔ شخصی حفظ صحت اور صحت عامہ سے اس کا تعلق۔
ج ۔ غذا اور لباس میں صفائی ۔
د ۔ سماجی اخلاق ۔
ھ ۔ پرہیز ۔ احتیاط وعلاج امراض ۔
و ۔ اسباب امراض (دیوی دیوتا کے قہر سے نہیں) ملیریا
چیچک ۔ طاعون ۔ ہیضہ ۔ تپ میعادی ۔ دق تشنج ۔

(۶) مشروبات وماکولات (۲) سبق

تمہیدی:۔ (۱) غذا کی ترتیب ہوشیاری اور احتیاط کے ساتھ کھانے کی چیزوں میں غذائیت کا لحاظ ذائقہ پر مقدم رہے۔ پرخوری اور کم خوری کوٹے ہوئے چاول بمقابلۂ صاف کئے ہوئے چاول کے۔ گیہوں۔ جوار۔ دالوں تازہ ترکاریوں۔ میوہ اور انڈوں کی قدر و قیمت (بلحاظ غذائیت) اناج کی حفاظت۔ غذا کے لئے اوقات کا تعین۔

(۲) پانی جوش دینا۔ صاف پانی۔ ناصاف پانی بحیثیت اسباب امراض جیسے ہیضہ۔ پیچش۔ اسہال۔ تپ میعادی وغیرہ۔ چرخی دار باولیاں بہ مقابلہ زینہ دار باولیاں۔ نہریں نارو۔ قہوہ چائے یا گازدار پانی۔ شربت وغیرہ تازہ پانی۔ دودھ اور مکھن۔ (الکحل شراب کے خطرات)۔

(۷) پہلی امداد (فرسٹ ایڈ) ایک سبق

اس سے کیا مراد ہے۔ امراض کے علاج مختلف اور اس بناء پر عامی کے لئے ممکن و ضروری مختصر نصاب۔ زخم۔ احتراق۔ دورے۔ لو۔ غرقابی۔ آگ کے حادثات میں پہلی امداد۔ بچھو یا سانپ کے کاٹے کا علاج۔ صندوق الادویہ۔

(۸) مشاہیر (۳) اسباق

بلا لحاظ مذہب و ملت و زمانہ۔ سوانح مشاہیر کے مطالعہ کی ضرورت و اہمیت۔

(۱) کرشن جی۔ (۲) رامچندر جی۔ (۳) مہاتما بدھ۔ (۴) اشوک۔ (۵) حضرت عیسیٰؑ۔ (۶) حضرت محمدؐ۔ (۷) کبیر داس۔ (۸) رام موہن رائے (۹) اکبر اعظم۔ (۱۰) گاندھی جی۔ (۱۱) سر سید احمد خان۔ (۱۲) سرسالار جنگ اول۔

(۹) تاریخ (۲) اسباق

ثقافتی (تمدنی) تاریخ نہ کہ خاندانوں اور لڑائیوں وغیرہ کی فہرست "خطوط نہرو بنام دختر" کے انداز پر۔ مقصد یہ ہو کہ زندگی کے

متعلق وسیع اور معقول نصب العین متعلم کی نظر کے سامنے آجائے۔
اقوام عالم کی تقسیم کا خاکہ۔ نسلوں کا ترک وطن۔ قومیت کا
مفہوم ہندوستان اور حیدرآباد کے خاص حوالہ سے۔

(۱۰) جغرافیہ وفلکیات (۳) اسباق
مطالعہ کی قدر وقیمت۔ دنیا کے متعلق معلومات اور اس کے
متعلق وسیع النظری کائنات۔ ستارے اور سیارے۔ نظام شمسی
کسوف وخسوف۔ دن رات موسم۔
دنیا۔ خشکی اور تری۔ پہاڑ۔ آتش فشاں۔ زلزلے۔ سمندر۔ جھیل۔
جنگل۔ ریگستان۔
آب وہوا بارش۔ دنیا کے ممالک۔ پیداوار۔ پیشے۔ زراعت۔
صنعت وحرفت۔ آبادی۔ دیگر ممالک کے باشندے۔ ان کے
طور طریقے اور رسم ورواج۔

(۱۱) زراعت (ایک) سبق
(۱) حیدرآباد میں زراعتی وصنعتی کاروبار کا تناسب۔
(۲) ہندوستان کے خاص پیشے کی حیثیت سے زراعت کی اہمیت۔
(۳) موجودہ طریقے اور اس کی ترقی کی تجاویز زمین کی شناخت
جانچ۔ آلات کاشتکاری اچھے تخم۔ کھاد۔ زراعت میں انجمن ہائے
امداد باہمی کی کوششیں پیداوار کو بازار میں پہونچانا۔

( ) صنعتیں (ایک) سبق
مغرب، ہندوستان اور حیدرآباد میں کاتنا اور بننا۔ مشنیں
قالین سازی۔ ریشم۔ کاغذ۔ دیاسلائی۔ کانچ کی گڑیا۔ صابون۔
شکر اور نمک تیار کرنا۔ سونے چاندی کا بیدری کام۔

( ) شہری زندگی (ایک سبق)
(۱) شہری زندگی کی تعریف۔ شہریوں کے حقوق وفرائض۔
(۲) حکومت کے ساتھ تعاون۔
(۳) فرمانروا کے ساتھ وفاداری۔
(۴) سماجی خدمت۔

(۵) گاؤں کی پنچائتیں مقدمہ بازی سے باز رکھنے کی کوششیں۔
(۶) سماجی مساوات۔ (۷) منظم خیرات۔
(۷) انسداد بے رحمی بر جانوران۔

( ) ذرائع حمل ونقل ایک سبق
(۱) تاریخ قدیم زمانہ سے اب تک۔
(۲) پیدل چلنے والے۔ سائیکل۔ موٹر۔ ہوائی جہاز۔ جہازرانی۔ دخانی جہاز۔

( ) الف۔ ٹپہ ب۔ تاربرقی ایک سبق
(الف) قدیم زمانہ میں ٹپہ۔ بری۔ بحری اور ہوائی ذرائع آمدورفت میں حالیہ ترقیاں۔ داخلی و خارجی ٹپہ رسانی۔ کاروبار اور تنظیم۔ سیونگ بنکس۔
(ب) بیان۔ لاسلکی۔ ٹیلیفون۔ ریڈیو۔ اور دورنمائی یعنی (Television)۔

( ) انجمنہائے امداد باہمی (۲) اسباق
الف۔ تعریف (۲) اس کے مختلف پہلو۔ (۳) قرض خرید و فروخت۔ امداد باہمی اور اس کا بلند تصور۔ زراعت صنعت۔ تعمیر امکنہ (۴) حکومت کی جانب سے امداد عوام کے فرائض۔
ب۔ کفایت شعاری شخصی و سماجی پہلو۔ کفایت شعاری۔ اور اس کی تنظیم کے طریقے۔ کفایت شعاری۔ سکھانے والی انجمنیں۔ دیہی بینک کم خرچ شادیاں۔ اور دوسری تقریبیں۔ شراب خواری سے احتراز۔ سادگی بہ مقابلہ عیش و عشرت۔ قناعت پسندی۔

( ) باغ بانی و مرغ بانی ایک سبق
ترکاریوں کی قدر و قیمت۔ غذا میں میوہ اور انڈا۔ باغ بانی اور مرغ بانی کے طریقوں میں اصلاح کی ضرورت۔ جراثیم اور ان کے انسداد کی حکیمانہ تدابیر۔ مختلف قسم کے باغات اور ان کے نشو و نما کے طریقے۔ اصیل اور انجائی مرغوں کی پرورش کی ترویج۔

شربت ۔ مربے ۔ چٹنی اور اچار ۔

( ) توہمات ۔ مختلف ممالک کے توہمات ۔ ان کی حماقت اور بے علمی کی وجہ

ایک سبق ۔ سے توہمات کی وجہ خطرات ۔ تعلیم اس کا بہترین علاج ۔

( ) اشعار کل تقریباً بیانیہ نظموں کے (۵۰) اشعار جو اخلاقی نتائج پر مشتمل

(۳) اسباق ہوں ۔

ذیلی کمیٹی تعلیم بالغان

کے

مُرممہ و منظور شدہ سفارشات

(۳)

(۱) مدارس بالغان جنہیں ہم قایم کرنا چاہتے ہیں دو قسم کے ہوں ۔

الف ۔ ابتدائی مدارس بالغان ۔

ب ۔ اعلیٰ مدارس بالغان ۔

(۲) اول الذکر مدارس میں مدت تعلیم چھ مہینے ہو ۔ اور ثانی الذکر میں ڈیڑھ سال جس کے دو حصے ہوں گے ۔ پہلی میقات چھ مہینے کی ۔ دوسری ایک سال کی

(۳) ان مدارس کا اولین مقصد لکھنا پڑھنا اور حساب کے ذریعہ تعلیم کی اشاعت ہونی چاہئے ۔ پہلی قسم کے مدارس میں نوشت و خواند کے لئے خاص کتابیں تیار کی جائیں ۔ حساب کی حد تک ایک لاکھ تک ہندسوں کا لکھنا ۔ چار بنیادی قاعدوں پر سادہ سوالات حل کرنا (۱۰ × ۱۰) تک پہاڑے ۔ حساب بازاری لین دین

سے پڑھانا چاہیے۔

اعلیٰ مدارس بالغان میں خاص کتب کے ذریعہ نوشت و خواند اور کسی قدر زاید حساب۔ کتب ایسے موضوعات پر ہوں گی جن سے بالغوں کو دلچسپی ہو۔ ایسے معلومات مہیا کئے جائیں جن سے ناخواندہ شخص کو بہترین زندگی بسر کرنے کا طریقہ معلوم ہو۔

جو مدارس بالغان خاص فرقہ کے لئے قائم ہوں ان میں بہ حصول اجازت دینیات و اخلاقیات کی تعلیم دی جاسکتی ہے۔

(۴) جہالت کی طرف عود کرنے سے بچانے کے لئے کتب خانہ اور دار المطالعہ کی تنظیم ہونی چاہیے۔ سینما۔ ریڈیو۔ اور طلسمی فانوس سے بھی امداد لی جائے گی۔

(۵) محکمۂ تعلیمات غیر سرکاری ذرائع کی امداد اور تعاون سے ان مدارس کو قائم کرے گا۔ تعلیم بالغان کی اشاعت کے لئے تعلقوں اور اضلاع میں کمیٹیاں قائم کی جائیں گی۔

(۶) مدرسہ کی عمارت دفتر گاؤں کی چاوڑی پر تعلیم بالغان کا انتظام کیا جائے گا۔

(۷) تعلیم مدرسوں کے عام اساتذہ یا ایسے مدرسین دیں گے جن کا خاص طور پر تقرر ہو۔ عموماً شام کے وقت تعلیم دی جائے گی ایسے مدرسین کو ہر مدرسہ کے لئے جس میں بالغ تعلیم پانے والوں کی تعداد (۳۰ تا ۵۰) ہو ۱۵ روپیہ بہ شمول اتفاقی اخراجات بطور الونس دئے جائیں گے۔

(۸) حیدرآباد کی خواتین کانفرنس کے اتحاد عمل سے اس نہج کے مدارس بالغان برائے نسوان قایم کئے جائیں گے۔ جیسے ذکور کے لئے قائم ہوں گے۔

(۹) دو قسم کے اسناد خواندگی عطا کئے جائیں۔ ایک ششماہی نصاب کی تکمیل اور دوسرا دو سالہ نصاب کی تکمیل کے بعد۔

(۱۰) پوری اسکیم کو ایک معین منصوبہ اور معینہ مدت میں رو بہ عمل لایا جائے۔

(۱۱) ایک مرکزی بورڈ قایم کیا جائے جو پبلک سررشتہ تعلیمات اور دیگر سررشتہ جات کے نمائندوں پر مشتمل ہو۔اس کی شاخیں اضلاع میں بھی قایم کی جائیں۔ تاکہ تعلیم بالغان کے اہم کام کو خاطر خواہ چلایا جاسکے۔

شذرات

ریاست حیدرآباد میں تعلیمی تنظیم حکومت سرکار عالی کا پریس نوٹ

حکومت سرکار عالی نے وہ تجویزیں منظور کرلی ہیں جو مجلس تعلیم ثانوی کی جانب سے ریاست میں تعلیمی تنظیم کے بارے میں پیش کی گئی تھیں۔یہ تجویزیں وسیع اصلاحات پر مشتمل ہیں جن کا تعلق لڑکیوں کی تعلیم سے نیز فنی تعلیم کو نصاب میں داخل کرنے اور امتحانات کے بار کو کم کرنے سے ہے۔ادنیٰ ثانوی مراحل میں لڑکیوں کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ریاست کی چاروں زبانوں میں سے کسی ایک زبان کو بطور ذریعہ تعلیم پسند کریں۔

اس نئی اسکیم میں تعلیم کی پوری مدت جو جماعت اول سے بی۔اے کے امتحان تک چودہ سال مقرر کی گئی ہے۔چار جدا جدا منزلوں میں تقسیم کی گئی ہے۔یعنی تحتانی منزل، ادنیٰ ثانوی منزل، اعلیٰ ثانوی منزل، اور جامعی منزل۔پہلی دو منزلوں کی مدت تعلیم چار چار سال ہے اور آخری دو کی تین تین سال۔تحتانی منزل میں (جس میں جماعت صغیر شامل نہ ہوگی) کم از کم ایک اور سال کی تعلیم کا انتظام ان طلبا کے لئے کیا جائے گا جو اس کو ختم کرکے ثانوی مدارس میں داخل نہ ہونا چاہتے ہوں۔جامعی امتحانات کے علاوہ دو سرکاری امتحانات مقرر کئے گئے ہیں۔پہلا امتحان ادنیٰ ثانوی منزل (جماعت پنجم سے جماعت ششم تک) کے ختم پر لیا جائے گا اور دوسرا امتحان اعلیٰ ثانوی منزل (جماعت نہم سے جماعت یازدہم تک) کے ختم پر لیا جائے گا۔یہ امتحانات علی الترتیب امتحان ادنیٰ ثانوی

) Lower Secondary stage (اور اعلیٰ ثانوی (Higher Secondary stage) کے نام سے موسوم ہوں گے۔

مجلس نے ثانوی تعلیم کی کمیٔ تنظیم کے لئے جو تجویزیں پیش کی ہیں وہ بہت دورس ہیں۔ امتحانات کا بوجھ گھٹانے کے لئے ادنیٰ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی ہر دو منزلوں کا نصاب امتحانی مضامین اور غیر امتحانی مضامین میں تقسیم کیا گیا ہے اعلیٰ ثانوی منزل تین شعبوں میں تقسیم ہو گی۔

الف۔ شعبہ فنون ب۔ شعبہ ریاضی وسائنس ج۔ شعبہ حیاتیات۔

دسویں جماعت سے طلبا خصوصی مضامین لے سکیں گے۔ سیکنڈری کمیٹی کے سفارشات کے مطابق ادنیٰ ثانوی مدارس کو شہری مدارس اور دیہی مدارس میں دستکاری کی تعلیم اور دیہی مدارس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ شہری مدارس میں دستکاری کی تعلیم اور دیہی مدارس میں باغبانی اور زراعت کی تعلیم غیر امتحانی مگر لازمی مضمون کی حیثیت سے دی جائے گی۔

جہاں تک لڑکیوں کا تعلق ہے ان کا نصاب اعلیٰ ثانوی منزل میں چار شعبوں میں منقسم ہو گا۔ الف۔ شعبہ فنون۔ ب۔ شعبہ ریاضی وسائنس (ج) شعبہ حیاتیات اور (د) شعبہ امور خانہ داری اور ادنیٰ ثانوی مدارس میں ان امتحانی مضامین کے علاوہ جو لڑکیوں کے لئے مقرر ہیں امور خانہ داری کو بھی زائد امتحانی مضمون کی حیثیت سے جگہ دی جائے گی۔

جہاں تک ذریعہ تعلیم کا تعلق ہے لڑکوں کے لئے ادنیٰ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی دونوں منزلوں میں بدستور اردو جاری رہے گی لیکن لڑکیوں کے لئے صرف اعلیٰ ثانوی منزل میں اُردو باقی رہے گی۔ ادنیٰ ثانوی منزل میں لڑکیوں کو اختیار ہو گا کہ اردو یا کسی دوسری ملکی زبان مثلاً تلنگی، مرہٹی، یا کنڑی کو ذریعہ تعلیم کے طور پر پسند کریں۔

یہ بات باعث دلچسپی ہے کہ ہر تعلیمی منزل کے اختتام پر خاص خاص فنی اداروں میں فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم کا علحدہ انتظام کیا جائے گا۔ چنانچہ تحتانی منزل کے اختتام پر یعنی پانچویں جماعت کے بعد صنعتی مدارس کھلے ہوں گے اور آٹھویں جماعت اور گیارھویں

جماعت کے بعد مختلف قسم کے پیشہ ورانہ فنی مدارس کا انتظام ہوگا۔

نئی اسکیم کا نفاذ جماعت پنجم، ششم اور ہفتم کے افتتاح سے ماہ امرداد ۱۳۴۸ف میں ہوگا۔ اس کے بعد ہر سال ایک ایک نئی جماعت کا اضافہ ہوتا جائے گا۔ اس لحاظ سے پہلی دفعہ امتحان لور سکنڈری سرٹیفکٹ خورداد ۱۳۵۰ف میں اور امتحان اپر سکنڈری سرٹیفکٹ خورداد ۱۳۵۳ف میں لیا جائے گا۔ (حکومت سرکار عالی کا پریس نوٹ)

نصاب کی جدید تاریخی کتابیں

سررشتۂ تعلیمات سرکار عالی نے نصاب کی تاریخی کتابوں کی نظر ثانی کرنے اور انھیں از سر نو مرتب کرنے کا اس مقصد سے بیڑا اٹھایا ہے کہ ان میں جو کچھ فرقہ وارانہ اثرات پائے جاتے ہوں انھیں دور کیا جائے۔ یہ کوشش ان متعدد کوششوں میں سے ایک ہے جو قومیت کو ابھارنے اور ترقی پذیر سطح نظر پیدا کرنے کے لئے ریاست میں کی جارہی ہے۔

غالباً یاد ہوگا کہ عالیجناب رائٹ آنریبل سر اکبر حیدری نے بھی گزشتہ سال ڈھاکہ یونیورسٹی میں اپنے خطبۂ تقسیم اسناد میں اس ضرورت پر زور دیا تھا کہ ہندوستانی تاریخ کی کتابوں کو فرقہ واری تعصب کے اثرات سے پاک کرنا چاہئے۔ برطانوی ہند کی بعض صوبہ واری حکومتوں نے بھی اس ضرورت کو محسوس کر لیا ہے۔ چنانچہ حال میں صوبہ جات متحدہ کی مجلس وضع قوانین نے اس بارے میں ایک تحریک بھی منظور کی ہے۔

سررشتۂ تعلیمات نے دو سال قبل ایک خاص کمیٹی مقرر کر کے اس کام کو آغاز کیا۔ یہ کمیٹی جامعہ کے بعض اساتذہ اور محکمۂ مذکور کے نمایندوں پر مشتمل ہے اور اپنے کام کی انجام دہی میں حسب ذیل تین اصول اس کے پیش نظر رہے:۔

(۱) کتابوں میں سے فرقہ واری رجحانات کو دور کر دیا جائے تاکہ طلبا میں رواداری کا جذبہ ترقی پانے میں مدد ملے۔

(۲) تاریخی واقعات کے تہذیبی اور معاشرتی پہلوؤں کو زیادہ اجاگر کیا جائے اور

(۳) سلیس زبان استعمال کی جائے۔

مزید برآں کمیٹی نے لڑائیوں اور سازشوں کی تفصیلات کو نظر انداز کیا ہے اور

ان کے بجائے ایسے واقعات کو شامل کیا ہے جن سے طلبار کے دلوں میں اپنے مشترکہ قومی جذبہ کا فخر آمیز احساس پیدا ہو۔ اس وقت تک کمیٹی نے جماعت ہائے سوم وچہارم، پنجم ششم، ہفتم، ہشتم کے لئے پانچ درسی کتابیں تیار کرلی ہیں اور وہ عنقریب میں شائع ہوں گی۔

چند مثالوں سے ان اصولوں کی وضاحت ہو جائے گی جو ان کتابوں کی تیاری میں پیش نظر رہے ہیں مثلاً علاء الدین خلجی اور چتوڑ کی پدمنی یا بلیک ہول آف کلکتہ (کلکتہ کی کال کوٹھری) جیسے قصہ نما نیم تاریخی یا نزاعی تذکروں کو یا تو ترک کر دیا گیا ہے یا بہت مختصر کر دیا گیا ہے۔ ہندوستان کے مختلف طبقوں کے درمیان سیاسی برتری کی جو کشمکش رہی ہے اسے اس کے صحیح مطمح نظر میں پیش کیا گیا ہے یعنی اسے نسلی یا مذہبی رنگ میں نہیں بلکہ اس اصول کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے جس کے تحت مختلف اوقات میں مرکز پسند اور مرکز گریز قوتیں کام کرتی رہی ہیں چنانچہ اکبر اور راجپوتوں کے درمیان یا اورنگ زیب اور مرہٹوں کے درمیان جو کشمکش رہی ہے اوسے اسی اٹل قانون کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے۔ واقعات کے تہذیبی عنصر کے سلسلہ میں بھگتی تحریک جیسی تحریکوں کو کافی نمایاں کیا گیا ہے جو کبیر نانک' اور نام دیو جیسے بزرگوں کے فیض کا نتیجہ ہیں اور جو اسلامی اور ہندو تہذیب کے سنگم کی دلپذیر پیداوار ہیں کتابوں کی اس نئی ترتیب میں کمیٹی نے مشہور مورخوں کی تازہ تحقیق اور ریسرچ کے نتائج سے پورے طور پر استفادہ کیا ہے۔ (معلومات عامہ کا پریس نوٹ)

فہرست کتب درسی برائے جماعت پنجم تا ہشتم

مجوزہ ذیلی کمیٹی ہائے نصاب ومنظورہ کمیٹی آف کورس

(۱) انگریزی

مدارس شہری

پنجم ۔غائر مطالعہ۔

مندرجہ ذیل سے کوئی ایک کتاب حسب انتخاب صدر مہتمم صاحب تعلیمات

یا پرنسپل صاحب متعلقہ ۔

(۱) آکسفورڈ انگلش کورس۔ فاسٹ نمبر (۲)

(۲) دی نیو میتھڈ ریڈر ویسٹ نمبر (۲)

سرسری مطالعہ :۔

نیو میتھڈ ریڈرس کے ساتھ ان کی متعلقہ سپلمنٹری ریڈرین اور آکسفورڈ ریڈر کے ساتھ سلسلہ کی حسب ذیل کتب استعمال کی جائیں گی۔

(۱) رابن ہڈ (Robin Hood)

(۲) انڈین ٹیلس (Indian Tales)

قواعد :۔ حسب ذیل کتب کے استعمال کی سفارش کی جاتی ہے۔

(۱) اے سمپل انگلش گرامر وتھہ اکسرسائزس از ای۔ اے میکنی (ا۔ی پریس)

A Simple English Grammar with Exercises by E. A. Macnee

(۲) این اوٹ لائن انگلش گرامر اسٹیج ون از آر۔ ڈبلیو جپسن (لانگ منس)

An Outline English Grammar - Stage one by R. W. Jipson

ششم ۔ غائر مطالعہ ۔

مندرجہ ذیل سے کوئی ایک کتاب حسب انتخاب صدر مہتمم صاحب تعلیمات یا پرنسپل صاحب انٹرمیڈیٹ کالج متعلقہ ۔

(۱) آکسفورڈ انگلش کورس۔ فاسٹ نمبر (۳)

(۲) دی نیو میتھڈ ریڈر ویسٹ نمبر (۳)

سرسری مطالعہ :۔

نیو میتھڈ ریڈرس کے ساتھ ان کی متعلقہ سپلمنٹری ریڈرین استعمال کی جائیں اور آکسفورڈ ریڈر کے ساتھ اسی سلسلہ کی مندرجہ ذیل کتب استعمال ہوں گی۔

(۱) رپ وان ونکل۔ Rip Van Winkle

(۲) کنگ آف دی گولڈن ریور۔ King of the Golden River

قواعد:۔ پنجم کی کتب پڑھائی جائیں گی۔

ہفتم ۔ غائر مطالعہ (مندرجہ ذیل سے کوئی ایک کتاب) حسب انتخاب صدر مہتمم صاحب تعلیمات ۔ پرنسپل صاحب انٹرمیڈیٹ کالج متعلقہ ۔

(۱) آکسفورڈ انگلش کورس فاسٹ نمبر (۴)

(۲) نیو میتھڈ ریڈر نمبر (۴)

سرسری مطالعہ :۔ نیو میتھڈ ریڈرس کے ساتھ متعلقہ سپلمنٹری کتب اور آکسفورڈ ریڈر کے ساتھ سلسلہ کی حسب ذیل کتب پڑھائی جائیں گی۔

(۱) دی عربین نائیس The Arabian Nights

(۲) دی ٹمپیسٹ The Tempest

قواعد :۔ حسب ذیل کتب کے استعمال کی سفارش کی جاتی ہے۔

(۱) اکسرسائزس ان انگلش گرامر اینڈ ایڈیم از ای ۔ اے میکنی (آ۔ی پریس)

Exerciseas in English Grammar & Idioms by E, A. Macnee

(۲) انگلش گرامر فار ٹوڈے ۔ از ۔ آر ۔ ڈبلیو جپسن (لانگ منس)

English Grammar for to-day by R. W. Jipson

(۳) رنس شارٹر انگلش گرامر (کوپر بمبئی) Wrenn's Shorter English Grammar (Cooper Bombay)

برائے مدارس دیہی

پنجم ۔ غایر مطالعہ — کوہ نور پرائمر

ششم ۔ غایر مطالعہ — کوہ نور ریڈر پہلی کتاب

ہفتم ۔ غایر مطالعہ — ,, ,, دوسری کتاب (نوٹ) سپلمنٹری ریڈر سلسلہ کی متعلقہ ریڈرس استعمال کی جائیں گی۔

بنیادی (بیسک) انگریزی کی تعلیم ہر صوبہ کے ۳۔۴ منتخب مدارس میں بطور تجربہ

دی جائیں گی۔ مدارس کا انتخاب اور کتب کا اعلان متعاقب کیا جائے گا۔

(۲) جغرافیہ

کتب موجودہ (برائے طلبا)

(۱) سلسلہ جغرافیہ حصہ اول تا چہارم از ایم۔آر قریشی صاحب (مکملن) اردو
(۲) اٹلس لانگ منس سینیر اٹلس فار انڈیا (فلپ)

(۳) دینیات

جماعت پنجم۔	رسالۂ دینیات پنجم	(مرتبہ سررشتہ تعلیمات)
جماعت ششم۔	رسالۂ دینیات ششم	(" " ")
جماعت ہفتم۔	رسالۂ دینیات ہفتم	(" " ")

کلام مجید کی تعلیم حسب سابق ہو گی۔

(۴) اُردو

پنجم (۱) درسیہ عثمانیہ پانچویں کتاب (انجمن ترقی اردو)

مجوزہ امدادی کتب۔

(۱) تحفۂ جاپان اصغر حسین صاحب اصغر	انڈین پریس الہ آباد
(۲) ارجن۔	
(۳) تخت سلیمان شیخ نور الٰہی	رائے گلاب سنگھ لاہور
(۴) علی بابا چالیس چور لالہ سوہن لال	" " "
(۵) بالشتیوں کی سرزمین	" " "

ششم۔ کتب مجوزہ درسی۔

(۱) درسیہ عثمانیہ چھٹی کتاب	انجمن ترقی اردو

مجوزہ امدادی کتب ۔

(۱) تحفۂ مصر و حبش اصغر حسین اصغر	انڈین پریس الہ آباد
(۲) ہوائی گھوڑا جزان چند چاولہ	عطر چند کپور الہ آباد
(۳) ولیم ٹیل محمد نصیر ہمایون	قومی کتب خانہ لاہور
(۴) بحر جنوبی کا سفر جگل کشور	دار الاشاعت پنجاب

ہفتم ۔ کتب مجوزہ درسی ۔

(۱) درسیہ عثمانیہ ساتویں کتاب	انجمن ترقی اردو

امدادی کتب ۔

(۱) تحفۂ قطبین اصغر حسین اصغر	انڈین پریس الہ آباد
(۲) مفید ایجادات کی کہانی ۔	″
(۳) لیلی پت کا بحری سفر	″
(۴) بہار کشمیر	″
(۵) دنیا کے آبشار	″

قواعد:۔ قواعد اردو حصہ دوم مرتبہ سررشتہ تعلیمات ۔

(۵) ابتدائی ریاضی

ابتدائی ریاضی مرتبہ سررشتہ تعلیمات پڑھائی جائے ۔ دوسری کتابیں مدرسین حسب ضرورت استعمال کرسکتے ہیں ۔

(۶) اخلاق

کتب مجوزہ درسی ۔ حسب سابق عمل ہو ۔

(۷) سنسکرت

مجوزہ درسی کتب ۔

پنجم :-	(۱) ابھی نیوا پتیھا کی پہلی کتاب	پہلے ۱۵ سبق
ششم	(۱) " " " "	مکمل مع نظم
	(۲) بھنڈارکر کی پہلی کتاب	پہلے ۹ سبق
ہفتم	(۱) ابھی نیوا پتیھا ولی دوسری کتاب	نصف اول
	(۲) بھنڈارکر کی پہلی کتاب	سبق ۱۰ تا ۲۴

پنجم ۔ مجوزہ درسی کتاب (۸) عربی

(۱) مبادی القرءة الرشیدہ جزو اول تالیف محمد عبید صاحب مطبوعہ مطبع المعارف مصر۔

ششم ۔ مجوزہ درسی کتاب ۔

(۱) مبادی القرءة الرشیدہ جزو ثانی تالیف محمد عبید صاحب مطبوعہ مطبع المعارف مصر۔

قواعد :۔ (۲) کتاب الصرف تالیف حافظ عبد الرحمٰن صاحب امرتسری مطبوعہ اسٹیم پریس لاہور، مدرس کے پیش نظر رکھنے کی سفارش کی جاتی ہے۔

ہفتم :۔ مجوزہ درسی کتابیں ۔

(۱) القرءة الرشیدہ جزو اول تالیف عبد الفتاح صبری بک وعلی عمر بک مطبوعہ مطبع المعارف مصر

امدادی کتب ۔

(۱) کتاب الارنب الذکی — مطبعۃ المعارف مصر

قواعد (۱) ششم کی قواعد مدرس کے پیش نظر رہے ۔

(۲) کتاب النحو تالیف حافظ عبد الرحمٰن امرتسری مدرس کے پیش نظر رہے۔

(۹) تلنگی

جماعت پنجم ۔

(۱) غایر مطالعہ تلگو ریڈر نمبر ۵ ازلکشمی نرسیوم وراگوینڈ راؤ (ونکٹ رام کمپنی ایلور)
یا (۲) غایر مطالعہ آندھرا واچکم ۵ (ونکٹ رام اینڈ کمپنی ایلور)
(ب) سرسری مطالعہ بھارت نیتی کتھالو حصہ اول (مسرز ونکٹ رام اینڈ کمپنی ایلور)
(ج) قواعد۔ سبودھنی ویاکریم حصہ اول (مسرز ونکٹ رام اینڈ کمپنی ایلور)
(۲) ویاکرن بودھنی برائے جماعت پنجم (فرسٹ فارم) سندر رام اینڈ سنس تنالی۔

جماعت ششم۔

(۱) غایر مطالعہ تلنگو ریڈر نمبر ۶ ازلکشمی نرسیوم وراگوینڈ راؤ (ونکٹ رام کمپنی ایلور)
یا الف۔ ۲۔ غایر مطالعہ۔ اندھرا واچکم نمبر ۶
ب۔ سرسری مطالعہ۔ بھارت نیتی کتھالو حصہ دوم۔
ج۔ قواعد۔ سبودھنی ویاکرنم حصہ دوم اور ویاکرن بودھن برائے سکنڈ فارم۔

جماعت ہفتم:۔

(الف) (۱) غایر مطالعہ تلگو ریڈر نمبر (۷) ازلکشمی نرسیوم وراگھوینڈ راؤ (ونکٹ رام کمپنی ایلور)
(۲) غایر مطالعہ آندھرو اچکم نمبر (۷)
(ب) سرسری مطالعہ بھارت ویرلو (مسرز ونکٹ رام اینڈ سنس)
(ج) قواعد سبو دھنی ویاکرنم حصہ سوم اور ویاکرن بودھنی برائے تھرڈ فارم۔

نوٹ۔ غایر مطالعہ کی کتب کا انتخاب صدر مہتمم تعلیمات یا پرنسپل صاحب انٹرمیڈیٹ کالج متعلقہ کریں گے۔

(۱۰) مرہٹی

جماعت پنجم۔

(الف) درسی کتاب نظم و نثر مراٹھی واچن مالا کتاب نمبر (۵) از جی یم ویدیا اور اے۔ وی مراٹھی (پوری کتاب) کے۔ڈی وہولے گرگام بمبئی۔

(ب) کمپوزیشن۔ از کے۔ یم بھیڈے حصہ اول (نصف کتاب)

جماعت ششم۔

(الف) درسی کتاب نظم و نثر مرہٹی واچن مالا بک نمبر (۶) از جی یم ویدیا اور اے۔ وی مراٹھی (پوری کتاب)

(ب) قواعد۔ آچھے بولنے۔ از یم۔ یس مونے حصہ دوم

(ج) کمپوزیشن۔ شدھ دسکا۔ از کے یم بھیڈے حصہ اول (دوسرا نصف حصہ) کے۔ڈی ڈھولے گرگام بمبئی۔

جماعت ہفتم۔

(الف) درسی کتاب نظم و نثر۔ مرہٹی واچن مالا کتاب نمبر (۷) از جی یم ویدیا اور اے وی مرہٹی (پوری کتاب)

(ب) قواعد۔ آچھے بولنے از یم۔ یس مونے حصہ سوم۔

(ج) کمپوزیشن نیندہ ویپیکا۔ از کے یم بھیڈے حصہ دوم۔ (پہلا نصف حصہ)

(۱۱) کنڑی

جماعت پنجم۔

(الف) غایر مطالعہ۔	کنڑی کی چوتھی کتاب سبق پانچ اور دس تا سبق (۳۱)
نثر	۳۴ تا ۳۹ اور ۴۱ تا ۴۵ (تیار کردہ میسور ایجوکیشنل ڈپارٹمنٹ مطبوعہ ۱۹۳۶ء سیتا یشو وہن بکڈپو بنگلور)
نظم	اسی کتاب سے۔
نظم	اسی کتاب سے نظم نمبر (۱-۴-۷-۱۱-۱۲-۱۳-۱۴-اور ۱۵)۔

(ب) سرسری مطالعہ۔ سیتا راما ازیم۔ ین کایت بال ساھیتیا منڈل کوڈیال بیل بنگلور۔

(ج) قواعد۔ ہوس کنڑ ویاکرن۔ از بی ملیا صفحہ ایک تا ۱۸ ۱۹۳۱ء ایڈیشن ڈپارٹمنٹ آف پبلک انسٹرکشن میسور ستیا ییشودہن بک ڈپو بنگلور

جماعت ششم۔

(الف) غایر مطالعہ۔ نثر۔ کنڑ پانچویں کتاب۔ ڈپارٹمنٹ آف پبلک انسٹرکشن میسور۔ ۱۹۳۶ء ایڈیشن۔ ا سباق ۴۔۱۰۔۱۴۔۱۷۔۱۹۔ ۲۵۔ ۲۶۔ ۲۷۔ ۲۸۔ ۳۱ اور ۳۴۔

نظم — اسی کتاب سے اسباق ۱۔۲۔۳۔۵۔ ۱۴۔ ۱۵۔ ۱۶ اور ۱۷

(ب) سرسری مطالعہ — چانکیا تنتر دو نو حصے۔ ازیم شنکر بھٹ۔ بال ساھتیا منڈل کوڈیال۔بیل بنگلور۔

(ج) قواعد۔ ہوس کنڑ ویاکرن صفحہ (۱۹ تا ۳۹)

جماعت ہفتم۔

(الف) غایر مطالعہ۔ نثر۔ کنڑ چھٹی کتاب ڈپارٹمنٹ آف پبلک انسٹرکشن میسور۔ ۱۹۳۶ء ایڈیشن۔ ایک تا ۲۵ اسباق۔

نظم — اسی کتاب سے اسباق ۱ تا ۶ اور ۱۴ اور ۱۵۔

(ب) سرسری مطالعہ۔ پلے چتر گلو از گرو راموری انیتگاد۔ سیتا شودھن پبلشنگ ہوس بنگلور۔

(ج) قواعد۔ ہوس کنڑ ویاکرن۔ ۴۰ تا ۶۵ صفحہ

(۱۲) تاریخ

جماعت پنجم ۔ تاریخ دکن مرتبہ سررشتہ تعلیمات ۔ سید عبدالقادر اینڈ سنس تاجران کتب چارمینار حیدرآباد دکن

جماعت ششم ۔ ہندوستان کی تاریخ 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

جماعت ہفتم ۔ تاریخ ہند حصہ اول 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

(۱۳) فارسی

جماعت پنجم ۔ کتاب فارسی دورہ سوم مرتبہ سررشتہ تعلیمات ۔ سید عبدالقادر اینڈ سنس تاجران کتب چارمینار حیدرآباد دکن

جماعت ششم ۔ 〃 〃 〃 چہارم 〃 〃 〃 〃 〃 〃

جماعت ہفتم ۔ 〃 〃 〃 پنجم 〃 〃 〃 〃 〃

جماعت پنجم تا ہفتم ۔ قواعد ۔ مفتاح القواعد مطبوعہ الہ آباد ۔

نوٹ :۔ سائنس اور امور خانہ داری وغیرہ کی کتب زیر ترتیب ہیں ۔

تفصیلی فہرست کتب نصابی برائے جماعت صغیر تا چہارم من ابتدائے یکم امرداد ۱۳۴۸ف لغایۃ ختم تیر ۱۳۴۹ف مرتبہ دفتر نظامت تعلیمات ملک سرکار عالی

نشان سلسلہ	نام مضمون	جماعت	نام کتب منظورہ	کیفیت
۱	زبان لازمی	صغیر	اردو کا قاعدہ مدرسیہ عثمانیہ مرتبہ انجمن ترقی اردو اورنگ آباد سالم کتاب	
	اُردو	اول	اردو کی پہلی کتاب 〃 〃 〃 〃	
		دوم	〃 〃 دوسری کتاب 〃 〃 〃 〃	
		سوم	〃 〃 تیسری کتاب 〃 اور اشارات قواعد برائے مدرسین مرتبہ سررشتہ تعلیمات	
		چہارم	〃 〃 چوتھی کتاب 〃 〃 اور مرمہ قواعد اردو حصہ اول مرتبہ سررشتہ ہذا۔ سالم کتاب	
۲	تلنگی برائے ذکور (زبان لازمی)	صغیر	بملا بالا سکشا مرتبہ ونکٹ راما اینڈ کو ویلور و سکندرآباد سالم کتاب	
		اول	اندھرا واچکم نمبر ۱ 〃 〃 〃 〃 〃 〃	
		دوم	〃 〃 ۲ 〃 〃 〃 〃 〃	
		سوم	〃 〃 ۳ 〃 〃 〃 〃 〃	
		چہارم	〃 〃 ۴ 〃 〃 〃 〃 〃	
			اور پرائمر آف تلگو گرامر مرتبہ 〃 〃 〃 〃	
۳	زبان لازمی تلنگی (برائے اناث)	صغیر	بملا بالا سکشا مرتبہ ونکٹ راما اینڈ کو ویلور و سکندرآباد سالم کتاب	
		اول	تلگو ریڈر نمبر ۱ 〃 〃 〃 〃 〃	
		دوم	〃 〃 ۲ 〃 〃 〃 〃	
		سوم	〃 〃 ۳ 〃 〃 〃 〃	
		چہارم	〃 〃 ۴ 〃 〃 〃 〃	
			اور پرائمر آف تلگو گرامر مرتبہ 〃 〃 〃	

نمبر سلسلہ	نام مضمون	جماعت	نام کتب منظورہ	کیفیت
۴	زبان لازمی مرہٹی	صغیر	مرہٹی پرائمر واچن مالا مشتہرکے ڈی ڈھوسلے گرگاون بمبئی سالم	
		اول	〃 〃 نمبر۱ 〃 〃 〃	
		دوم	〃 〃 ۲ 〃 〃 〃	
		سوم	〃 〃 ۳ 〃 〃 〃	
		چہارم	〃 〃 ۴ 〃 〃 〃	
۵	زبان لازمی کنڑی	صغیر	کنڑ بالا بودھا (کنڑی کا قاعدہ) مرتبہ میسور ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ ۱۹۳۵ء سالم	
		اول	کنڑی ریڈر نمبر۱ 〃 〃 〃	
		دوم	〃 〃 ۲ 〃 〃 〃	
		سوم	〃 〃 ۳ 〃 〃 〃	
			نصف حصہ اول نثر و نظم نصف حصہ اول	
		چہارم	〃 〃 نصف حصہ دوم نثر و نظم نصف حصہ دوم	
۶	حساب	صغیر	حسب نصاب مقررہ ۔ کوئی کتاب مقرر نہیں ہے . . .	
		اول	〃 رسالہ حساب جدید حصہ اول مرتبہ مولوی فیض محمد صاحب صدیقی ۔	
			یا رسالہ حمایت الحساب حصہ اول مرتبہ مولوی غلام رسول صاحب	
		دوم	رسالہ حساب حصہ دوم مرتبہ مولوی فیض محمد صاحب صدیقی	
			یا حمایت الحساب حصہ دوم مرتبہ مولوی غلام رسول صاحب	
		سوم	رسالہ حساب حصہ سوم مرتبہ مولوی فیض محمد صاحب صدیقی	
			یا حمایت الحساب حصہ سوم مرتبہ مولوی غلام رسول صاحب	
		چہارم	رسالہ حساب حصہ چہارم مرتبہ مولوی فیض محمد صاحب صدیقی	
			یا حمایت الحساب حصہ چہارم مرتبہ مولوی غلام رسول صاحب	
۷	معلومات عامہ	اول	(الف۔جغرافیہ) (حسب نصاب جدید) کوئی کتاب مقرر نہیں ۔	

نمبر شمار	نام مضمون	جماعت	نام کتب منظورہ	کیفیت
		دوم	(حسب نصاب جدید) (اشارات جغرافیہ دوم وسوم مرتبہ سررشتہ ہذا برائے مدرسین)	
		سوم	جغرافیہ حصہ سوم اردو مرتبہ سررشتہ ہذا " " سوم تلنگی " " " " " سوم مرہٹی " مولوی سجاد مرزا صاحب (اشارات جغرافیہ دوم وسوم مرتبہ سررشتہ ہذا برائے مدرسین)	
		چہارم	جغرافیہ حصہ چہارم اردو۔ مرہٹی۔ تلنگی۔ مرتبہ مولوی سجاد مرزا صاحب۔	
		سوم	(ب۔ تاریخ) تاریخی کہانیاں برائے جماعت سوم مرتبہ ڈاکٹر یوسف حسین خاں صاحب ومولوی نورالحسن صاحب منظورہ سررشتہ ہذا۔	
		چہارم	تاریخی کہانیاں برائے جماعت چہارم مرتبہ " " " " " " " " " "	
۸	السنۂ زائد اردو	دوم	انجمن ترقی اردو کا قاعدہ مکمل اور اردو کی پہلی کتاب انجمن ترقی اردو نصف حصہ اول۔	
		سوم	اردو کی پہلی کتاب مرتبہ انجمن ترقی اردو نصف حصہ دوم اور اردو کی دوسری کتاب مرتبہ انجمن ترقی اردو نصف حصہ اول	

نمبر شمار	نام مضمون	جماعت	نام کتب منظورہ	کیفیت
		چہارم	اردو کی دوسری کتاب مرتبہ انجمن ترقی اردو نصف حصہ دوم اور اردو کی تیسری کتاب " " " (سالم)	
۹	السنہ زاید فارسی	دوم	قاعدہ فارسی مرتبہ متین صاحب نصف حصہ اول۔	
		سوم	" " " " دوم۔	
		چہارم	دروس فارسی سالم مرتبہ متین صاحب	
۱۰	السنہ زاید تلنگی برائے ذکور	دوم	بلا بالاسکشا سالم اور آندھرا ریڈر نمبر ا نصف حصہ اول۔	
		سوم	آندھرا ریڈر نمبر ا نصف حصہ دوم اور آندھرا ریڈر نمبر ۲ نصف حصہ اول	
		چہارم	آندھرا ریڈر نمبر ۲ نصف حصہ دوم اور آندھرا ریڈر نمبر ۳ سالم	
۱۱	السنہ زاید تلنگی برائے اناث	دوم	بلا بالاسکشا سالم اور تلگو ریڈر نمبر ا نصف حصہ اول	
		سوم	تلگو ریڈر نمبر ا نصف حصہ دوم اور تلگو ریڈر نمبر ۲ نصف حصہ اول	
		چہارم	" " ۲ " " " ۳ سالم	
۱۲	السنہ زاید مرہٹی	دوم	مرہٹی پرائمر واچن مالا سالم اور مرہٹی واچن مالا نمبر ا کا نصف حصہ اول	
		سوم	مرہٹی واچن مالا نمبر ا کا نصف حصہ دوم اور مرہٹی واچن مالا کا نصف حصہ اول۔	
		چہارم	مرہٹی واچن مالا نمبر ۲ کا نصف حصہ دوم اور مرہٹی واچن مالا نمبر ۳ سالم	
۱۳	السنہ زاید کنڑی	دوم	کنڑی پرائمر سالم اور کنڑی ریڈر نمبر ا کا نصف حصہ اول	
		سوم	" ریڈر نمبر ا کا نصف حصہ دوم اور کنڑی ریڈر نمبر ۲ کا نصف حصہ اول	
		چہارم	کنڑی ریڈر نمبر ۲ کا نصف حصہ دوم اور کنڑی ریڈر نمبر ۳ کا نصف حصہ اول نثر و نظم۔	

نمبر شمار	نام مضمون	جماعت	نام کتب منظورہ	کیفیت
۱۴	السنہ زائد دوم انگریزی	سوم	فاسٹ پرائمر اکسفورڈ یونیورسٹی یا نیو میتھڈ ریڈر بائی ویسٹ ریڈر نمبر (۱) اے پرائمر۔ ۔ ۔	
		چہارم	فاسٹ ریڈر نمبر (۱) آکسفورڈ یونیورسٹی یا نیو میتھڈ ریڈر بائی ویسٹ ریڈر نمبر ا بی کمپوزیشن نمبرا۔ سپلمنٹری ریڈر نمبر ا	
۱۵	مطالعہ قدرت	صغیر	حسب نصاب مقررہ کوئی کتاب مقرر نہیں ہے۔	
		اول تا چہارم	،، ،، (مطالعہ قدرت حصہ اول تا چہارم مرتبہ سررشتہ ہذا برائے مدرسین)	
۱۶	قصہ گوئی	صغیر تا دوم	حسب نصاب مقررہ کوئی کتاب مقرر نہیں ہے۔	
۱۷	دینیات	صغیر	(۳ کلمے) کوئی کتاب مقرر نہیں ہے۔	
		اول	دینیات کا پہلا رسالہ مرتبہ سررشتۂ ہذا۔ قاعدہ بغدادی پارۂ عم ناظرہ (ربع حصہ) پانچ سورتیں با ترجمہ۔ الحمد۔ قل ہو اللہ انا آعطینا۔ اذا جاء۔ والعصر۔	
		دوم	دینیات کا دوسرا رسالہ مرتبہ سررشتۂ ہذا اور بقیہ حصۂ پارۂ عم۔ الم بلا ترجمہ۔ پانچ سورتیں۔ با ترجمہ یعنی والناس۔ فلق۔ فیل۔ قریش۔ انا انزلنا۔	
		سوم	دینیات کا تیسرا رسالہ مرتبہ سررشتہ ہذا۔ پارہ نمبر ۲ تا ۴ بلا ترجمہ۔	
		چہارم	دینیات کا چوتھا رسالہ مرتبہ سررشتہ ہذا۔ پارہ نمبر ۵ تا ۹ بلا ترجمہ۔	

نمبر شمار	نام مضمون	جماعت	نام کتب منظورہ	کیفیت
۱۸	اخلاقیات	صغیر	اخلاقی نظم کے جنس اشعار طالب علم کی لازمی زبان میں کوئی کتاب مقرر نہیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔	
		اول تا چہارم	کوئی کتاب مقرر نہیں۔ حسب نصاب مقررہ	
۱۹	حفظ صحت	صغیر تا چہارم	حسب نصاب مقررہ۔۔ کوئی کتاب مقرر نہیں ہے۔	
۲۰	ورزش جسمانی	صغیر تا چہارم	" " " " (رسالہ تربیت جسمانی مرتبہ سررشتہ ہذا برائے مدرسین)	
۲۱	معلومات دیہی	سوم	" " " " کوئی کتاب مقرر نہیں ہے۔	
۲۲	معلومات شہری	سوم	" " " " "	
۲۳	نقش کشی و دستی مشاغل	صغیر تا چہارم	" " " " "	
۲۴	سوزنکاری و امور خانہ داری برائے اناث	" "	" " " " کوئی کتاب مقرر نہیں ہے۔ شرح دستخط	

مددگار ناظم تعلیمات　　　　شرح دستخط

صیغہ دار

نوٹ ۔ مرہٹی اور کنڑی گرامر کے متعلق متعاقب اطلاع دی جائے گی۔

ادارتی مقالے

جدید تنظیم ! نئے تعلیمی سال کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ثانوی تعلیم کا پورا نظام نئے لباس میں نظر آرہا ہے۔ وسطانی اور تحتانی طبقوں کے نصاب کی ابتدا سے انتہا تک نظر ثانی کی گئی ہے۔ ہم اس کے بارے میں پہلے بھی سرسری طور سے تبصرہ کر چکے ہیں۔ حکومت سرکار عالی کا جو پریس نوٹ شائع ہوا ہے وہ اسی رسالہ میں کہیں اور دیا گیا ہے۔ اس کے مطالعہ سے بخوبی روشن ہوگا کہ جس چیز کے متعلق قیاس آرائیاں ہو رہی تھیں وہ معرض وجود میں آگئی ہے۔ اب یہ تصفیہ ہوا ہے کہ نئے نصاب کے مطابق جماعت ہائے پنجم تا ہفتم کی تعلیم امرداد ۱۳۴۸ف سے شروع کی جائے۔ ہشتم کی جماعت ۱۳۴۹ف سے کھولی جائے گی۔

نئی تعلیمی تنظیم کے لحاظ سے نصاب اور کتابوں میں تھوڑا بہت تغیر ہوگا۔ بلکہ حیدرآباد کے تعلیمی نظام میں عظیم الشان انقلاب ہوگا۔ سب سے اہم خصوصیت یہ ہوگی کہ اب ہر لڑکا جو وسطانیہ کی تعلیم ختم کرے گا فوقانیہ میں نہ جائے گا بلکہ صرف وہ لڑکے فوقانیہ کی تعلیم حاصل کریں گے جو خالص ادبی رجحان رکھتے ہیں۔ جن لڑکوں کا مذاق ادبی نہیں بلکہ ان کی طبیعتیں ہنر اور دست دوزی کی مائل ہیں وہ مخصوص فنی اور پیشہ ورانہ مدارس میں جائیں گے۔ دوسری خوبی نئے نظام کی یہ ہے کہ مضامین نصاب کو امتحانی اور غیر امتحانی مضامین میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ طلبہ پر امتحان کا حد سے زیادہ بار نہ پڑے۔ البتہ غیر امتحانی مضامین کے سبب مدرسین کی ذمہ داریوں میں خاصا اضافہ ہو جائے گا۔ کیونکہ غیر امتحانی مضامین میں بچوں کو مشاق بنانے کا فرض کلیتہً انھیں پر عاید ہوگا۔

درسی کتابیں بھی حتی الوسع بدل دی گئی ہیں۔ بعض زیر ترتیب ہیں۔ نئی کتابیں نئے طرز پر اور نئے اصولوں کے مدنظر لکھوائی گئی ہیں مثال

کے لئے تاریخ کی نئی کتابوں کو لیجیے۔ ان کتابوں کی تیاری میں سررشتہ تعلیمات نے غیر معمولی دلچسپی لی ہے اور یہ کوشش کی ہے کہ تاریخ کی کتابوں میں فرقہ وارانہ اثرات کا شائبہ نہ رہنے پائے چنانچہ ایک کمیٹی مسلسل دو سال تک شب و روز ان کی تیاری میں مصروف رہی اور ایک ایسا سلسلہ مرتب کرنے میں کامیاب ہوئی ہے جو سلیس زبان میں ہونے کے ساتھ ساتھ، فرقہ واری رجحانات سے پاک ہے۔ ان میں خاص طور سے یہ کوشش کی گئی ہے کہ جنگ و جدال کے واقعات کی تفصیل کے بجائے "تاریخی واقعات کے تہذیبی اور معاشرتی پہلوؤں کو زیادہ اجاگر کیا جائے تاکہ طلبہ میں رواداری کا جذبہ ترقی پائے اور ان کے دلوں میں اپنے مشترکہ قومی جذبہ فخر آمیز احساس پیدا ہو۔

نئے نصاب میں لڑکیوں کی خصوصی ضرورتوں کا کافی لحاظ رکھا گیا ہے چنانچہ ہر لڑکی کے لئے امور خانہ داری کی تعلیم لازمی قرار دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ جسمانی ورزش کا بھی التزام رکھا گیا ہے۔ لیکن لڑکیوں کے لئے ایسی ورزشیں مقرر کی گئی ہیں جن سے لڑکیوں کی جسمانی نشو و نما بوجوہ احسن ہو۔

لڑکیوں کے لئے ایک اور سہولت یہ رکھی گئی ہے کہ ان کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ادنیٰ ثانوی تعلیم تک اپنی مادری زبان کے ذریعہ تحصیل علوم کریں۔ البتہ اعلیٰ ثانوی طبقہ میں اُردو ذریعہ تعلیم رہے گی۔ جو لڑکیاں مادری زبان میں ثانوی تعلیم حاصل کریں گی وہ بھی اُردو بطور زبان زائد سیکھیں گی تاکہ اعلیٰ ثانوی طبقہ میں اُن کو ذریعہ تعلیم کے باعث دشواری پیش نہ آئے۔

ظاہر ہے کہ ثانوی تعلیم کے نصاب کی ترمیم بے معنی سی چیز ہوتی اگر تحتانی نصاب میں بھی ضروری تبدیلی نہ کی جاتی۔ چنانچہ طبقہ تحتانیہ کے نصاب میں بھی رد و بدل کیا گیا ہے اور ثانوی نصاب سے مطابقت پیدا کی گئی ہے۔ جس سے توقع ہے کہ بچوں کو ابتدا ہی سے ایسے راستہ پر لگا دیا جائے گا کہ وہ آگے چل کر ثانوی تعلیم سے کما حقہ استفادہ کر سکیں اور اس کے گوناگوں شعبوں میں سے جس شعبہ کے لئے وہ قدرۃً موزوں ہیں، اس شعبہ کی تعلیم حاصل کر کے اپنے جوہروں کو جلا دیں اور قوم و ملک کے لئے زیادہ سے زیادہ مفید

و کار آمد بن سکیں۔

عالی جناب ناظم صاحب تعلیمات کے استقلال پر مبارک باد

عالی جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی اے (آکسن) نے ۶ر تیر ۱۳۴۶ف میں عہدہ نظامت کا جائزہ حاصل فرمایا تقریباً دو سال تک منصرمانہ خدمت انجام دینے کے بعد حکومت سرکار عالی نے صاحب معز کو اپنی خدمت پر مستقل فرمادیا ہے اس استقلال کی خوشی میں ہم حیدرآباد کے طول و عرض کے مدنین کے ساتھ شریک ہیں اور ہم مدرسین ریاست کی طرف سے اور اپنی طرف سے جناب ممدوح کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

اس دو سال کی محدود و مختصر مدت میں جناب ممدوح نے پے در پے کئی مہمیں سر کیں۔ ان میں سے ہر ایک مہم ہفتخوان رستم سے صعوبت و دشواری میں کم نہیں۔ ہم اس موقعہ پر ان اہم کارناموں کی تفصیل نہیں دے سکتے البتہ ان کا مختصراً ذکر کئے دیتے ہیں تاکہ قارئین کرام پر روشن ہو جائے کہ جناب ممدوح نے کس طرح اس قلیل مدت میں ان ہونی کو ہونی اور ناممکن کو ممکن بنا دیا ہے۔

جناب والا نے جائزہ لیتے ہی یہ احساس فرمایا کہ ملک کی سب سے بڑی اور سب سے پہلی ضرورت یہ ہے کہ ابتدائی تعلیم کی توسیع ہو۔ ہمیں ابھی اچھی طرح یاد ہے کہ ایک موقعہ پر سر تیج بہادر سپرو نے ہماری تعلیم کے متعلق کہا تھا کہ "سرگراں" ہے۔ اس سرگرانی کو ممکن ہے کہ اوروں نے بھی محسوس کیا ہو مگر ہمارے ناظم صاحب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ جہاں دوسرے ضرورت کو محسوس کرتے اور خاموش ہو بیٹھتے ہیں وہاں جناب ممدوح ضرورت کو محسوس کرتے ہی اس کوشش میں ہمہ تن مصروف ہو جاتے ہیں کہ اس ضرورت کو پورا کرنے کی سبیل نکالی جائے چنانچہ آپ نے غیر ضروری مصارف کو تخفیف کر کے موجودہ موازنہ ہی میں گنجائش نکال کر تقریباً چار سو نئے تحتانی مدارس کا افتتاح فرمایا۔

جناب معز نے تحتانیہ مدارس کے افتتاح پر اکتفا نہیں فرمائی بلکہ پرائمری تعلیم کی مزید توسیع کے لئے ۵ سالہ پروگرام تیار فرمایا ہے۔ اس پروگرام کا منشا یہ ہے کہ ایک ہزار کی آبادی کا کوئی گاؤں باقی نہ رہے جس میں مدرسہ نہ ہو۔ ممالک محروسہ سرکار عالی میں ایسے (۵۲۰)

گاؤں ہیں۔ پروگرام کے منظور ہونے کی صورت میں جس کی پوری توقع ہے ان سب گاؤں میں ۵ سال کے اندر ایک ایک مدرسہ قائم ہو جائے گا جس سے اُمید ہے کہ مستقبل قریب میں اوسط خواندگی میں قابل لحاظ اضافہ ہو جائے گا۔

توسیع تعلیم کی ایک اور سبیل جناب ممدوح کا زبردست کارنامہ ہے۔ صاحب موصوف نے تعلیم کو وسعت دینے اور گھر گھر پھیلانے کے لئے گاؤں گاؤں مدرسے قائم کرنے کا پروگرام تیار فرمالیا تھا مگر وہی مدارس میں جہاں اسٹاف کم اور طلبا کی تعداد زیادہ تھی وہاں اس بات کا اندیشہ تھا کہ بچوں کی کافی تعداد تعلیم سے بہرہ اندوز نہ ہو سکے گی۔ چنانچہ صاحب معزنے ان مدارس میں شفٹ سسٹم یا باری وار طریقہ رائج کیا جس کا مطلب یہ ہے کہ مدرسہ میں بچے باری باری تعلیم حاصل کرنے آئیں۔ آدھے بچے ایک وقت، آدھے دوسرے وقت۔ اس حکمت عملی سے چند مدرسین گاؤں کے زیادہ سے زیادہ بچوں کو تعلیم دے سکیں گے۔ اور تعلیم یافتہ افراد کی تعداد ہر گاؤں میں کم وبیش دوگنی ہو جائے گی۔

آپ کے دور نظامت میں ثانوی تعلیم کی تنظیم جدید کی گئی ہے۔ اور آپ کے زیر رہبری مجلس ثانوی نے نیا نصاب اور کتابیں مرتب کیں۔ اسی سلسلہ میں مدارس تحتانیہ کے نصاب پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت داعی ہوئی۔ چنانچہ یہ کام بھی مکمل ہو گیا۔

تعلیم نسوان کی جانب خاص توجہ فرمائی گئی ہے۔ چنانچہ گلبرگہ شریف میں ایک جدید مدرسہ فوقانیہ نسوان قائم کیا گیا اور بلدہ اور اضلاع کے موجودہ مدارس ثانویہ کی اصلاح کے لئے تدابیر اختیار فرمائی گئی ہیں۔ سب سے اہم چیز یہ ہے کہ تین مہتممات مدارس نسوان کا تقرر عمل میں آیا ہے۔ اس اقدام سے توقع ہے کہ مدارس نسوان کی خاطر خواہ اصلاح ہو گی اور بچیوں کی تعلیم پہلے سے کہیں بہتر اور موثر ہو جائے گی۔ اس کے ساتھ ہی مدرسہ تعلیمات المعلمات بلدہ کی اصلاح کی گئی ہے اور اس میں میٹرک کامیاب اُستانیوں کی ٹریننگ کا انتظام کیا گیا ہے۔

دنیا میں صرف ہٹے کٹے اور کام کے انسان ہی نہیں بستے بلکہ بہت سے اپاہج اور نکمے بھی زندگی کے دن کسی نہ کسی طرح گزار رہے ہیں۔ ان کی زندگی دکھ اور مصیبت

سے بھری ہوئی ہے اور ان کا بوجھ دوسروں کو دبائے ہوئے ہیں۔ اب تک ہمارے ملک میں ان کی زندگی کو خوش گوار بنانے کی کوشش نہیں کی گئی۔ ان بیچاروں سے حقیقی ہمدردی جناب ناظم صاحب نے فرمائی۔ آپ نے اندھوں اور بہروں کے لئے ایک مدرسہ کا افتتاح فرمایا جس میں چار مدرسین تعلیم کے فرائض انجام دیں گے۔ ان میں سے دو نے دہلی میں اور دو نے کلکتہ میں تعلیم و تربیت حاصل کی ہے۔

سررشتہ تعلیم کی ایک شدید ضرورت جو عرصہ دراز سے محسوس کی جارہی تھی وہ یہ ہے کہ مدارس کے لئے موزوں عمارتیں مہیا کی جائیں۔ اس ضرورت کو جناب موصوف نے بہت زیادہ محسوس فرمایا اور بچت سررشتہ کو بڑی حد تک مدرسوں کی جدید عمارتوں کے لئے محفوظ فرمادیا ہے۔

ہم نے اوپر جناب ناظم صاحب کی بعض اہم خدمات کا ذکر کیا ہے۔ قارئین کرام محسوس کریں گے کہ ان میں سے ہر ایک کام حد درجہ اہمیت رکھتا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ ان بنیادی کاموں پر جدید تعلیم کی شاندار عمارت کھڑی ہوگی۔

ہم آخر میں پھر جناب ممدوح کو ان کے استقلال پر ہدیہ تبریک و تہنیت پیش کرتے ہیں۔ اور ہماری دلی دعا ہے کہ خدائے تعالیٰ آپ کو اپنے مساعی جمیلہ میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

تنقید و تبصرہ

سخنورانِ دکن مرتبہ سید تسکین عابدی۔ سلسلہ نشرات زاویہ ادبیہ۔ حیدرآباد دکن
سنہ اشاعت ۱۳۵۷ھ۔ قیمت درج نہیں ہے۔

یہ ۳۸۴ صفحوں کی ضخیم کتاب عہد عثمانی کے اردو شعراء کا تذکرہ ہے۔ اس میں سرزمین دکن کے اُن چھ سو شاعروں کے مختصر حالات اور کلام کے نمونے درج ہیں جو سنہ ۱۹۱۱ء اور سنہ ۱۹۳۶ء کے درمیان دکن میں موجود تھے۔ ان تذکروں کے جمع کرنے میں لائق مؤلف نے بہت تحقیق اور جستجو سے کام لیا ہے۔ اس میں ایسے شاعروں کا کلام مل جائے گا جو کسی دوسرے تذکرہ میں نہ مل سکے گا۔ شاعروں اور شاعرات کا ذکر الگ الگ کیا گیا ہے۔ شروع میں علامہ نیاز فتحپوری کا پیش لفظ اور اختر قریشی صاحب ایڈیٹر سفینۂ نسوان کا تعارف ہے جس میں تسکین عابدی صاحب کے حالات و کمالات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کتاب بہت اچھی چھپی ہے۔ سرورق تسکین صاحب کی قلمکاری سے مزین ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ اس کتاب کے مطالعہ سے طلبہ اور مدرسین اور عام پبلک کو خاطر خواہ فائدہ پہونچے گا۔